قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بلغوا عنی ولو آیۃ

(رواہ البخاری)

دعوات عبدیت جلد اول کا

پہلا وعظ ملقب بہ

# آداب المساجد

منجملہ ارشادات


حکیم الامۃ مجدد الملۃ حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ



ناشر:- محمد عبد المنان غفرلہ

مکتبہ تھانوی، دفتر الابقاء

متصل مسافر خانہ - بندر روڈ - کراچی ۱

ایم - اے جناح روڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# دعوات عبدیت جلد اول کا
# پہلا وعظ ملقب بہ
# آداب المساجد

| این | متیٰ | کم | کیف | ماذا | من ضبط | المستمعون | اشتات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہاں ہوا | کب ہوا | کتنا ہوا | کھڑے ہوکر یا بیٹھ کر | کیا مضمون تھا | کس نے لکھا | سامعین کی تعداد تخمینی | متفرقات |
| جامع مسجد تھانہ بھون | ۲۴ محرم ۱۳۲۹ھ | قریباً ۲½ گھنٹہ | بیٹھ کر | آداب مساجد | مولوی نور حسین صاحب | | |

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ نحمدہ ونستعینہ ونستغفرہ ونؤمن بہ ونتوکل علیہ ونعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا من یھدہ اللہ فلا مضل لہ ومن یضللہ فلا ھادی لہ ونشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ ونشھد ان سیدنا ومولانا محمداً عبدہ ورسولہ صلے اللہ علیہ وسلم۔

**امابعد** فاعوذ باللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ قال اللہ تعالیٰ (آیت) وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسَاجِدَ اللّٰہِ اَنْ یُّذْکَرَ فِیْھَا اسْمُہٗ وَسَعٰی فِیْ خَرَابِھَا ط اُولٰٓئِکَ مَا کَانَ لَھُمْ اَنْ یَّدْخُلُوْھَا اِلَّا خَآئِفِیْنَ ط لَھُمْ فِی الدُّنْیَا خِزْیٌ وَّلَھُمْ فِی الْاٰخِرَۃِ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ہ (اور اس شخص سے زیادہ اور ظالم کون ہوگا جو خدا تعالیٰ کی مسجدوں میں ان کا ذکر اور عبادت کئے جانے سے بندش کرے اور ان کے ویران اور معطل ہونے میں کوشش کرے ان لوگوں کو تو کبھی بے ہیبت ہو کر ان میں قدم بھی نہ رکھنا چاہیے تھا بلکہ

جب جاتے ہیبت اور آداب سے جاتے) ان لوگوں کو دنیا میں بھی رسوائی نصیب ہوگی اور انکو آخرت میں بھی سزائے عظیم ہوگی) شان نزول میں گو اختلاف ہو مگر قدر مشترک اتنا ضرور ہے کہ آیت عام اور شامل ہے تعطل مساجد کے بارے میں مسلم اور غیر مسلم کو جیسا آگے آتا ہے اور جملہ مابعد اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَا الخ (ان لوگوں کو بے ہیبت ہوکر) ان میں قدم رکھنا نہ چاہئے تھا) گویا بطور دلیل کے ہے ماقبل کے لئے۔ گویا یہ فرمایا گیا ہے کہ ان کو تو چاہئے تھا کہ خود بھی جب مساجد میں داخل ہوتے تو خاشع و خاضع ہوکر داخل ہوتے نہ یہ کہ اور دوسرے آنے والوں کو جو ذاکرین مخلصین ہیں ان کو بھی روکتے ہیں کیونکہ یہ فعل تو بے خوف ہونے کی اور بھی زیادہ علامت ہے اس لئے ایسا شخص بہت زیادہ ظالم ہوگا یہاں پر ایک طالبعلمانہ شبہ ہوتا ہے کہ یہ آیت تو کفار کے حق میں ہے اس کا مصداق و مخاطب مسلمانوں کو کیوں بنایا جاتا ہے تو اس کا جواب بطور اصولیین کے یہ دیا جا سکتا ہے کہ اَلْعِبْرَةُ لِعُمُوْمِ اللَّفْظِ لَا لِخُصُوْصِ الْمَوْرِدِ (اعتبار عموم لفظ کا ہے نہ خصوص مورد کا) اور اس کی نظیر شرعی لعان و حد زنا ہے اور تمثیل عقلی یہ کہ اگر کوئی شخص اپنے کسی نوکر کو کسی بات پر سزا دے اور کہے کہ جو ایسی حرکت کرے گا اس کو ایسی سزا ہوگی۔ تو اس کہنے کا سبب اس وقت یہ خاص نوکر ہے۔ مگر چونکہ الفاظ عام ہیں اس لئے دوسرے نوکر بھی اپنے لئے اس کو عبرت سمجھتے ہیں اور وہ کام نہیں کرتے مگر میرے نزدیک یہ قاعدہ اصولیہ کہ اَلْعِبْرَةُ لِعُمُوْمِ اللَّفْظِ الخ (اعتبار عموم لفظ کا ہے) اسی عموم کے ساتھ مقید ہے جہاں تک مراد متکلم کی ہو اس کے آگے تجاوز کر کے زائد عموم کو شامل نہیں ہو سکتا اس کی نظیر حدیث لَيْسَ مِنَ الْبِرِّ الصِّيَامُ فِي السَّفَرِ (سفر میں روزہ رکھنا کوئی نیکی نہیں ہے) کے باوجود لفظ کے عموم کے چونکہ مطیق کو عام ہونا مراد متکلم کی نہیں ہے ہر مسافر کو شامل نہیں بلکہ صرف اسی کو جس کو خوف ہلاک و ازدیاد مرض ہو۔ دوسری نظیر یہ کہ اگر آجکل کوئی شخص کسی عالم سے رہن کا مسئلہ پوچھے تو وہ عالم بوجہ اطلاع عرف متعارف کے حکم منع ہی کا دے گا کیونکہ عرف رہن مع الانتفاع ہی کا ہے اس لئے مراد بھی رہن خاص ہوگا گو فتوے کا لفظ ہوگا کہ رہن جائز نہیں۔ پس محض کسی لفظ

کا عام ہونا دلیل ہر عموم کی نہیں ہے تا وقتیکہ قرائن مستقلہ سے اس عموم کا مراد متکلم ہونا ثابت نہ ہو جائے۔

حاصل یہ کہ آیت میں لفظاً تعمیم نہیں مسلم و غیر مسلم کو بلکہ آیت تو کفار ہی کے حق میں ہے کیونکہ جو منع خاص یہاں مراد ہے ایسا منع مخصوص ہے کفار سے مگر مسلمان کو یہ ذم دوسری طرح سے شامل ہے وہ یہ کہ منع کے بعد سَعٰی فِیْ خَرَابِهَا (ان کی ویرانی میں کوشش کریں) فرمانا بطور تعلیل کے ہے اور خراب مقابل عمارت کا ہے اور عمارت مسجد کی ذکر و صلوٰۃ سے ہے۔ پس خراب یعنی ویرانی ایسے امر سے ہوگی جو منافی ہو ذکر و صلوٰۃ کے۔ پس اگر مسلم سے مسجد میں کوئی فعل خلاف ذکر و صلوٰۃ ہو تو وہ بھی اس ملامت کا مورد ہوگا بوجہ اشتراک علت کے رہا یہ کہ قیاس ظنی ہوتا ہے تو ذم یقینی نہیں۔ جواب اس کا یہ ہے کہ قیاس ظنی جب ہوتا ہے کہ اس کی علت بھی ظنی ہو اور اگر علت منصوص علیہ قطعی ہو جیسا کہ یہاں ہے تو قیاس بھی قطعی ہوگا رہا یہ کہ مسلمان اگر ایسا فعل بھی کرے تو قصد خرابی مسجد کا تو نہ ہوگا جو متبادر ہے سعی سے پھر اس کو کیسے شامل ہوا۔ جواب یہ ہے کہ اگر سعی خاص ہوتی مباشر کے ساتھ تو اس شبہ کی گنجائش تھی۔ غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ سعی عام ہے مباشر اور مسبب کو دلیل اس کی یہ ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں خواب دیکھا (انبیاء علیہم السلام کا خواب بھی وحی ہے) کہ عمرہ کرنے کی غرض سے مکہ مکرمہ تشریف لائے اور صحابہ سے آپ نے یہ خواب بیان کیا۔ گو اس میں یہ نہ تھا کہ اس سال ہوگا مگر شدت اشتیاق میں صحابہ نے سفر کی رائے دی اور آپ نے خوش خلقی سے قبول فرمایا تو کفار قریش نے آپ کو دخول مکہ مکرمہ سے روک دیا تو اللہ تعالیٰ نے اس رکنے کو مسجد کی ویرانی کا سبب قرار دے کر ان کو وَسَعٰی فِیْ خَرَابِهَا (اور ان کی ویرانی میں سعی کریں) کا مصداق بنایا حالانکہ کفار مکہ مکرمہ نہ صرف مسجد حرم بلکہ تمام حد حرم کی غایت تعظیم کرتے تھے اور عمارت بھی مگر بایں ہمہ ان کو وَسَعٰی فِیْ خَرَابِهَا (اور ان کی ویرانی میں کوشش کریں) کا مصداق بنایا گیا۔ صرف اس لئے کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و صحابہ کرام کو کہ ذاکرین مخلصین تھے روکا۔ پس اب بدلالۃ النص یہ بات ثابت ہوگئی کہ کوئی ایسا کام کرنا

مسجدیں جس میں ذکراللہ سے اس کا تعطل ہو گو علی سبیل التسبب ہی سہی مَنَعَ مَسَاجِدَ اللّٰہِ وَسَعٰی فِیْ خَرَابِهَا (اللہ تعالیٰ کی مسجدوں سے روکنا اور ان کی ویرانی میں کوشش کرنا) کا مصداق بنا ہے ورنہ کفار نے کوئی مسجد میں قفل نہیں ڈالا تھا اور نہ مسجدیں بے تعظیمی کی تھی اور نہ عمارت میں کوئی خرابی کی تھی اور ظاہر ہے کہ مسجد میں بلا ضرورت دنیا کی باتیں کرنا دنیا کے کام کرنا نہ ذکر ہے نہ ذکر کے متعلق ہے۔ اس لئے بلا شبہ معصیت اور ظلم ہے پھر ان یہ ذکر کی تقریب سے فضیلت ذکر کے متعلق متعدد واقعات بیان کئے گئے اس میں یہ بھی بیان تھا کہ بعضے آدمی ذکر و تلاوت پر عوض دنیوی لیتے ہیں۔ حالانکہ اللہ کا نام ایسا گراں مایہ ہے کہ دونوں عالم بھی اس کی قیمت نہیں ہو سکتے۔ اور یہ شعر پڑھا ؎

قیمت خود ہر دو عالم گفتہ — نرخ بالا کن کہ ارزانی ہنوز

(آپ نے اپنی قیمت دونوں جہاں بتلائی ہے نرخ بڑھاؤ ابھی ارزانی ہے)

مگر اس کا ذوق وہی پا سکتا ہے جو شناسا ہو ؎

گفت لیلےٰ را خلیفہ کان توئی — کز تو مجنوں شد پریشان غوی

از ہمہ خوبان تو افزوں نیستی — گفت خامش چوں تو مجنوں نیستی

دیدۂ مجنوں اگر بودے ترا — ہر دو عالم بے خطر بودے ترا

(لیلیٰ سے خلیفہ نے پوچھا وہ تو ہی ہے جس سے مجنوں پریشان اور عقل گم کردہ ہو گیا دوسرے حسینوں سے تو کسی بات میں زیادہ تو ہے نہیں اس نے جواب دیا جب تو مجنوں نہیں تو خاموش ہی رہ اگر تجھ کو مجنوں کی آنکھ میسر ہوتی تو اس وقت دونوں عالم تیرے نزدیک بے قدر معلوم ہوتے۔)

؎ عجب داری از سالکان طریق — کہ باشند در بحر معنی غریق

(سالکین طریق سے تم کو تعجب ہے کہ حقیقت کے دریا میں ڈوبے ہوئے ہیں)

؎ عشق مولیٰ کے کم از لیلےٰ بود — گوئے گشتن بہر او اولےٰ بود

(خدا تعالیٰ کا عشق لیلیٰ سے کیا کم ہو اس کے لئے کوچہ گردی اولیٰ ہے)

اس تقریب ختم کلام مجید حفاظ کا بعوض مال رمضان میں یا سوم وغیرہ میں اور قبور پر

براجرت پڑھنے کا ممنوع ہونا بیان ہوا اور اہل اللہ دنیا کو تو اللہ کے نام اور رضا سے بڑا کیا سمجھتے۔ آیت سے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ دولت تو نعمائے جنت سے بھی افضل ہے وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ (رضاء الٰہی بہت بڑی چیز ہے) نص صریح ہے اور اسی دین فروشی کے شبہ سے بچنے کے لئے بعض بزرگ بازار میں نہیں جاتے کہ شاید ان کو دیندار سمجھ کر ان کے دین کی وجہ سے کوئی دوکاندار داموں میں رعایت کرے تو وہ ایک قسم کا عوض ہو جائے گا دین کا پس نہ جانا بازار میں دو وجہ سے ہوتا ہے ایک کبر کی وجہ سے وہ تو حرام ہے۔ دوسرا اس وجہ سے کہ لوگوں پر ہماری وجاہت سے دباؤ پڑے گا اور وہ دب کر ارزاں دیں گے جس سے ان کو نقصان ہوگا سو یہ مستحسن اور ضروری ہے۔ اس میں شبہ دین فروشی سے بچنے کے علاوہ رفع التاذی عن الخلق (مخلوق کے اذیت پہنچنا) بھی ہے۔ پس جاہ کے اثر سے لینا یہ ایک قسم کی رشوت ہے۔ اسی لئے حاکم کو ہدیہ لینے کی اجازت نہیں۔ اس میں اس خدشے کو دفع کیا گیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باوجود حاکم ہونے کے ہدیہ قبول فرماتے تھے کیونکہ وہ محض محبت کی وجہ سے ہوتا تھا نہ حاکم ہونے کی وجہ سے۔ اور اب ہدیہ نہیں رشوت ہے۔ الا ماشاء اللہ اور اوپر جو کہا گیا کہ عمارت مسجد کی ذکر صلوٰۃ ہے۔ دلیل اس کی یہ ہے مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰهِ اِلٰى قَوْلِهٖ مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ (مشرکین کے لئے مساجد اللہ بنانے کی لیاقت نہیں ہے) بعض نے اس آیت مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ الخ سے تعمیر مساجد کا مسئلہ مراد لیا ہے اور اس سے مسجد میں کافر کا روپیہ نہ لگانے میں استدلال کیا ہے۔ مگر میرے نزدیک خود وہ مسئلہ مستقلہ دوسرے دلائل سے متعلق ہے لیکن اس آیت سے مراد یہ ہے کہ مشرکین اس کے اہل نہیں ورنہ اگر اس آیت سے یہ مراد ہوتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کبھی بنائے قریش کو باقی نہ رکھتے قریش نے بوجہ کافی خرچ نہ ہونے کے بیت کو بنائے ابراہیمی سے گھٹا دیا تھا۔ اور حطیم کو کہ داخل بیت ہے خارج کر دیا تھا اور دروازہ صرف ایک رکھا تھا اور وہ بھی اونچا۔ پھر بعد انقضائے زمانہ خلفائے راشدین حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے اپنی خالہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اس حدیث کو

سنکر موافق ارشاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم از سر نو بنائے ابراہیمی پر ہٹ کر بنوا یا پھر عبد الملک کی خلافت میں اس کے عامل حجاج بن یوسف نے عبد اللہ بن زبیر کے قتل کے بعد ان کی بنا کو تڑوا کر وہی بنائے قریش قائم کی اس کے بعد خلیفہ ہارون رشید نے پھر بنائے ابراہیمی کی نسبت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے استصواب کیا۔ انھوں نے بدیں وجہ کہ بیت اللہ تختۂ مشق سلاطین بن جائے گا اسی بنا پر قائم رہنے کی رائے دی۔ جب سے اب تک اسی بنا پر ہے۔ اور گو عبد اللہ بن زبیر کی بنا کا نہ رہنا ظاہراً کسی قدر افسوس کے قابل ہے کیونکہ وہ متضمن مصالح کو تھا لیکن اس بنائے قریش پر قائم رہنے میں حق جل وعلیٰ کی معلوم نہیں کتنی مصلحتیں ہوں گی۔ مگر ایک بہت بڑی مصلحت اور کھلی حکمت جس کو گنوار سے گنوار بھی سمجھ سکتا ہے یہ ہے کہ اگر عبد اللہ بن زبیرؓ کی بنا پر رہتا گو دروازے بھی زمین کے برابر دو ہی ہوتے مگر تاہم قفل کنجیاں تو خدام ہی کے ہاتھ میں رہتیں اور ہر کسی کو بیت اللہ کے اندر جانا نصیب نہ ہوتا مگر اس صورت موجودہ میں حطیم کہ درحقیقت داخل بیت تھا باہر ہے۔ اگر کوئی شخص خدام کے منع کرنے کی وجہ سے اندر بیت کے نہ جا سکے تو بلا روک ٹوک حطیم میں جا سکتا ہے اور دخول بیت کی برکت حاصل کر سکتا ہے۔ یہاں پر یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ کفار مکہ نے بھی باایں ہمہ شرک وکفر بیت اللہ کی تعمیر میں صرف مال حلال خرچ کیا تھا اسی وجہ سے خرچ کم ہوگیا اور پورے طور پر بنائے ابراہیمی کو پورا نہ کر سکے غرض مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ (نہیں مشرکین کے لئے) کا حاصل یہ ہے کہ مشرکین میں لیاقت مسجد کے آباد کرنے کی نہیں کیونکہ جس چیز سے اس کی آبادی ہے جس کا ذکر آیت آیندہ میں ہے وہ ان میں نہیں ہے۔ یعنی وہ تعمیر ذکر اللہ ہے جس کا بیان اس آیت میں ہے اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ الی آخر الآیۃ۔ (اللہ تعالیٰ کی مساجد کو وہی بناتا ہے جو اللہ پر ایمان لائے الخ) اس آیت میں مقصود اصلی اقام الصلوٰۃ ہے جس کے لئے مسجد موضوع ہے اور آمَنَ (ایمان لایا) بطور شرط کے لایا گیا اور آتَی الزکوٰۃَ (زکوٰۃ دی) اقام کی تتمیم ہے یعنی اقامت بمعنی ادائے حقوق صلوٰۃ موقوف ہے خلوص اور محبت پر

اور اس کی ایک علامت انفاق اموال ہے حاصل یہ کہ نرا ذکر زبان سے جیسا کہ نماز میں ہوتا ہے دلیل خلوص قلب کی نہیں بلکہ کچھ مال بھی دینا چاہئے اور زکوٰۃ وہی دے گا جس کے قلب میں خلوص ہو کیونکہ کوئی حاکم تو مطالبہ کرنے والا ہے ہی نہیں اور اگر کسی کو یہ شبہ ہو کہ زمانہ خلفاء میں تو تحصیل زکوٰۃ کے لئے عامل مقرر تھے وہ جبراً لیتے ہوں گے پھر اس میں خلوص کہاں رہا، جواب یہ ہے کہ عامل صرف مواشی کی زکوٰۃ لیتے تھے اور اموال باطنہ زر و سیم خود مالکوں کے اختیار میں تھے۔ مواشی کے لئے بھی عامل کا تقرر تحصیل مال یا ظلم کی وجہ سے نہ تھا بلکہ محض بہ نظر سہولت مصارف تاکہ اصحاب اموال کو تقسیم اموال میں دقت نہ ہو اور مال پورے طور پر مستحقین کو مل جائے اور اموال تجارت میں بھی عاشر کی طرف سے کچھ زبردستی نہ تھی بلکہ پوچھا جاتا تھا کہ حولان حول سال گذرنا ہوا یا نہیں۔ اگر کسی نے کہا نہیں گذرا تو چھوڑ دیا۔ اور اگر کسی نے کہا کہ ہم نے زکوٰۃ خود دیدی ہے تب بھی چھوڑ دیا۔ دوسری دلیل اس دعوے کی مسجد کا موضوع لہ ذکر ہے یہ آیت ہے فِیْ بُیُوْتٍ اَذِنَ اللّٰہُ اَنْ تُرْفَعَ الخ (ایسے گھروں میں جا کر عبادت کرتے ہیں جس کی نسبت اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ ان کا ادب کیا جائے) اس میں رفعت معنویہ مراد ہے۔ تیسری دلیل حدیث اِنَّمَا بُنِیَتِ الْمَسَاجِدُ لِذِکْرِ اللّٰہِ (مساجد اللہ تعالیٰ کے ذکر کے لئے بنائی گئی ہیں) پس جو کام ذکر کے متعلق نہ ہو وہ مسجد کی ویرانی ہے منع ہے۔ جیسا بعض کاتب بہ اجرت مسجد میں لکھنے بیٹھ جاتے ہیں یا درزی سینے بیٹھ جاتے ہیں، بلکہ فقہا رنے تو یہاں تک لکھا ہے کہ جو شخص اجرت پر علم دین پڑھاتا ہو اس کو بھی مسجد میں بیٹھ کر پڑھانا منع ہے۔ علی ہذا القیاس مسجد میں قرآن خواں لڑکوں کا پڑھانا جن سے کسی قسم کی اجرت لی جاتی ہے ممنوع ہے۔ البتہ درس دینیات بلا اجرت خود ذکر ہے اس کا کچھ مضائقہ نہیں، ایسا ہی معتکف کے لئے جو ذکر اللہ کی غرض سے مسجد میں آ بیٹھا ہے اس کو بیع و شرا کا معاملہ بلا حضور مبیع بضرورت جائز ہے تاکہ ذکر اللہ سے حرمان نہ رہے ورنہ مشتغلین بالتجارت کو اعتکاف کبھی میسر نہ آتا اور یہ شرط عدم حضور مبیع کی اس وقت ہے جب وہ متاع مسجد کی جگہ کو گھیرے ورنہ اگر کوئی مختصر سی چیز ہو تو احضار سلعہ (سامان تجارت

بھی جائز ہے اور بجز معتکف کے دوسرے کو خرید و فروخت کا معاملہ خواہ کیسا ہی چھوٹا ہو مثلاً ریزہ کاری وغیرہ کالین دین مسجد میں منع ہے اسی طرح کسی ایسی چیز کا اعلان سے پوچھنا جو مسجد سے کہیں باہر کھوئی گئی ہو منع ہے۔ البتہ اگر مسجد کے اندر کوئی چیز گم ہو گئی تو اس کا پوچھ لینا مضائقہ نہیں۔ اسی طرح اپنی تجارت کے اشتہار مسجد میں تقسیم کرنا ممنوع ہے۔ چوتھی دلیل دعویٰ مذکور کی یہ کہ حدیث میں قرب قیامت کی علامات میں وارد ہے مَسَاجِدُهُمْ عَامِرَةٌ وَهِيَ خَرَابٌ (مساجدان کی آباد ہوں گی مگر خلوص سے کم ہوں گی) عمارت اور خرابی کا جمع ہونا اسی طرح ہو سکتا ہے کہ ظاہری عمارت میں تو بڑی زیب و زینت اور مجمع کی کثرت ہوگی مگر معنوی آبادی کہ ذکر و خلوص ہے کم ہوگا۔ اس سے بھی وہی بات ثابت ہوئی۔ پانچویں دلیل لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ شَرُّ الْبِقَاعِ (بری جگہیں) کیا چیز ہے اور خیر البقاع (اچھی جگہیں) کون سی جگہ ہے فرمایا مجھے معلوم نہیں جبرئیل علیہ السلام سے پوچھا انھوں نے بھی یہی جواب دیا اور یہ کہا کہ دربار خداوندی سے دریافت کر کے جواب دوں گا چنانچہ وہ پوچھنے گئے اس وقت یہ برکت اس مسئلہ کے پوچھنے کے حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے ان کو اس قدر قرب ہوا کہ وہ فرماتے ہیں کہ مجھ کو کبھی اتنا قرب نہیں ہوا یعنی ستر ہزار حجاب درمیان میں رہ گئے۔ غرض دربار خداوندی سے جواب ارشاد ہوا کہ شر البقاع بازار ہے اور خیر البقاع مسجد۔ سو غور کرنا چاہئے کہ دونوں میں مابہ الامتیاز کیا ہے بجز ذکر اللہ و ذکر الدنیا کے پس معلوم ہوا کہ مسجد کا موضوع لہ اصلی ذکر اللہ ہے پس اس میں ذکر الدنیا کرنا اس کو شر البقاع بنانا ہے جو کہ اس کی ویرانی ہے اور اس جگہ پر آپ کے اور جبرئیل علیہ السلام کے لَا اَدْرِیْ (مجھے معلوم نہیں) فرما دینے سے ان لوگوں کو عبرت حاصل کرنی چاہئے کہ باوجود نہ معلوم ہونے کے مسائل کا غلط سلط جواب دینے پر مستعد ہو بیٹھتے ہیں، نیز وہ لوگ سمجھیں اور متنبہ ہوں جو باوجود کتاب کا مطلب نہ آنے کے طالب علموں کو کچھ نہ کچھ جواب دیئے چلے جاتے ہیں اور یہ نہیں کہدیتے کہ یہ مقام نہیں آتا جو نہ معلوم ہو کہدینا چاہئے کہ نہیں معلوم۔ بزرجمہر سے کسی بڑھیا نے

کچھ پوچھا اس نے جواب دیا کہ مجھے معلوم نہیں۔ بڑھیا نے کہا کہ تم بادشاہ کی اتنی تنخواہ کھاتے ہو اور یہ بات تم کو معلوم نہیں۔ بزرجمہر نے جواب دیا تنخواہ تو مجھے معلومات کی ملتی ہے اگر مجہولات کی ملنے لگے تو بادشاہ کا سارا خزانہ بھی کافی نہ ہو اور حضرت جبرئیل علیہ السلام کا ستر ہزار حجاب کو کمال قرب کہنا قابل غور ہے کہ جو لوگ دنیا میں تھوڑا سا ذکر و شغل کرکے حق تعالیٰ کی رویت کی ہوس میں پڑتے ہیں کتنی بڑی غلطی ہے۔ کیا جبرئیل علیہ السلام سے زیادہ قرب چاہتے ہیں اور اس سے بھی بڑی غلطی ہے اگر رویت سے بڑھ کر ذات کی کنہ کو ادراک کرنا چاہیں کیونکہ خداوند تعالیٰ کی ذات کی کنہ تک رسائی نہیں ہوسکتی۔ اس لئے اس کو ہرگز نہ سوچنا چاہئے۔ البتہ افعال خداوندی میں غور اور تدبر کرنا چاہئے تَفَكَّرُوْا فِيْ اٰلَاءِ اللّٰهِ وَ لَا تَتَفَكَّرُوْا فِيْ ذَاتِہٖ (اللہ تعالیٰ کی نعمتوں پر غور کرو ان کی ذات میں غور نہ کرو)

کسی بزرگ کا قول ہے ؎

دور بینان بارگاہ الست     غیر ازیں پے نہ بردہ اند کہ ہست
انچہ اندر راہ مے آید بدست     حیرت اندر حیرت اندر حیرت است

(بارگاہ الست کے دور بین حضرات نے سوائے اس کے کہ موجود ہے کوئی سراغ نہ لگایا جو کچھ طریق میں ان کو حاصل ہوا ہے حیرت اندر حیرت اندر حیرت ہے)

؎ اے برتر از خیال و قیاس و گمان و وہم     وز ہرچہ گفتہ اند شنیدیم و خواندہ ایم

(اے اللہ آپ خیال اور قیاس گمان و وہم سے برتر ہیں جو کچھ لوگوں نے بیان کیا اور جو کچھ ہم نے سنا اور پڑھا ہے اس سے آپ برتر ہیں)

دفتر تمام گشت و بپایاں رسید عمر     ما ہمچناں در اول وصف تو ماندہ ایم

(دفتر تمام ہوگیا اور عمر انتہا کو پہنچ گئی ہم ایسے پہلے ہی وصف رہے ہیں)

ہاں البتہ قیامت میں حسب وعدہ رویت ذات بلا حجاب ہوگی اور حدیث میں جو آیا ہے کہ اس دن کوئی اور پردہ نہ ہوگا بجز ردائے کبریا کے اس سے بلا حجاب ہونے پر شبہ نہ ہوا کیونکہ اس کے معنی بھی یہی ہیں کہ رویت تو بلا حجاب ہوگی مگر عظمت و

جلال و کبریائی کی وجہ سے احاطہ نہ ہو سکے گا۔ ردائے کبریا اس کو فرمایا ہے دنیا میں بلا حجاب رویت نہیں ہو سکتی یہی عقیدہ اور مسئلہ شرعی ہے۔ اور حضرت پیران پیر سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہٗ العزیز کی طرف جو یہ شعر منسوب ہے کہ ؎

بے حجابانہ درآ از در کاشانۂ ما الخ

تو یہ مودل بحجاب محجوبین غافلین ہے یا قیامت کے روز کے لئے اشتیاق لقا کا اظہار فرماتے ہیں کیونکہ درآمد آصفیہ امر ہے اور وہ استقبال کے لئے ہے اور اگر یہ شعر کسی اور شاعر کا ہو تو ہم کو ضرورت تاویل کی نہیں۔ غرض حدیث مذکور سے بازار کی سی باتیں مسجد میں کرنے کا مذموم ہونا ثابت ہوا۔ بعض لوگ صحابہ پر تہمت لگاتے کہ وہ حضرات بھی مساجد میں ہماری طرح خرافات باتیں کیا کرتے تھے۔ سو یہ بالکل تہمت ہی تہمت ہے اگر صحابہ کرام ہی ارشاد نبوی صلے اللہ علیہ وسلم پر عمل کرنے والے نہ ہوں گے تو اور کون ہوگا۔ ایک تو خود دنیا کی باتیں مسجد میں کرنا ظلم تھا ہی۔ یہ ظالم صحابہ پر تہمت لگا کر اور بڑھ کر ظلم کرتے ہیں۔ یہ نہیں کہ خود توبہ کریں اور الٹا اخیار امت کو بدنام کرتے ہیں۔ البتہ بعض لوگوں کی یہ بھی غلطی ہے کہ وہ ہر بات کو دنیوی بات سمجھ جاتے ہیں مثلاً بیمار پرسی یا کسی مسلمان کا حال دریافت کرنا۔ جان لینا چاہئے کہ عیادت اور تفقد حال مسلم حقوق شرع میں سے ہیں۔ ان کا مسجد میں پوچھنا کچھ حرج نہیں اسی طرح اگر کوئی چیز مسجد میں گم ہو جائے تو اس کا پوچھنا بھی جائز ہے علیٰ ہذا معتکف کی خرید و فروخت جیسا اوپر مذکور ہوا اور شریعت نے کیا ہی آسانی رکھی ہے اگر کوئی سودا گر اعتکاف کرنا چاہے اور اس کے لئے معاملہ مسجد میں ناجائز ہوتا تو وہ بیچارہ اس عبادت سے محروم رہتا۔ شریعت نے اس کے لئے اجازت دیدی تاکہ وہ اس عبادت سے محروم نہ رہے ایسی ہی باتیں شریعت کے حق ہونے کی گواہی دیتی ہیں کہ اس میں اہل تعلق کی بھی رعایت ہے۔ تارکین کی بھی رعایت ؎

بہار عالم حسنش دل و جاں تازہ میدارد　　برنگ اصحاب صورت را ببوار باب معنی را

(اس کے عالم حسن کی بہار دل وجان کو تر و تازہ رکھتی ہے اصحاب ظاہر کو رنگ سے اور

ارباب باطن کو حقیقت سے)

باقی غیر معتکف کے لئے ممانعت بیان ہو چکی۔ ایک بار مجھ کو اپنے ایک دوست کی کہ ان کو تلمذ کا تعلق بھی تھا ایک بات نہایت پسند آئی کہ میں مسجد میں بیٹھا تھا ایک روپیہ کی ریزگاری ایک شخص سے خریدی انھوں نے فوراً متنبہ کیا کہ یہ بیع ہے اور مسجد میں نہ چاہئے۔ اہل حق کی یہ شان ہوتی ہے کہ اپنے بڑوں کو بھی کہدے مگر ادب کو نہ چھوڑے اس موقع پر اسی مناسبت سے یہ ذکر آیا، کہ حضرت سید احمد بریلوی رحمۃ اللہ علیہ مولانا شہید رحمۃ اللہ کے پیر ایک دن صبح کی نماز میں بوجہ نئی شادی ہونے کے ذرا دیر سے پہنچے ان کے مرید مولوی عبدالحیؒ صاحب نماز کے بعد وعظ فرمانے بیٹھ گئے اس میں یہ بھی کہا کہ بعض لوگوں کا یہ حال ہے کہ جورو کی بغل میں پڑے رہتے ہیں اور تکبیر اولیٰ قضا ہو جاتی ہے۔ جناب سید صاحب نے نہایت شکریہ ادا کیا اور فرمایا کہ اب ایسا نہیں ہوگا۔ اس بیان کے بعد فرمایا کہ مولوی عبدالحیؒ صاحب نے باوجود یہ کہ ظاہراً یہ عنوان خلاف ادب تھا اس واسطے اس عنوان سے کہنے کی جرأت کی تھی کہ ان کو معلوم تھا کہ سید صاحب کے دل میں اس سے میل نہیں آئے گا بلکہ خوش ہوں گے ان کے خوش کرنے کو بے ادبی اختیار کی ؎

گفتگوئے عاشقاں درکار رب — جوشش عشق است نے ترک ادب

باادب ترنیست زوکس درجہاں — بے ادب ترنیست زوکس درجہاں

(عاشقین خدا کا اس کی شان میں جوش اور غلبۂ حال میں کوئی کلمہ منہ سے بظاہر خلاف شان نکال دینا بے ادبی نہیں ہے دنیا میں اس سے زیادہ بے ادب کوئی نہیں باطنی طور پر اس سے زیادہ بادب کوئی نہیں)

ایسا ہی قصہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا جو حدیث میں ہے کہ آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے معلوم ہے کہ جب تم مجھ سے خفا ہوتی ہو تو اس وقت لا ورب ابراھیم (قسم ہے ابراہیمؑ کے رب کی) کہتی ہو اور جس وقت خوش ہوتی ہو اس وقت لا ورب محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) کہتی ہو حضرت عائشہ رضؓ نے فرمایا کہ لَا اَھْجُرُ

اِلَّا اِسْمَکَ (بجز آپ کے نام کے نہیں چھوڑتی ہوں) بعض باتیں ایسی ہوتی ہیں کہ اگر کوئی اور کرلے بے ادبی میں داخل ہوجائے بلکہ کفر ہوجائے مگر عاشق صادق جوش محبت اور علاقۂ محبت سے کرتا ہے اس لئے وہ عفو ہوتی ہیں حاصل یہ کہ ظاہراً باتیں بے ادبوں کی سی ہوتی ہیں اور باطناً ہوتی ہیں باادب ؎

کار پاکاں را قیاس از خود مگیر　　گرچہ ماند در نوشتن شیر و شیر
جملہ عالم زیں سبب گمراہ شد　　کم کسے ز ابدال حق آگاہ شد
گفت اینک ما بشر ایشاں بشر　　ما و ایشاں بستۂ خوابیم و خور
ایں ندانستند ایشاں از عمیٰ　　درمیاں فرقے بود بے منتہا
احمد و بوجہل در بت خانہ رفت　　زیں شدن تا آں شدن فرقیست ژرف

(نیک لوگوں کو اپنے اوپر قیاس مت کرو اگرچہ دیکھنے میں تمہارا اور ان کا کام یکساں ہو جیسے لکھنے میں شیر اور شیر یکساں ہے تمام دنیا اسی خام خیالی کی وجہ سے گمراہ ہوگئی کہ انہوں نے اولیاء اللہ کو نہ پہچانا اور کہنے لگے کہ ہم بھی انسان ہیں وہ بھی کھاتے پیتے ہیں ہم بھی کھاتے پیتے ہیں آپ نے یہ خیال نہ کیا کہ ان میں ہم میں بڑا فرق ہے احمد اور ابوجہل بت خانہ میں گئے ان کے اور ان کے جانے میں بڑا فرق ہے ابوجہل بُت پرستی کے لئے گیا اور آپ بُت توڑنے کے لئے)

خلاصہ مطلب یہ کہ آداب مسجد کو بلا ارادہ تشبیہ ایسا خیال کرنا چاہئے جیسا کہ حاکم دنیوی کی حضوری میں قلب اور جوارح کی حالت ہوتی ہے کہ اس کا مصداق بن جاتا ہے ؎

یک چشم زدن غافل ازاں شاہ نباشی　　شاید کہ نگاہے کند آگاہ نباشی

(ایک پلک مارنے کی مقدار بھی محبوب سے غافل نہ رہو شاید تم پر لطف کی نگاہ کرے اور تم آگاہ نہ ہو)

اتنا تو ہونا چاہئے۔ اور ایسی حالت اول تو ہر وقت ہو ورنہ حضوری مساجد کے وقت تو ضروری ہے اور ہر وقت حاصل ہونا اس حالت کا یوں نہ سمجھا جائے کہ بزرگان پیشیں پر ختم ہوگیا ہم کو کب ہوسکتا ہے ؎

تو مگو مارا بداں شہ بار نیست　　با کریماں کارہا دشوار نیست

(یوں مت کہو بھلا ہماری رسائی اس دربار تک کہاں ہے کیونکہ کریموں کو کوئی کام دشوار نہیں ہے وہ کریم ہیں) دیکھئے صحابہ کی کیفیت ادب مساجد کی یہ تھی کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان دو شخصوں کو جو مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں بلند آوازی سے باتیں کر رہے تھے تنبیہ فرمائی اور فرمایا کہ اگر تم باہر کے مسافر نہ ہوتے تو تمہیں سزا دیتا اَتَرْفَعَانِ اَصْوَاتَكُمَا فِیْ مَسْجِدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (کیا تم مسجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اپنی آواز بلند کرتے ہو) اور اس میں یہ شبہ نہ ہو کہ یہ حکم عدم رفع صوت مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخصوص ہے کیونکہ مساجد سب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی ہیں۔ چنانچہ فَلَا یَقْرَبَنَّ مَسَاجِدَنَا (پس ہرگز نہ قریب جائیں ہماری مساجد کے) میں آپ نے جمیع مساجد کی نسبت اپنی طرف فرمائی۔ ہاں مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا اور زیادہ ادب ہوگا علاوہ ازیں یہ تو ہے ہی کہ اِنَّ الْمَسَاجِدَ لِلّٰہِ الخ اور جب اللہ کی ہوئیں تو یہ ادب کو بدرجہ اولیٰ مقتضی ہوگا اور جس طرح مسجد قابل ادب ہے ایسے ہی اہل مسجد کا ادب بھی ضروری ہے وہ یہ کہ ایسی کوئی حرکت نہ کرے جس سے اہل مسجد کو تاذی ہو مثلاً یہ خیال رکھنا چاہئے کہ ایسی جگہ نہ کھڑا ہو جہاں اور آنے جانے والوں کو تکلیف ہو کیوں کہ اس میں تکلیف ہے ذاکرین کو علیٰ ہذا ذکر جہر جس وقت کوئی اور شخص نماز پڑھ رہا ہو نہ کرنا چاہئے کیونکہ اس کی نماز میں خلل ہوگا اور اس کو تکلیف ہوگی اس کی وجہ یہ بھی ہے کہ مسجدیں بموجب ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ریاض الجنۃ ہیں اور جنت میں آزار تکلیف نہ ہونا چاہئے ؎

بہشت آنجا کہ آزارے نباشد　　کسے را با کسے کارے نباشد

(وہ جگہ بہشت ہے جہاں کسی قسم کی آزار نہ ہو کسی شخص سے کچھ سروکار نہ ہو)

## ختم شد

---

**معروضہ** قارئین سے التجا ہے کہ اللہ تعالیٰ سے دعا فرمادیں کہ ناشر اور اس کی اولاد کی کوشش دینیہ اللہ تعالیٰ قبول فرمالیں اور مقبولان حق کے ساتھ محشور فرماویں اور تمام زندگی بعافیت پوری فرمادیں۔ آمین بحرمۃ حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَۃً

(رواہ البخاری)

دعوات عبدیت جلد اول کا

وعظ دوم ملقب بہ

# مہمات الدعاء

حصہ اوّل

منجملہ ارشادات

حکیم الامّۃ مجدد الملّۃ حضرت مولانا محمّد اشرف علی صاحب تھانوی

رحمہ اللہ تعالٰی علیہ

ناشر: محمّد عبدالمنّان غفرلہ

مکتبہ تھانوی، دفتر الابقاء

متصل مسافرخانہ۔ بندر روڈ۔ کراچی

ایم۔ اے جناح روڈ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# دعوات عبدیت جلد اوّل کا

## وعظ دوم ملقب بہ

# مہمات الدعاء

کا

## حصہ اوّل

| این | متیٰ | کم | کیف | ماذا | من ضبط | المستمعون | اشتات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہاں ہوا | کب ہوا | کتنا ہوا | کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر | کیا مضمون تھا | کس نے لکھا | سامعین کی تخمینی تعداد | متفرقات |
| جامع مسجد تھانہ بھون | ۲ صفر ۱۳۲۹ھ | قریب دو گھنٹہ | بیٹھ کر | بیان تنبیہات متعلقہ دعاء | مولوی نور حسین صاحب پنجابی | | |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ نحمدہ ونستعینہ ونستغفرہ ونؤمن بہ ونتوکل علیہ ونعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا من یہدہ اللہ فلا مضل لہ ومن یضللہ فلا ہادی لہ ونشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ ونشھد ان سیدنا ومولانا محمدا عبدہ ورسولہ صلی اللہ علیہ وسلم اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ قال اللہ تعالیٰ (آیت) وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ (اور تمہارے پروردگار نے فرما دیا ہے مجھ کو پکارو میں تمہاری درخواست قبول کروں گا اور جو لوگ میری عبادت سے سرتابی کرتے ہیں وہ عنقریب ذلیل ہو کر جہنم میں داخل ہوں گے)

اس آیت کے مضمون ہی سے سمجھ میں آگیا ہوگا کہ آج کا مقصود وعظ بیان تنبیہات متعلقہ دعا

ہے اور شاید کسی کو یہ خیال ہو کہ ہم تو دعا کیا کرتے ہیں اور اس کی ضرورت وغیرہ کو بھی جانتے ہیں پھر کیوں تنبیہ کی جاتی ہے کیونکہ تنبیہ تو اس امر میں ضروری ہے جس کو جانتا نہ ہو یا کرتا نہ ہو۔ سو ضرورت تنبیہ کی یوں ہے کہ باوجود جاننے اور کرنے کے بھی جب دعا کے بارے میں تغافل برتا جاتا ہے یعنی اس کی ضروری آداب و شرائط سے بے پروائی کی جاتی ہے تو اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نہ جانی ہوئی چیزوں سے بھی بڑھ کر کوئی قوی حجاب ہے کیونکہ مجہولات میں تو صرف جہل حجاب ہے کہ اس کا رفع ہونا سہل ہے اور جانی ہوئی چیز میں جب ایسا معاملہ کیا جائے تو وہ حجاب زیادہ سخت ہوگا اور چند کہ یہ تغافل اور قلب کا حاضر نہ ہونا سب عبادت میں قبیح ہے مگر دعا میں اقبح ہے۔ وجہ یہ کہ عبادات میں گو اصل مقصود معنی ہے مگر تاہم ایک درجہ میں صورت بھی مقصود ہے بخلاف دعا کے کہ اس میں صرف معنی ہی معنی مقصود ہے اور وہ نیاز و افتقار و انکسار وخشوع قلب ہے جب یہ بھی نہ ہوا تو وہ دعا کیا ہوئی بیان اس کا یہ ہے کہ مثلاً نماز ہے کہ قرائن سے اس میں علاوہ مقصود معنوی یعنی توجہ الی اللہ کی صورت بھی مراد اور مطلوب ہے کہ اس کے قیود ظاہری سے مفہوم ہوتا ہے مثلاً وضو۔ جہت قبلہ وقت تعین رکعات وغیرہ اب اگر کوئی شخص بغیر حضور قلب کے رکوع وسجود وغیرہ شرائط سے نماز پڑھ لے تو گو مقصود معنوی توجہ الی اللہ اس میں نہیں ہوئی مگر فقیہ عالم یہی حکم دے گا کہ فرض ادا ہوگیا اس سے ثابت ہوا کہ صورت بھی کسی درجہ میں مطلوب ہے اور اس کی تحقیق سے صحت صلوٰۃ کا فتویٰ صحیح ہوا اس تقریر سے اُن بے دینوں کا یہ شبہ بھی رفع ہوگیا جو کہا کرتے ہیں کہ صاحب دل تو حاضر نہیں پھر نماز کیا پڑھیں معلوم ہوا کہ علاوہ حضور قلب کے کہ معنی اور حقیقت ہے نماز کی یہ صورت ظاہری رکوع سجود بھی مقصود ہے۔ دوسری نظیر لیجئے۔ روزے سے مقصود معنوی قوت بہیمیہ کا توڑنا اور مغلوب کرنا مطلوب ہے۔ مگر باایں ہمہ اگر کوئی شخص سحری کو ایسا پیٹ بھر کھائے کہ افطار تک اس کو بھوک نہ لگے تو اس صورت میں قوت بہیمیہ تو کچھ بھی نہیں ٹوٹی مگر روزے کی چونکہ ظاہری صورت پوری ہوگئی ہے روزہ صحیح ہوگیا۔

تیسری نظیر اور لیجئے۔ زکوٰۃ کہ مقصود معنوی اس سے اغنا مساکین ہیں مگر با ایں ہمہ اس کے لئے ایک خاص مقدار۔ ایک خاص وقت معین ہے جس سے مقصودیت صورت ایک درجہ میں یہاں بھی ثابت ہوتی ہے کیونکہ صرف اغنا تو ان امور پر موقوف نہیں لیکن دعا میں نہ کسی وقت کی شرط نہ زبان عربی کی شرط نہ کسی خاص جہت کی شرط نہ کوئی مقدار معین نہ وضو وغیرہ کی قید اس میں صرف عاجزی۔ نیازمندی۔ اپنی احتیاج کا اظہار اپنے مولی کے آگے بس یہ کافی ہے اس سے معلوم ہوا کہ یہاں صورت پر بالکل نظر نہیں معنی ہی معنی مقصود ہیں۔ پس اب یہ صرف زبانی دعا کہ آموختہ سا رٹا ہوا پڑھ دیا۔ نہ خشوع نہ خشیت۔ نہ دل میں اپنی عاجزی تصور یہ خالی از معنی دعا کیا ہوئی۔ اس بے توجہی کی مثال تو ایسی ہوئی جیسا کوئی شخص کسی حاکم کے ہاں عرضی دینا چاہے اور اس طور پر عرضی پیش کرے کہ حاکم کی طرف بیٹھ کرے اور منہ اپنا کسی دوست یار کی طرف کر کے اس عرضی کو پڑھنا شروع کرے دو جملے پڑھ لئے۔ پھر یار دوست سے ہنسی مخول کرنے لگے پھر دو جملے پڑھ دیئے اور ادھر ادھر مشغول ہو گئے۔ اب سوچ لینا چاہئے کہ حاکم کی نظر میں ایسی عرضی کی کیا قدر ہو سکتی ہے بلکہ الٹا یہ شخص قابل سزا ٹھہرایا جائے گا۔ بس یہی معاملہ ہے دعا کا دعا میں جب تک کہ پورے طور پر قلب کو حاضر نہ کرے گا اور عاجزی اور فروتنی کے آثار اس پر نمایاں نہ ہوں گے۔ وہ دعا۔ دعا نہیں خیال کی جا سکتی ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ تو قلب کی حالت کو دیکھتے ہیں ؎

ما بروں را ننگریم و قال را ۔۔۔۔ ما دروں را بنگریم و حال را

ناظر قلبیم گر خاشع بود ۔۔۔۔ گرچہ گفت لفظ ناخاضع بود

(ہم ظاہر اور قال کو نہیں دیکھتے ہم باطن اور حال کو ہم دل کو دیکھنے والے ہیں۔ اگر عاجزی و فروتنی کرنے والا ہو اگرچہ اس کا قول عاجزی و فروتنی کرنے والا نہ ہو)

حدیث شریف میں ہے اِنَّ اللّٰہَ لَا یَنْظُرُ اِلٰی صُوَرِکُمْ وَلٰکِنْ یَنْظُرُ اِلٰی قُلُوْبِکُمْ (اللہ تعالیٰ تمہاری صورتوں کو نہیں دیکھتے لیکن تمہارے قلوب کو دیکھتے ہیں) اور آیت اِنِّیْ وَجَّھْتُ وَجْھِیَ الخ (میں اپنے دل کو متوجہ کرتا ہوں) میں وجہی سے بھی مراد یہی وجہ قلب ہے ورنہ برتقدیر وجہ ظاہری کے خداوند تعالیٰ کا ذوجہت ہونا لازم آئے گا۔ کیونکہ

معنی تو یہی ہیں کہ میں نے اپنی وجہ کو خدا کی طرف کیا۔ اور ظاہر ہے کہ وجہ ایک خاص سمت میں ہوگا۔ تو کیا ذات منزہ اسی سمت میں ہوگی۔ یہ تو محال ہے عقلاً اور شرعاً کیونکہ وہ قیود سے منزہ ہے چنانچہ اَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ (جس طرف منہ کرلو اُدھر ہی اللہ تعالیٰ کا رُخ ہے) اس کی شرعی دلیل ہے اور اس نفی جہت و تنزہ عن القیود سے یہ نہ سمجھا جائے کہ ذات باری میں تشخص اور تعین کے تو کسی شے کا وجود محض ہے جیسا کہ بعض کے کلام سے متوہم ہوتا ہے کیونکہ بدون تشخص اور تعین کے تو کسی شے کا وجود خارجی محال ہے البتہ اس کی ذات کے لائق تشخص و تعین ہے کہ ہم اس تشخص و تعین کی حقیقت و کنہ کا ادراک نہیں کر سکتے اور اگر شبہ ہو کہ جیسے وجہ کے لئے جہت ہونا ضروری ہے۔ ایسے ہی قلب کی بھی تو کوئی جہت ہوگی وہی اشکال یہاں لازم آئے گا۔ تو جواب یہ ہے کہ قلب سے مراد یہ مضغہ صنوبری نہیں بلکہ قلب ایک لطیفۂ غیبی ہے مجردات سے اور ہر چند کہ بعض متکلمین کا اس میں اختلاف ہے کہ مجردات کا وجود ہے یا نہیں مگر محققین صوفیہ کا یہ مکشوف ہے کہ بعض اشیاء مجردات سے ہیں مگر حادث ہیں ذاتاً بھی اور زماناً بھی اور یہی فرق ہے درمیان صوفیہ اور حکماء کے کیونکہ حکماء مجردات کو صرف ذاتاً حادث مانتے ہیں اور زماناً قدیم مانتے ہیں اور متکلمین کے پاس نفی مجردات کی جبکہ وہ زماناً بھی حادث ہوں کوئی دلیل سالم نہیں اور یہ مضمون کے قلب سے مراد ایک لطیفۂ غیبی ہے اور مجرد عن المادّہ ہے یہ ٹکڑا گوشت کا مراد نہیں جو کہ ذو جہت ہے علاوہ کشف کے۔ ہمارے ایک محاورے سے بھی جو کہ روزمرہ بولا جاتا ہے بالکل واضح ہوجاتا ہے۔ مثلاً ہم کہتے ہیں کہ ہمارا دل اس وقت بازار میں ہے اور فرض کیجئے کہ ہم اس وقت بازار میں موجود نہ ہوں۔ اور مقصود محاورات سے حقائق علمیہ پر استدلال کرنا نہیں۔ محض تنویر اور تقریب ہے۔ غرض یہ بات پورے طور پر ثابت ہوگئی کہ دعا میں حضور اور خشوع ہی مقصود ہے۔ اگر بے اس کے بھی کسی کی دعا قبول ہوجائے تو اس کو یہ سمجھنا چاہئے کہ یہ خداوند تعالیٰ کا محض ابتدائی احسان ہے دعا کا اثر نہیں یہ ایک تمہید تھی مضمون دعا کی اب آیت کا مضمون سنئے۔ اللہ تعالیٰ جل جلالہٗ نے اس آیت میں بڑے اہتمام سے دعا کا مضمون بیان فرمایا ہے۔ چنانچہ شروع میں یہ تصریح

فرمائی کہ وَقَالَ رَبُّكُمُ (تمہارے رب نے فرما دیا) حالانکہ پہلے سے معلوم تھا کہ یہ کلام اللہ تعالیٰ کا ہے مگر پھر اس کو اس لئے ظاہر فرما دیا کہ اس کی تاثیر نفس میں قوی ہو جائے اور مضمون مابعد کی وقعت دلوں میں زیادہ ہو پھر لفظ رَبُّكُمُ (تمہارا رب) ارشاد فرمایا اس میں بوجہ اظہار ربوبیت گویا اشارہ ہے دعا کے قبول کر لینے کا اس طور پر کہ چونکہ ہم ہمیشہ سے تمہاری پرورش کرتے آئے ہیں حتیٰ کہ بدون تمہاری درخواست کے بھی کی ہے تو کیا تمہاری عرض کو درخواست کرنے پر بھی قبول نہ کریں گے نہیں ضرور قبول کریں گے ؎

ما نبودیم وتقاضا ما نبود      لطف تو ناگفتۂ ما مے شنود

(نہ ہم تھے نہ ہمارا تقاضا تھا آپ کا لطف وکرم ہمارے بلا کہے ہوئے سنتا تھا)

آیت اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِیْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ الخ (جبکہ تم کو زمین سے پیدا کیا تھا جب تم اپنی ماؤں کے پیٹ میں بچے تھے) میں اسی تربیت بے درخواست کا ذکر فرمایا ہے اس کے بعد پیدائش کے بعد کی حالت قابل غور ہے کہ یہ حالت ایسی تھی کہ کسی قسم کی تمیز اور شعور اس وقت تک نہ ہوا تھا اس حالت میں اگر تمام دنیا کے حکماء سقراط بقراط وغیرہ اکٹھا ہو کر صرف اتنی ہی تدبیر کرنا چاہیں کہ بچہ دودھ پینا سیکھ جائے تو ہرگز وہ قیامت تک اس پر قادر نہیں ہو سکتے یہ اُسی قادر ذوالجلال کی حکمت اور اس کی رحمت اور عنایت ہے کہ اس نے بچہ کو دودھ چوسنا سکھایا حکماء کہیں گے کہ یہ خود طبیعت کا فعل ہے مگر جبکہ خود وہ طبیعت ہی کو بے شعور مان چکے ہیں تو ایسے پر حکمت کاموں کا اس کی طرف منسوب کرنا بے شعوری نہیں تو اور کیا ہے تیسرا اہتمام رَبُّكُمْ کی اضافت ہے گویا فرماتے ہیں کہ ہم تمہارے ہی ہیں تم ہم سے مانگو اور اسی کی نظیر دوسری آیت میں اضافت ہے وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ اِلٰی قَوْلِهٖ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيْرًا (اور اگر اللہ تعالیٰ لوگوں پر ان کے ظلم کے سبب دار وگیر فرماتے تا وہ اپنے بندوں پر بصیر ہے) حالانکہ یہاں عباد ماخوذین کا ذکر ہے مگر ان کو بھی اپنی طرف مضاف فرماتے ہیں کہ سبحان اللہ کیا رحمت ہے اس آیت کے متعلق ایک فائدہ علمیہ تفسیریہ سمجھنے کے قابل ہے کہ آدمیوں کے مواخذے کی تقدیر پر تمام دواب کے ہلاک کو کیسے مرتب فرمایا تو وجہ اس کی یہ ہے

کہ سب چیزیں انسان ہی کے لئے پیدا ہوئی ہیں جیسا کہ ارشاد ہے هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَكُمْ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا یعنی تمام چیزیں جو زمین میں ہیں تمہارے ہی لئے پیدا کی ہیں خواہ ان کا نفع بلا واسطہ تم کو پہنچے یا واسطہ در واسطہ پس چونکہ انسان کے لئے ہی سب چیزیں پیدا کی گئی ہیں اس لئے انسان اگر گناہ پر ہلاک کیا جاتا تو دوسری چیزیں بھی اس لئے ہلاک کی جاتیں کہ جب وہی نہ رہا جس کے لئے یہ سامان تھا تو پھر اس سامان کی کیا ضرورت جب آدمی نہ ہوں تو پھر خیمے ڈیرے و دیگر سامان اسباب کس کام کے البتہ یہ شبہ اور باقی رہ گیا کہ بُروں کو تو اُن کے بُرے کام کی سزا ملتی ہے اور نیک آدمیوں کو کیوں ہلاک کیا جاتا ہے سو اس کا جواب یہ ہے کہ اچھے آدمی قدر قلیل ہوتے ہیں اور انسان کی ضرورتیں تمدن و آسائش کے متعلق اس کثرت سے ہیں کہ تھوڑے آدمی ہرگز ان کو پورا نہیں کر سکتے۔ پھر اگر بروں کے بعد نیک زندہ رہتے تو ان کو جینا وبال ہو جاتا ان کے لئے یہ مرنا ہی مصلحت و رحمت ہوتا۔ اس سے بڑھ کر مقدمہ دعا میں اس آیت میں یہ اہتمام فرمایا کہ دعا نہ کرنے والوں کے واسطے ترہیب فرمائی کہ اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ الخ (بلاشک جو لوگ تکبر کرتے ہیں) اس موقع پر ایک فائدہ علمیہ کا بیان ضروری معلوم ہوتا ہے جس سے یہ بھی معلوم ہو جائے کہ یہ ترہیب اعراض عن الدعا پر ہے وہ یہ ہے کہ اس آیت کے شروع میں تو مادہ دعا کا اور ترہیب میں مادہ عبادت کا چنانچہ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ (میری عبادت سے سرتابی کرتے ہیں) ہے یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ دُعَائِیْ (میری دعا سے سرتابی کرتے ہیں) نہیں ہے اور تطابق ضروری اس لئے یا تو دعا بمعنی عبادت لیا جائے یا عبادت بمعنی دعا قرار دیا جائے احتمال دونوں فی نفسہ برابر ہیں۔ مگر چونکہ کلام مجید کا سمجھنے والا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی شخص زیادہ نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ مخاطب اول آپ ہی ہیں اس لئے اس کی تعیین کے لئے حدیث کو دیکھا گیا سو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ (دعا عبادت کا مغز ہے) اور پھر اس آیت کی تلاوت فرمائی جس سے ثابت ہوا کہ دعا اپنے معنی پر ہے اور عبادت سے مراد یہاں خاص دعا ہے ان اہتماموں سے دعا کی شان و عظمت کس درجہ ظاہر ہوتی ہے۔

ایک خصوصیت خاص دعا میں اور عبادات سے زیادہ یہ ہے کہ اور جتنی عبادتیں ہیں اگر دنیا کے لئے ہوں تو عبادت نہیں رہتیں۔ مگر دعا ایک ایسی چیز ہے کہ یہ اگر دنیا کے لئے ہی ہو تب بھی عبادت ہے اور ثواب ملتا ہے مثلاً مال مانگے دولت مانگے۔ یا اور کوئی دنیوی حاجت مانگے جب بھی ثواب کا مستحق بنے گا برخلاف اور عبادات کے کہ اگر ان میں دنیوی حاجت مطلوب ہو تو ثواب نہیں ملتا۔ چنانچہ حجۃ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ اگر طبیب نے کسی کو رائے دی کہ تم آج دن کا کھانا نہ کھاؤ اگر کھایا تو ضرر دے گا اس نے کہا لاؤ آج روزہ ہی رکھ لیں۔ پس روزہ رکھ لیا تو اس کو خالص روزہ کا ثواب نہ ملے گا کیونکہ اس کو دراصل روزہ رکھنا مقصود نہیں۔ ایسے ہی کوئی شخص مسافرت میں اس نیت سے مسجد کے اندر اعتکاف کرلے کہ سرائے کے کرایہ وغیرہ سے بچوں گا تو اس کو خالص ثواب اعتکاف کا نہ ملے گا۔ مگر دعا میں یہ بات نہیں چاہے کتنی ہی حاجتیں دنیوی مانگو مگر پھر بھی ثواب ملے گا اور دعا میں یہ خصوصیت اس لئے ہے کہ دعا سراسر نیازمندی ہے اور عجز و انکسار اور اظہار عبدیت و احتیاج اور یہ دنیا مانگنے کے وقت بھی متحقق ہے اور نیازمندی خود ایک بڑا محبوب عمل ہے کیونکہ جہاں نیازمندی ہوگی وہاں کبر نہیں رہے گا اور کبر اور خودی بھی بڑا مبغوض اور بڑا حائل ہے۔ چنانچہ حدیث قدسی میں ارشاد ہے کہ اَلْكِبْرِيَاءُ رِدَائِيْ وَالْعَظْمَةُ إِزَارِيْ (بڑائی میری چادر اور عظمت میرا ازار ہے) ردا اور ازار مراد یہ کہ دونوں میرے وصف خاص ہیں کہ کوئی دوسرا ان دو وصفوں کا مدعی محق نہیں ہو سکتا اور حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ انھوں نے ایک دفعہ مقام میں جناب باری تعالیٰ سے عرض کیا کہ دُلَّنِيْ عَلٰى أَقْرَبِ الطُّرُقِ إِلَيْكَ (مجھے اپنی طرف آنے کا قریب تر طریق بتلاؤ) جواب ارشاد ہوا دَعْ نَفْسَكَ وَتَعَالَ (اپنی خودی کو چھوڑ اور آجا) حافظ شیرازی رحمۃ اللہ علیہ نے اس مضمون کو کیا خوب فرمایا ہے۔ فرماتے ہیں ؎

میان عاشق و معشوق ہیچ حائل نیست تو خود حجاب خودی حافظ از میان برخیز

(اللہ تعالیٰ اور بندہ کے درمیان کوئی چیز حائل نہیں ہے تو اپنے حجاب خودی کو اے

حافظ درمیان سے ہٹا دے)

تو درو گم شو وصال ایں است وبس    گم شدن گم کن کمال این است وبس

(تو اس میں فنا ہو جا یہی وصال کافی ہے اپنا گم ہونا بھول جا انتہائی کمال یہ ہے)

حاصل یہ کہ اپنی خودی کو مٹاؤ یہاں تک کہ اس مٹانے پر بھی نظر نہ رہے۔ یعنی اس صفت فنا پر بھی نظر نہ رہے اور اس کا نام اصطلاح میں فناء الفناء ہے اور اس کو شاعرانہ مضمون نہ سمجھا جائے کہ مٹانے کو بھی مٹاؤ۔ اس کے نظائر تو روزمرہ واقع ہوتے ہیں۔ چنانچہ اس مسئلہ فناء الفناء کی توضیح اس مثال سے اچھی طرح ہو سکتی ہے کہ اگر کسی کا کوئی دلربا معشوق ہو اور عاشق اس کے خیال میں مستغرق ہو اس حالت میں اس عاشق کو یہ خیال نہیں ہوتا کہ میں خیال کر رہا ہوں کسی کو یاد کیجئے اس یاد کی طرف ذرا بھی ذہن نہیں جاتا۔ آدمی سوتا ہے مگر اس وقت یہ خبر نہیں ہوتی کہ میں سوتا ہوں اور اگر یہ خبر ہو جائے تو وہ سوتا ہوا نہیں ہے اور ان احوال عالیہ کو سن کر یہ ناامیدی نہ چاہئے کہ بھلا ہم کو یہ دولت کب میسر ہو سکتی ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فضل بڑا وسیع ہے اس کو کچھ دشوار نہیں ؂

تو مگو مارا بداں شہ بار نیست    با کریماں کارہا دشوار نیست

(یہ مت کہو کہ بھلا اس دربار تک ہماری رسائی کہاں ہے کیونکہ کریموں پر کوئی کام دشوار نہیں)

البتہ ایسے ماحول کے لئے صحبت شیخ کی ضرورت ہے اور صحبت وہ چیز ہے کہ دیکھو انڈا کیا چیز ہے سفیدی اور زردی کے سوا اس میں کچھ بھی نہ تھا مگر مرغی کے سینے سے اُس میں جان آگئی تو کیا صحبت کاملین کی اس سے بھی گئی گذری اور یہ وسوسہ بھی نہ ہو کہ صحبت تو ایسی چیز ضرور ہے مگر خود وہ لوگ کہاں ہیں جن کی صحبت میں یہ برکت ہو تو یقین کے ساتھ سمجھو کہ اب بھی اللہ کے نیک بندے اس برکت کے موجود ہیں ؂

ہنوز آں ابر رحمت درفشاں است    خم و خمخانہ با مہر و نشان است

(اب بھی ابر رحمت دُرفشاں ہے خم اور خمخانہ مہر و نشان کے ساتھ موجود ہے)

دل سے میدان طلب میں آنا چاہیے۔ نری روکھی سوکھی آرزو سے کام نہیں چلتا صدق طلب ہونی چاہیے اور کوشش ؎

گرچہ رخنہ نیست عالم را پدید خیرہ یوسف وار می باید دوید

(اگرچہ عالم میں نکلنے کا کوئی راستہ نہیں ہے مگر یوسف علیہ السلام کی طرح دوڑ نا یعنی کوشش تو کرنی چاہیے)

یوسف علیٰ نبینا و علیہ السلام کو کیسا اپنے مولیٰ پر بھروسہ تھا کہ باوجود دروازے بند ہوتے کے دوڑے اور کوشش کی اور اللہ تعالیٰ نے دروازے بھی کھولدیئے اگر صدق دل سے طلب اور کوشش ہو تو مقصود ملنے کی یقینی امید ہے۔ بعض صوفیہ نے بطور تاویل اور اعتبار کے نہ بطور تفسیر اس آیت اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الخ (اگر تم کو یہ قدرت ہے کہ آسمان اور زمین کی حدود سے کہیں باہر نکل جاؤ تو نکلو) میں امر فَانْفُذُوْا کو امر تعجیزی نہیں لیا بلکہ تکلیفی اسی مضمون کے مناسب سمجھا ہے غرض حاصل یہ ہے کہ دعا کا خلاصہ نیازمندی ہے اور دعا خواہ کسی قسم کی دینی ہو یا دنیوی ہو مگر ناجائز امر کے لئے نہ ہو سب عبادت ہے خواہ چھوٹی سی چھوٹی چیز کی ہو یا بڑی چیز کی حدیث میں یہاں تک آیا ہے کہ اگر جوتی کا تسمہ بھی ٹوٹ جائے تو خدا تعالیٰ سے مانگا کرو۔

ایک بزرگ رو رہے تھے کسی نے پوچھا کیوں روتے ہو فرمایا بھوک لگی ہے اس نے کہا کیا بچے ہو کہ بھوک سے روتے ہو انہوں نے فرمایا کہ جب مولیٰ کی یہی مرضی ہو کہ میں بھوک سے روؤں تو پھر استقلال کیوں اختیار کروں ؎

گر طمع خواہد زمن سلطان دیں خاک بر فرق قناعت بعد ازیں

(اگر شاہنشاہ دیں مجھ سے طمع کرنے کا خواہش مند ہو تو میں قناعت پر خاک ڈال دوں گا)

نالم ایں نالہا خوش آیدش از دو عالم نالہ و غم بایدش

(میں اس واسطے نالہ کرتا ہوں کہ اس کو نالے پسند آتے ہیں دو عالم سے نالہ و غم اس کو چاہیئے)

بعض اہل لطائف کا قول ہے کہ حضرت ایوب علیہ السلام کو جب یہ معلوم ہوا کہ اب اللہ تعالیٰ کی مرضی ہے کہ میں مرض کی شکایت کا اظہار کروں تب فرمایا رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ الخ (اے میرے پروردگار مجھ کو یہ تکلیف پہنچ رہی ہے) ورنہ یہ اظہار بے صبری کی وجہ سے نہ تھا اگر بے صبری ہوتی تو اللہ تعالیٰ ان کو یوں تعریف نہ فرماتے اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا نِعْمَ الْعَبْدُ الخ (ہم نے اس کو صابر پایا اچھا بندہ ہے) ؎

در نیابد حال پختہ ہیچ خام　　پس سخن کوتاہ باید والسلام

(خام پختہ کے حال کو نہیں سمجھ سکتا بات مختصر چاہیئے تطویل کلام سے کیا فائدہ والسلام)

غرض ان کاملین کی نظر خدا تعالیٰ کی رضا پر ہوتی ہے۔ اپنا حظ ظاہری یا باطنی کچھ مقصود نہیں ہوتا جس میں خدا تعالیٰ راضی ہوں وہی کرنے لگتے ہیں ؎

گفت معشوقے بعاشق اے فتا　　تو بغربت دیدۂ بس شہر ہا

پس کدامی شہر از انہا خوشتر است　　گفت آں شہرے کہ دروے دلبر است

ہر کجا یوسف رخ باشد چو ماہ　　جنت است اوگرچہ باشد قعر چاہ

با تو دوزخ جنت است اے جانفزا　　بے تو جنت دوزخ است اے دلربا

(کسی معشوق نے عاشق سے پوچھا کہ تم نے سیاحت میں کونسا شہر پسند کیا ہے اس نے جواب دیا سب سے عمدہ وہ شہر ہے جہاں محبوب کی زیارت ہو جہاں محبوب ہو وہ جگہ جنت ہے اگرچہ کنواں ہی کیوں نہ ہو اے محبوب بے تمہارے جنت بھی دوزخ ہے اور تمہارے ساتھ دوزخ بھی جنت ہے)

عاشقوں کی کچھ اور ہی شان ہے۔ حضرت حافظ محمد ضامن شہید علیہ الرحمۃ کی حکایت ہے کہ فرمایا کرتے تھے کہ ہم تو اس واسطے ذکر کرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ فرماتے ہیں کہ فَاذْكُرُوْنِیْٓ اَذْكُرْكُمْ (پس تم مجھ کو یاد کیا کرو میں تم کو یاد رکھوں گا) یعنی احوال وکیفیات باطنی پر نظر نہ تھی دیکھئے محققین کی تو یہاں تک نگاہ ہے کہ خدا کے نام اور احکام میں

کیفیات باطنی تک کا قصد نہ کریں اور افسوس آجکل لوگوں کا یہ حال ہے کہ وظائف تحصیل دنیا کے لئے پڑھتے ہیں کوئی دست غیب تلاش کرتا پھرتا ہے۔ حالانکہ اس میں جواز تک بھی نہیں کیونکہ اس کے ذریعہ سے جو کچھ ملتا ہے وہ حرام ہے کیونکہ جن مسخر ہوجاتے ہیں اور وہ لوگوں کا مال چرا چرا کر عامل کو دیتے ہیں۔ یا اگر اپنا لائیں تب بھی مجبور ہو کر لاتے ہیں۔ ایسا ہی تسخیر قلوب کا حال ہے کیونکہ اس کے ذریعے سے جو مال دیا جاتا ہے وہ طیب خاطر سے نہیں دیا جاتا۔ مغلوب الرائے و مضطر ہو کر دیتا ہے اور اگر کسی عمل میں جواز بھی ہو تب بھی ایسے اغراض کے لئے اللہ تعالیٰ کے نام کی بے قدری کرنا اور بھی بے ادبی ہے اور احادیث میں جو سورۂ واقعہ کا پڑھنا وغیرہ آیا ہے وہ دنیا کو معین دین بنانے کی غرض سے ہے جو کہ دین ہی ہے۔ کاش یہ لوگ بجائے ان اعمال کے دعا کیا کرتے اگر مقصود حاصل ہو جاتا تو دونوں مطلب کا مطلب اور ثواب کا ثواب اور اگر نہ ہوتا تو بھی دعا کا ثواب کہیں گیا ہی نہ تھا۔

مذکورۂ بالا خرابیوں کے علاوہ عمل میں ایک اور خرابی ہے کہ دعا سے تو پیدا ہوتی ہے عاجزی اور فروتنی۔ اور عمل سے پیدا ہوتا ہے دعویٰ۔ عامل جانتا ہے کہ بس ہم نے یہ کر دیا اور وہ کر دیا۔ مولانا فضل الرحمٰن صاحب گنج مراد آبادی علیہ الرحمۃ کا لوگ ذکر کرتے ہیں کہ فرماتے تھے کہ اگر صاحب نسبت عمل کرے تو نسبت سلب ہو جاتی ہے، اس کی یہی وجہ ہے کہ عامل کو خدا پر توکل نہیں رہتا اور عجب پیدا ہو جاتا ہے اور یہ منافی ہے نسبت مع اللہ کے یہ قدر ضروری بیان تھا دعا کے مہتم بالشان ہونے کا اب دعا سے لوگوں کے تغافل کے اسباب کا بیان باقی رہا۔ انشاء اللہ تعالیٰ کسی مواقع پر وہ ہو جائیگا فقط

ختم شد

---

**معروضہ** قارئین سے التجا ہے کہ اللہ تعالیٰ سے دعا فرما دیں کہ ناشر اور اس کی اولاد کی کوشش دینیہ اللہ تعالیٰ قبول فرمالیں اور مقبولان حق کے ساتھ محشور فرما دیں اور تمام زندگی بعافیت پوری فرما دیں۔ آمین بحرمۃ حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم۔

---

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَۃً

(رواہ البخاری)

دعوات عبدیت جلد اول کا

وعظ سوم ملقب بہ

# مُہِمَّاتُ الدُّعَاء

حصہ دوم

منجملہ ارشادات

حکیم الامۃ مجدد الملۃ حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

ناشر: محمد عبد المنان غفرلہ

مکتبہ تھانوی: دفتر الابقاء

مسافر خانہ، بندر روڈ، کراچی

ایم۔اے جناح روڈ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# دعوات عبدیت جلد اول کا

## وعظ سوم ملقب بہ

# مُہمّاتُ الدُّعَاء

## حصہ دوم

| این | متیٰ | کم | کیف | ماذا | من ضبط | المستمعون | اشتات |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| کہاں ہوا | کب ہوا | کتنا ہوا | کھڑے ہوکر یا بیٹھ کر | کیا مضمون تھا | کس نے لکھا | سامعین کی تخمینی تعداد | متفرقات |
| جامع مسجد تھانہ بھون | ۱۶ر صفر ۱۳۳۹ھ | قریباً تین گھنٹہ | بیٹھ کر | دعائے تغافل کے اسباب | مولوی نور حسین پنجابی | | |

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الحمد للہ نحمدہ ونستعینہ ونستغفرہ ونؤمن بہ ونتوکل علیہ ونعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا من یھدہ اللہ فلا مضل لہ ومن یضللہ فلا ھادی لہ ونشہد ان لا الٰہ الا اللہ وحدہٗ لا شریک لہ ونشہد ان سیدنا ومولانا محمداً عبدہٗ ورسولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

**اما بعد** فاعوذ باللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم (آیت) وَقَالَ رَبُّکُمُ ادۡعُوۡنِیۡۤ اَسۡتَجِبۡ لَکُمۡ ؕ اِنَّ الَّذِیۡنَ یَسۡتَکۡبِرُوۡنَ عَنۡ عِبَادَتِیۡ سَیَدۡخُلُوۡنَ جَہَنَّمَ دٰخِرِیۡنَ ۞ (اور تمہارے پروردگار نے فرمادیا مجھ ہی کو پکارو میں تمہاری درخواست قبول کروں گا بلاشک جو لوگ میری عبادت سے سرتابی کرتے ہیں وہ عنقریب ذلیل ہوکر جہنم میں داخل ہوں گے)

اس سے پہلے وعظ میں دعا کی عظمت اور اس کے مہتم بالشان ہونے کا بیان بقدر ضروری کیا گیا تھا وعظ کے ختم پر یہ ظاہر کیا گیا تھا کہ آئندہ کسی موقع پر ان شاء اللہ تعالیٰ

دعا سے غفلت کرنے کے اسباب کے متعلق بیان کیا جائے گا۔ سو آج ان اسباب کا بیان کرنا مقصود ہے۔ یہ آیت وہی ہے جو پہلے وعظ میں بھی پڑھی گئی تھی۔ آج کا بیان بھی چونکہ دعا کے متعلق ہے اس لئے اسی آیت سے بیان کو شروع کیا جاتا ہے اور اس بیان کو بھی اس پہلے وعظ کا بقیہ یا تتمہ سمجھنا چاہئے قبل اس کے کہ غفلت عن الدعا کے اسباب بیان کئے جائیں یہ ظاہر کردینا ضروری ہے کہ دعا صرف امور غیر اختیاریہ کے ساتھ خاص نہیں۔ جیسا عام خیال ہے کہ جو امر اپنے اختیار سے خارج ہوتا ہے وہاں مجبور ہوکر دعا کرتے ہیں ورنہ تدبیر پر اعتماد ہوتا ہے بلکہ امور اختیاریہ میں بھی دعا کی سخت ضرورت ہے اور ہرچند کہ ان کا وجود اور ترتب بظاہر تدبیر اور اسباب پر مبنی ہے لیکن اگر غور کرکے دیکھا جائے تو خود ان اسباب کا جمع ہوجانا واقع میں غیر اختیاری ہے اور اس کا بجز دعا اور کوئی علاج نہیں۔ مثلاً کھیتی کرنے میں ہل چلانا۔ بیج بونا وغیرہ تو اختیاری ہے مگر کھیتی اُگنے کے واسطے جن شرائط اور اسباب کی ضرورت ہے وہ اختیار سے باہر ہیں مثلاً یہ کہ پالا نہ پڑے یا اور کوئی ایسی آفت نہ پڑے جو کھیتی کو اُگنے نہ دے اس لئے اللہ جل جلالہ فرماتے ہیں کہ اَفَرَءَیْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ الخ اچھا پھر یہ بتلاؤ کہ تم جو (تخم وغیرہ) بوتے ہو اس کو تم اگاتے ہو یا ہم۔ پھر ان سب کو احتیاج ہے تعلق مشیت خداوندی کی اور صاف ظاہر ہے کہ وہ عبادت کے اختیار میں نہیں پس ثابت ہوگیا کہ امور اختیاریہ میں بھی تدبیر اور کسب کے ساتھ دعا کی ضرورت ہے خصوصاً جبکہ اس پر نظر کی جائے کہ ہم جن اسباب کو اسباب سمجھے ہوئے ہیں وہ بھی درحقیقت برائے نام ہی اسباب ہیں۔ ورنہ اصل میں ان میں بھی وصف سببیہ بمعنی تاثیر محل کلام میں ہے بلکہ احتمال ہے کہ عادت اللہ اس طرح جاری ہو کہ ان کے تلبس واقتران کی بعد حق تعالیٰ اس اثر کو ابتدا پیدا فرمادیتے ہوں اور جب چاہیں اثر مرتب نہ فرمائیں۔ جیسا کہ ابراہیم علیہ السلام کے واقع میں اثر کو پیدا نہ فرمایا تو جو شخص اس راز کو سمجھ گیا وہ کبھی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر آگ کے سرد ہونے میں تعجب نہیں کرے گا کیونکہ اگر تعجب ہے تو تاثیر کے مسلوب ہونے میں ہے

اور اثر پیدا نہ ہونا چنداں عجب نہیں۔ اور آگ مستقل التاثیر ہو جیسا طبعین کہتے ہیں تو ہم پوچھتے ہیں کہ اگر شعلہ کے اندر سے جلدی سے ہاتھ ڈال کر نکال لیا جائے تو ہاتھ کیوں نہیں جلتا۔ اگر آگ کی ذات مقتضی احراق ہے تو یہاں پر بھی ہاتھ جل جانا چاہئے تھا۔ معلوم ہوا کہ آگ کی ذات مقتضی احراق کو نہیں اور اگر یہ کہا جائے کہ مؤثر تو اسی کی ذات ہے مگر مکث یعنی معتدبہ حصہ مدت تک ٹھہرنا اس کے لئے شرط ہے تو اس سے ہم کو انکار نہیں مگر کلام اس میں ہے کہ یہ شرط عادی ہے یا عقلی اُس وقت وجود شرط کے ترتب اثر کا آیا لزوم کے ساتھ ہے یا بلا لزوم۔ سو اس کی فلسفی کے پاس کیا دلیل ہے اور اگر تجربہ کو اس کی دلیل کہا جائے تو تجربہ سے صرف ترتب ثابت ہوتا ہے لزوم کیسے ثابت ہوا اس کا دعویٰ بلا دلیل ہی رہا کیونکہ تجربہ بسبب افراد کا ابتدا سے انتہا تک احاطہ نہیں کر سکتا چند محدود افراد کے تجربے اور مشاہدے پر حکم لگا دیا جاتا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ کوئی فرد جس کا اب تک مشاہدہ نہیں ہوا اس کے خلاف ہو۔ درحقیقت ان سب خرافات کے قائل ہونے کی وجہ یہی ہے کہ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے فاعل باختیار ہونے کے قائل نہیں۔ اس لئے ایسی ایسی رکیک تاویلیں کرنی پڑتی ہیں بالجملہ ان اسباب کے تاثیر کی ایسی مثال معلوم ہوتی ہے کہ جیسے سرخ جھنڈی دکھانے سے ریل رک جاتی ہے اب کوئی نادان یہ سمجھے کہ سُرخ جھنڈی میں کوئی تاثیر ہے جس سے ریل رک جاتی ہے تو یہ اس کی نادانی ہوگی سرخ جھنڈی سے تو کیا رکتی وہ تو کسی چلانے والے کے روکنے سے رُکی ہے سرخ جھنڈی صرف اصطلاحی علامت قرار دی گئی ہے یہی مثال ہے اسباب اور ترتب اثر کی۔ اصل کام تو اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے یہ اسباب و علامات محض عباد کی تسلی و دیگر حکمتوں کے لئے مقرر فرما دیئے ہیں ؎

ایں سببہا در نظر با پردہاست — درحقیقت فاعل ہر شے خداست

(یہ اسباب نظر میں پردے ہیں حقیقت میں فاعل ہر شے کا خدا تعالیٰ ہے)

؎ کب فلک کو یہ سلیقہ ہے ستمگاری میں — کوئی معشوق ہے اس پردہ زنگاری میں

عارفین اس بات کو سمجھے اور حقیقت حال معلوم کر کے یوں گویا ہوئے ؎

عشق من پیدا و معشوقم نہاں    یار بیروں فتنۂ او در جہاں

(یار تو جہاں سے باہر ہے مگر اس کا تصرف جہاں کے اندر ہے اور وہ خود نظر نہیں آتا)

؎ کہاں میں اور کہاں یہ نکہت گل    نسیم صبح تیری مہربانی

کار زلف تست مشک افشانی اما عاشقاں ؛ مصلحت را تہمتے بر آہوئے چیں بستہ اند

(مشک افشانی محبوب کے زلف کا فعل ہے لیکن عاشق نے مصلحت کی بنا پر چین کے ہرنوں کی طرف منسوب کردی ہے)

؎ آب و خاک و باد و آتش بندہ اند    با من و تو مردہ با حق زندہ اند

(خاک ہوا پانی آگ یہ چاروں عنصر حق تعالےٰ کے بندہ ہیں ہمارے اور تمہارے روبرو گو مردہ ہیں مگر حق تعالےٰ کے روبرو زندہ ہیں)

مثنوی میں اس یہودی بادشاہ کی حکایت ہے جو مسلمانوں کو بتوں کے سجدے پر مجبور کرکے آگ میں ڈلواتا تھا یہاں تک کہ اخیر میں یہ قصہ ہوا کہ وہ آگ میں نہیں جلتے تھے اس پر اس یہودی بادشاہ نے آگ سے مجنونانہ غصہ میں یہ خطاب کیا کہ تجھے کیا ہوگیا کہ تو نہیں جلاتی۔ تو آگ نہیں رہی آگ نے باذن خالقہا (اپنے خالق کی اجازت سے) جواب دیا

؎ گفت آتش من ہماں آتشم    اندر آ تا تو بہ بینی تابشم

(آگ نے کہا میں آگ ہی ہوں آپ تشریف لائیے تاکہ میری تیزی حرارت کو دیکھو)

پھر اس گستاخی کا یہ انجام ہوا ؎

بانگ آمد کار تو ایں جا رسید    پائے دار اے سگ کہ قہر ما رسید

(آواز آئی کام تیرا اس جگہ تک پہنچا کھڑا رہے کتے کہ ہمارا قہر و غضب نازل ہو)

دیکھئے وہی آگ تھی ایک کو جلایا ایک کو نہ جلایا اس سے یہ بات بہت وضاحت سے ثابت ہوگئی کہ اسباب بھی باختیار حق ہیں۔ جب یہ ہے تو اسباب کے اعتماد پر خالق سے قطع نظر و استغنا کرنا بڑی غلطی ہے غرض امور اختیاریہ ہوں یا غیر اختیاریہ سب میں دعا کی حاجت ثابت ہوئی۔ البتہ امور اختیاریہ میں اس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ تدبیر بھی کی جائے اور دعا بھی یہ نہ ہو کہ بلا تدبیر صرف دعا پر اکتفا

کیا جائے۔ مثلاً کوئی شخص اولاد کی تمنا رکھتا ہے تو اسے چاہئے کہ اول نکاح کرے اور پھر دعا کرے اور بے نکاح کے اگر یوں ہی چاہے کہ اولاد ہو جائے تو یہ اس کی نادانی ہے اللہ تعالےٰ نے اسباب پیدا کئے ہیں اور ان میں حکمتیں اور مصلحتیں رکھی ہیں۔ مطلق اسباب کا اس طور پر معطل چھوڑنا افراط و غلو ہے اور ایک گونہ تعلیل ہے حکم الٰہیہ کی۔ جو کہ سوئے ادب اور خلاف عبدیت ہے اور مباشرت اسباب میں اظہار عبدیت اور افتقار الی اللہ بھی ہے جو کہ اعظم مقاصد سے ہے اس لئے ایسے امور میں مباشرت اسباب اور دعا دونوں کا ہونا ضروری ہے کہ اس میں اعتدال اور تعدیل ہے۔ غرض یہ ثابت ہوگیا کہ دعا کی حاجت سب کو ہے اور اگرچہ اعتقاد تو اکثر مسلمانوں کا یہی ہے مگر پھر بھی دعا سے غفلت کی جاتی ہے اس کی کیا وجہ ہے تو اگرچہ اسباب غفلت کے بہت ہیں مگر اس وقت چند اسباب جو بطور امور کلیہ کے ہیں بیان کئے جاتے ہیں۔ باقی اسباب کا بطور تصریح کے ان ہی سے سمجھ لینا اور نکال لینا آسان ہوگا۔ سو ایک سبب تو جس کا آجکل زیادہ تسلط ہے یہ ہے کہ طبائع میں تعلیم جدید کے اثر سے توغل طبیعیات کے سبب جمود ظاہر بینی حسن پرستی اس درجہ آگئی ہے کہ معنوی اور خفی اسباب تک ان کی نظر کو رسائی نہیں ہوتی اس لئے دعا کو بھی بیکار سمجھا جانے لگا ہے اور تمام تر آثار کو ان ہی اسباب طبیعہ میں منحصر مان لیا ہے۔ حالانکہ یہ حضرات جن سائنس دانوں کی تقلید کر رہے ہیں خود ان کے محققین اسباب کے آثار اور قدرت کے اسرار کی پوری تحقیق و احاطہ سے لاعلمی کا اقرار کر رہے ہیں۔ اور کیوں نہ کریں آخر اس سائنس کی ساری پونجی اور تمام دولت استقراء ہی تو ہے جو کہ نہایت ناقص و ناتمام درجہ کی دلیل ہے۔ یہ حضرات چونکہ مسلمان ہونے کی وجہ سے خدائے تعالےٰ کے وجود کا انکار تو نہیں کر سکتے تھے جیسا کہ یورپ کے آزاد منش لوگ کر بیٹھتے ہیں انہوں نے یہ کیا کہ ایک قانون فطرت اپنے ظن و گمان میں تجویز کیا اور اس کو بننے میں تو اللہ تعالےٰ کا ماتحت مانتے ہیں لیکن چلنے میں اس کا بھی محتاج نہیں مانتے بلکہ نعوذ باللہ خود واجب الوجود کو اس کا تابع سمجھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اللہ تعالےٰ نے بس اس کو خاص انتظام پر پیدا تو کر دیا لیکن وہ اب اسی طرح پر خود چل رہا ہے اس میں تغیر نہیں ہو سکتا جیسے گھڑی

کہ کوک دینے میں تو دوسرے کی محتاج ہے اُس کے بعد از خود چلتی رہتی ہے۔ گویا اب اللہ تعالےٰ کو بھی تغیر و تبدل کا کچھ اختیار نہیں۔ معاذ اللہ مسلمان ہو کر یہ عقیدہ جو اس وجہ سے عقل کے بھی خلاف ہے کہ اللہ تعالےٰ کو اضطرار اور عجز، لازم آتا ہے۔ نیز اس صورت میں مشیت کا تعطل بھی لازم آئے گا اور مشیت کے تحقق پر نصوص قطعیہ شاہد ہیں۔ یہ بھی ایسا ہی ہے کہ جیسے حکمائے یونانیین اللہ تعالےٰ کے وجود حدوث عالم کے لئے علت موجبہ اضطراریہ قرار دیتے ہیں اور اختیار مشیت کی جو اس میں نفی لازم آتی ہے اس کے قائل ہوتے ہیں لیکن ان کی اس لئے زیادہ شکایت نہیں کہ وہ التزام اسلام کا کئے ہوئے ہیں اور یہ تو سب سے زیادہ اسلام کے جان نثار و خیر خواہ بنتے ہیں۔ افسوس ہے کہ یہ اتنا نہیں سمجھتے کہ اگر صفت اختیار باری تعالیٰ میں نہ مانی جائے تو احداث عالم میں یا ترجیح بلا مرجح کا قائل ہونا پڑے گا جو عقلاً محال ہے۔ یا عالم کو قدیم کہنا پڑے گا جو سمعاً محال ہے۔ اور یہ خدشہ نہ کیا جائے کہ اختیار میں بھی ترجیح بلا مرجح کا لزوم ہوتا ہے کیونکہ اس کی کیا وجہ کہ یہ اختیار پہلے متعلق نہ ہوا پھر متعلق ہوگیا۔ جواب یہ ہے کہ صفت ارادہ و اختیار کے لئے یہ امر ذاتی یا لازم ہے کہ تخصیص مَاشَاءَ مَتٰی شَاءَ (جو چاہے اور جب چاہے) اور ذاتی اور لازم کے لئے علت کا سوال نامعقول ہے کیونکہ اس میں تخلل جعل کا درمیان ذات و ذاتیات کے یا درمیان ملزوم و لازم آتا ہے اور یہ محال ہے۔ پس وہ خدشہ رفع ہوگیا اور اعتقاد اختیار کا بلا غبار ثابت رہا۔ پس اس تمام بیان سے معلوم ہوگیا کہ مذہب تعطل و انکار قدرت بالکل باطل ہے۔ مذہب حق یہی ہے کہ اللہ تعالےٰ فاعل باختیار ہے جب یہ ہے تو اس کی قدرت جس کی وجہ سے ممکن کا خود وجود اور ظہور ہوا ممکنات کی تاثیرات کو ظاہر بھی کر سکتی ہے اور روک بھی سکتی ہے۔ اسی وجہ سے دعا کی جاتی ہے کہ آپ اپنی مشیت کا تعلق اس سے فرمائیں۔ یہ توجیہ ہے کہ اسباب خاصہ سے وہ مسبب پیدا ہو لیکن خود یہ بھی ضروری نہیں کہ تمام اسباب جمع ہونے پر ہی ترتب اثر ہو بلکہ بعض دفعہ اللہ تعالےٰ جل جلالہ اپنی رحمت و عنایت سے نیک بندوں کی

عاجزی اور دعا وزاری پر نظر فرما کر محض اپنی قدرت سے تھوڑے سے ناتمام اسباب سے یا بلا اسباب بھی اثر مرتب فرما دیتے ہیں۔ چنانچہ حدیث شریف میں یہ قصہ موجود ہے کہ ایک نیک بی بی نے تنور میں سوختہ جھونک کر اللہ تعالےٰ سے دعا کی کہ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا (اے اللہ ہم کو رزق دے) تھوڑی دیر کے بعد کیا دیکھا کہ تنور روٹیوں سے پُر ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان لوگوں میں قوت یقینیہ زیادہ تھی پورا یقین اس کی رزاقی پر تھا چنانچہ اس کا ظہور بلا اسباب ہوا اور یہ حضرات تو اللہ تعالےٰ کے برگزیدہ تھے۔ ابلیس کے یقین اور توقع اجابت دعا کی کیفیت دیکھئے کہ عین غضب اور قہاری کے موقع پر بھی اس کو پورا بھروسہ تھا کہ غضب الٰہی اجابت دعا کیلئے مانع نہیں اِنَّ رَحْمَتِیْ سَبَقَتْ غَضَبِیْ (میری رحمت میرے غضب پر غالب آگئی) حالانکہ یہ سوال ایسا بعید ہے کہ خود انبیاء علیہم السلام کے لئے بھی خلود اور دوام نہیں عنایت کیا گیا۔ مَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ (اور ہم نے آپ سے پہلے بھی کسی بشر کے لئے ہمیشہ رہنا تجویز نہیں کیا) مگر شیطان نے رحمت کی وسعت کے بھروسے پر اس کی دعا کردی اور حکم بھی ہوگیا اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ (جا تجھ کو وقت معین کی تاریخ تک مہلت دی گئی) دعا کے قبول ہونے پر بھروسہ اور یقین ہو تو ضرور اثر ہوتا ہے۔ اور یقین ایسی چیز ہے کہ اس سے بڑے بڑے آثار پیدا ہوتے ہیں۔ چنانچہ حضرت علاء بن الحضرمی حضرت صدیق اکبرؓ کی خلافت میں جب غزوۂ مرتدین کے لئے بحرین پر گئے اور راستے میں دریا پڑا تو ساتھیوں نے اس وجہ سے کہ کشتی تیار نہ تھی ٹھہرنے کو کہا، فرمانے لگے خلیفہ کا حکم ہے جلدی پہنچنے کا اس لئے میں نہیں ٹھہر سکتا اور یہ کہکر دعا کی کہ اے اللہ جس طرح تو نے اپنے نبی موسیٰ علیہ السلام کی برکت سے بنی اسرائیل کو دریا سے پار کیا اسی طرح آج ہم کو ہمارے نبی محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی برکت سے پار اُتار دے اور دعا کرکے گھوڑا دریا میں ڈالدیا۔ دریا پایاب ہوگیا اور سارا لشکر پار ہوگیا۔

اور مشہور حکایت ہے کہ ایک مولوی صاحب بسم اللہ کے فضائل میں وعظ فرمارہے تھے

کہ بسم اللہ پڑھ کر جو کام کریں وہ پورا ہو جاتا ہے۔ ایک جاہل گنوار نے سنا اور کہا یہ ترکیب تو اچھی ہاتھ آئی۔ ہر روز کشتی کے پیسے دینے پڑتے ہیں پس بسم اللہ پڑھ کر دریا سے پار اتر جایا کریں گے۔ چنانچہ مدتوں وہ اسی طرح آتا جاتا رہا۔ اتفاقاً ایک روز مولوی صاحب کی دعوت کی اور گھر لے جانے کے واسطے ان کو ساتھ لیا راستہ میں وہی دریا آملا۔ مولوی صاحب کشتی کے انتظار میں رکے۔ اس نے کہا مولوی صاحب آیئے کھڑے کیوں رہ گئے۔ مولوی صاحب بولے کہ کیسے آؤں، اس نے کہا کہ بسم اللہ پڑھ کر آجایئے میں تو ہمیشہ بسم اللہ ہی پڑھ کر اترجاتا ہوں۔ مولوی صاحب کی تو ہمت نہ ہوئی مگر اس نے ان کا ہاتھ پکڑ کر اپنے ساتھ ان کو بھی پار اتار دیا۔ یہ قوت یقینیہ ہی تھی جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اس کو یہ آسان کر دیا۔ اسی وجہ سے بعض بزرگ تعویذ دیتے وقت کہدیتے ہیں کہ اس کو کھولنا مت ورنہ اثر نہیں ہوگا۔ وجہ اس کی یہی ہے کہ کھولنے سے دیکھنے والا وہی معمولی کلمات سمجھ کر ضعیف الیقین ہو جاتا ہے اور اثر نہیں ہوتا۔ ان مثالوں سے ظاہر ہو گیا کہ تھوڑے بہت اسباب جمع کر کے اگر اللہ تعالیٰ کے بھروسے دعا کی جائے تو اللہ تعالیٰ اس تھوڑے حیلے میں یقین کی برکت سے سب کچھ دے دیتا ہے اور یہی معنے معلوم ہوتے ہیں۔ وَاجْمِلُوْا فِی الطَّلَبِ وَ تَوَکَّلُوْا عَلَیْہِ (میانہ روی اختیار کرو طلب میں اور اس پر بھروسہ رکھو) کے تدبیر اور مباشرت اسباب میں اختصار ہو۔ اَجْمِلُوْا اس کی طرف اشارہ ہے اور نظر تقدیر پر ہو وَتَوَکَّلُوْا عَلَیْہِ (اور اس پر بھروسہ کرو) میں اس کی طرف اشارہ ہے۔ اور درحقیقت اگر روزی صرف سعی و تدبیر پر ہی موقوف ہوتی تو اکثر آدمی حکمت و تدبیر سے غنا حاصل کر سکتے تھے مگر غنا اور تمول دیکھا جاتا ہے کہ حکمت اور تدبیر اور سعی پر موقوف نہیں بلکہ بکثرت دیکھا گیا ہے کہ ایک معمولی آدمی جو دو آنے تین آنے کی مختصر مزدوری کیا کرتا تھا چند سال میں وہ لکھ پتی ہو گیا۔ اگر غنا تدبیر اور سعی سے بلا تقدیر حاصل ہو سکتا ہے تو ہم ایک دوسرا آدمی منتخب کرتے ہیں جو قوت اور ہمت رائے و تدبیر میں اس سے زیادہ ہو اور مدت بھی اس کے لئے دونی تجویز کرتے ہیں اور اس پہلے کو دو آنے

روزانہ ملتے تھے ہم اس کے چار آنے یومیہ دیتے ہیں اور اس پہلے شخص کا تمام کارنامہ اس کو دیئے دیتے ہیں پھر ہم دیکھیں گے کہ اس پہلے کے برابر یا اس کے قریب مضاعف مدت میں کما سکتا ہے۔ ہرگز نہیں۔ ترقی کے اسباب اور تدابیر بہت قومیں جانتی ہیں۔ مگر ترقی وہی قومیں کرتی ہیں کہ جن کی تدبیر اور سعی کے ساتھ تقدیر بھی مساعدت کرتی ہے ورنہ ان سے دُگنی محنت کرتے ہیں اور افلاس نہیں جاتا۔ اصل یہ ہے کہ نہ تو نرے اسباب پر مدار ہے بلکہ تقدیر اور مشیت کی موافقت شرط ہے اور نہ یہ کارخانہ اسباب بالکل معطل ہے کہ اس کو چھوڑ کر صرف دعا سے ہی کام لیا جائے۔ افراط اور تفریط دونوں کو چھوڑیں۔ اس طرح سے کہ اسباب کو بھی اختیار کریں کیوں کہ اس میں بھی اظہار ہے عبدیت اور افتقار الی اللہ کا اور اسباب کے بھروسہ دعا سے بھی غفلت نہ کی جائے۔ ہم میں بعضے جو متوکل ہوئے تو اس میں بھی غلو کرنے لگے ہیں ہماری بھی وہی مثال ہے ؎

اگر غفلت سے باز آیا جفا کی　　　تلافی کی بھی ظالم نے کیا کی

اس غلو کی بدولت بعض اوقات توکل نام ہوتا ہے واقع میں تعطل و کم ہمتی ہے ؎

چو باز باش کہ صیدے کنی و لقمہ دہی　　　طفیل خوارہ مشو چوں کلاغ بے پر و بال

(باز کی طرح ہو کہ شکار کرو اور لقمہ دو بے پر و بال کوے کی طرح طفیل خوار مت بنو)

البتہ اگر اسباب معیشت میں اشتغال مضر اس کے دین کو یا مانع خدمت دین کو ہو اور یہ شخص اس کا اہل ہے اور توکل کی ہمت بھی ہے تو توکل بہتر ہے۔ مثلاً اس کے متعلق تعلیم و ترتیب دینی ہو اور یہ شخص اس کا توکل و دینی خدمت سے بہتر کوئی کام نہیں البتہ یہ ضروری بات ہے کہ توکل صرف اللہ پر ہو لوگوں کے ہدایا و تحف کی طرف نفس کا اشراف نہ ہو۔ حدیث میں مِنْ غَيْرِ اَشْرَافِ نَفْسٍ (بغیر اشراف نفس سے) کی قید آتی ہے ورنہ وہ توکل علی اللہ نہیں غرض لوگوں کی اموال کی تاک میں نہ بیٹھا رہے۔ اس مقام پر ایک نکتہ سننے کے قابل ہے وہ یہ کہ بعض اوقات اہل کشف کو کشف سے آمد معلوم ہو کر مال کی طرف اشراف نفس پیدا ہو جاتا ہے۔ یا بعض اوقات اموال مشتبہ کی حقیقت ظاہر ہو کر مال حلال ملنا مشکل ہو جاتا ہے۔ سو کشف نہ ہونا بھی اللہ تعالٰی

کا بڑا احسان ہے کہ عمل بالسنۃ میں مخل نہیں ہوتا اشراف کے متعلق بلگرام کے ایک بزرگ عالم کا قصہ یاد آیا کہ ان کے خاص شاگرد یا مریدان کے پاس آئے شیخ کے اضمحلال اور ناتوانی کو دیکھ کر انہوں نے جانچ لیا کہ آج فاقہ ہے اس لئے وہ اٹھے اور کچھ کھانا لیکر حاضر ہوئے اور پیش کیا۔ شیخ نے فرمایا کہ گویہ پہنچا ہے حاجت کے وقت لیکن مجھ کو اس کے قبول کرنے میں ایک عذر ہے۔ اس واسطے کہ جس وقت تم میرے پاس سے اُٹھ گئے تھے اس وقت میرے دل میں خیال آیا تھا کہ کھانا لائیں گے۔ چونکہ میرے دل کا اور اشراف نفس اس کے ساتھ ہوگیا اور ایسی حالت میں ہدیہ لینا خلاف سنت ہے۔ اس لئے اس کے لینے سے معذور ہوں ماشاء اللہ مرید یا شاگرد تھے سمجھدار کہ ذرا اصرار نہیں کیا جیسا کہ بعض کم فہم لوگوں کی عادت ہے کہ بزرگوں سے جھک جھک کیا کرتے ہیں حالانکہ نہایت سوء ادب ہے۔ بلکہ فوراً کھانا لے کر اُٹھ گئے اور آدھے رستے سے پھر لوٹ آئے اور وہی کھانا پھر پیش کیا اور عرض کیا کہ حضرت لیجئے اب تو میرے واپس چلے جانے سے اشراف نہیں رہا ہوگا اب قبول فرمالیجئے شیخ نے قبول فرمالیا اور ان کی اس نکتہ رسی اور ذہانت پر آفریں فرمائی۔

آپ نے سنا بزرگان دین نے اشراف سے کس قدر تحرز کیا ہے غرض توکل کے آداب میں سے یہ بھی ہے کہ اشراف نہ ہو اور بدون اس کے اگر توکل ہو تو محمود ہے اور جو توکل کے شرائط نہ ہوں تو تدبیر مسنون ہے بالجملہ افراط تفریط دونوں سے برکنار رہے اور اعتدال اختیار کرلے ؎

گر توکل میکنی در کار کن — کسب کن پس تکیہ بر جبار کن

گفت پیغمبر بآواز بلند — بر توکل زانوئے اشتر ببند

(اگر توکل کرو تو کام کے اندر توکل کرو پھر اسباب کے اندر اثر بخشنے میں اور ان کے مسبب ہونے پر اللہ تعالیٰ پر اعتماد کرو پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو جو اونٹ پر سوار ہو کر آیا تھا اور دروازہ مسجد پر اس کو بٹھا دیا تھا آواز بلند فرمایا صرف توکل مت کر بلکہ توکل کے ساتھ اونٹ کا زانو بھی رسی سے باندھ دو)

اور جان لینا چاہیے کہ تدبیر و اسباب کا اختیار کرنا بھی توکل و عقل کے خلاف نہیں ہے۔
اس کی بعینہ مثال توکیل کی سی سمجھ لینا چاہیے۔ مثلاً جب کوئی شخص کسی مقدمہ میں وکیل مقرر کرتا ہے تو کیا وکیل کرنے کے بعد یہ شخص نکما خالی بیٹھ جاتا ہے۔ ہرگز نہیں بلکہ جتنی کوشش اس سے ہوسکتی ہے خود بھی کرتا ہے اور اس کے خلاف توکل نہیں سمجھتا بلکہ یہ سمجھتا ہے کہ وکیل کے کرنے کا جو کام ہے وہ کرے گا۔ جو مجھ سے کچھ ہوسکتا ہے مجھ کو کرنا چاہیے اسی طرح تدبیر کرنا اعتدال کے ساتھ توکل کے خلاف نہیں بلکہ تدبیر ایسی چیز ہے کہ جو امور محض غیر اختیاری ہیں جن میں تدبیر کو اصلاً دخل نہیں محض دعا ہی پر ان کا مدار ہے۔ سنن میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں بھی دعا کے ساتھ کچھ صورت تدبیر اختیار کی جاتی ہے۔ چنانچہ ایک قصہ حدیث سے بیان کیا جاتا ہے جس سے معلوم ہو جائے گا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کس طرح توکل اور دعا کو جمع فرمایا اور اس حدیث کے ضمن میں اور بھی فوائد ہیں۔ ایک صحابی جن کا نام مقدادؓ ہے جو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مکان پر مسافرانہ مقیم تھے اور ان کو حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے بکریاں بتلا دی تھیں کہ ان کا دودھ نکال کر کچھ خود اور رفقہ پی لیا کرو اور کچھ ہمارے لئے رکھدیا کرو اور اُن کا اِس طرح معمول تھا وہ فرماتے ہیں کہ ایک روز حضور صلے اللہ علیہ وسلم کو آنے میں دیر ہوئی تو میں سمجھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کہیں دعوت ہو گئی ہوگی یہ خیال کرکے آپ کا حصّہ بھی پی گیا۔ مگر اتفاق سے جب پی چکا اس وقت خیال آیا کہ شاید آپ نے کچھ نہ کھایا ہو۔ اور بے چینی کا یہ حال ہوا کہ کروٹیں بدلتا ہوں اور نیند نہیں آتی اسی شش و پنج میں تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور آپ کی عادت شریفہ آنے کے وقت یہ تھی کہ جب تشریف لاتے اور دیکھتے کہ گھر والے لیٹے ہیں تو بہت آہستہ سے سلام کرتے اس طرح سے کہ اگر حاضرین جاگتے ہوتے تو سن لیتے اور اگر سوتے ہوتے تو آنکھ نہ کھلتی اسی طرح نسائی میں حضرت عائشہ صدیقہؓ سے آپ کا شب برات میں بقیع میں جانے کیلئے آہستہ اُٹھنا اور آہستہ سے کواڑ کھولنا سب کام آہستہ سے کرنا تاکہ سونے والے

کو تکلیف نہ ہو آیا ہے۔ سو اسی طرح سلام بھی آہستہ سے فرماتے کہ اگر کوئی جاگتا ہو تو سنا اور سوتا ہو تو اس کی نیند میں خلل نہ آئے۔ اس موقع پر یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ بعض لوگ دوسرے آدمیوں کی تکلیف کا اصلا خیال نہیں کرتے۔ سوتے آدمیوں میں اٹھ کر سب کام بے تکلف زور زور سے کرتے ہیں اور اس سے دوسروں کو ایذا ہوتی ہے اسی طرح یہ امر بھی موجب ایذا ہے کہ مشغول کار آدمی کو اپنی طرف متوجہ کرنا چاہتے ہیں جس سے اس کے ضروری کام میں حرج ہوتا ہے اور پریشانی بھی۔

نواب صدیق حسن خاں صاحب کے بیٹے کی ایک حکایت یاد آئی ہے کہ ایک روز بھوپال میں وہ مغرب کی نماز پڑھتے تھے اور ایک صاحب مدعی عمل بالحدیث ان کے پاس کھڑے تھے۔ یہ خیال کر کے کہ صاحبزادے صاحب بہت خوش ہوں گے بڑے زور سے آمین کہی۔ صاحبزادے صاحب نے بعد نماز کے ان سے کہا کہ آپ سے مجھے کام ہے ذرا مجھ سے مل کر جائیے وہ خوشی خوشی انتظار میں بیٹھ گئے دیکھئے کیا انعام ملتا ہے۔ اتنے میں صاحبزادے صاحب مسجد کے باہر تشریف لائے۔ وہ صاحب سامنے آئے کہ حضور کیا ارشاد تھا۔ انہوں نے ان صاحب کے ایک دھول جمائی اور فرمایا کہ آمین بالجہر تو ضرور حدیث میں آئی ہے مگر یہ بتلا کہ آمین کی اذان کس حدیث میں آئی ہے جو تو نے اس زور سے کہی کہ پاس والے بھی گھبرا اٹھے۔ معلوم ہوتا ہے کہ محض مخالفت بھڑکانے کو ایسا کیا جاتا ہے اس لئے یہ سزا دی گئی۔

حضرات ہماری سبھی حالتیں بگڑ رہی ہیں ہر چیز میں افراط و تفریط ہو رہی ہے اور عوام کی کیا شکایت کریں۔ انصاف یہ ہے کہ آداب کو بعض اہل علم تک نہیں جانتے محض لفظ پرستی رہ گئی ہے ؎

مولوی گشتی وآگہ نیستی      خود کجا و از کجا و کیستی

(مولوی بن گیا اور آگاہ (خبردار) نہ ہوا خود کہاں اور کہاں سے اور کون ہے تو)

اس لفظ پرستی پر ایک مثال یاد آئی۔ ایک شخص کا انتقال ہوا موت کے قریب بیٹے کو وصیت کی کہ جو کوئی میری تعزیت کو آئے اس کو اونچی جگہ بٹھانا اور نرم اور شیریں

باتیں کرنا۔ اور بھاری کپڑے پہن کر اس سے ملنا اور قیمتی کھانا کھلانا۔ اب صاحبزادے کی سنئے۔ ایک صاحب ان کے والد کے دوست تعزیت کو آئے۔ آپ نے فوراً نوکروں کو حکم دیا کہ ان کو مچان پر بٹھا دو وہ آئے اور مجرموں کی طرح ان کو زبردستی پکڑ کر مچان پر بٹھا دیا۔ اب وہ پوچھتے ہیں کہ یہ کیسا معاملہ ہے نوکر کہتے ہیں کہ آقا کا یہی حکم ہے۔ اب آقا صاحب تشریف لائے تو اس انداز سے کہ جاجم، دری، قالین میں لپٹے ہوئے ایک عجیب بغلول کی سی شکل بنے ہوئے ہیں۔ آخر مہمان نے کچھ تعزیت میں کہا تو جواب میں فرماتے ہیں گڑ۔ انہوں نے کچھ اور کہا تو جواب ملتا ہے روئی۔ مہمان بے چارہ دنگ ہے۔ غرض کھانے کا وقت آیا گوشت گلا نہ تھا مہمان نے کہیں اس کا شکوہ کیا تو آپ تیز ہو کر کہتے ہیں واہ صاحب میں نے آپ کے لئے پچاس روپیہ کا کتا کاٹ ڈالا اور آپ کو پسند نہیں آیا۔ اب مہمان اور بھی پریشان۔ آخر تحقیق کیا تو انہوں نے بیان کیا کہ ابا جان نے وصیت کی تھی کہ میرے انتقال کے بعد اگر کوئی شخص تعزیت کے واسطے تمہارے پاس آئے تو اس کو اونچی جگہ بٹھانا اس واسطے میں نے مچان پر بٹھایا کہ سب سے اونچی جگہ یہی تھی۔ اور یہ کہا تھا کہ بھاری کپڑے پہن کر ان سے ملنا تو اس دری قالین سے بھاری کوئی کپڑا نہ تھا۔ تیسرے یہ کہا تھا کہ نرم اور میٹھی باتیں کرنا تو گڑ اور روئی سے زیادہ نرم اور میٹھی چیز مجھ کو نہ معلوم ہوئی۔ اور وصیت کی تھی کہ قیمتی کھانا کھلانا تو اس کتے سے زیادہ کوئی جانور قیمتی ہمارے گھر نہ تھا۔ مہمان لعنت بھیجکر وہاں سے رخصت ہوا۔ پس یہی حالت ہماری ہے کہ الفاظ یاد کر لئے ہیں حقیقت آداب و اخلاق اعمال کی نہیں سمجھے۔ چنانچہ ہم نے اخلاق نام صرف چاپلوسی اور خوشامد اور میٹھی باتیں کرنے کا رکھ لیا ہے سو حقیقت میں اخلاق کو نفاق سے بدل دیا ہے اخلاق کی حقیقت یہ ہے کہ ہم سے کسی کو کسی قسم کی ایذا ظاہری یا باطنی یا حضور یا غیبت میں نہ پہونچے۔ ہم نے یہ سمجھا کہ اخلاق ظاہرداری کا نام ہے گو اس سے ایذا ہی پہنچے اس کی کچھ پروا نہیں۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ شفقت اور رعایت کہ سلام بھی کرتے ہیں تو اس طرح سے کہ کوئی بے چین نہ ہو۔ غرض آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم عشا کے بعد تشریف لائے

اور حسب معمول سلام کرکے برتنوں کی طرف چلے اور وہ صحابی جو دودھ پی کر لیٹ گئے تھے یہ سب دیکھ رہے ہیں۔ آپ کو اس میں دودھ نہ ملا۔ چونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس وقت بھوک لگی ہوئی تھی اور طعام کی حاجت تھی آپ نے حسب معمول کچھ نفلیں پڑھیں اور یوں دعا فرمائی اَللّٰھُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِیْ (اے اللہ کھانا کھلا اس کو جس نے مجھ کو کھانا کھلایا ہے) دیکھئے یہ امر قابل غور ہے کہ اس دعا میں آپ نے توکل کے ساتھ اسباب کی کس لطیف طور پر رعایت فرمائی کہ یہ ظاہر کردیا کہ کھانا اکثر اس طرح ملتا ہے کہ کوئی شخص ظاہر میں لے آئے ورنہ یہ بھی تو دعا فرما سکتے تھے کہ اے اللہ آسمان سے مائدہ یا رزق بھیج مگر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے توکل اور تدبیر کو کس لطیف طریق پر جمع فرمایا جیسا مذکور ہوا۔ تتمہ قصہ کا یہ ہے کہ اس دعا کے سننے کے بعد وہ صحابی اُٹھے چونکہ ان کو یقین تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا قبول ہوئی ہوگی اس لئے گو بکریوں کا دودھ دوہ چکے تھے مگر پھر برتن لے کر بیٹھ گئے۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت سے بکریوں نے اتنا دودھ دیا کہ برتن بھر گیا۔ اس برتن کو لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے۔ غرض اس قصے کے بیان سے یہ تھی کہ دیکھنا چاہئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا و توکل کے ساتھ اسباب کی رعایت کس طور پر فرمائی۔ پس معلوم ہوا کہ نہ دعا کے بھروسے اسباب کو چھوڑدے اور نہ اسباب میں ایسا انہماک ہو کہ مسبب الاسباب پر نظر نہ رہے۔ اعتدال اصل طریقہ نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے اور یہ بدون تحصیل و تبحر علوم دین کے حاصل ہونا مشکل ہے کوئی آسان کام نہیں جو ہر ایک دعوے کرنے لگے ؎

بر کفے جام شریعت در کفے سندان عشق ہر ہوسناکے نداند جام و سنداں باختن

(ادھر شریعت کا مقتضٰی اُدھر عشق کا مقتضٰی شریعت اور عشق دونوں کے مقتضٰی پر عمل کرنا ہر ہوسناک کا کام نہیں ہے)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے افعال سے تو یہاں تک اس اعتدال کا پتا چلتا ہے کہ معجزات میں بھی جو کہ بالکل بطور خرق عادت ظہور میں آتے ہیں ان میں بھی تدبیر اور اسباب کی صورت کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔ چنانچہ حضرت جابرؓ کی دعوت کا قصہ جو جنگ احزاب میں خندق کھودنے کے

وقت ظہور میں آیا اس کا شاہد ہے۔ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو فرمایا تھا کہ ہانڈی چولھے سے مت اتارنا پھر اس میں آکر آب دہن ملادیا۔ اور وہ چند آدمی کی خوراک لشکر کے لشکر کو کافی ہوگئی۔ اسی طرح حدیث میں اور بھی معجزات کے قصے ہیں کہ جن سے معلوم ہوتا ہے کہ معجزہ خرق عادت میں تھوڑی سی رعایت اسباب کی گئی مثلاً چولھے پر ہانڈی اور تنورے کا رکھا رہنا اور ڈھک دینا وغیرہ کی صورت اسباب کو حجاب بنایا گیا ورنہ ویسے بھی کھانا بڑھ سکتا تھا۔ یہ آداب ہیں توکل اور تدبیر کے سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کو سیکھنا چاہئے ان سے غافل رہنا بعض اوقات سبب ہوجاتا ہے انہماک فی الاسباب کا جو ایک سبب ہے ترک دعا کا جس کا حاصل ہے کہ اسباب میں انہماک اور مسبب الاسباب پر نظر نہ رکھنا اور عقیدت کی کمزوری۔

اب ایک دوسرا سبب دعا نہ کرنے کا سنئے۔ وہ یہ کہ عقیدہ تو دعا کا ہے مگر یہ خیال ہوجاتا ہے کہ ہم دعاؔ کے قابل نہیں ہم کیا دعا کریں اور درحقیقت یہ بھی شیطان کا ایک وسوسہ ہے جو ان لوگوں کے دلوں میں تواضع کے رنگ میں ڈالا گیا ہے درحقیقت بعض احوال باطنہ کچھ اس قسم کے ظاہراً مشتبہ معلوم ہوا کرتے ہیں کہ ان کو بھلا یا برا قرار دینے میں بڑی فہم و دقت نظر آگاہی شرع شریف کی سخت ضرورت پڑتی ہے چنانچہ آیت مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيَانِ (اس نے دو دریاؤں کو ملایا کہ باہم ملے ہوئے ہیں اور ان دونوں کے درمیان ایک حجاب ہے کہ دونوں بڑھ نہیں سکتے) میں اہل لطائف اس طرف بھی اشارہ فرماتے ہیں۔ چنانچہ اس مقام پر دو امر میں التباس ہوجاتا ہے۔ ایک تو تواضع اور حیا۔ اس کی علامت یہ ہے کہ گناہ کرتے ہوئے بھی اس کا خیال رہے۔ اپنی عبدیت اور خدائے تعالیٰ سے شرم کرنا ملحوظ رہے ورنہ اگر صرف دعا کے وقت تو تواضع کے خیال سے دعا نہ کی جائے اور گناہ کرتے وقت بیباک اور نڈر ہوجائیں تو یہ درحقیقت تواضع نہیں ہے بلکہ کم ہمتی اور سستی ہے۔ شیطان

ؔ چنانچہ ایک بار ایک شخص نے مجھ سے قرض کی شکایت کی میں نے کہا دعا کرو کہنے لگا زبان دعا کے قابل ہی نہیں میں نے کہا کہ تو پھر کلمہ کیوں پڑھتے ہو کیا کلمہ کے قابل ہے اور دعا کے قابل نہیں۔ چُپ رہ گیا ۱۲ منہ

نے برکات دعا سے محروم کرنے کے واسطے ایک حیلہ سکھا دیا ہے لہٰذا اس کا وسوسہ بھی دل میں نہ لانا چاہیئے اور دعا بڑے اہتمام سے کرنی چاہیئے۔ کہ وہ خالی نہیں جاتی اور کچھ نہ ہو۔ یہ کیا کچھ کم ہے کہ آخرت کے لئے اس کا اجر جمع رہے گا اور اہل حال کے جو اقوال ہیں مثلاً ؎

اَحَبُّ مُنَاجَاتِ الْحَبِیْبِ بِاَوْجُہٍ   وَلٰکِنَّ لِسَانَ الْمُذْنِبِیْنَ کَلِیْلُ

(محبوب کی پسندیدہ تر مناجات کے بہت سے طریقے ہیں لیکن گنہ گاروں کی زبان بیان کرنے سے قاصر ہے)

سو وہ غلبۂ حال کے ہیں جس میں وہ معذور ہیں مگر قابل تقلید نہیں۔ الحاصل حیا و تواضع میں رضائے خداوندی پیش نظر ہوتی ہے اور یہ نہ ہو تو کم ہمتی ہے۔ ان باتوں میں فرق کرنے کے واسطے بڑی ضرورت ہے علم شریعت کی اسی طرح اگر کوئی شخص لَاصَلٰوۃَ اِلَّا بِحُضُوْرِ الْقَلْبِ (بلا حضور قلب نماز نہیں ہوتی) میں بھی یہی حیلہ جو دعا میں کیا ہے نکال لے تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ نماز چھوڑ بیٹھے گا لہٰذا ایسے وساوس ناقابل اعتبار ہیں۔ جو کچھ جیسا کچھ ہو سکے کرنا چاہیئے۔ بھلا بُرا جو کچھ بھی ہو خدا کے دروازے پر آنا چاہیئے ؎

باز آ باز آ ہر آنچہ ہستی باز آ   گر کافر و گبر و بت پرستی باز آ
ایں درگہ ما درگہ نومیدی نیست   صد بار اگر توبہ شکستی باز آ

(جو کچھ بھی تجھ سے غلطی ہوگئی ہو اس سے باز آجاؤ خواہ کافر و ملحد اور بت پرست ہی کیوں نہ ہو اپنی ان حرکات سے باز آ یہ ہماری درگاہ اور دربار مایوسی کی جگہ نہیں ہے اگر تو نے سو بار توبہ کرنے کے بعد توڑی ہے باز آجا اور پھر توبہ کرلے)

ایسا شخص ایک غلطی تو یہ کرتا ہے کہ کم ہمتی سے عبادت اور طاعت اور دعا کی طرف نہیں آتا اور دوسری غلطی یہ کرتا ہے کہ اپنی نسبت گمان کرتا ہے کہ میں کسی وقت پاک صاف ہو کر حق عبادت ادا کر سکتا ہوں اور ایسے وقت عبادت کروں گا اور جو عبادت کر رہا ہے گویا بزبان حال اس کا حق ادا کرنے کا مدعی ہے اور یہ بھاری غلطی ہے۔ انسان کبھی پورا پاک نہیں ہو سکتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی درگاہ کے قابل بننا اور اس کا حق عبادت کرنا کیا اس سے ممکن ہے

ع وَجُوْدُكَ ذَنْبٌ لَّا يُقَاسُ بِهٖ ذَنْبٌ
(تمہاری ہستی ہی گناہ ہے اور کسی گناہ کو اس پر قیاس نہیں کیا جا سکتا)

مولانا روم فرماتے ہیں ؎

خود ثنا گفتن زمن ترک ثنا است — کایں دلیل ہستی و ہستی خطا است

(خود ثنا کرنا میری طرف سے ترک ثنا ہے یہ ہستی کی دلیل ہے اور ہستی خود خطا ہے)

سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں لَا اُحْصِیْ ثَنَاءً عَلَیْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِكَ (میں تیری تعریف نہیں کر سکتا جبکہ تو نے اپنی ذات کی تعریف کی ہے) مرزا مظہر جان جاناں علیہ الرحمۃ اس معنی میں کہ ہم آپ کی ثنا نہیں کر سکے فرماتے ہیں ؎

خدا در انتظار حمد ما نیست — محمدؐ چشم بر راہ ثنا نیست
خدا مدح آفرین مصطفٰے بس — محمدؐ حامد حمد خدا بس
مناجاتے اگر خواہی بیاں کرد — بہ بیتے ہم قناعت مے تواں کرد
محمدؐ از تو میخواہم خدا را — الٰہی از تو حب مصطفٰے را

(حق تعالیٰ کو ہماری حمد کی ضرورت نہیں ہے نہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہماری ثنا کا انتظار ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے خدا کی مدح کافی ہے اور اللہ تعالیٰ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حمد کافی ہے۔

اگر کوئی مناجات کرنا چاہتے ہو تو ان دو بیتوں پر اکتفا کرو۔

اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ سے خدا کی محبت مانگتے ہیں اور اے اللہ آپ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت مانگتے ہیں)

اسے پاک سمجھنے کے بارے میں خدا تعالیٰ فرماتے ہیں۔ لَا تُزَكُّوْا اَنْفُسَكُمْ الخ (اپنے نفسوں کی پاکی بیان نہ کرو) ہم اور ہماری عبادت تو ایسی ہے کہ یہی غنیمت ہے کہ اس پر مواخذہ نہ ہو، کیونکہ ہماری ثنا ایسی ہے جیسا مولانا فرماتے ہیں ؎

شاہ را گوید کسے جولاہ نیست — ایں نہ مدح است او مگر آگاہ نیست

(اگر کوئی شخص بادشاہ کو کہے جولاہ نہیں ہے یہ اس کی تعریف نہیں ہے بلکہ وہ اس کے مرتبہ

سے واقف نہیں ہے)

ما بری از پاک و ناپا کی ہمہ　　　　وز گرا نجا نی و چا لا کی ہمہ
من نگردم پاک از تسبیح شان　　　　پاک ہم ایشان شوند و درفشاں

(یعنی جیسی پاکی تم بیان کرتے ہو ہم اس سے بھی پاک ہیں اور ہم ہر طرح کی سستی اور تیزی سے بھی پاک ہیں میں ان کی تسبیح سے پاک نہیں ہوتا بلکہ وہ خود پاک ہو جاتے ہیں اور ان سے خوبیوں کا اظہار رہوتا ہے)

یہی وجہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اِنِّی لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ فِی کُلِّ یَوْمٍ سَبْعِیْنَ مَرَّۃً (میں ہر دن میں ستر مرتبہ استغفار کرتا ہوں) حالانکہ عصمت انبیا ایک مسلم مسئلہ ہے پھر یہ استغفار گویا اپنی حالت عبادت کو کمال خداوندی کے مقابلہ میں ناتمام دیکھ کر ہوتا ہے یعنی اپنی عبادت و حمد و ثنا کو غیر قابل قرب خداوندی سمجھ کر استغفار کر رہے ہیں۔ یہ حالت ہے اکابر مقبولین کی کہ بایں ہمہ علو مرتبت بمقابلہ کمال حقوق خداوندی اپنے آپ کو محض ہیچ سمجھ رہے ہیں اور یہ نہیں کہ وہ واقع میں کمال و وصال سے خالی ہیں بلکہ ؎

دل آرام در بر دل آرام جو　　　　لب از تشنگی خشک و برطرف جو
نگویم کہ برآب قادر نیند　　　　کہ برساحل نیل مستسقی اند

(محبوب گود میں ہے اور محبوب کی تلاش کر رہے ہیں نہر کے کنارے پر ہیں اور ہونٹ پیاس سے خشک ہیں میں نہیں کہتا کہ پانی پر قادر نہیں ہیں لب دریا ہوتے ہوئے جلندھر کے بیمار کی طرح ہیں)

؎ داماں نگہ تنگ گل حسن تو بسیار　　　　گلچیں بہار تو ز داماں گلہ دارد

جب خواص کی یہ کیفیت ہے تو ہم عوام کس شمار میں ہیں۔ ہم پر یہ اُن کی عنایت کہ باوجود ہماری بداعمالی خراب حالی جاننے کے پھر ہم کو اپنی طاعت و حمد و ثنا۔ دعا والتجا کی رخصت دیتے ہیں اور حکم دیتے ہیں کہ کرو۔ اگر وہ باوجود علم کے ہم سے کھوٹے مال اور ناقص عبادت کو قبول کرتے ہیں تو پھر بندہ کو کسی قسم کا عذر پیش کرنا گو وہ عذر ناقابلیت ہی کا ہو کس درجہ حماقت ہے ؎

چوں طمع خواہد ز تو سلطان دین　　خاک بر فرق قناعت بعد ازیں

(جب شاہ دین مجھ سے طمع کا خواہشمند ہو تو اس کے بعد قناعت پر خاک ڈال دوں گا)

ایں قبول ذکر تو از رحمت است　　چو نماز مستحاضہ رخصت است

(یہ آپ کا ہمارے ذکر کو قبول فرمانا رحمت ہی سے ہے جیسے مستحاضہ کی نماز رخصت کی بنا پر قبول فرمالیتے ہیں)

یہ دوسرا سبب تھا دعا کے نہ کرنے کا۔ یعنی اپنے آپ کو دعا کے قابل نہ سمجھنا جس کی اصلاح پوری طور سے کردی گئی۔

اب تیسرا سبب بیان کیا جاتا ہے وہ یہ کہ یعنی یہ سمجھ کر دعا نہیں کرتے کہ قبول تو ہوتی ہی نہیں پھر دعا سے کیا فائدہ۔ سو خود یہی سمجھنا غلط ہے کہ خداوند تعالیٰ دعا قبول نہیں کرتے واقع میں موانع قبول دعا خود اپنی ذات میں ہوتے ہیں مثلاً دل سے خشوع وخضوع کے ساتھ جو روح ہے۔ ملکر دعا نہ کرنا محض زبان سے کہدینا۔ حدیث میں ہے اِنَّ اللّٰہَ لَا یَسْتَجِیْبُ الدُّعَاءَ مِنْ قَلْبٍ لَاہٍ (اللہ تعالیٰ قلب غافل سے دعا قبول نہیں فرماتے) قصور اپنا ہے ورنہ وہ ذات تو سب پر مہربان اور اس کا فیض سب پر محیط ہے اپنے میں قابلیت نہ ہو تو اس کا کیا علاج ؎

اس کے الطاف تو ہیں عام شہیدی سب پر　　تجھ سے کیا ضد تھی اگر تو کسی قابل ہوتا

ہم لوگوں کی تو یہ حالت ہے ؎

توبہ برلب۔ سبحہ برکف۔ دل پُر از ذوق گناہ　　معصیت را خندہ مے آید بر استغفار ما

(لب پر توبہ ہاتھ میں تسبیح دل ذوق گناہ سے پُر ہمارے استغفار پر گناہ کو بھی ہنسی آتی ہے)

اور مثلاً گناہ کی بات کی دعا کرنا۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ قبول کرتا ہے جب تک گناہ اور قطعیہ رحم کی دعا نہ ہو۔ سو بعض دفعہ اکثر دعائیں گناہ کی ہوتی ہیں اب اُن کا قبول نہ کرنا ہی خدا تعالیٰ کی رحمت ہے۔ مثلاً موروثی زمین کے جھگڑے میں مالکانہ قبضے کی دعا خود گناہ ہے۔ ایسے ہے۔ بعض لوگ بزرگوں سے دعا کراتے ہیں کہ ہمارا لڑکا

فلاں امتحان میں پاس ہو جائے۔ اُس کو ڈپٹی کلکٹری، تحصیلداری وغیرہ مل جائے سو یہ دعا ہی سرے سے ناجائز ہے۔ کیونکہ حکومت کی اکثر ملازمتیں خلاف شرع ہیں اور یہ شبہ نہ کیا جائے کہ بزرگوں کے متعلقین بعض ڈپٹی کلکٹری تحصیلداری وغیرہ حکومت کے عہدوں پر ہوتے ہیں۔ سو اگر یہ نوکری ناجائز ہے تو وہ بزرگ ان کو کیوں نہیں روکتے جواب اس شبہ کا یہ ہے کہ ہیں تو یہ نوکریاں ناجائز مگر جو لوگ اس میں مبتلا ہیں اور اُن کے روزگار کی صورت بجز اس کے اور کچھ ہے نہیں. اگر ان کو اس سے علیحدہ کر دیا جائے گا اور وہ نوکری چھوڑ دیں گے تو بوجہ عدم سبیل معاش وہ اس سے زیادہ کسی گناہ میں مبتلا ہوں گے۔ سو درحقیقت اُن کو اجازت نہیں دی جاتی بلکہ اور بہت سے بڑے گناہوں سے بچا کر ایک چھوٹے گناہ پر رکھا جاتا ہے۔ اور ایسی دعا میں خود مشائخ اور علماء کو احتیاط کرنی چاہیئے کہ ایسے ناجائز مقدمات اور امور ممنوعہ کے واسطے دعا نہ کیا کریں کیونکہ گناہ ہوگا اور صاحب حاجت تو صاحب الغرض مجنون ہوتا ہے اس پر اعتبار اور بھروسہ نہیں چاہیئے اگر ایسا ہی کسی کی دل شکنی وغیرہ کا خیال ہو تو یوں دعا کریں کہ یاالٰہی جس کا حق ہو اس کو دلوایئے باقی ایسی ناجائز دعا نہ اپنے لئے کرے نہ غیر کے لئے۔ ناجائز امور کی دعا یا دعا کا غافل دل سے کرنا منجملہ ان موانع کے ہے جن کی وجہ سے دعا قبول نہیں ہوتی کہ درحقیقت وہ دعا اس کے لئے بہتر نہیں ہوتی اور خلاف حکمت ہوتی ہے۔ اس لئے ترحماً قبول نہیں فرماتے۔ اس کی ایسی ہی مثال کیجئے۔ جیسے بچہ انگارے کو اچھا سمجھ کر منہ میں ڈالنے لگے تو شفیق ماں باپ اُس کو منع کرتے اور اس کے ہاتھ سے چھین لیتے ہیں ؎

آنکس کہ تونگرت نمیگرداند آں مصلحتِ تو از تو بہتر داند

(جس ذات نے تجھ کو مالدار نہیں بنایا وہ تیری مصلحت کو تجھ سے بہتر جانتا ہے)

چنانچہ حکایت ہے کہ کسی نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے یہ دعا کرائی تھی کہ کل کی بات معلوم ہو جایا کرے۔ موسیٰ علیہ السلام نے اس کو نصیحت کی کہ اس کو جانے دے اُس نے نصیحت نہ مانی اور اصرار کیا۔ انہوں نے دعا کر دی اور وہ قبول ہو گئی۔ اس کو

معلوم ہوا کہ کل کو میرا گھوڑا مر جائے گا۔ اس نے فوراً بازار میں جا کر بیچ ڈالا۔ اور خوش ہوا پھر معلوم ہوا کہ کل کو میرا غلام مر جائے گا وہ اس کو بھی بیچ آیا اور بہت خوش ہوا۔ پھر معلوم ہوا کہ کل کو میں مر جاؤں گا۔ بہت پریشان ہوا۔ اور موسیٰ علیہ السلام سے جا کر عرض کیا کہ کیا کروں۔ وحی آئی کہ اس سے کہہ دو تجھ کو اس کشف راز سے منع کیا گیا تھا تو نے نہ مانا آخر تو نے دیکھا کہ اصل یہ ہے کہ تیرے گھر پر ایک بلا آنے والی تھی ہم نے چاہا کہ گھوڑے پر پڑ جائے تو نے اس کو جدا کر دیا۔ ہم نے چاہا کہ غلام پر پڑ جائے تو نے اُس کو بھی جدا کر دیا۔ اب تو ہی رہ گیا۔ اگر تجھ کو پہلے سے آئندہ کی خبر نہ ہوا کرتی تو گھوڑا اور غلام کیوں بیچا جاتا اور تو معرضِ ہلاکت میں کیوں پڑتا۔ اس سے معلوم ہوا کہ اپنی بعض مصلحت انسان نہیں سمجھتا تو اس معلوم ہونے پر اُس کو بہت پریشانی اٹھانی پڑی تھی۔ یہاں سے ذاکرین اور شاغلین کے واسطے بھی نصیحت بتائی ہے کہ جو حالت غیر اختیاری اللہ تعالیٰ وارد فرمائیں اُس کو اپنے لئے بہتر جانیں اور اپنی خواہش سے کسی پسندیدہ حالت کی تمنا نہ کریں ؎

بدرد و صاف ترا حکم نیست دم درکش ۔۔۔ کہ ہر چہ ساقی ما ریخت عین الطاف است

(درد و صاف یعنی قبض و بسط تجویز کرنے کا تم کو کچھ حق نہیں ہے جو کچھ عطا ہو جائے تربیت باطنی کے لئے مصلحت اور وہی عین لطف ہے)

مجاہدے سے کسی خاص حالت کا قصد ٹھیک نہیں ؎

تو بندگی چو گدایان بشرط مزد مکن ۔۔۔ کہ خواجہ خود روش بندہ پروری دارد

(تو فقیروں کی طرح بندگی مزدوری کی شرط سے نہ کر کیونکہ آقا بندہ پروری کا طریقہ خود جانتا ہے)

ہر حالت جو اس کی طرف سے آئے وہی مناسب ہے۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ذوق و شوق و انبساط باعث عجب ہو جاتا ہے۔ تو مربی حقیقی اُس کا علاج اس طرح فرماتے ہیں کہ حزن و ملال اور انقباض کو اس پر مسلط کر دیتے ہیں جس سے تواضع و انکسار پیدا ہوتا ہے الغرض اپنے لئے کوئی فکر اپنی خواہش و پسند پر نہ کرنا چاہئے ؎

فکر خود درائے خود در عالم رندی نیست کفر است درین مذہب خود بینی و خود رائی
(اپنی رائے اور فکر کو راہ سلوک میں کچھ دخل نہیں ہے اس طریق میں خود بینی اور خود رائی کفر ہے)

بعض لوگ ذکر و شغل کرتے ہیں اور کسی خاص حالت اور ثمرہ کو حاصل ہونے پر جس کو غلط فہمی سے انہوں نے مقصود سمجھ رکھا ہے غمگین ہوتے ہیں اور کہتے ہیں کچھ حاصل نہیں ہوا یہ لوگ بڑی غلطی کرتے ہیں۔ اصل مقصود رضائے حق ہے جس کا طریق ذکر و طاعت ہے جس کو یہ حاصل ہے سب کچھ حاصل ہے تو اُن کو خدا کا شکر کرنا چاہیئے کہ اُن کو ذکر اور اطاعت کی توفیق تو دی ہے۔ ع

بلا بودے اگر ایں ہم نبودے

حقیقت میں یہ طلب اور درد و غم بھی نعمتِ عظمیٰ ہے جس کا شکر کرنا چاہیئے ؎

گفت آں اللہ تو لبیک ماست ویں نیاز و سوز و دردت پیک ماست
(فرمایا تیرا اللہ ہی کہنا ہمارا جواب ہے اور تیرا یہ سوز و نیاز اور درد ہمارا قاصد ہے)

اگر حضرت حاجی صاحب قدس سرہٗ سے کوئی خادم اس امر کی شکایت کرتا تو فرماتے کہ خدا کا شکر کرو کہ اس نے اپنا نام لینے کی توفیق تو دی ہے اور اس موقع پر اکثر یہ شعر فرمایا کرتے ؎

یا بم او را یا نیا بم جستجوئے میکنم حاصل آید یا نیاید آرزوئے میکنم
(میں اس کو پاؤں یا نہ پاؤں اس کی جستجو کرتا ہوں ملے یا نہ ملے آرزو کرتا ہوں)

اور فرمایا کرتے کہ جس طاعت کے بعد پھر اس طاعت کی توفیق ہو یہ طاعت سابقہ کے قبول کی علامت ہے۔ تو قبول کتنی بڑی نعمت ہے غرض قبول اسی میں منحصر نہیں کہ اس کی خواہش کے موافق ہو اور عشاق کی نظر تو کسی قسم کے قبول پر بھی نہیں ہوتی اُن کی حالت تو یہ ہے ؎

از دعا نبود مراد عاشقاں جز سخن گفتن باں شیریں زباں

(مراد عاشقوں کی دعا سے محبوب حقیقی کی ہمکلامی کے سوا اور کچھ نہیں ہے)

عاشقان خدا کو عشق میں مجنوں سے کم نہ ہونا چاہیئے کیا اُس کے نام کی مشق کچھ کم دولت ہے جو اور چیزوں کی تمنا کی جاتی ہے ؎

دید مجنوں را یکے صحرا نورد در بیابان غمش بنشستہ فرد

ریگ کاغذ بود انگشتاں قلم می نمودی بہر کس نامہ رقم

گفت اے مجنوں شیدا چیست ایں مینویسی نامہ بہر کیست ایں

گفت مشق نام لیلےٰ می کنم خاطر خود را تسلی می دھم

(کسی نے مجنوں کو جنگل میں تنہا دیکھا کہ غمگین بیٹھا ہوا ہے ریت پر انگلیوں سے کچھ لکھ رہا ہے اس نے پوچھا اے مجنوں کسے خط لکھ رہے ہو کہنے لگا کہ لیلیٰ کے نام کی مشق کر رہا ہوں اپنے دل کو تسلی دے رہا ہوں)

اور علاوہ اس کے کہ وہ دعا ان کی مصلحت کے مناسب نہ ہو کبھی یہ بھی ہوتا ہے اس کا اجر آخرت کے لئے ذخیرہ کیا جاتا ہے سو تعجب ہے کہ مؤمن ذخیرۂ آخرت پر قناعت نہ کرے۔ متاع دنیا کے حاصل نہ ہونے پر افسوس کرے۔ مؤمن کامل تو نعمت اخرویہ کے رو برو دنیوی سلطنت تک کو گرد سمجھتے ہیں۔ ایک دفعہ سلطان سنجر شاہ ملک نیمروز نے حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں عریضہ لکھا کہ اگر آپ قبول فرمائیں تو میں ملک نیمروز آپ کو ہدیہ کرتا ہوں۔ اس کے جواب میں حضرت نے یہ دو شعر تحریر فرمائے ؎

چوں چتر سنجری رخ بختم سیاہ باد در دل اگر بود ہوس ملک سنجرم

زانگہ یافتم خبر از ملک نیم شب من ملک نیمروز بیک جو نمیخرم

(چتر سنجری کی طرح میرا منہ کالا ہو اگر میرے دل میں ملک سنجر کا وسوسہ بھی ہو جب سے مجھ کو نیم شب کی سلطنت حاصل ہے نیمروز کی سلطنت میری نظر میں ایک جو کی برابر بھی نہیں)

یہ بیان تھا بقدر ضروری دعا کا بعض لوگوں کو شاید یہ شبہہ ہو کہ دعا، رضار بالقضار کے خلاف ہے۔ سو اس کا جواب یہ ہے کہ دعا اور رضا دونوں جمع ہو سکتے ہیں اس طور پر کہ عین دعا کے وقت یہ قصد ہے کہ اگر دعا کے موافق ہو گیا تو یہی قضا ہے اُس پر راضی ہوں گے اور اگر اس کے خلاف ہوا تو وہی قضا ہے اُس پر راضی ہوں گے اور چونکہ دعا بھی مامور بہ ہے اس لئے وہ بھی داخل قضا ہے۔ اگر کوئی شخص حضرت ابراہیم علیہ السّلام کے آگ میں ڈالے جانے کے قصے سے استدلال کرے کہ انہوں نے باوجود جبرئیل علیہ السلام کے کہنے کے کہ دعا کرو۔ دعا نہیں کی اور فرمایا حَسْبُہٗ عَنْ سَوَالِیْ عِلْمِہٖ بِحَالِیْ (اس کا میرے حال کو جاننا کافی ہے میرے سوال کرنے سے) جس سے معلوم ہوتا ہے کہ دعا کرنا رضا بالقضار اور تفویض و تسلیم کے خلاف ہے، تو اس کا جواب یہ ہے کہ اول تو یہ قصہ سیر کی روایت ہے جس کو معرض استدلال میں پیش نہیں کیا جا سکتا۔ دوسرے اگر اس قصہ کو مان بھی لیا جائے تو آسان طالب علمانہ یہ جواب ہو سکتا ہے کہ یہ قصہ پہلی امت کا ہے ہمارے پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کی شریعت کا مسئلہ نہیں جو ہم پر حجت ہو۔ تیسرے یہ کہ وہ صاحب وحی تھے اُن کو معلوم ہو چکا تھا کہ اس وقت دعا کرنا خلاف رضا ہے مولانا روم فرماتے ہیں ؎

کفر باشد نزد شان کردن دعا — کہ اے خدا از ما بگردان ایں قضا

(ان کے نزدیک دعا کرنا کفر ہے کہ اے خدا ہم سے اس حکم قضا کو پھیر دے)

ہم لوگ کوئی صاحب وحی نہیں جو خاص وقت کا حکم معلوم ہو سکے۔ ہمیں تو دعا کرنے کا حکم ہے۔ اس لئے دعا کریں گے۔ چوتھے یہ بھی توجیہہ ہو سکتی ہے کہ ہمارے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم چونکہ علم میں اتم واکمل ہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام پر۔ اُس وقت غلبۂ حالیین تفویض اور تسلیم کی فضیلت منکشف تھی اور دعا کی فضیلت مستور۔ اور ہمارے آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر ہر وقت تفویض تسلیم اور رضا کی فضیلت بھی منکشف رہتی تھی اور دعا کی فضیلت بھی۔ اسی لئے دونوں کو جمع فرمایا۔ اور اکثر بزرگوں سے غلبہ

حال میں اس قسم کی باتیں ہوا کرتی ہیں کہ جن کی نہ تقلید درست ہے نہ اُن کی باتوں سے استدلال کیا جا سکتا ہے۔ اور نہ اُن پر انکار درست ہے۔ وہ معذور ہیں چنانچہ شاہ فخر دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ایک روز جمعہ کی نماز پڑھ کر مسجد سے باہر نکلتے تھے کہ سیڑھیوں پر ایک بڑھیا نے شربت کا پیالا پیش کیا اور کہا۔ بیٹا اس کو پی لو۔ شاہ صاحب روزے سے تھے۔ روزے کا کچھ خیال نہ کیا اور شربت پی لیا۔ لوگوں نے اس پر اعتراض کیا۔ فرمایا روزے کی تلافی قضا سے ہو سکتی ہے۔ مگر دل شکنی کی تلافی نہیں ہوسکتی۔ اس واسطے میں نے پی لیا۔

ہمارے حاجی صاحب علیہ الرحمۃ نے اس قصے کے متعلق فرمایا کہ خواجہ صاحب پر اس وقت غلبۂ حال میں قلب کی فضیلت منکشف اور روزے کی فضیلت مستور تھی اس واسطے ایسا کیا۔ اگر کوئی صاحب تمکین اور اپنی حالت پر غالب ہوتا تو وہ یوں کرتا کہ نرمی سے اس کا جواب دے کر اُس کو بھی راضی رکھتا اور روزہ بھی نہ توڑتا مغلوب الحال کی تقلید کسی دوسرے کو جائز نہیں۔ اس کے واسطے خود شریعت کے صاف اور کھلے ہوئے احکام موجود ہیں جن میں کوئی کھٹکا نہیں۔ فِیْ طَالِعَةِ الشَّمْسِ مَا يُغْنِيْكَ عَنْ زُحَلٍ (آفتاب طلوع ہونے میں وہ ہے جو تجھ کو آدمی سے بے نیاز کردے گی)

الغرض یہ چند اسباب موانع دعا کے بطور امور کلیہ کے بیان کئے گئے ہیں اب اُن سے اور جزئی اسباب بھی معلوم ہو سکتے ہیں جو سمجھدار آدمی سمجھ کر نکال سکتا ہے۔
واٰخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم

## معروضہ

قارئین سے التجا ہے کہ اللہ تعالیٰ سے دعا فرمادیں کہ ناشر اور اسکی اولاد کی اللہ تعالیٰ کوشش دینیہ قبول فرمالیں اور مقبولان حق کے ساتھ محشور فرمادیں اور تمام زندگی بعافیت پوری فرمادیں۔ آمین بحرمۃ حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَۃً
(رواہ البخاری)

دعوات عبدیت جلد اوّل کا

وعظ چہارم ملقب بہ

# سیرت الصُّوفی

منجملہ ارشادات

حکیم الامت مجدد الملت حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

ناشر:- محمد عبد المنان غفرلہ

مکتبہ تھانوی، دفتر الابقاء

مسافر خانہ۔ بندر روڈ کراچی

ایم اے جناح روڈ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

## دعوات عبدیت جلد اول کا
## وعظ چہارم ملقب بہ

# سیرت الصوفی

| این | متیٰ | کم | کیف | ماذا | من ضبط | المستمعون | اشتات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہاں ہوا | کب ہوا | کتنا ہوا | کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر | کیا مضمون تھا | کس نے لکھا | سامعین کی تخمینی تعداد | متفرقات |
| جامع مسجد تھانہ بھون | ۲۳ صفر ۱۳۲۹ھ | تقریباً ۳½ گھنٹے | بیٹھ کر | طرز زندگی دستور العمل | مولوی نور حسین صاحب پنجابی | | |

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الحمد للّٰہ نحمدہٗ ونستعینہٗ ونستغفرہٗ ونؤمن بہٖ ونتوکل علیہ ونعوذ باللّٰہ من شرور انفسنا و من سیأت اعمالنا من یھدہ اللّٰہ فلا مضل لہ ومن یضللہ فلا ھادی لہ ونشھد ان لا الٰہ الا اللّٰہ وحدہٗ لا شریک لہ ونشھد ان سیدنا ومولانا محمدا عبدہٗ ورسولہٗ (صلی اللّٰہ علیہ وسلم)

اما بعد فاعوذ باللّٰہ من الشیطان الرجیم بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

(آیت) یٰۤاَیُّھَا الۡمُزَّمِّلُ ۙ قُمِ الَّیۡلَ اِلَّا قَلِیۡلًا ۙ نِّصۡفَہٗۤ اَوِ انۡقُصۡ مِنۡہُ قَلِیۡلًا ۙ اَوۡ زِدۡ عَلَیۡہِ وَرَتِّلِ الۡقُرۡاٰنَ تَرۡتِیۡلًا ؕ اِنَّا سَنُلۡقِیۡ عَلَیۡکَ قَوۡلًا ثَقِیۡلًا ۝ اِنَّ نَاشِئَۃَ الَّیۡلِ ھِیَ اَشَدُّ وَطۡاً وَّاَقۡوَمُ قِیۡلًا ؕ اِنَّ لَکَ فِی النَّھَارِ سَبۡحًا طَوِیۡلًا ؕ وَاذۡکُرِ اسۡمَ رَبِّکَ وَتَبَتَّلۡ اِلَیۡہِ تَبۡتِیۡلًا ؕ رَبُّ الۡمَشۡرِقِ وَالۡمَغۡرِبِ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاتَّخِذۡہُ وَکِیۡلًا ؕ وَاصۡبِرۡ عَلٰی مَا یَقُوۡلُوۡنَ وَاھۡجُرۡھُمۡ ھَجۡرًا جَمِیۡلًا ؕ وَذَرۡنِیۡ وَالۡمُکَذِّبِیۡنَ اُولِی النَّعۡمَۃِ وَمَھِّلۡھُمۡ قَلِیۡلًا ؕ

(اے کپڑوں میں لپٹنے والے رات کو نماز میں کھڑے رہا کرو مگر تھوڑی سی رات یعنی نصف رات کہ اس میں قیام نہ کرو بلکہ آرام کرو یا اس نصف سے کسی قدر کم کرو یا نصف سے کچھ بڑھا دو اور قرآن کو خوب خوب صاف پڑھو ہم تم پر ایک بھاری کلام ڈالنے کو ہیں بے شک رات کے اٹھنے میں دل وزبان کا خوب میل ہوتا ہے اور بات ٹھیک نکلتی ہے اور بے شک تم کو دن میں بہت کام رہتا ہے اور اپنے رب کا نام یاد کرتے رہو اور سب سے قطع کر کے اس کی طرف متوجہ ہو وہ مشرق ومغرب کا مالک ہے اور اس کے سوا کوئی قابل عبادت نہیں اور یہ لوگ جو باتیں کرتے ہیں ان پر صبر کرو اور خوبصورتی کے ساتھ ان سے الگ رہو اور ان جھٹلانے والوں نازونعمت میں رہنے والوں کو حالت موجودہ میں چھوڑ دو اور ان لوگوں کو تھوڑے دنوں اور مہلت دو ہمارے یہاں بیڑیاں ہیں اور دوزخ ہے اور گلے میں پھنس جانے والا کھانا ہے اور دردناک عذاب ہے جس دن پہاڑ اور زمین ہلنے لگیں گے اور پہاڑ ریگ رواں ہو جائیں گے)

بعض احباب ارباب سلوک نے مجھ سے استدعا کی کہ اگر ہمارے لئے کچھ دستور العمل کے طور پر بیان ہو جائے تو بہتر ہے اس وقت بوجہ کسی مضمون کے حاضر نہ ہونے کے اور نیز ایسے مضامین کے لئے خلوت مناسب ہونے کے میں نے حتمی وعدہ نہیں کیا مگر آج صبح کو سورۂ مزمل کی یہ ابتدائی آیات قلب میں وارد ہوئیں معلوم ہوا کہ ان میں تمام طریق سلوک ہی مذکور ہے۔ اس لئے آج ان ہی آیات کے متعلق کچھ بیان کیا جاتا ہے اور بیان سے پہلے یہ بتلا دینا ضروری ہے کہ عوام یہ نہ سمجھیں کہ اس میں ہمارا کیا نفع ہوگا۔ یہ طریقہ تو خواص کے لئے ہے ہم دنیا داروں کے لئے نہیں۔ سو بات یہ ہے کہ سرے سے یہ تقسیم ہی صحیح نہیں۔ کہ دنیا داروں کے لئے اور احکام اور دینداروں کے لئے اور احکام۔ کیونکہ مسلمان ہونے کی حیثیت سے سب برابر ہیں۔ اور احکام شرعی سب کے ساتھ یکساں متعلق ہیں۔ بلکہ حقیقت میں مسلمان دنیادار ہوتا ہی نہیں کیونکہ دنیا داری حقیقت میں یہ ہے کہ حرام وحلال میں کچھ امتیاز نہ رہے جس طرح سے بنے مال حاصل کرنے کو مقصود سمجھے۔ اگر کہیں دونوں غرضیں دین ودنیا کی

ے اور چونکہ مسائل علوم معاملہ کے ہیں۔ علوم مکاشفہ کے نہیں اس لئے اعلان کا بھی مضائقہ نہیں ۱۲

جمع ہو جائیں تو دنیوی غرض کو مقدم رکھا جائے اور یہ خیال کیا جائے کہ دین سے ہم کو کوئی غرض نہیں کیونکہ شریعت کے احکام اس قدر دشوار ہیں کہ اگر ہم ان پر عمل کریں تو دنیا کی زندگی مشکل ہے سو ظاہر ہے کہ اسلام کے ساتھ ان خیالات کی گنجائش کہاں ہے۔ کیونکہ اس سے تو باری تعالیٰ کی تکذیب کی نوبت پہنچتی ہے۔ یُرِیْدُ اللّٰہُ بِکُمُ الْیُسْرَ وَلَا یُرِیْدُ بِکُمُ الْعُسْرَ وَ لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا (اللہ تعالیٰ کو تمہارے ساتھ آسانی کرنا منظور ہے اور تمہارے ساتھ احکام میں دشواری منظور نہیں اور اللہ تعالیٰ کسی شخص کو اس کی وسعت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے) اور اگر یہ عذر کیا جائے کہ ہم تکذیب نہیں کرتے۔ مگر جب واقعات ہی روزمرہ اس امر کی شہادت دے رہے ہیں کہ احکام شرعیہ پر چلنا بہت مشکل ہے تو ہمارا کیا قصور ہے اس اشتباہ کا جواب یہ ہے کہ ایک مشقت تو ہوتی ہے ذات حکم میں مثلاً وہ حکم فی حد ذاتہ سخت اور دشوار ہو۔ یہ اصرار اور اغلال کہلاتے ہیں۔ امم سابقہ میں بعض ایسے احکام تھے مگر اس امت میں اس قسم کے احکام نہیں رکھے گئے۔ اور ایک مشقت یہ ہے کہ دراصل ذات حکم میں تو کوئی دشواری نہیں مگر ہم نے اپنے اغراض فاسدہ کی وجہ سے خود اپنی حالت ایسی بگاڑ لی اور قوم نے متفق ہو کر شریعت کے خلاف عادتیں اختیار کر لیں کہ وہ رسم عام ہو گئی اور ظاہر ہے کہ جب اس رسم عام کے خلاف کوئی حکم شرعی پر چلنا چاہے گا تو ضرور اس کو اس آسان اور بے ضرر حکم میں دشواری پیدا ہو گی۔ اس کی مثال ایسی ہے کہ جیسے کوئی طبیب کسی مریض کو دو پیسہ کا نسخہ لکھ دے مگر مریض چونکہ ایسے گاؤں میں رہتا ہے جہاں کے لوگوں کی نادانی کی وجہ سے یا اس وجہ سے کہ وہ لوگ اس قسم کی ضروری اور مفید چیزوں کی رغبت نہیں رکھتے وہ چیزیں وہاں نہیں مل سکتیں۔ اس دو پیسہ کے نسخہ کو وہاں نہیں پی سکتا۔ اب فی نفسہ گراں نہیں کمیاب نہیں مگر اس گاؤں والے نے خود اپنا دستور بگاڑ رکھا ہے اس واسطے وہاں نہیں مل سکتا۔ اس صورت میں ہر عاقل یہی کہے گا کہ علاج بالکل آسان ہے۔ مگر یہ قصور اس جگہ کے رہنے والوں کا ہے کہ ایسی معمولی چیزیں بھی نہیں مل سکتیں۔ ایسا ہی ہمارا حال ہے کہ مجموعۂ قوم نے مل کر ایسی حالت بگاڑ دی ہے کہ اب احکام شرعیہ کے بجا لانے میں دشواری پیدا ہو گئی ہے۔

مثلاً بہانہ کیا جاتا ہے کہ تنخواہ کم ہے بھلا اگر رشوت نہ لیں تو کام کیسے چلے اگر اپنے اخراجات اندازہ سے رکھے جائیں تو تنخواہ کیوں نہ کفالت کرے۔ یا مثلاً عام طور پر بیع آم کی بیع۔ پھل آنے سے پہلے کی جاتی ہے اور اگر ایک بچنا چاہے تو ضرور کسی قدر دقت پیش آتی ہے لیکن اگر سب اتفاق کرلیں کہ اس طرح سے کوئی خرید و فروخت نہ کرے تو دیکھیں پھر کیا دشواری پیش آتی ہے۔ دشواری حقیقی تو وہ ہے کہ اگر سب مل کر بھی اس کو دور کرنا چاہیں جب بھی دور نہ ہوسکے اور جو سب مل کر اس مذموم رسم اور طریق کو چھوڑنا چاہیں اور وہ چھوٹ جائے تو یہ دشوار نہیں آسان ہے۔ یہ عارضی دشواری تو صرف اپنا طرز معاشرت بگاڑ دینے اور طریق تعامل کو خراب کر دینے سے پیدا ہوگئی ہے سو یہ تنگی خود اپنے اوپر تنگی ڈال لینے سے ہوئی۔ تعجب ہے کہ خود اپنی تنگی کو نہ دیکھیں۔ شریعت پر تنگی کا الزام دیں۔ جیسا کہ اس شیر نے جس کا قصہ مثنوی میں ہے خرگوش کے بھاگنے سے اپنا عکس دیکھا اور اس کو دوسرا شیر سمجھکر اس پر حملہ کرنے کو کنوئیں میں کود پڑا۔ دراصل وہ خود اپنے اوپر حملہ کر رہا تھا۔ ایسے ہی ہم اپنے عیب کو آئینہ شریعت میں دیکھ رہے ہیں اور ناسمجھی سے اس کو شریعت کی تنگی بتلا رہے ہیں سو یہ درحقیقت شریعت پر حملہ نہ ہوا بلکہ خود اپنی ذات پر حملہ کر رہے ہیں ۵

حملہ برخود میکنی اے سادہ مرد ہمچو آں شیرے کہ برخود حملہ کرد

(بیوقوف تو اپنے اوپر ہی حملہ کرتا ہے جیسا کہ اس شیر نے اپنے اوپر حملہ کیا)

ہماری تنگی کا یہی قصہ ہے۔ بعض لوگ عذر کرتے ہیں کہ ہم ناجائز معاملات رشوت ستانی وغیرہ ضرورت کی وجہ سے کرتے ہیں۔ مگر حقیقت میں وہ لوگ جس کو ضرورت کہتے ہیں وہ ضرورت بھی نہیں۔ بلکہ محض حظوظ نفسانیہ ہیں جن کا نام ضرورت رکھدیا ہے مثلاً کسی کی نوکری کے پیسے میں اتنی گنجائش ہے کہ معمولی درمیانی قیمت کے کپڑے پہن سکتا ہے مگر بیش قیمت زرق برق کپڑے بنانے کی گنجائش نہیں اس صورت میں عقلمند آدمی کبھی بھی ایسے گراں قدر کپڑوں کی ضرورت تسلیم نہیں کرسکتا کہ جس ضرورت کے واسطے رشوت لینا پڑے اور اگر اس پر بھی کچھ تنگی ہو تو آخر صبر کی تعلیم اسی حالت کے لئے ہے۔

اور جو مرتبہ صبر سے گزر جائے تو ایسے لوگوں کی امداد کے واسطے شریعت نے خاص قواعد مقرر کئے ہیں اُن سے منتفع ہونا چاہئے۔

غرض مسلمان ہونے کی حیثیت سے کسی حالت میں بھی دنیا کو دین پر ترجیح دینا جائز نہیں۔ پس اس اعتبار سے مسلمان دنیا دار ہو ہی نہیں سکتا صرف کفار ہی اہلِ دنیا ہیں جو دین کے مقابلہ میں دنیا کو ترجیح دیتے ہیں اور اس شعر کا مطلب تقریر پر بالکل صاف ہوگیا ؎

اہل دنیا کافران مطلق اند　　　روز و شب در چق چق و در بق بق اند

(صرف کفار اہل دنیا ہیں رات دن زق زق بق بق میں گرفتار رہیں)

یعنی پہلے مصرع میں مبتدا مؤخر اور خبر مقدم ہے۔ یعنی جو محض کافران مطلق ہیں صرف وہی اہلِ دنیا باقی مسلمان کی تو شان ہی اور ہے۔ وَاللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (اللہ ساتھی ہے ان لوگوں کے جو ایمان لائے) اس میں عام مومنین کے لئے درجہ ولایت ثابت کیا گیا ہے گو وہ ولایت عامہ ہی ہو کیونکہ خاصہ میں اتنا اور زیادہ ہے اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَکَانُوْا یَتَّقُوْنَ اور اگر دنیا داری کے معنی عام لئے جائیں کہ طَلَبُ الْمَالِ وَلَوْ عَلٰی وَجْہِ الْحَلَالِ (مال کی طلب اگرچہ حلال ہی ذریعہ سے ہو) تو یہ منافی دین کی نہیں۔ تاکہ ایسا شخص طلب مخالف احکام دینیہ کا نہ ہو۔ کیونکہ خود حضرت انبیاء علیہ السلام سے کاروبار دنیوی اکل و شرب و نکاح و صنعت وغیرہ سبھی کچھ ثابت ہے غرض دنیوی کاروبار دین کے منافی نہیں۔ بشرطیکہ وہ شریعت کے دائرے میں ہوں۔ اللہ جل جلالہ کی رحمت تو یہاں تک وسیع ہے کہ باوجود ظلم اور گناہ کے بھی ولایت عامہ اور اصطفائے عام سے مؤمنین کو محروم نہیں کیا۔ فرماتے ہیں ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْکِتَابَ الَّذِیْنَ اصْطَفَیْنَا مِنْ عِبَادِنَا فَمِنْھُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِہٖ وَمِنْھُمْ مُّقْتَصِدٌ وَّمِنْھُمْ سَابِقٌ بِالْخَیْرَاتِ بِاِذْنِ اللّٰہِ (پھر یہ کتاب ان لوگوں کے ہاتھ پہنچائی جن کو ہم نے اپنے بندوں سے پسند کیا پھر بعضے تو ان میں سے اپنی جانوں پر ظلم کرنے والے ہیں اور بعض ان میں سے متوسط درجہ کے ہیں۔ اور بعضے ان میں خدا کی توفیق سے نیکیوں میں ترقی کئے چلے جاتے ہیں) ظاہر ہے کہ مِنْھُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِہٖ وَمِنْھُمْ

مُّقْتَصِدٌ وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ (اور بعضے ان میں سے اپنی جانوں پر ظلم کرنے والے ہیں اور متوسط درجہ کے ہیں اور بعض ان میں سے نیکیوں میں ترقی کرکے چلے جاتے ہیں وہ ہیں جن کو ہم نے پسند کرلیا ہے) کی قسمیں ہیں۔ اور مقسم کا صدق ہر قسم پر واجب ہے۔ پس اصطفا ظالم لنفسہ کو بھی شامل ہوا۔ بھلا جب گناہ کے ساتھ بھی ولایت عامہ اور اصطفا باقی رہتا ہے تو ضروری اشتغال دینا کیسے منافع دین ہوسکتا ہے۔ تعجب ہے کہ اپنے منہ سے اس ذلت و بے حمیتی کا اقرار کیا جاتا ہے گویا خدا تعالیٰ نے ان کو دین کے واسطے پیدا ہی نہیں کیا اور غضب تو یہ ہے کہ ان بھلے مانسوں نے اپنے لئے تو ایسے ناجائز لقب تراشے ہی تھے اہل دین کے لئے بھی ایسے القاب نازیبا کا بے محابا استعمال کرتے ہیں جیسے مسجد کے مینڈھے۔ اس پر بطور جملۂ معترضہ کے ایک ہنسی کی حکایت یاد آگئی ایک طالب علم کو کسی متکبر نے کہدیا مسجد کا مینڈھا اس نے کہا بلا سے پھر بھی دنیا کے کتوں سے تو اچھے ہی ہیں۔ اور اس جواب میں لطیفہ یہ ہے کہ اہل دین کے لئے جو وہ لقب تجویز کرتے ہیں وہ تو ایک دعویٰ ہے جو دلیل کا محتاج ہے۔ مگر دنیا کا کتا یہ اقراری لقب ہے اور اَلْمَرْءُ يُؤْخَذُ بِاِقْرَارِهٖ (آدمی اپنے اقرار سے پکڑا جاتا ہے) بالجملہ ایسے القاب اپنے لئے یا غیر کے لئے تراشنا ممنوع ہے۔ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى لَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ (ایک دوسرے کو بُرے القاب سے مت پکارو ایمان لانے کے بعد گناہ کا نام لگنا بُرا ہے)

حدیث شریف میں ہے لَيْسَ لَنَا مَثَلُ السَّوْءِ۔ عجب ہے کہ بعض لوگ ایسے واہیات القاب کو انکسار اور تواضع سمجھتے ہیں اس کی مثال میں ایک قصہ یاد آگیا کہ میرے سامنے ریل میں ایک دولت مند مسخرے نے اپنے کھانے کو گوہ موت کہہ کر ایک شخص کو مدعو کیا تھا اور ان ہی کے ایک جلیس نے ان کو کہا کہ ہاں کھانے کی ایسی بے ادبی کی تو انھوں نے تواضع کی توجیہہ کی سو ایسی تواضع حماقت ہے اور راز اس میں یہ ہے کہ کوئی چیز حتیٰ کہ اپنا نفس بھی ہمارا ملک حقیقی نہیں کہ جس طرح چاہیں اس میں تصرف کریں بلکہ یہ ہم سب سرکاری چپراسی ہیں۔ سرکاری حد سے زیادہ اس سے کام لینا یا سرکاری مصلحت کے خلاف اس کی بے قدری کرنا جائز نہیں۔ اہل اللہ اسی بنا پر کبھی اپنے نفس

کی بھی قدر کرنے لگتے ہیں اور عام لوگ کچھ اور سمجھ جاتے ہیں۔ سچ کہا ہے ؎

در نیابد حال پختہ ہیچ خام پس سخن کوتاہ باید والسلام

(ناقص کامل کی حالت کو نہیں سمجھ سکتا پس کلام کو کوتاہ کرنا چاہیئے اور سلام)

سو وہ حضرات اس حیثیت سے اپنے نفس کی قدر کرتے ہیں کہ وہ اُس نفس کو سرکاری چیز سمجھتے ہیں اور اسی طرح ہاتھ پاؤں دماغ۔ یہ سب سرکاری مشینیں ہیں جن کو ہمارے سپرد کیا گیا ہے۔ اگر ہم اپنی بے اعتدالی سے اُن کو بگاڑیں گے تو خود مورد عتاب مستوجب عذاب بنیں گے۔ آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا صاف ارشاد ہے کہ اِنَّ لِنَفْسِكَ عَلَيْكَ حَقًّا۔ وَاِنَّ لِزَوْجِكَ عَلَيْكَ حَقًّا۔ وَاِنَّ لِعَيْنِكَ عَلَيْكَ حَقًّا (تجھ پر اپنے نفس کا بھی حق اور اپنی بیوی کا بھی حق اور اپنی آنکھوں کا بھی حق ہے) اگر اپنے دل و دماغ آنکھ کی حفاظت اور خدمت اس نیت سے کریں گے کہ یہ ہمارے مولیٰ کی سپرد کی ہوئی چیزیں ہیں ان کی عزت و حرمت خدمت و حفاظت ہم پر بوجہ عبد و خادم ہونے کے ضروری ہے تو اس میں بھی ثواب ملے گا۔ یہی معنی ہیں اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ (اعمال کا ثواب نیتوں پر ہے) کے اور اس مرتبہ میں کہ ان اعضار کو محبوب سے تعلق ہے۔ کسی نے کہا ہے ؎

نازم بچشم خود کہ جمال تو دیدہ است افتم بپائے خود کہ بکویت رسیدہ است

ہر دم ہزار بوسہ زنم دست خویش را کو دامنت گرفتہ بسویم کشیدہ است

(مجھ کو اپنی آنکھوں پر ناز ہے کہ انہوں نے تیرے جمال کو دیکھا ہے اور اپنے پیروں پر رشک کرتا ہوں کہ وہ تیرے کوچہ میں پہنچے ہیں ہر گھڑی اپنے ہاتھوں کو ہزار بوسہ دیتا ہوں کہ انہوں نے تیرا دامن پکڑ کر میری طرف کھینچا ہے)

اور بعض کے کلام سے جو ان اشیاء کا اپنی طرف منسوب ہونا اور اس نسبت کے درجے میں ایسے اقوال صادر ہونا معلوم ہوتا ہے جیسے کہا گیا ہے ؎

بخدا اشکم آید ز دو چشم روشن خود کہ نظر دریغ باشد بچنیں لطیف روئے

(بخدا مجھ کو اپنی دونوں آنکھوں پر رشک آتا ہے کہ وہ محبوب کے چہرہ انور کو دیکھتی ہیں)

تو یہ غلبہ ہے حال کا ورنہ اہل مقام کی تحقیق وہی ہے۔ حضرت جنید بغدادی رح سے کسی نے کہا کہ

جب آپ کو دولت وصول میسر ہو چکی تو اب کیوں تسبیح رکھتے ہیں۔ آپ نے کیا لطیف جواب دیا کہ میاں جس کی بدولت ہم کو یہ دولت ملی کیا اب اس رفیق کو چھوڑ دیں۔ ہرگز نہیں۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص اللہ کے راستے میں جہاد کے لئے گھوڑا پالتا ہے اس گھوڑے کا بول و براز بھی ضائع نہیں جاتا بلکہ میزان اعمال میں اُس کے اندازے کے موافق اعمال رکھے جائیں گے اور ان پر ثواب ملے گا۔ یہ سب برکت نسبت الی اللہ کی ہے۔ اور ایسی نفیس اشیاء کے حسنات میں شمار ہونے کی ایسی مثال ہے جیسے کوئی شخص مصری خریدے تو جو تنکا مصری میں ہوگا وہ بھی مصری کے بھاؤ ملے گا اور دعا کے اول و آخر درود شریف پڑھنے کی بھی یہی حکمت ہے کہ درود شریف کو تو اللہ تعالیٰ ضرور ہی قبول کریں گے۔ اور یہ ان کے کرم سے بعید ہے کہ اول و آخر کو تو قبول کرلیں اور بیچ والی لپٹی ہوئی چیز کو رد کر دیں۔ اور درود شریف ضرور قبول ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالےٰ کے خاص مقبول و محبوب ہیں آپ پر بے کسی کی درخواست کے بھی رحمت فرماتے ہیں سو جب کسی نے آپ پر رحمت کرنے کی درخواست کی تو یہ گویا اُس شخص کی خیر خواہی ظاہر ہوئی جس سے یہ بھی مقبول ہوگیا۔ اس کی ایسی مثال ہے کہ جیسے کوئی شخص ہر عید پر اپنے لڑکے کو کچھ انعام دیا کرتا ہے تو وہ تو دے ہی گا۔ اگر کسی شخص نے اس کو انعام دینے کی نسبت کہہ بھی دیا تو وہ شخص اُس کہنے کی وجہ سے اس کہنے والے پر بھی مہربان ہو جائے گا۔ اور یہ سمجھے گا کہ اس کو ہمارے لڑکے سے محبت ہے اس لئے درود شریف ضرور قبول ہوتا ہے۔ اور طفیل میں یہ شخص بھی جب درود شریف قبول ہوگا تو دعا اس کے ساتھ وہ بھی ضرور قبول ہوگی۔ اس کی ایسی ہی مثال ہے جیسے کھانڈ کے چنے کے اندر چنا ہوتا ہے اور اوپر کھانڈ لپٹی ہوئی ہوتی ہے۔ اُس مٹھائی کے سبب وہ چنے بھی مٹھائی کے حساب میں بکتے ہیں۔ کیونکہ اُن پر کھانڈ لپٹی ہوئی ہوتی ہے۔ اس واسطے وہ اسی کے حکم میں ہوگئی۔ اسی طرح وہ دعا بھی گویا درود شریف کے حکم میں ہوگئی۔ یا جیسے پتے مٹھائی کے ساتھ جاتے ہیں اور پھر اُن کو کوئی واپس نہیں کرتا اور یہی راز اور حکمت ہے نماز میں جماعت کی کیونکہ ؏ بد اں را بہ نیکاں ببخشد کریم (اللہ تعالیٰ بڑے کو

نیکوں کے ساتھ بخشد یں گے) جماعت میں نیک بھی ہوتے ہیں ان کی نماز غالباً قبول ہوگی۔ اور بروں کی نماز بھی چونکہ نیکوں کے ساتھ ہیں اس واسطے وہ بھی قبول ہوجائے گی۔ اس کی ایک فقہی نظیر ہے وہ یہ کہ اگر متعدد اشیا ایک سودے سے خریدی جائیں تو یا سب واپس کی جاتی ہیں۔ یا سب رکھی جاتی ہیں اور جو ہر ایک کا الگ الگ سودا ہوتا ہے تو معیب کو واپس کر سکتے ہیں۔ پس اللہ تعالےٰ بھی بندوں سے یہی معاملہ کرتے ہیں۔ اس لئے جماعت مشروع فرمائی۔ کیونکہ یہ تو مستبعد ہے کہ سب کی نمازیں واپس فرمائیں تو سب ہی کو قبول فرمالیں گے۔ البتہ اس میں ایک یہ شبہہ رہ گیا کہ جماعت تو صرف فرضوں کے ساتھ مخصوص ہے وہ تو اس جماعت کے ذریعہ قبول ہوگئی مگر سنت باقی رہ گئی۔ اس کا جواب یہ ہے کہ تابع ہمیشہ اپنے متبوع کے حکم میں ہوا کرتا ہے سنتیں تابع ہیں فرضوں کی وہ بھی فرضوں کے ساتھ قبول ہوجائیں گی جیسے کہ کوئی شخص گائے بھینس خریدے تو اس کے رسے وغیرہ بھی گو وہ کیسے ہی بوسیدہ ہوں لے لیتا ہے۔ غرض انضمام واقتران کے یہ فوائد ہیں۔ اسی طرح اگر کوئی شخص اعمال دنیویہ بھی نیت خیر رکھے گا تو اس کو ضرور ثواب ملے گا۔ ایک بزرگ کی حکایت ہے کہ کسی اپنے مرید کے گھر گئے۔ وہاں اُن کے گھر روشندان دیکھا۔ پوچھا یہ کیوں رکھا ہے اس نے جواب دیا روشنی کے واسطے انہوں نے فرمایا کہ روشنی تو بدون نیّت روشنی کے بھی آتی اگر اس کے رکھنے میں یہ نیّت کر لیتا کہ اس میں سے اذان کی آواز آیا کرے گی تو تجھے اس کا ثواب بھی ملتا اور روشنی تو خود ہی آجاتی۔ مطلب یہ ہے کہ نیّت صالحہ رکھنے سے سب اعمال دنیوی بھی قابل ثواب بن جاتے ہیں۔ پس ایسی دنیا منافی دین نہیں۔ پس ایسا دنیا دار بھی دیندار ہی ہے اور پہلے معنی کہ دنیا دار کوئی مسلمان نہیں تو سب مسلمان دیندار ہی ہوئے اور دو قسمیں بنکر کوئی فرق نہیں ہوا یہ دیندار دنیا دار کا فرق بوجہ جہل بالاحکام کے ہم نے تراش لیا ہے اور جب فرق نہ ہوا تو کیا وجہ ہے کہ دستور العمل الگ الگ رکھا جائے۔ یہ بات جدا رہی کہ حالت عذر ضرورت میں کسی کے لئے کچھ تخفیف کردی جائے سو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ دستور العمل ہر ایک کے واسطے الگ الگ تجویز کیا جائے دستور العمل تو ایک ہی

رہیگا مواقع ضرورت اس سے مستثنیٰ سمجھے جائیں گے بس یہ تو طے ہوچکا کہ دستور العمل سب کا ایک ہے مگر عوام کا ایک شبہ اور وسوسہ اور رہ گیا کہ شاید اس دستور العمل کا نفع مشروط ہو فہم کے ساتھ اور وہ مخصوص ہے خواص کے ساتھ تو ہم کو اُس پر چلنے سے کچھ نفع نہ ہوگا سو یہ خیال اور عذر بھی درست نہیں کیونکہ نفع ان اعمال کا علی حسب استعداد سب کو ہوتا ہے جیسے متنجن کھانے سے اُس شخص کو لذت ہوگی جو اس کی حقیقت اور اجزاء سے واقف اور ماہر ہے ایسے ہی وہ شخص بھی متلذذ ہوگا جو متنجن کی حقیقت سے بالکل واقف نہ ہو اور اسی طرح اس کا نفع قوت وغیرہ بھی جس طرح اس پہلے شخص کو ہوا ہے اسی طرح اسکو بھی حاصل ہوگا ایسا ہی خیال کرنا چاہیئے کہ اعمال حسنہ کے نفس منافع اور برکات سب کے لئے عام ہیں ۔ ع ادیم زمین سفرۂ عام اوست (روئے زمین اس کا عام دستر خوان ہے) البتہ خواص کے لئے بوجہ زیادہ فہم کے ایک خاص زائد لذت ہوگی اور آخرت میں بھی اس کا ثواب اصل عمل کے ثواب پر زائد ملے گا مگر اصل مقصود میں عوام و خواص سب شریک ہیں اب وہ دستور العمل بیان کیا جاتا ہے اتفاق سے وہ ضروری ہدایات جو اس مبحث کے مناسب ہیں ان آیات میں پورے طور پر جمع ہیں۔ ارشاد ہوتا ہے یا ایھا المزمل قم الیل الا قلیلا نصفہ او نقص منہ قلیلا او زد علیہ الآیۃ ہر چند کہ یہ خطاب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے مگر حکم اس کا امت کو بھی شامل ہے اور مزمل معنی ہیں چادر اوڑھنے والا چونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کفار کی تکذیب سے بہت تکلیف ہوئی تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو چاہتے تھے کہ یہ کمبخت ایمان لے آئیں تاکہ نار جہنم سے چھوٹ جائیں اور وہ لوگ ایمان تو کیا لاتے اُلٹی تکذیب پر کمر باندھ رکھی تھی اور آیات الٰہی سے تمسخر اور مقابلہ کیا کرتے اس وجہ سے آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم بوجہ شدت غم و رنج و حزن و ملال کے چادر اوڑھ کر بیٹھ گئے تھے اس لئے خاص اس حالت کے اعتبار سے یا ایھا المزمل ندا و خطاب میں فرمایا گیا۔ تاکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو ایک گونہ تسلی ہو اس کی ایسی مثال ہے کہ جیسے کوئی شخص ہجوم اعدا اور اُن کے طعن و تشنیع سے پریشان ہو رہا ہو اس وقت اس کا محبوب خاص اُسی حالت کے عنوان سے اس کو پکارے جس کے ساتھ اس کا تلبس ہے تو دیکھئے اس شخص کو کتنی

تسلی ہوگی اور اس لفظ کی لذت اس کو کتنی معلوم ہوگی جس کی ایک وجہ یہ خیال بھی ہوتا ہے کہ محبوب کو میرے حال پر نظر ہے ایسا ہی یہاں بھی یَا اَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ کے عنوان سے جو کہ مناسب وقت سے ہے ندا دے کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تسکین دی گئی ہے اور بعد اس کے بعض اعمال کا حکم دیا جاتا ہے اور ان بعض عارضی احوال پر صبر کرنے کا ارشاد فرماتے ہیں، چنانچہ ایک دوسرے مقام پر بھی اسی طرح ارشاد فرمایا ہے کہ فَاصْبِرْ عَلٰی مَا یَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ اس کی ایسی مثال ہے کہ جیسے او پر کہ مثال میں اس شخص کا محبوب اُس کو یہ کہے کہ میاں تم ہم سے باتیں کرو۔ ہم کو دیکھو دشمنوں کو بکنے دو جو بکتے ہیں۔ آؤ تم ہم سے باتیں کرو۔ یہ کام کرو وہ کام کرو۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو تو تسلیہ بذریعہ وحی کے ہوا۔ مگر امت میں اہل اللہ کو اس قسم کے خطابات وغیرہ بذریعہ الہام اور واردات کے ہوتے ہیں اور اس مقام پر لفظ مُزَّمِّلُ کی تفسیر سے ایک مسئلہ نکلتا ہے وہ یہ کہ سابقاً معلوم ہو چکا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چادر اوڑھنے کی وجہ شدت ملال وحزن تھی اس سے ثابت ہوا کہ کامل باوجود کمال کے لوازم بشریت سے نہیں نکلتا۔ جیسا یہاں پر بوجہ تکذیب مخالفین کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مغموم ہونا معلوم ہوتا ہے ہاں اتنا فرق ہے کہ ہم لوگوں کا غم ایسے مواقع پر بوجہ تنگ دلی وضعف تحمل کے ہوتا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا غم بوجہ غایت شفقت ورحم کے تھا آپ اس پر مغموم تھے کہ اگر یہ لوگ ایمان نہ لائیں گے تو جہنم میں جائیں گے اس وجہ سے اُن پر رحم آتا تھا اور غم پیدا ہوتا تھا۔ چنانچہ ارشاد ہے لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ الخ (شاید ان کے ایمان نہ لانے پر اپنی جان دیدیں گے) ؎

کار پاکاں را قیاس از خود مگیر گرچہ ماند در نوشتن شیر و شیر
(نیک لوگوں کو اپنے اوپر قیاس مت کرو اگر شیر اور شیر لکھنے میں ایک ہی کی طرح ہیں مگر معنوں میں زمین اور آسمان کا فرق ہے)

مگر یہ تو ثابت ہو کہ کامل باوجود کمال عرفان کے لوازم طبعی سے نہیں نکلتا اور یہی ہونا بھی چاہئے کیونکہ اگر کسی کو اذیت ومصیبت میں تکلیف جو لازمۂ طبعی ہے محسوس

نہ ہو تو صبر کیسے متحقق ہوگا کیونکہ صبر تو نام ہے ناگوار چیز پر ضبط نفس کرنے کا اور جب کسی کو کوئی چیز ناگوار ہی نہ معلوم ہو تو ضبط کیا کرے گا البتہ غلبۂ حال میں محسوس نہ ہونا اور بات ہے لیکن غلبۂ حال خود کوئی کمال کی چیز نہیں۔ ایک بزرگ کی حکایت ہے کہ بیٹے کے مرنے کی خبر سُنی تو قہقہہ لگا کر ہنسے اور ادھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے بیٹے ابراہیمؓ پر آنسو بہانا ثابت ہے اور یہ فرمانا کہ اَنَا بِفِرَاقِكَ يَا اِبْرَاهِيْمُ لَمَحْزُوْنُوْنَ (میں تمہاری جدائی میں اے ابراہیم غمگین ہوں) اب اگر کسی ظاہر بین شخص کے سامنے یہ دونوں قصّے بیان کر دیئے جائیں اور یہ ظاہر نہ کیا جائے کہ یہ قصّہ کس کا ہے اور وہ کس کا۔ تو ظاہر بات ہے کہ یہ شخص پہلے بزرگ کو جنہوں نے قہقہہ لگا یا زیادہ کمال سمجھے گا۔ حالانکہ یہ مسئلہ مسلّم و بدیہی ہے کہ ولی کسی حال میں نبی سے نہیں بڑھ سکتا اور یہ بھی مسلّم ہے کہ اولیا کے کمالات انبیا کے کمالات سے مستفاد ہیں سو دراصل ان دونوں قصّوں کی حقیقت یہ ہے کہ اس ولی کی نظر صرف حقوق حق پر تھی حقوق عباد۔ اولاد کی اہمیت اس کے قلب سے مستور تھی اس واسطے حقوق عباد کا اثر ظاہر نہیں ہوا جو ترحم کی وجہ سے غم پیدا ہوتا۔ اور آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر دونوں حقوق پر تھی۔ حقوق حق پر بھی اور حقوق عباد پر بھی اللہ تعالیٰ کے حقوق کی رعایت سے صبر کیا اور جزع فزع نہیں کیا۔ اور حقوق عباد یعنی ترحّم علی الاولاد کی وجہ سے آنسو جاری ہوئے سخت دلی نہیں کی۔ اِنَّمَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَآءَ اس کی ایک مثال ہے مثلاً آئینہ کے دیکھنے والے تین قسم کے ہوتے ہیں ایک تو وہ جو ضرورت سے خریداری وغیرہ کے صرف آئینے کو دیکھتے ہیں اس کی موٹائی چوڑائی شفافیت پر ان کی نظر ہوتی ہے۔ یہ مثال ہے محجوبین غافلین اہل صورت کی اور ایک وہ کہ صرف اُس چیز کو دیکھتے ہیں جو کہ آئینہ میں منعکس ہوتی ہے اور آئینہ کو نہیں دیکھتے یہ مثال ہے غیر کاملین مغلوب الحال لوگوں کی یہ غلبۂ حال سے مظہر کو نہیں دیکھتے صرف ظاہر کو دیکھتے ہیں اور ایک وہ جو آئینہ اور صورت منعکسہ دونوں کو دیکھتے ہیں اور دونوں کے حقوق کی رعایت کرتے ہیں اس کو جمع الجمع کہتے ہیں۔ یہ شان ہے انبیا علیہ السلام اور عارفین کاملین کی کہ حقوق حق کی رعایت کے ساتھ حقوق عباد کی رعایت بھی اُن کے

نصب العین رہتی ہے یہ لوگ جامع ہیں ؎

بر کفے جام شریعت در کفے سندانِ عشق　　ہر ہوسناکے نداند جام سندان باختن

(ادھر شریعت کا خیال ادھر عشق کا خیال شریعت اور عشق کے مقتضیٰ پر عمل کرنا ہر ہوسناک کا کام نہیں ہے)

ایسی باریکیوں کے سمجھنے کے واسطے بڑی فہم کی ضرورت ہے ورنہ ظاہر بین تو ناگوار نہ گذرنا زیادہ کمال معلوم ہوتا ہے۔ بہ نسبت ناگوار گذرنے کے۔ اسی طرح دوسری کیفیات وجدانیہ کے تفاضل میں اسی قسم کی غلطی واقع ہوتی ہے کہ بعض باتیں کمال سمجھی جاتی ہیں حالانکہ ان میں کوئی نقص خفی ہوتا ہے جیسے مبالغہ فی التواضع کہ بعض دفعہ مقتضی ہوجاتا ہے ناشکری کی طرف کیونکہ اس میں ایہام ہوتا ہے انکار نعمت کا ایسا ہی بعض آدمی کہہ دیتے ہیں کہ ہم نے ذکر شغل کیا مگر کچھ نہیں ہوا اور سمجھتے ہیں کہ یہ کہنا انکسار ہے حالانکہ علاوہ ناشکری نعمت ذکر کے اس میں ایک نقصان یہ بھی ہے کہ معلوم ہوتا ہے انہوں نے اپنے ذکر و شغل کو اس قابل سمجھا کہ اس کو قبول کیا جائے اور اس کے صلہ میں ان کو بڑا رتبہ دیا جائے اور یہ کبر ہے۔ یہ نفس کے بڑے بڑے مکر ہیں ان لوگوں کو یہ خبر نہیں کہ ذکر خود ایک مستقل نعمت ہے۔ ہمارے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ سے اگر کوئی خادم اس قسم کی شکایت کرتا تو آپ فرماتے کہ خود ذکر کی توفیق ہونا کیا تھوڑی نعمت ہے جو دوسرے ثمرات کی تمنا کرتے ہو۔ اور اکثر ایسے موقع پر یہ شعر پڑھا کرتے تھے ؎

یابم اورا یا نیابم جستجوئے میکنم　　حاصل آید یا نیاید آرزوئے میکنم

(اس کو پاؤں یا نہ پاؤں جستجو کرتا ہوں ملے یا نہ ملے آرزو کرتا ہوں۔)

ع۔ بلا بودے اگر ایں ہم نبودے۔ الخ (مصیبت ہوتی اگر یہ نہ ہوتا)

کسی خادم نے حضرت سے بیان کیا تھا کہ میں نے اب کے چلہ کھینچا اور روزانہ سوالاکھ اسم ذات پڑھا مگر کچھ فائدہ نہ ہوا شاید حضرت مجھ سے ناراض ہیں کہ ثمرہ نہیں ملا۔ فرمایا اگر میں ناراض ہوتا تو تمہیں سوالاکھ پڑھنے کی توفیق ہی کہاں ہوتی۔ اور یہ ثمرات کے طالب ایک اور بہت بڑی غلطی میں ہیں کیونکہ وہ سمجھ بیٹھے ہیں کہ یہ ثمرات اصل مقصود

ہیں اور اعمال مقصود بالغرض اور یہ سخت غلطیاں ہیں۔ اعمال خود مقصود بالذات نہیں۔ اور اصل ثمرہ اُن کا حصول رضا دخول جنت دیدار خداوندی ہے۔ افسوس ہے کہ طالب ثمرات عشق میں مجنوں سے بھی کم ہیں وہ تو لیلیٰ کے نام کی مشق کو بڑا مقصود سمجھ رہا ہے مگر یہ لوگ دوسری چیزوں کی تلاش میں ہیں کیا مولیٰ کا عشق لیلےٰ کے عشق سے بھی کم ہے ؎

دید مجنوں را یکے صحرا نورد — در بیابانِ غمش شستہ فرد

ریگ کاغذ بود۔ انگشتاں قلم — مینمودے بہر کس نامہ رقم

گفت اے مجنوں شیدا چیست ایں — می نویسی نامہ بہر کیست ایں

گفت مشق نام لیلےٰ میکنم — خاطر خود را تسلی میدہم

(کسی نے مجنوں کو جنگل میں تنہا دیکھا کہ غمگین بیٹھا ہوا ہے اور ریت پر انگلیوں سے کسی کو خط لکھ رہا ہے۔ اس نے دریافت کیا اے مجنوں کسے خط لکھ رہے ہو کہنے لگا کہ لیلیٰ کے نام کی مشق کر کے اپنے دِل کو تسلی دے رہا ہوں)

؎ ہیئم بس کہ داند ماہ رویم — کہ من نیز از خریداران اویم

(یہی کافی ہے کہ میرا محبوب جان لے کہ میں بھی اس کے خریداروں میں ہوں۔)

کبھی ثمرات کا قصد مت کرو یہ تو ایک قسم کی مزدوری ہوئی جو کہ عشق و محبت کے سراسر خلاف ہے ؎

تو بندگی چو گدایاں بشرط مزد مکن — کہ خواجہ خود روشِ بندہ پروری داند

(تو بندگی فقیروں کی طرح مزدوری کی شرط سے مت کر کہ آقائے حقیقی بندہ پروری کا طریقہ خود جانتے ہیں)

ایک عارف کو غیب سے آواز آئی کہ تمہاری عبادت قبول نہیں۔ اُنہوں نے اس پر بھی عبادت کو نہ چھوڑا بلکہ بدستور اسی طور پھر عبادت کرتے رہے۔ کسی نے اُن سے کہا کہ جب تمہاری عبادت قبول نہیں ہوتی تو پھر اُس کے کرنے کی کیا ضرورت ہے۔

لـه یعنی بہ نسبت ان ثمرات خاصہ مطلوبہ کے ۔ ۱۲ منہ

اُنھوں نے کیا اچھا جواب دیا بھائی کہ اگر اور کوئی دروازہ ہوتا تو اس کو چھوڑ کر اُس طرف چلے جاتے جب دوسرا دروازہ ہی نہیں پھر اور کہاں جائیں اور کیا چارہ کریں ؎

توانی ازاں دل بپرداختن　　　که دانی که بے او تواں ساختن

(اس شخص سے دل خالی کر سکتے ہو جس کے متعلق معلوم ہو کہ بغیر اسکے گذر کر سکتے ہو)

بس معاً غیب سے آواز آئی کہ جب ہمارے سوا تمہارا اور کوئی نہیں تو خیر جیسی کچھ ہے وہی قبول ہے ؎

قبول است اگرچہ ہنر نیستت　　　کہ جز ما پناہے دگر نیستت

(قبول ہے اگرچہ تمہارا کوئی اس میں کمال نہیں بجز اس بات کے کہ تو نے کہدیا کہ ہمارے سوا تیری کوئی جگہ پناہ کی نہیں ہے)

عبادت میں بجز رضائے خدا کے اور ثمرات کا طلب کرنا یہی اخلاص کے بالکل خلاف ہے وَمَا اُمِرُوْٓا اِلَّا لِیَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ ۔

از خدا غیر خدا را خواستن　　　ظن افزونیست کلی کاستن

(خدا کا نام دوسری چیز کے مانگنے کی نیت سے لینا تنزلی ہے اللہ کا نام تو اس واسطے ہے کہ اللہ تعالیٰ راضی ہوں)

بدرد و صاف ترا حکم نیست دم درکش　　　کہ اپنچہ ساقی ما ریخت عین الطاف ست

(درد و صاف یعنی قبض و بسط تجویز کرنے کا تم کو کچھ حق نہیں جو کچھ ساقی نے عطا کر دیا اس کی عین عنایت ہے)

اور اوپر جو بیان ہوا ہے کہ کامل لوازم بشریہ سے نہیں نکلتا اس سے ایک بات یہ بھی ثابت ہوئی کہ طبیعت کا میلان انسانی خواہشوں کی طرف یہ ایک امر طبعی ہے سو طبیعت کا میلان اگر کسی معصیت کی طرف ہو یہ منافی کمال نہیں۔ بعض لوگ یہ غلطی کرتے ہیں کہ میلان کو بھی مقبولیت و تقوے کے خلاف سمجھتے ہیں اور پھر جی میں کڑھتے ہیں اور قلب کی ساری توجہ اسی فکر و غم میں مصروف کر دیتے ہیں مثلاً

پہلے کبھی کسی کے ساتھ تعشق تھا پھر اللہ تعالےٰ نے توفیق توبہ کی عطا فرمائی اور وہ تعلق نہ رہا اب اگر حصول کمال کے بعد کبھی طبیعت کی رغبت اس طرف معلوم ہونے لگی تو پریشان ہوتے ہیں اور خیال کرتے ہیں کہ میلان بھی تقوےٰ کے خلاف ہے خوب سمجھ لینا چاہئے کہ خود معصیت تو خلاف تقویٰ ہے میلان معصیت اس کے خلاف نہیں ۔ میلانِ معصیت بعض اوقات بعد کمال کے بھی زائل نہیں ہوتا اس کے زوال کی فکر فضول ہے ۔ ہاں البتہ کاملین اور دوسرے میں یہ فرق ہے کہ کاملین کا میلان غیر ثابت اور مغلوب ہوتا ہے تھوڑے سے تذکرہ سے زائل ہوجاتا ہے جناب باری ارشاد فرماتے ہیں اِذَا مَسَّھُمْ طَآئِفٌ مِّنَ الشَّیْطَانِ تَذَکَّرُوْا فَاِذَا ھُمْ مُّبْصِرُوْنَ (جب ان کو کوئی خطرہ شیطان کی طرف سے آجاتا تو وہ یاد میں لگ جاتے سو یکایک ان کی آنکھیں کھل جاتی ہیں) اور اس سے پہلے وَاِمَّا یَنْزَغَنَّکَ مِنَ الشَّیْطَانِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰہِ (اور اگر آپ کو کوئی وسوسہ شیطان کی طرف سے آنے لگے تو اللہ کی پناہ مانگ لیا کیجئے) اور متوسطین اہل سلوک کا میلان ذرا شدید ہوتا ہے دل کو بہت تنگی پیش آتی ہے اور مجاہدہ سے مغلوب ہوتا ہے اور محجوبین کا میلان ادھر غالب ہوجاتا ہے اور حقیقت میں کہ اگر میلان نہ رہے تو معاصی سے بچنا کوئی کمال ہی نہیں اور میلان میں مجاہدہ کرنا پڑتا ہے اور مجاہدہ سے ترقی ہوتی ہے یہی وجہ ہے کہ ملائکہ کو ان مدارج میں ترقی نہیں ہے کیونکہ ان میں مجاہدہ متصور نہیں اور بشر میں مجاہدہ بوجہ میلان اور رغبت معاصی کے متصور ہے اس لئے ان کے مدارج میں بسبیل لاتقف عند حد (کسی حد پر نہیں ٹھیرتا) ترقی ہوتی رہتی ہے حکیم ترمذی ایک بزرگ گذرے ہیں جوانی میں ایک عورت اُن پر عاشق ہوگئی تھی اور ہر وقت ان کی تلاش وجستجو میں رہتی آخر کار ایک دن موقع پر ایک باغ میں ان کو دیکھا اور وہ باغ چاروں طرف سے چار دیواری کی وجہ سے بند تھا وہاں پہنچ کر اُن سے اپنے مطلب کی درخواست کی ۔ یہ گھبرائے اور گناہ سے بچنے کی غرض سے بھاگ کر دیوار سے کود پڑے ۔ اس قصہ کے بعد ایک روز بڑھاپے

کے زمانہ میں وسوسے کے طور پر یہ خیال آیا کہ اگر میں اس عورت کی دل شکنی نہ کرتا اور اس کا مطلب پورا کر دیتا اور پیچھے توبہ کر لیتا تو یہ گناہ بھی معاف ہوجاتا اور اس کی دل شکنی بھی نہ ہوتی اس وسوسہ کا آنا تھا کہ بہت پریشان ہوئے۔ اور روئے ؎

بر دل سالک ہزاراں غم بود گر خلالے از بہارش کم شود

(سالک کے دل پر ہزاروں غم طاری ہوتے ہیں اگر ذرہ بھر بھی اس کی باطنی حالت میں کمی ہوتی ہے)

اور اس پر قلق ہوا کہ جوانی میں تو اس گناہ سے اس کوشش سے بچا اور آج اس بڑھاپے میں یہ حال ہے اور یہ سمجھے کہ جو کچھ میں نے اعمال اشغال کئے ہیں وہ سب غارت اور اکارت گئے اس پر حکیم موصوف نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ فرماتے ہیں کہ اے حکیم کیوں غم کرتے ہو تمہارا درجہ وہی ہے اور جو کچھ تم نے کیا وہ ضائع نہیں ہوا اور اس وسوسہ کی یہ وجہ تھی کہ یہ زمانہ وسوسہ کا میرے زمانہ سے دور ہو گیا تھا اور اس گناہ سے بچنے کی یہ وجہ ہے کہ وہ زمانہ میرے زمانہ سے قریب تھا اور قرب عہد نبوی صلے اللہ علیہ وسلم میں برکت ہے۔ ایک بزرگ اسی وجہ سے باسی روٹی کو پسند فرمایا کرتے تھے کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے قریب ہے اور تازی میں کسی قدر بعد آگیا ہے سبحان اللہ جب قرب عہد نبوت میں یہ برکت ہے تو ارشادات نبوت پر عمل کرتے میں کیسی برکت ہوگی۔ ایک مولوی صاحب کہ طبیب بھی تھے مجھ سے اپنا قصہ بیان فرماتے تھے کہ میں بیمار ہوا بخار تھا۔ ہر چند علاج کیا مگر کچھ فائدہ نہ ہوا آخر کار میں نے اس حدیث کے مطابق جس میں بخار کا علاج غسل سے آیا ہے نہر میں غسل کیا ان کا بیان ہے کہ اس کے بعد مجھے اور بیماریاں تو ہوئیں مگر بخار کبھی نہیں ہوا۔ ہر چند کہ بعض شراح اس علاج غسل کو غیر مادی بخار کے ساتھ مخصوص فرماتے ہیں مگر اہل عقیدت کے لئے سب اقسام کو عام ہے۔ علاوہ ازیں یہ مسئلہ طبیہ ہے کہ دوا معین ہے فائل نہیں۔ سو

اہل عقیدت کی طبیعت میں اِس عمل سے قوت ہو گی اور وہ اپنی قوت سے فعل کرے گی حکیم ترمذی کے اِس قصہ سے معلوم ہو گیا ہوگا کہ باوجود میلان کے اُن کو میلانِ معصیت کا ہوا اور ان کے کمال کی تصدیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رویائے صادقہ میں فرمائی اور اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ بعض لوگ جو شیوخ سے یہ درخواست کرتے ہیں کہ کوئی ایسی چیز بتلا دیجئے کہ کبھی ہم میں بُرے کام کی رغبت ہی نہ پیدا ہو یہ بالکل غلطی ہے اور منشا اُس کا ناواقفی ہے۔ انسان جب تک زندہ ہے لوازم بشریہ سے چھوٹ نہیں سکتا۔ کبھی نہ کبھی کچھ نہ کچھ وسوسہ یا خیال آ ہی جاتا ہے۔ چنانچہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ اگر کسی عورت کے دیکھنے وغیرہ سے اس کی طرف میلان یا وسوسہ معلوم ہو تو اپنے گھر میں بیوی سے رفع حاجت کرے کیونکہ اِنَّ الَّذِیْ مَعَهَا مِثْلُ الَّذِیْ مَعَهَا جو چیز اس عورت کے پاس ہے وہ اس کی بیوی کے بھی پاس ہے) اس علاج سے وہ طبیعت کا میلان دور ہو جائے گا۔ اطبار نے بھی تعشق کا علاج تزوج لکھا ہے۔ اگر خاص معشوقہ سے ہو تو بہت ہی بہتر ہے۔ ورنہ غیر جگہ بھی نکاح کرنے سے دوسرے کے تعشق میں کمی آجاتی ہے۔ باقی تھوڑا بہت میلان تو تمام عمر رہتا ہے۔ اگر اس کے مقتضی پر عمل نہ ہو تو اس کی فکر نہ کرنا چاہیئے۔ کیونکہ اس کی طرف توجہ کرنے سے اور اس فکر میں پڑنے سے وہ اور بڑھے گا اور تنگی پیش آئے گی اور سالک اس جھگڑے میں پڑ کر مطالعہ محبوب سے غافل ہو جائے گا۔ اور انسان صرف مطالعۂ محبوب ہی کے لئے پیدا ہوا ہے اس کو دوسری جانب اتنی توجہ ہی نہ کرنی چاہیئے اگر ان باتوں کی طرف طبیعت کو نہ لگایا جائے گا یہ آپ سے آپ دور ہو جائیں گی بالخصوص وسوسہ کا تو علاج یہی ہے کہ اُس کی طرف خیال ہی نہ کرے اور اپنی توجہ ذکر کی طرف رکھے اس سے وہ وسوسہ خود بخود جاتا رہتا ہے اور یہ بھی سمجھ لینا چاہیئے کہ وسوسہ کا آنا کوئی نقصان کی بات نہیں ہے اس کی وجہ سے جو تنگی پیدا ہوتی ہے وہ موجب تصفیۂ قلب ہو جاتی ہے اور اس کے دور کرنے میں جو مجاہدہ ہوتا ہے اس سے رفع

درجات ہوتا ہے اور جو بیان کیا گیا کہ ایسی چھوٹی چھوٹی باتوں پر اپنے اوپر بدگمانی نہ کرے اور ان باتوں کی طرف زیادہ التفات نہ کرے اور نہ زیادہ موشگافی اور باریک بینی سے کرید کرید کر عیوب کو نہ دیکھے۔ یہ خواص اہل طریق کے واسطے ہے کیونکہ وہ اس طرف لگ کر مطالعۂ محبوب سے غافل ہو جائیں گے باقی عوام کو بے فکر نہ ہونا چاہیئے۔ کیونکہ اگر وہ اپنے عیوب کی نگہداشت اس مستعدی سے نہ کریں گے تو اور بڑے بڑے گناہوں میں گرفتار ہو جائیں گے۔ اب ندائے یاَاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ (اے کپڑوں میں لپٹنے والے) کے بعد احکام کا بیان شروع ہوتا ہے حاصل احکام کا یہ ہے کہ تعلق دو طرح کے ہیں ایک خالق کے ساتھ دوسرا مخلوق کے ساتھ جو تعلق ہے وہ دو قسم کا ہے موافق کے ساتھ اور مخالف کے ساتھ۔ ان ہی تعلقات کے کچھ اعمال و آداب میں چند امر بیان ہوتے ہیں۔ اول تعلق خالق کے ساتھ ہے۔ اس کے متعلق ارشاد ہوتا ہے قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا (رات کو نماز میں کھڑے رہا کرو مگر تھوڑی رات) اس میں ایک تو قیام وطاعت ادب تعلیم کیا ہے اور اُس کے ساتھ اقتصاد (میانہ روی) کا اشارہ فرمایا ہے۔ ادب یہ کہ قیام لیل کے لئے وہ وقت مقرر فرمایا گیا جو کہ نہ بھوک کی تکلیف کا وقت ہے اور نہ معدہ کی پری کا وقت ہے کہ طبیعت میں گرانی اور بوجھ ہو اور قیام میں کدورت ہو بلکہ ایسا وقت دونوں تکلیفوں سے خالی ہے اور طبیعت میں نشاط اور سُرور ہوتا ہے اور اس میں تشبہ بالملائکہ بھی ہوتا ہے کیونکہ ان کی یہی شان ہوتی ہے کہ نہ بھُوک لگے نہ کھانے سے گرانبار ہوں۔ اور نیز رات کے وقت یکسوئی بھی ہوتی ہے اور اقتصاد یہ کہ ساری رات کا حکم نہیں دیا۔ کیونکہ اس میں تعب تھا بلکہ کچھ حصّہ سونے کے لئے بھی رکھا گیا اور چونکہ ہر وقت اور ہر حالت اور ہر شخص کے لئے ایک مقدار معین نہیں ہو سکتی اس لئے ادتخیرہ سے نصف اور ثلث اور دو ثلث میں جو مفہوم ہے اُنْقُصْ مِنْهُ قَلِیْلًا اَوْ زِدْ عَلَیْهِ (اس نصف سے کسی قدر کم یا نصف سے کچھ بڑھا دو) کا جیسا دوسرے رکوع سے معلوم ہوتا ہے۔ اختیار دے کر مخاطب کی رائے پر چھوڑا گیا کہ اگر زیادہ قیام نہ ہو سکے تو تھوڑا ہی سہی حدیث

ہیں ہے وَشَیْءٌ مِنَ الْوَجْدِ (کچھ بھی کسی حصہ میں ہو) اس اقتصاد میں ایک یہ بھی مصلحت اور حکمت ہے توسط میں دوام ہو سکتا ہے اور افراط میں دوام نہیں رہ سکتا۔ اور پہلے یہ قیام لیل کہ مراد تہجد ہے فرض تھا۔ بعد اس کے فرضیت منسوخ ہو کر مستونت باقی رہ گئی اور اقرب الی الدلیل تہجد کا سنت مؤکدہ ہونا ہے۔ تہجد سے محروم رہنے والوں کو اکثر غلطیاں ہو رہی ہیں بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ تہجد صرف آخیر ہی شب میں ہوتا ہے اور اس وقت اٹھنا دشوار ہے اس لئے انھوں نے چھوڑ رکھا ہے۔ یاد رکھو کہ اگر اخیر شب میں نہ اُٹھ سکے تو اول شب میں بھی وتر سے پہلے تہجد پڑھنا جائز ہے بعضے یہ سمجھ رہے ہیں کہ تہجد کے بعد سونا نہ چاہیئے اور سونے سے تہجد جاتا رہتا ہے۔ یہ لوگ اس لئے نہیں اُٹھتے یہ بھی غلطی ہے تہجد کے بعد سونا بھی جائز ہے غرض اہلِ سلوک کے لئے یہ عمل تہجد کا بھی ضروری ہے اور اگر کبھی قضا ہو جائے تو زیادہ غم میں نہ پڑے تہجد کی قضاؤں میں کرلے اس آیت سے یہی مراد ہے۔ وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ اَرَادَ اَنْ یَّذَّكَّرَ الخ (وہ ایسا ہے جس نے رات اور دن کو ایک دوسرے کے پیچھے آنے والے بنائے اور یہ سب کچھ جو دلائل مذکور ہوئے اس شخص کے سمجھنے کے لئے ہیں جو سمجھنا چاہے) بعض لوگوں کا تہجد اگر قضا ہو جائے تو حد سے زیادہ پریشان ہوتے ہیں۔ اور کراہتے ہیں اور افسوس کرتے ہیں کہ ہمارا تہجد کبھی قضا نہ ہوا تھا یہ کیا ہو گیا۔ یاد رکھو اتنی پریشانی کا انجام بعض اوقات یہ ہوتا ہے کہ بجائے مطالعہ محبوب کے اپنے مطالعہ میں مشغول ہو جاتے ہیں۔ حالانکہ اس غم میں لگ کر اصل ذکر سے جو کہ مقصود ہے رہ جاتے ہیں اور انسان مطالعہ محبوب کے لئے پیدا ہوا ہے اُس کو غیر میں مشغول نہ ہونا چاہیئے۔

ع ماضی و مستقبل پردۂ خدا ست (ماضی و مستقبل بندہ اور خدا کے درمیان حجاب ہے)

غرض نفس کو پریشانی میں زیادہ مبتلا نہ کیا جائے۔ اور تجربہ ہے کہ بعض اوقات آسانی رکھنے سے نفس خوشی سے کام دیتا ہے اور تنگی اور بوجھ ڈالنے سے پہلا کام بھی چھوٹ جاتا ہے۔ اِس لئے بہت تنگی نہ کرو۔ کہ مزدور خوش دل کند کار بیش (مزدور خوش دل کام زیادہ کرتا ہے)

بعض محققین کا قول ہے کہ ذاکر شاغل کو مرغن کھانا کھانا چاہئے۔ ورنہ ضعف ہو جائے گا۔ اور کسی وقت بیکار ہو جائے گا۔ خوب کھاؤ پیو اور اس سے کام لو۔ البتہ یہ یاد رہے کہ کھانے پینے میں ایسی زیادتی نہ ہو کہ کسل ہو جائے یا بیماری ہو جائے۔ بیمار ہو کر اور خرابی میں پڑ جائے اسی لئے کُلُوْا وَاشْرَبُوْا (کھاؤ اور پیو) کے ساتھ لَا تُسْرِفُوْا (فضول خرچی نہ کرو) پھر فرمایا ہے حضرات اہل بیت میں سے کسی بزرگ کا قصہ ہے کہ اُن سے کسی نصرانی حکیم نے پوچھا تھا کہ قرآن کو کتاب جامع کہتے ہیں اس میں طب کہ ضروری چیز ہے نہیں ہے۔ فرمایا اصل طب موجود ہے کُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا (کھاؤ اور پیو اور حد سے تجاوز نہ کرو) وہ دنگ رہ گیا بطور جملہ معترضہ کے یاد آگیا کہ غالب جو ایک آزاد شاعر ہے اس نے اپنے مذاق پر یہ شعر کہا تھا ؎

ہم توجب کریں گے شراب وکباب سے — قرآن میں جب آیا کُلُوْا وَاشْرَبُوْ نہ ہو (کھاؤ اور پیو)

کسی نے کیا خوب جواب دیا ؎

تسلیم قول آپ کا ہم جب کریں جناب — جب آگے وَاشْرَبُوْا کے وَلَا تُسْرِفُوْا نہ ہو

ایسا ہی روحانی تنگی قبض حزن وغیرہ سے بھی پریشان نہ ہونا چاہئے کیونکہ اس میں بھی تزکیہ نفس ہوا کرتا ہے۔ خاص کر وسوسہ کی طرف تو التفات بھی نہ کرنا چاہئے کیونکہ درپے ہونے سے اس میں اور بھی ترقی ہوتی ہے۔ محقق اس کی طرف التفات بھی نہیں کرتا اور وسوسے کے پیچھے پڑنے میں اس کے سوا اور بھی بہت خرابیاں ہیں۔ اسی ایک وسوسہ سے اور شاخیں نکلنی شروع ہوتی ہیں اور رہا غم سو وہ الگ ہے اور غم کی وجہ سے اصل ذکر شغل کا فوت ہونا یہ الگ ہے ایسا ہی استغفار اور توبہ کے وقت معاصی کے تذکرو استحضار میں ایک قسم کا توسط ہونا چاہئے یہ ضروری نہیں کہ سب گناہوں کی پوری فہرست پڑھنے بیٹھ جائے۔ صرف اجمالی طور پر سب گناہوں سے توبہ کرے ہر گناہ کا نام ضروری نہیں۔

حدیث میں ہے وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ (اور وہ گناہ بھی جن کو آپ مجھ سے زیادہ

جانتے ہیں) اس سے بھی یہ بات نکلتی ہے اس میں سب گناہ آگئے اگرچہ یاد نہ آئیں کیونکہ اس سوچ میں وقت ضائع کرنا مطالعۂ محبوب سے غافل ہونا ہے۔ البتہ جو خود یاد آجائے اس سے بالخصوص بھی توبہ کرلے۔ ایک شخص کا ذکر ہے کہ رمی جمار کے وقت وہاں جوتیاں مار رہا تھا اور ایک ایک گناہ گن کر شیطان کو گالیاں دیتا تھا اور مارتا تھا سو یہ لغو ہے۔ ہر ایک گناہ کا نام لینا اور تلاش اور سوچ میں عمر عزیز کو جو دراصل مطالعہ محبوب کے لئے تھی اس سوچ بچار میں کھونا نہ چاہئے ؎

عمر عزیز قابل سوز و گداز نیست — ایں رشتہ را مسوز کہ چنیں دراز نیست

(عمر عزیز مفت ضائع نہ کرنی چاہئے یہ رشتہ دراز نہیں اس کو مت جلاؤ)

اہل سلوک کو بالخصوص اس کا خیال بہت ضروری ہے کہ مطالعہ محبوب سے غفلت نہ ہو واقعہ میں عارف ہی کی نظر ان امور تک پہنچتی ہے۔ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے کسی خادم نے اس بات کا افسوس ظاہر کیا کہ اب کی بیماری کی وجہ سے مدت تک حرم میں حاضر ہونا نصیب نہ ہوا۔ آپ نے خواص سے فرمایا کہ اگر یہ شخص عارف ہوتا تو اس پر کبھی افسوس نہ کرتا کیونکہ مقصود قرب حق ہے اور اس کے لئے جس طرح نماز حرم ایک طریق ہے اسی طرح اس کے لئے مرض بھی ایک طریق ہے تو بندہ کا کیا منصب ہے کہ اپنے لئے خود ایک طریق معین کرے۔ یہ مربی کے اختیار میں ہے طبیب کی تجویز مریض کی تجویز سے ہزار درجہ زیادہ بہتر ہے ؎

بدرد صاف ترا حکم نیست دم درکش — کہ ہرچہ ساقی ماریخت عین الطاف است

(درد صاف یعنی قبض و بسط کی تجویز کا ہم کو حق نہیں ہے جو کچھ عطا ہو جائے ترتیب باطنی کے لئے وہی مصلحت اور وہی عین لطف ہے)

یہ سب بیان تھا قیام لیل اور اُس کے آداب کا اقتصاد کے ساتھ۔ اب دوسرا معمول اہل سلوک کا مذکور ہوتا ہے وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا (قرآن پاک کو ترتیل کے ساتھ پڑھو) ترتیل کے معنی ہیں تھام تھام کر پڑھنا۔ صحابہؓ کے زمانہ میں ایک یہ بھی طریق حصول نسبت کا تھا کہ قرآن اور نماز پر مداومت اور محافظت کرتے تھے۔ چنانچہ

حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب رح کا حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے خواب میں دریافت کرنا کہ آجکل کے صوفیہ کے طریقوں میں سے کونسا طریقہ آپ کے موافق ہے اور اُس کے جواب میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ ارشاد کہ ہمارے زمانہ میں تقرب کا ذریعہ ذکر کے ساتھ قرآن اور نماز بھی تھا اور اب صرف ذکر پر اکتفا کرلیا ہے مشہور ہے اور اس تغیر کی ایک وجہ ہے۔ وہ یہ کہ صحابہ کے قلوب بہ برکت صحبت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اس قابل تھے کہ اُن کو اور قیود کی جو بعد میں حادث ہوئیں ضرورت نہ تھی۔ ان کے قلوب میں صحبت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے فیض سے خلوص ہوچکا تھا وہ حضرات تلاوت قرآن اور کثرت نوافل سے بھی نسبت حاصل کرسکتے تھے اُن کو اذکار کے قیود زائد کی حاجت نہ تھی۔ برخلاف بعد کے لوگوں کے کہ ان میں وہ خلوص بدون اہتمام کے پیدا نہیں ہوسکتا اس لئے صوفیۂ کرام نے کہ اپنے فن کے مجتہد گذرے ہیں۔ اذکار اشغال خاصہ اور اُن کی قیود ایجاد کیں اس وجہ سے کہ تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ خلوت میں جب ایک ہی اسم کا بتکرار ورد کیا جاتا ہے اور اُس کے ساتھ ضرب وجہر وغیرہ قیود مناسبہ کا بھی لحاظ کیا جاتا ہے اور اس کی تاثیر نفس وقلب میں اوقع واثبت ہوتی اور رقت وسوز پیدا ہوکر موجب محبت ہوجاتا ہے اور محبت سے عبادت میں اخلاص پیدا ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ عبادت خالص کا حکم فرماتے ہیں وَمَا اُمِرُوْا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَاُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ الخ ان لوگوں کو یہی حکم کیا گیا کہ اللہ کی اس طرح عبادت کریں کہ عبادت اسی کے لئے خاص رکھیں اور مجھ کو حکم کیا گیا ہے کہ میں اس طرح عبادت کروں الخ وغیرہ من الآیات پس معلوم ہوا کہ حضرات صوفیہ نے یہ قیود ذکر کے بطور معالجہ تجویز فرمائے ہیں اور اصل مقصود وہی اخلاص ہے۔ پس اگر کسی شخص کو ان قیود سے مناسبت نہ ہو یا بغیر ان قیود کے کسی کو اذکار مسنونہ نوافل و تلاوت قرآن میں پورا اخلاص پیدا ہوسکتا ہو تو صوفیۂ کرام ایسے شخص کے لئے ان قیود کی ضرورت نہیں سمجھتے۔

پس اب یہ معلوم ہوگیا کہ یہ تمام قیود اصلاح وتقویت کے واسطے علاجاً تجویز کئے گئے ہیں کوئی شرعی امر قربت مقصود نہیں سمجھا جاتا جو بدعت کہا جائے۔ الحاصل یہ دوسرا

دستور العمل تھا اہل سلوک کے واسطے یعنی تلاوت قرآن۔ اس کے بعد ارشاد فرماتے ہیں
اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْكَ قَوْلًا ثَقِیْلًا (ہم تم پر ایک بھاری کلام ڈالنے کو ہیں) اس کو ماقبل سے
اس طور پر ربط ہے کہ مراد قَوْلًا ثَقِیْلًا (بھاری کلام) سے وحی ہے جو کہ ثقیل تھی اور نماز اور
تلاوتِ کلام مجید کی مزاولت سے قوت احتمال اثقال وحی کی پیدا ہوگی اس لئے پہلے
نماز اور تلاوت کا حکم فرمایا۔ پھر اِنَّا سَنُلْقِیْ الخ میں وحی کا وعدہ کیا اب اس کی تحقیق کہ نزول
وحی کے وقت ثقل معلوم ہونے کا کیا سبب تھا سو یہ امر عقول متوسطہ سے خارج ہے باقی
روایات سے ثقل ہونا ثابت ہے۔ چنانچہ نزول وحی کے وقت اونٹنی کا بیٹھ جانا اور ایک
صحابی کا یہ قول کہ نزول وحی کے وقت (جبکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ران اُن کی
ران پر تھی) یہ معلوم ہوتا تھا کہ میری ران بیٹھی جاتی ہے۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کو سخت شدت سرما میں بھی نزول وحی کے وقت پسینہ آجاتا۔ اس ثقل کے آثار
روایت میں وارد ہیں اور ان آیات میں کہ اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ
الَّذِیْ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ (کیا ہم نے آپ کی خاطر سینہ کشادہ نہیں کر دیا اور ہم نے آپ کا وہ بوجھ
اتار دیا جس نے آپ کی کمر توڑ رکھی تھی) یہ شرح صدر اور وضع وزر جو موجب نقض ظہر تھا میرے
نزدیک اسی طرف اشارہ ہے اور آیت لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ الخ (اگر ہم اس
قرآن کو پہاڑ پر اتارتے) اس معنی میں بھی بہت ہی صاف ہے اور نماز اور تلاوت اور ذکر
کی مضاولت اور کثرت سے قوت کا پیدا ہونا اور ثقل وحی کی احتمال کی حماقت
پیدا ہو جانا اس طور پر ہے کہ چونکہ ذکر وغیرہ سے واردات اور فیوض غیبیہ علمی و
عملی قلب پر فائض ہوتے ہیں اُن کے ورود سے قلب میں بتدریج قوت پیدا
ہوتی رہتی ہے جس کی وجہ سے شدت و ثقل کا مقابلہ اس کے لئے آسان ہو جاتا
ہے۔ چنانچہ اہل تلوین کا اضطراب اور اہل تمکین کا استقلال اسی وجہ سے
ہے کہ پہلے قلب میں قوت تحمل کی نہ تھی۔ پھر ذکر کی کثرت سے احتمال اثقال
کی طاقت آگئی اور اس شعر میں ان واردات میں سے بعض کا
ذکر ہے ؎

بینی اندر خود علوم انبیا  بے کتاب و بے معید و اوستاد

(اپنے اندر بغیر کتاب و معاون اور استاد کے انبیا علیہم السلام جیسے علوم دیکھو گے)

اور یہ حالات واردہ مختلف قسم کے ہوتے ہیں کبھی ذوق و شوق و سرور و انبساط ہوتا ہے۔ کبھی حزن و انقباض ہوتا ہے۔ بسط کے الگ فائدے ہیں اور قبض کے علیحدہ مصالح۔ اور سب محمود ہیں کیونکہ قبض میں بھی تزکیہ نفس و اصلاح عجب ہوتی ہے ؎

چونکہ قبض آمد تو در وے بسط بیں  تازہ باش و چیں میفگن بر جبیں

(جب قبض پیش آئے تو اس میں بسط کا ملاحظہ کرو خوش و خرم رہو پیشانی پر بل نہ ڈالو)

چونکہ قبض آید اے راھرو  آں صلاح تست آیش دل مشو

(جب تم کو قبض کی حالت پیش آئے وہ تمہاری اصلاح باطنی کے لئے ہے اس سے رنجیدہ مت ہو)

آگے ارشاد ہوتا ہے کہ اِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ أَشَدُّ وَطْأً وَّأَقْوَمُ قِيلًا (بیشک رات کے اٹھنے میں دل اور زبان کا خوب میل ہوتا ہے اور بات خوب ٹھیک نکلتی ہے) اس آیت میں یہ ارشاد ہے کہ رات کو اٹھنے کے وقت چونکہ شور و شغب سے سکون ہوتا ہے اور افعال معاش کا بھی وقت نہیں ہوتا اس لئے قلب میں یکسوئی ہوتی ہے اور اس لئے اس وقت جو کچھ زبان سے پڑھا جاتا ہے دل کو اس سے بہت تاثیر ہوتی ہے اور جو کچھ کیا جاتا ہے اس کا اثر قوی ہوتا ہے تو گویا اس آیت میں اِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ الخ مضمون آیت ما قبل قُمِ اللَّيْلَ اور رَتِّلِ الْقُرْآنَ کی تعلیل ہے کہ اس وقت بوجہ ان اسباب کے حضور قلب زیادہ ہوتا ہے لہذا قیام لیل و ترتیل کا فائدہ اس وقت پورے طور سے حاصل ہوگا۔ اور حضور قلب کے متعلق ایک طریقہ تجربہ سے معلوم ہوا ہے وہ یہ کہ مبتدی ہر ہر لفظ پر بتکلف مستقل ارادہ کرے۔ اسی طرح الفاظ پر توجہ رکھنے سے حضور حاصل ہو جاتا ہے اور بعد چندے ملکہ ہو جاتا ہے زیادہ تکلف کی ضرورت نہیں ہوتی اور منتہی کو ملاحظۂ ذات سے حضور میسر ہو سکتا ہے ابتدا میں یہ مشکل ہے کیونکہ مبتدی کو غائب کا تصور جمتا نہیں اور منتہی ذات کا ملاحظہ رکھ سکتا ہے۔

اس کے بعد فرماتے ہیں اِنَّ لَکَ فِی النَّهَارِ سَبْحًا طَوِیْلًا (بے شک تم کو دن میں بہت کام رہتا ہے) پہلے بطور حکمت کے بیان ہوا ہے کہ تہجد اور قرآن مجید پڑھا جائے کیونکہ اس وقت اس کا اثر زیادہ ہوگا اب اس کے علاوہ ایک اور وجہ بیان فرماتے ہیں کہ آپ کو دن میں اور کام بھی رہتے ہیں ان کی وجہ سے خاص قسم کی توجہ الی اللہ تام نہیں ہوسکتی۔ اس لئے یہ وقت شب کا کہ مصروفیت سے خالی ہے تجویز کیا گیا اور وہ کاروبار یہ ہیں۔ مثلاً تبلیغ دین۔ تربیت خلائق۔ حوائج ضروریہ لازمیہ بشریت ہرچندکہ تبلیغ دین اور تربیت خلائق خود بھی دین ہے لیکن چونکہ ان میں ایک قسم کا تعلق مخلوق سے بھی ہوتا ہے لہذا اس میں خاص قسم کی توجہ الی اللہ پورے طور پر نہیں ہوسکتی جیسی خاص خلوت میں ہوسکتی ہے یہاں سے بھی اس اوپر والی بات کی تائید ہوتی ہے کہ انسان باوجود کمال کے بھی لوازم بشریہ سے بالکل نہیں چھوٹ سکتا۔ دیکھئے آیت صاف دلالت کررہی ہے کہ نہار کا سبح طویل یکسوئی سے ایک درجہ میں آپ کو بھی مانع ہوجاتا تھا اور چونکہ آپ کے تمام احوال کامل ہیں اس سے معلوم ہوا کہ خلق کی طرف مشغول ہونا منافی کمال نہیں۔ پس صاحب کمال پر بھی ہر وقت یکساں حالت نہیں رہتی حضرت ابوبکر صدیق رض اور حضرت حنظلہ رض کا قصہ حدیث میں ہے کہ حضرت حنظلہ رض نے اپنے کو اس بنا پر منافق کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کچھ اور حالت ہوتی ہے اور پیچھے کچھ اور اس پر حضرت صدیق اکبر رض نے فرمایا کہ یہ حالت تو ہماری بھی ہے۔ آخر یہ قصہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچا۔ اس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وَلٰکِنْ یَا حَنْظَلَةُ سَاعَةً وَّسَاعَةً ایک گھڑی کیسی ایک گھڑی کیسی اور درحقیقت اگر ہر وقت وہی حالت تجلّی کی رہے خود جسمانی ترکیب بھی ٹھیک نہ رہے اول تعطل ہوگا کیونکہ حالت علیہ میں انتظام تغذیہ وغیرہ کا ممکن نہیں۔ پھر اس فنا کی نوبت آجائے گی ولنعم ما قیل ؎

چو سلطان عزت علم برکشد　　جہاں سر بجیب عدم درکشد

(جب محبوب حقیقی کی تجلی قلب پر وارد ہوتی ہے تو سب چیزیں فنا ہوجاتی ہیں)

دوسری مصلحت یہ بھی ہے کہ ذوق ولذت جب ہی آتی ہے کہ اس حالت میں دوام نہ ہو ورنہ دوام سے عادت ہو جائے گی اور لذت جو بسبب جدت کے معلوم ہوتی ہے نہ رہے گی. كُلُّ جَدِيْدٍ لَذِيْذٌ (ہر نئی چیز مزیدار ہوتی ہے) اس کے علاوہ ایک اور حکمت بھی ہے وہ یہ کہ غلبۂ استغراق میں قصد نہ رہے گا اور بلا قصد کے اعمال کا اجر نہیں اور بلا اعمال قرب نہیں ملتا اور اعمال ہی دنیا میں مقصود ہیں۔ دنیا میں انہیں اعمال کے واسطے بھیجا گیا ہے۔ ورنہ دنیا میں آنے سے پہلے روح کو خود ایسی حالتیں حاصل تھیں اور حضور دائم میسر تھا مگر اعمال نہ تھے ان کے واسطے دنیا میں بھیجا گیا لہذا اعمال اور ان کا اجر امر مہتم بالشان ٹھہرا۔ اس لئے محققین صوفیہ نے فرمایا ہے کہ استغراق میں ترقی نہیں ہوتی۔ ان سب باتوں سے معلوم ہو گیا کہ تجلی میں جیسی حکمتیں ہیں ویسی ہی استتار میں بھی ہیں اور یہاں ایک فائدہ قابل غور معلوم ہوا وہ یہ ہے کہ باوجودیکہ تبلیغ دین و تعلیم احکام متعدی نفع ہے اور وہ نفع لازمی سے بڑھ کر ہے اس لئے منتہی کو اس کا زیادہ اہتمام ہوتا ہے۔ مگر باایں ہمہ یہ ارشاد ہے کہ چونکہ آپ کو دن میں بہت کام رہتے ہیں رات کو تہجد اور ترتیل سے قرآن پڑھا کیجئے اور ایک دوسری جگہ فرماتے ہیں کہ فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ وَإِلَى رَبِّكَ فَارْغَبْ (آپ جب فارغ ہو جایا کریں تو محنت کیا کیجئے اور اپنے رب کی طرف توجہ رکھئے) اس سے یہ ثابت ہوا کہ کامل کو اپنے لئے بھی کچھ نہ کچھ ضرور کرنا چاہئے اور بعد تکمیل بھی ذکر سے غفلت نہ چاہئے اور نہ از خود اس کا وہ حال رہے گا نہ دوسروں کو اس سے کامل نفع پہنچے گا کیونکہ بدون خود کئے ہوئے تعلیم میں برکت نہیں ہوتی یہی معنے ہیں قول مشہور مَنْ لَا وِرْدَ لَهٗ لَا وَارِدَ لَهٗ (جس کے لئے ورد نہیں اس کے لئے وارد بھی نہیں) کے البتہ یہ غلطی ہے کہ منتہی قطع تعلق کر کے دوام خلوت اختیار کر لے ؎

طریقت بجز خدمت خلق نیست — بہ تسبیح و سجادہ و دلق نیست

(طریقت خدمت خلق کا نام ہے تسبیح مصلی اور گدری کو نہیں کہتے ہیں)

لیکن خود اپنے کو قابل ارشاد نہ سمجھنے لگے۔ البتہ جب شیخ اجازت دیدے تو امتثالاً اس کام کو بھی شروع کر دے اور پہلے سے اس کی نیت کرنا اور ذکر و شغل اس

نیت سے کرنا بھی مضر ہے۔ اور اس نیت کے ساتھ کامیابی مشکل ہے۔ وجہ یہ کہ یہ نیت بڑا بننے کا شعبہ ہے۔ اب کامل کی توجہ الی الخلق میں ایک شبہ رہا وہ یہ کہ اشتغال بالخلق یادِ اُس کو یادِ حق سے مانع ہوگا۔ سو اس شبہہ کی منتہی کامل کے حق میں گنجائش نہیں کیونکہ منتہیٰ کی بسبب وسعت صدر کے یہ حالت ہوتی ہے کہ اس کو شغل خلق یادِ حق سے مانع نہیں ہوتا۔ اور نیز خلق کے ساتھ اُس کا مشغول ہونا بھی بامرِ حق ہوتا ہے اور اُس کو مقصود اس سے امتثال امر اور رضائے حق جل وعلا ہی ہوتی ہے اور خلق کی طرف اس کی توجہ خدا ہی کے لئے ہوتی ہے۔ اس لئے اُس کو اشتغال بالخلق مانع عن الحق (مخلوق میں مشغول ہونا حق سے مانع نہیں ہوتا) نہیں ہوسکتا بلکہ یہ اشتغال خود حقوقِ خلق سے ہے۔ اور اس آیت میں سَبۡحًا طَوِيۡلًا بطور جملہ معترضہ کے مخلوق کے اس حق کی طرف اشارہ ہے اور مخلوق کا وہ حق یہ ہے۔ تصحیح عام۔ تربیت ارشاد لیکن اس حق خلق میں حق خالق کو نہ بھولنا چاہئے۔ چنانچہ یہاں بھی مخلوق کے بیان سے پہلے قُمِ الَّيۡلَ الخ میں حقوق اللہ بیان کئے گئے تھے۔ اور مخلوق کے حقوق کے بعد بھی وَاذۡكُرِ اسۡمَ رَبِّكَ (اور اپنے رب کا نام یاد کرتے رہو) فرمایا گیا ہے۔ تو گویا یہ اشارہ ہے اس طرف کہ اس شغل میں ہمیں نہ بھول جانا۔ اول آخر دونوں جگہ یاد دلایا گیا ہے اور وَاذۡكُرِ اسۡمَ رَبِّكَ میں اکثر مفسرین لفظ اسم کو زائد کہتے ہیں اور بعض زائد نہیں قرار دیتے اور اس اختلاف سے یہاں ایک عجیب مسئلہ مستفاد ہوگیا اور اختلاف اُمَّتِىۡ رَحۡمَةٌ (میری امت کا اختلاف رحمت ہے) کا ظہور ہوگیا اور وہ مسئلہ یہ ہے کہ زیادۃ اسم کا قول تو موافق حالت منتہٰی کے ہے اور عدم زیادۃ کا قول موافق حالت مبتدی کے ہے کیونکہ مبتدی کو خود مسمی اور مذکور کا تصور کم جمتا ہے اس کے لئے یہی کافی ہے کہ اسم ہی کا تصور ہوجائے برخلاف منتہی کے۔ اُس کو ملاحظۂ ذات بلا واسطہ سہل ہے اور حدیث اَنۡ تَعۡبُدَ اللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ (تم اللہ تعالیٰ کی عبادت اس طرح کرو گویا اس کو دیکھ رہے ہو) میں مشہور توجیہ پر منتہی کا طریق اور اس کی حالت کا بیان ہے اور عام کے لئے حضور کا ایک سہل اور مفید طریق خدا کے فضل سے سمجھ میں آیا ہے وہ یہ کہ آدمی یہ خیال کرلے کہ گویا اللہ تعالیٰ نے قرآن کی مثلاً

فرمائش کی ہے اور میں اس فرمائش پر اُس کو سنا رہا ہوں اس سے بہت آسانی سے حضور میسر ہو جاتا ہے اس کے بعد ارشاد ہے وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا (اور سب سے قطع کر کے اس طرف متوجہ ہو جاؤ) اس میں دو احتمال ہیں ایک یہ کہ تبتل کو صرف وَاذْكُرِ اسْمَ کے متعلق کیا جائے تو اس صورت میں تبتل سے ارشاد ہوگا مراقبہ کی طرف یعنی ذکر کے ساتھ مراقبہ ہوا اور ایک یہ کہ تبتل کو مستقل حکم کہا جائے۔ مطلب یہ ہوگا۔ کہ علاوہ احکام مذکورہ کے یہ بھی حکم ہے کہ سب سے قطع تعلق کرو بایں معنی کہ سب کا تعلق اللہ تعالیٰ کے تعلق علمی اور حبی سے مغلوب ہو جائے اور اثر اس مغلوبیت کا تعارض مقاصد کے وقت معلوم ہوتا ہے مثلاً ایک وقت میں دو کام متضاد پیش آئے۔ ایک کام تو اللہ تعالیٰ کے تعلق کا ہے اور دوسرا غیر اللہ کے تعلق کا اور دونوں کا جمع ہونا ممکن نہ ہو تو ایسے وقت پر اللہ کے کام کو اختیار کرنا اور خلاف مرضی حق کو چھوڑ دینا بس یہی معنی ہیں قطع تعلق کے۔ نہ یہ کہ کسی سے کوئی واسطہ ہی نہ رکھے ؎

تعلق حجاب است و بی حاصلی　　　چو پیوندہا بگسلی واصلی

(تعلقات غیر اللہ حجاب اور لاحاصل ہیں جب ان تعلقات کو قطع کرلوگے تو تم واصل ہوگے)

البتہ اختلاط میں افراط کرنا مضر ہے۔ اس کے آگے فرماتے ہیں کہ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا (وہ مشرق و مغرب کا مالک ہے اور اس کے سوا کوئی عبادت کے قابل نہیں تو اسی کو اپنے کام سپرد کرنے کے لئے قرار دیتے رہو)

مطلب یہ کہ اللہ پر توکل کرو اس سے معلوم ہوا کہ اہل سلوک کے لئے توکل کی بھی ضرورت ہے اور یہ ان کا معمول ہونا چاہئے۔ نکتہ اس توکل کی تعلیم میں یہ ہے کہ اعمال مذکورہ بالا کے اختیار کرنے کے بعد حالت میں تغیر تبدل قبض و بسط شروع ہوگا اس میں ضرورت توکل کی ہوگی اس لئے فرماتے ہیں کہ آخر وہ مشرق و مغرب کا رب ہے اس لئے اس نے جو حالت تم پر وارد کی ہے اس میں کوئی حکمت ضرور ہوگی اور ثابت ہے کہ اکثر قبض میں تصفیہ و تذکیہ خوب ہوتا ہے اس لئے تم کو تنگ دل نہ ہونا چاہئے اور خدا پر بھروسہ رکھنا چاہئے اس میں کچھ مصلحت رکھی ہوگی

اور مشرق و مغرب کا ذکر قبض و بسط کی حالت کے کس قدر مناسب ہے مشرق تو حالت بسط کے مناسب ہے کہ اس میں ظہور ہوتا ہے واردات کا اور مغرب مناسب ہے حالت قبض کے۔ پس مشرق و مغرب کا نمونہ باطن انسان میں بھی پایا گیا۔ ولنعم ما قیل ؎

آسمانہا است در ولایت جاں     کار فرمائے آسمان جہاں
در رہِ روح پست و بالاہاست     کوہ ہائے بلند و بالا ہاست

(ولایت جان میں بہت سے آسمان ہیں جو ظاہری آسمان میں کارفرما ہیں روح (باطن) کے راستہ میں نشیب و فراز کوہ صحرا موجود ہیں)

اور جس طرح مغرب میں آفتاب مستور ہوتا ہے معدوم نہیں ہوتا اسی طرح قبض میں کیفیات سلب نہیں ہوتیں بلکہ مستور ہو جاتی ہیں اور پھر بسط میں گویا طلوع ہو جاتی ہیں حاصل کُل کا یہ ہوا کہ اہل سلوک کے لئے یہاں چند ضروری معمول بیان کئے گئے قیام لیل یعنی تہجد۔ تلاوت قرآن تبلیغ دین ذکر و تبتل۔ توکل اور چونکہ تعلق خلق کی دو قسم ہیں ایک موافقین کے ساتھ اس کا بیان اشارۃً اِنَّ لَکَ فِی النَّھَارِ سَبْحًا طَوِیْلًا (اور بے شک تم کو دن میں بہت کام رہتا ہے) میں ہوا ہے۔ جس کا حاصل تبلیغ دین اور ارشاد و تربیت ہے چونکہ موافقین سے تعلق محبت کا ہے اس کے حقوق بوجہ اس کے کہ وہ حالت طبعی ہے تقاضائے حب کی وجہ سے خود بخود ادا ہو جاتے ہیں۔ اس لئے اس میں زیادہ اہتمام کی ضرورت نہ ہوئی البتہ مخالف کے معاملہ میں ممکن تھا کہ کچھ افراط و تفریط ہو جاتی اس لئے اس کا بیان اہتمام سے فرماتے ہیں۔
وَاصْبِرْ عَلٰی مَا یَقُوْلُوْنَ وَاھْجُرْھُمْ ھَجْرًا جَمِیْلًا مطلب یہ کہ مخالف کی ایذا پر صبر کیجئے اور ان سے علیحدہ رہیئے اچھے طور پر کہیں ایسا نہ ہو کہ سختی سے اُن کی آتش عناد اور بھڑک اُٹھے اور زیادہ تکلیف پہنچائیں ہجر جمیل سے مراد قطع تعلق ہے اس طرح پر کہ قلب میں تنگی نہ ہو پھر جب صبر کی تعلیم دی گئی تو اس کی تسہیل کیلئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی اپنے انتقام لینے کی خبر سُنا کر آپ کی تسلی بھی فرمائی

جاتی ہے کہ وَذَرْنِیْ وَالْمُکَذِّبِیْنَ اُولِی النَّعْمَۃِ وَمَھِّلْھُمْ قَلِیْلاً یعنی مخالفین کے معاملہ کو ہم پر چھوڑ دیجئے ہم ان سے پورا بدلہ لے لیں گے یہ خدا تعالیٰ کی عادت ہے کہ اہلِ حق کے مخالفین سے پورا انتقام لیتے ہیں اس لئے بھی مناسب یہی ہے کہ صبر اختیار کیا جائے کیونکہ جب اپنے سے بالا دست بدلہ لینے والا موجود ہے تو کیوں فکر کی جائے خدا تعالیٰ کی اس سنت کے موافق مخالف کو آخرت اور دنیا دونوں میں رسوائی ہو جاتی ہے ؎

بس تجربہ کردیم دریں دیر مکافات — با دردکشاں ہر کہ درافتاد برافتاد

(اس دیر مکافات میں بہت تجربہ ہم نے کیا ہے کہ جو شخص اہل اللہ سے اُلجھا ہلاک ہوگیا)

؎ ہیچ قومے را خدا رسوانہ کرد — تا دلِ صاحبدلے نامد بدرد

(خدا تعالیٰ نے کسی قوم کو رسوا نہیں کیا جب تک اس نے کسی صاحبدل کو رنجیدہ نہیں کیا)

الغرض اہلِ تصوف کی معمول یہ چند چیزیں ہوئیں جن کا بیان اس مقام پر ہوا قیام لیل یعنی تہجد۔ تلاوتِ قرآن۔ تبلیغ دین۔ ذکر تبتل۔ توکل۔ صبر۔ اس لئے اس مجموعہ بیان کو جو کہ اہل تصوف کے معمولات کو بفضلہ حاوی اور شامل ہے سیرۃ الصوفی کے لقب سے ملقب کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے اور یاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ میں دو لطیفے بھی معلوم ہوئے۔ ایک یہ کہ جس طرح آپ بوجہ غایت حزن والم اپنے اوپر چادر اوڑھے ہوئے تھے۔ اسی طرح بعض اہلِ طریق کا معمول ہوتا ہے کہ چادر ایسے طور پر لپیٹ لیتے ہیں کہ نظر منتشر نہ ہو اور اس سے قلب منتشر نہ ہو اور جمعیت کے ساتھ ذکر میں لگا رہے۔ دوسرا لطیفہ یہ کہ المزمل کے معنی عام کمبل اوڑھنا بھی ہے تو یَا اَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ میں اشارہ ہوگا لقب یَا اَیُّھَا الصُّوْفِیْ کی طرف کیونکہ لفظ صوفی میں گو اختلاف ہے مگر ظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ مراد موٹا کپڑا کمبل وغیرہ مراد لیا جائے۔ پس صوفی اور مزمل

متقارب المعانی ہوئے۔ اور اہل تصوف نے یہ لباس اس لئے اختیار کیا تھا کہ جلدی پھٹے نہیں جلدی میلا نہ ہو اور بار بار دھونا نہ پڑے اور بعض اہل شفقت اس خاص وجہ سے بھی یہ شعار رکھتے تھے مستور ہونے کی حالت میں بعض لوگ ان کو ایذا پہنچا کر مبتلائے وبال ہو جاتے تھے اس لئے انھوں نے ایک علامت مقرر کی جیسے آیت ذٰلِكَ اَدْنٰى اَنْ یُّعْرَفْنَ فَلَا یُؤْذَیْنَ اس کی نظیر ہے بس یہ حکمتیں تھیں اس لباس میں اور اب تو محض ریا وسمعہ کی غرض سے پہنتے ہیں جو بالکل اس شعر کا مصداق ہے ؎

نقد صوفی نہ ہمہ صافی بیغش باشد ۔۔۔ اے بسا خرقہ کہ مستوجب آتش باشد

(صوفی کی موجودہ حالت اگر بالکل درست اور بیغش نہ ہو وہ صوفی نہیں اگرچہ خرقہ پہن لے اے شخص! بہت سے خرقہ آگ میں جلانے کے قابل ہیں)

اس لئے یہ اب قابل ترک ہوگیا ہے۔ و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین وَسَلٰمٌ علی المرسلین و علی عباد اللہ الصالحین برحمتك یا ارحم الراحمین۔ فقط

---


# حیاتِ اشرف

اس میں حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ کی سوانح عمری ان کے علمی و روحانی کمالات ان کے مجددانہ کارنامے اصول تربیت وسلوک، عارفانہ نکات، زرین اقوال اور دنیا و آخرت کے سنوارنے کا مکمل لائحہ عمل آگیا ہے۔ اس کتاب کا مطالعہ ایک شیخ کامل اور شفیق مربی کی صحبت کا فائدہ عطا کرے گا اس نعمت سے ہر مسلمان کو ضرور فائدہ اٹھانا چاہئے۔ قیمت

ملنے کا پتہ :۔ مکتبہ تھانوی بندر روڈ کراچی۔
ایم اے جناح روڈ

# چند مفید کتابیں

## مسلمانوں کا عروج و زوال

### یعنی بیان الامراء ترجمہ اردو تاریخ الخلفاء

اس کے مطالعہ سے تاریخ اسلام کی پوری واقفیت ہو جاتی ہے اور ساتھ ہی یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ خلافت کس طرح اور کس کس پر منتقل ہوتی رہی کچھ سال کم ایک ہزار سال کی تاریخ کا علم اس کتاب سے ہو جاتا ہے اس میں امیر المؤمنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت سے لیکر ۹۰۳ھ تک کے شان و حکومت وجاہ و رفعت کا منظر، عدل و انصاف کا سچا فوٹو اس خوبی سے کھینچا گیا ہے کہ جس سے اسلام کی اولوالعزمی کا بخوبی پتہ چلتا ہے

قیمت مجلد ڈسٹ کور اعلیٰ     علاوہ ڈاک خرچ

## شریعت اور طریقت

اس کتاب کے جملہ مضامین حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ کے افادات کا انتخاب ہیں، اس میں شریعت، طریقت، حقیقت، معرفت، بیعت، اخلاق، مجاہدات، اذکار، اشغال، مراقبات، احوال، توجیہات، تعلیمات، مسائل مع دلائل و حقائق سالک کے لئے طریق عمل مندرج ہیں جو قرآن مجید احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر تصانیف علماء محققین و اولیاء کرام کی روشنی میں مرتب کی گئی ہے۔ اس کتاب کا ہر مسلمان کے پاس ہونا ضروری ہے۔ قیمت مجلد     علاوہ ڈاک خرچ۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَۃً
(رواہ البخاری)

دعوات عبدیت جلد اوّل کا

وعظ پنجم ملقب بہ

# استخفاف المعاصی

منجملہ ارشادات

حکیم الامۃ مجدد الملۃ حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

ناشر: محمد عبد المنان غفرلہ

مکتبہ تھانوی؛ دفتر الابقاء

متصل مسافر خانہ بندر روڈ۔ کراچی ۱
ایم۔ اے جناح روڈ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# دعوات عبدیت جلد اول کا
## وعظ پنجم ملقب بہ

# استخفاف المعاصی

| این | متٰی | کم | کیف | ماذا | من ضبط | المستمعون | اشتات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہاں ہوا | کب ہوا | کتنا ہوا | کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر | کیا مضمون تھا | کس نے لکھا | سامعین کی تخمینی تعداد | متفرقات |
| رامپور منہاران برمکان قاضی صاحب | ۳ ربیع الاول ۱۳۲۵ھ بعد نماز عشا | ڈھائی گھنٹہ | کھڑے ہو کر | گناہ کو ہلکا سمجھنے کی مذمت | مولوی نور حسین صاحب پنجابی | | |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ نحمدہ ونستعینہ ونستغفرہ ونؤمن بہ ونتوکل علیہ ونعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا من یھدہ اللہ فلا مضل لہ ومن یضللہ فلا ھادی لہ ونشھد ان لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ ونشھد ان سیدنا ومولانا محمدًا عبدہ ورسولہ صلی اللہ علیہ وسلم **امابعد** فاعوذ باللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ قال اللہ تعالیٰ (آیت) اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ وَّتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا ۖ وَّهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ۔

(جب تم اس کو اپنی زبانوں سے نقل در نقل کر رہے تھے اور اپنے منہ سے ایسی بات کہہ رہے تھے جس کی تم کو کسی دلیل سے مطلق خبر نہیں اور تم اس کو ہلکی بات سمجھ رہے تھے حالانکہ وہ اللہ کے نزدیک بہت بھاری بات ہے)

یہ سورۂ نور کی آیتیں ہیں ان میں ایک خاص گناہ کا ہلکا سمجھنے کی مذمت بیان کی گئی ہے وَ تَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا وَّ هُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ (اور تم اس کو ہلکی بات سمجھ رہے تھے حالانکہ وہ اللہ کے نزدیک بڑی بھاری بات ہے) اس میں نص ہے یہ قصہ افک کا ہے اس میں تہمت اور بہتان کا بیان ہے اور اس کو ہلکا سمجھنے پر توبیخ ہے اب دیکھنا یہ ہے کہ آیا خاص اسی گناہ کو جیسا کہ مقتضا سبب نزول کا ہے یا ہر گناہ کا جبکہ وہ کبیرہ ہو ہلکا سمجھنا برا اور مضموم ہے سو غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں تخصیص کسی گناہ کی نہیں کیونکہ سبب نزول سے تو جگہ کی تخصیص ہوا ہی نہیں کرتی۔ رہا شبہ تخصیص کا عظیم سے سو ہر گناہ گو وہ صغیرہ ہو اپنی حقیقت کے اعتبار سے عظیم ہی ہے۔ کیونکہ حقیقت گناہ کی نافرمانی ہے۔ اللہ تعالےٰ جل جلالہ کی۔ اور ظاہر ہے نافرمانی گو کسی قسم کی ہو زیادہ ہی بری ہے اور گناہوں کے درجات میں جو چھٹائی بڑائی کا تفاوت ہے وہ ایک امر اضافی ہے کہ کہ ایک بہت بڑا گناہ ہے اور دوسرا اس سے چھوٹا ورنہ اصل حقیقت کے اعتبار سے سب گناہ بڑے ہی ہیں کسی کو ہلکا نہ سمجھنا چاہیئے۔ اس چھوٹے بڑے ہونے کی ایسی مثال ہے کہ جیسے آسمان دنیا عرش سے تو چھوٹا ہے مگر درحقیقت کوئی چھوٹی چیز نہیں۔ دوسری مثال ناپاکی اور پلیدی کی ہے کہ پلیدی چاہے تھوڑی ہو یا بہت مگر حقیقت تو دونوں کی پلیدی ہے اور راز اس میں یہ ہے کہ جتنی کسی کی عظمت اور احسان ہوتا ہے اتنی ہی اس کی نافرمانی کرنا بری بات ہے اور یہ ظاہر ہے کہ اللہ تعالےٰ کی عظمت اور احسان کے برابر نہ کسی کی عظمت نہ کسی کا احسان۔ تو اس کی نافرمانی سب سے زیادہ بری ہو گی پس وہ اپنی اس حقیقت اور مقتضی کے اعتبار سے عظیم ہی ہو گی اور اس کا مقتضا یہ تھا کہ گناہ کا ارتکاب نہ کیا جاتا مگر اس جزا کے چند اسباب ہیں بعضے گناہ کو تو صغیرہ سمجھ کر ارتکاب کر لیا جاتا ہے حالانکہ اسی راز کی وجہ سے فقہاء نے لکھا ہے کہ استخفاف گناہ کفر ہے گو چھوٹا ہی ہو غرض خدا تعالےٰ کی ہر نافرمانی عظیم ہی ہے اس اعتبار سے

توضیح بین سمجھنے کے ہر گناہ کو عام ہوئی گناہ کی مثال تو آگ کی سی ہے۔ ایک چنگاری بھی مکان جلانے کے لئے کافی ہے اور بڑا انگارہ بھی۔ پس صغیرہ چنگاری ہے اور بڑا انگارہ۔ پس عمل کرنے کے لئے یہ پوچھنا کہ یہ صغیرہ ہے یا کبیرہ شبہ میں ڈالتا ہے کہ اگر کبیرہ ہوگا تو بچیں گے اور اگر صغیرہ ہوا تو خیر ہم ایسے شخص سے اجازت لیتے ہیں کہ لاؤ تمہارے چھپر میں چھوٹی سی چنگاری رکھ دیں اگر یہ ناگوار ہے تو خدا تعالیٰ کی نافرمانی کیسے گوارا ہے وہ چنگاری گو چھوٹی ہو مگر پھیلتے پھیلتے انگارہ ہی ہو جائے گا۔ اسی طرح آدمی اول صغیرہ کرتا ہے اور وہ چھوٹتا نہیں اس اصرار سے وہ صغیرہ کبیرہ ہو جاتا ہے اور زیادہ مدت تک کرتے رہنے سے اس کو ہلکا ہی سمجھنے لگ جاتا ہے اور وہ اس جہت سے کبیرہ ہو جاتا ہے یعنی بعضے توبہ کے بھروسہ گناہ کرتے ہیں اور یہ سخت غلطی ہے کیونکہ گناہ کی جب عادت ہو جاتی ہے پھر توبہ بھی مشکل ہو جاتی ہے کیونکہ نئے گناہ سے جن کی ابھی لذت نہیں رچی توبہ کرنا آسان ہے اور عادت والے گناہ سے توبہ بہت مشکل ہے۔ علاوہ اس کے جب چھوٹے گناہوں سے اجتناب نہیں کیا جاتا ہے تو طبیعت بے باک ہو جاتی ہے اور دل کھل جاتا ہے پھر رفتہ رفتہ کبیرہ بھی ہونے لگتے ہیں جیسے صاف کپڑے کو بارش میں کیچڑ وغیرہ سے بچایا جاتا ہے اور جب بہت چھینٹے پڑ جاتے ہیں تو پھر دامن کھلا چھوڑ دیا جاتا ہے اور وہ کپڑا بالکل خراب ہو جاتا ہے۔ ایسا ہی گناہ کا معاملہ ہے کہ جس گناہ کی طبیعت عادی ہو جاتی ہے وہ بڑا ہو جاتا ہے اور چھوٹتا نہیں۔ مثلاً زمینداروں، کاشتکاروں وغیرہ میں یہ گناہ بمنزلہ عادت ہو گئے غضب ظلم، بیع باطل جیسے آم اور بیر کی بیع متعارف اور یتیموں نابالغوں کے مال میں تصرف دیکھ لیجئے یہ گناہ کس طرح سب بے کھٹکے کرتے ہیں اور خیال میں بھی نہیں لاتے۔ البتہ شراب نہیں پئیں گے تو یہ تفاوت

اسی عادت کے ہونے نہ ہونے سے ہے۔ پس ثابت ہو گیا کہ عادت ہو جانے سے اصرار و استخفاف بلکہ استحسان کی نوبت آجاتی ہے اس لئے توبہ مشکل ہو جاتی ہے اور اگر ہوتی بھی ہے تو زبانی جیسے کسی نے کہا ہے ؎

سبحہ در کف توبہ برلب دل پراز ذوق گناہ	معصیت را خندہ مے آید براستغفار ما

(ہاتھ میں تسبیح زبان پر توبہ دل ذوق گناہ سے بھرپور ہے ہمارے گناہ کو بھی ہمارے استغفار پر ہنسی آتی ہے)

چنانچہ ان امور متذکرہ بالا سے توبہ تو کیسی اور الٹے ان امور کے ترک کو خلاف ریاست اور ذلت سمجھتے ہیں اور گناہ سے دل برا نہیں ہوتا۔ حالانکہ ایمان کی نشانی یہ ہے اِذَا سَرَّتْكَ حَسَنَتُكَ وَسَاءَتْكَ سَيِّئَتُكَ (جبکہ تیری نیکی تجھ کو خوش کرے اور تجھ کو اپنی برائی بری معلوم ہو) غرض توبہ ان وجوہ سے مشکل ہو جاتی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ توبہ کے بھروسہ گناہ کرنا نہایت حماقت ہے مگر بعض نادان پھر بھی دھوکے میں ہیں اور توبہ کے توقع پر گناہوں پر دلیری کرتے ہیں۔ اس شخص کی ایسی مثال ہے کہ اس کے پاس مرہم ہو اور اس کے بھروسے وہ اپنی انگلیاں آگ میں جلا لیتا ہو۔ کیا یہ شخص پورا احمق نہیں ہوگا۔ کیا کسی عاقل نے کبھی ایسا کیا ہے جب اس آگ پر دلیری نہیں کی جا سکتی تو دوزخ کی آگ تو اس آگ سے ستر حصہ زیادہ تیز ہے بلکہ مرہم تو پھر بھی من کل الوجوہ اختیاری ہے اور توبہ گو بظاہر اختیاری ہے مگر مرہم کی طرح من کل الوجوہ اختیاری نہیں کیونکہ توبہ کی حقیقت یہ ہے۔ اَلتَّوْبَةُ نَدَمٌ (توبہ شرمندگی ہے) جس کو یوں بھی تعبیر کیا ہے وَهُوَ تُحْرِقُ الحشا عَلَى الْخَطَا وَتَاَلُّمُ الْقَلْبِ عَلَى الْاِثْمِ

(وہ خطا پر اندرونی اعضاء کو جلا دیتی ہے اور قلب گناہ پر متالم ہوتا ہے)

پس توبہ اس سوزش اور جلن کو کہتے ہیں۔ یہ معلوم ہے کہ تالم مقولہ انفعال سے ہے اور وہ اختیار سے خارج ہے۔ البتہ اس پر ایک طالبعلمانہ شبہ

ہوتا ہے کہ جب توبہ امر اختیاری نہیں اور حسب الارشاد وَ لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا (اللہ تعالیٰ وسعت سے زیادہ کسی کو تکلیف نہیں دیتے) کے غیر اختیاری کی تکلیف دی نہیں گئی تو پھر تُوْبُوْا (تم توبہ کرو) کا امر کیوں کیا گیا اس شبہ کا جواب یہ ہے کہ اختیاری کی دو قسم ہیں ایک وہ جو خود اختیاری ہو۔ ایک وہ جس کے اسباب اختیاری ہوں سو توبہ بایں معنی اختیاری ہے کہ اس کے اسباب اختیاری ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کی عظمت اور اس کے عذاب کا مراقبہ سو اس کے کرنے سے عادۃ اللہ یوں ہی جاری ہے کہ ندامت اور تألم قلب جو حقیقت میں توبہ ہے پیدا ہو جاتی ہے۔ لہٰذا تُوْبُوْا (توبہ کرو) کا حکم دیا گیا ہے۔ چنانچہ ایک جگہ ارشاد فرماتے ہیں کہ وَالَّذِیْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَۃً اَوْ ظَلَمُوْا اَنْفُسَھُمْ ذَکَرُوا اللّٰہَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِھِمْ (وہ لوگ ایسے ہیں کہ اگر ان سے کوئی گناہ ہو جاتا ہے یا اپنے نفس پر ظلم ہو جاتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی عظمت اور عذاب کو یاد کرکے اپنے گناہوں سے توبہ کرتے ہیں) مطلب یہ کہ اگر ان سے گناہ ہو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی عظمت اور اس کے عذاب کو یاد کرتے ہیں۔ یہاں پر ذکر اللہ میں مضاف محذوف ہے یعنی ذَکَرُوْا عَذَابَ اللّٰہِ اَوْ عَظَمَۃَ اللّٰہِ اور واقعی اللہ تعالیٰ کی عظمت ایسی ہی چیز ہے کہ اس کے یاد رکھنے سے نافرمانی نہیں ہو سکتی اور وہ ہے بھی قابل یاد رکھنے کے۔ پس اس کو دل سے بھلا کر اس کی نافرمانی پر کمر باندھ لینا بڑی بے باکی کی بات ہے بعضے منتظر رہتے ہیں کہ فلاں کام کرکے توبہ اور تدارک کرلیں گے حالانکہ ممکن ہے کہ اس کو موانع کے ہجوم سے اتنی مہلت ہی نہ ملے اس لئے اس وقت کے امکان اور فراغت کو غنیمت سمجھو اور جب یہ معلوم ہوا کہ خدا تعالیٰ کی عظمت اور اس کے عذاب کے مراقبہ کرنے سے توبہ نصیب ہوتی ہے تو اب دوسری بات قابل غور ہے کہ اس مراقبہ کے لئے بھی فرصت اور فراغ کی ضرورت ہے بعض لوگ اس

فراغ کی بھی قدر نہیں کرتے حالانکہ وہ بہت بڑی غنیمت چیز ہے حدیث شریف میں ہے اِغْتَنِمْ خَمْسًا قَبْلَ خَمْسٍ (پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت سمجھو) اوران میں سے ایک یہ ہے فَرَاغَكَ قَبْلَ شُغْلِكَ (تیری فراغت تیرے مشغول ہونے سے پہلے) مشغول آدمیوں کی حالت میں غور کرنے سے فراغ کی قدر معلوم ہوتی ہے وہ بیچارے ہر وقت بلا میں مبتلا ہیں ان کو کوئی وقت فرصت کا اور ایسے سوچ کا نہیں ملتا بس یہ حالت ہے کہ ؏

چو میرد مبتلا میرد چو خیزد مبتلا خیزد (جو مرتے ہیں مبتلا مرتے ہیں جب اٹھتے ہیں مبتلا اٹھتے ہیں) فراغ کی قدر کے بارے میں خوب کہا گیا ہے ؎

خوشا روزگارے کہ دارد کسے کہ بازار حرصش نباشد بسے
بقدر ضرورت بسارے بود کند کارے ازمرد کارے بود

(فراغت عجیب چیز ہے اگر کسی کو حاصل ہو زیادہ کی اس کو طمع نہ ہو ضرورت کے موافق اس کے پاس مال بھی ہو تو اس کو کچھ کرنا چاہیے اپنے اوقات کو ضائع نہ کرے)

اوراسی حدیث شریف میں دوسری چیز ہے کہ صِحَّتَكَ قَبْلَ سُقْمِكَ (تیری تندرستی بیماری سے پہلے) تیسری شَبَابَكَ قَبْلَ هَرَمِكَ (تیری جوانی تیرے بڑھاپے سے پہلے)

نیز حدیث شریف میں ہے کہ مَنْ اَصْبَحَ اٰمِنًا فِی سَرْبِهٖ مُعَافًا فِی جَسَدِهٖ وَعِنْدَهٗ قُوْتُ یَوْمِهٖ فَكَاَنَّمَا حِیْزَتْ لَهُ الدُّنْیَا بِحَذَافِیْرِهَا واقع میں یہی بات ہے کیونکہ اگر زیادہ بھی ہوا تب بھی اس کی تو ہر روز ایک ہی روز کا قوت آئے گا پس اس میں یہ اور قلیل والا بس برابر ہوا ؎

گر بریزی بحر را در کوزۂ چند گنجد قسمت یک روزۂ
چوں ترا نانی و خرقانی بود ہر بن موئے تو سلطانے بود

(اگر دریا کو کوزہ میں ڈالے کتنا سماوے مگر ایک دن کی قسمت کا جب تو ایک روٹی اور ایک کپڑا مل جائے تو ہر بن مو تیرا بادشاہ ہے)

چنانچہ اسی زمانہ کے ایک متمول کی حکایت ہے کہ وہ ایک روز اپنے خزانہ کو دیکھنے گیا

جو زیر زمین بڑے مکان میں تھا اور وہ مکان گاہ گاہ کھلتا تھا اتفاق سے اس کو وہاں دیر لگ گئی اور کسی کو خبر تھی نہیں ملازموں نے دروازہ بند کرلیا اور وہ بہت بڑا مکان تھا اور دروازوں کا سلسلہ بڑی دور تک تھا اور یہ اتنی دور تھا کہ وہاں سے آواز باہر نہیں آسکتی تھی الغرض وہ یہودی وہاں جواہرات کے ڈھیروں میں بھوکا پیاسا مرگیا۔ اس وقت کوئی اس سے پوچھتا تو اس کے نزدیک ایک بسکٹ اور پانی کے گلاس کے سامنے سارا خزانہ ہیچ تھا۔ ایسی ہی حکایت ہے کہ کسی بھوکے کو ایک تھیلی ملی کھول کر دیکھا تو اشرفیاں پھینک کر زمین پر ماردی اور افسوس کیا اور کہا کہ اگر یہ گیہوں کے دانے ہوتے تو کچھ کام آتے۔ الغرض فراغ اور صحت اور ضروری سامان خرچ یہ بہت غنیمت چیزیں ہیں۔ یہ ہر وقت میسر نہیں آتیں۔ اس لئے اس کو غنیمت سمجھے۔ اس وقت کی فرصت کو ہاتھ سے نہ دے اور توبہ بہت جلدی کرلے۔ بعضے لوگ اللہ تعالےٰ کی رحمت اور مغفرت کے ناز پر توبہ نہیں کرتے حالانکہ رحمت اور مغفرت کی خبریں اس لئے دی گئی ہیں کہ تائب کو یاس نہ ہو جیسا کہا گیا ہے ؎

باز آ باز آ ہر انچہ ہستی باز آ  گرکافر و گبر و بت پرستی باز آ
ایں درگہ ما درگہ نومیدی نیست  صد بار اگر توبہ شکستی باز آ

(واپس آ واپس آ جو کچھ بھی تو ہے واپس آجا اگر کافر آتش پرست اور بت پرست ہے تو بھی واپس آ یہ ہمارا دربار ناامیدی کا دربار نہیں ہے اگر سو بار تونے توبہ توڑی ہے تو بھی واپس آجا۔)

اور جرأت اور دلیری کے واسطے نہیں کہ اور دلیر ہو کر گناہ کرو بلکہ احسان اور رحمت خداوندی کی اطلاع کا مقتضا یہ تھا کہ متاثر ہو کر اور بھی طاعت اور فرمانبرداری کرتے نہ کہ اور جرأت اور گستاخی اور نافرمانی کی جائے چنانچہ

ہم دیکھتے ہیں کہ دنیا میں کوئی کسی کے ساتھ احسان کرتا ہے تو وہ اور زیادہ محبت و اطاعت کرتا ہے نہ کہ مخالفت و سرکشی۔ رہا یہ اشکال کہ واقعی اس کا مقتضا تو یہی تھا مگر ایک دوسرا مقتضی کہ لذت ہے وہ غالب ہوگیا۔ چنانچہ گناہ میں ظاہر ہے کہ کیسا مزا اور لذت ہے اس کو چھوڑنا اس لئے مشکل ہے سو اگر ادراک صحیح ہو تو یہ اشکال بالکل ٹھیک نہیں کیونکہ گناہ میں جو لذّت ہے اُس کی مثال کھجلی جیسی ہے کہ خود اس میں کوئی لذت نہیں محض مرض کی وجہ سے لذت معلوم ہوتی ہے پھر فوراً ہی سوزش پیدا ہوتی ہے سو یہ دراصل مرض ہے جیساکہ سانپ کے کاٹے ہوئے کو کڑوا بھی میٹھا معلوم ہونے لگتا ہے سو کسی عاقل کو ایسی لذت علاج سے نافع نہیں ہوتی۔ البتہ حقیقی لذت طاعت میں ہے چونکہ ان لوگوں نے ابھی اعمال آخرت اور پرہیزگاری اور طاعت کی لذت چکھی نہیں اس لئے گناہ اور نفسانی لذّات ان کو مرغوب معلوم ہوتے ہیں۔ آخرت اور پرہیزگاری کی لذت حضرت ابراہیم ادھم رح سے پوچھئے کہ کس طرح اس کے پیچھے سلطنت کی لذّت ترک کردی حضرت عمر بن عبدالعزیز رح نے اس لذت کے پیچھے لباس شاہانہ ترک کرکے غریبانہ کپڑوں پر کفایت کی اور سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رح کو سلطان سنجر نے ملک نیمروز دینا چاہا اس کے جواب میں یہ شعر تحریر فرمائے ؎

چو چتر سنجری رخ بختم سیاہ باد — در دل بود اگر ہوس ملک سنجرم
زانگہ کہ یافتم خبر از ملک نیم شب — من ملک نیمروز بیک جو نمی خرم

(چتر سنجری کی طرح میرا منہ کالا ہو اگر میرے دل میں ملک سنجری کا وسوسہ بھی ہو جب سے مجھے نیم شب کی سلطنت ملی ہے میری نظر میں نیمروز کی سلطنت ایک جو کے برابر نہیں)

؎ بفراغ دل زمانے نظرے بماہ روے — بہ ازانکہ چتر شاہی روز ہا وُ ہوئے
(فراغت سے ایک ساعت ایک لمحہ محبوب کے اطمینان سے دیکھنا دن بھر کی دار و گیر شاہی سے بہتر ہے)

۵ پس از سی سال معنی محقق شد بخاقانی کہ یکدم با خدا بودن بہ از ملک سلیمانی
(خاقانی تیس سال کے بعد یہ ثابت ہو کہ ایک گھڑی اللہ تعالےٰ کے ساتھ مشغول ہونا بہتر ہے ملک سلیمانی سے)

چونکہ یہ لذات وتنعمات درحقیقت جان کے لئے عذاب ہے چنانچہ ارشاد فرماتے ہیں وَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَاَوْلَادُهُمْ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا الخ (سو ان کے اموال اور اولاد آپ کو تعجب میں نہ ڈالیں اللہ کو یہ منظور ہے کہ ان چیزوں کی وجہ سے دنیوی زندگی میں ان کو گرفتار عذاب رکھے) اول تو ان چیزوں کا مرضی کے موافق حاصل ہونا غیر اختیاری اور اگر حاصل بھی ہو گئی تو ان سب مشغولی اور تعلق کی پریشانی اور بے آرامی یہ دوسرا عذاب۔ حقیقت میں آرام تو صرف اللہ تعالےٰ کے ساتھ تعلق پیدا کرنے میں ہے اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (اللہ تعالےٰ ہی کے ذکر سے دل کو اطمینان حاصل ہوتا ہے) یہ کلفتیں تو گناہ انفسی ہیں اور بعض کلفتیں آفاقی بھی مرتب ہوتی ہیں چنانچہ ان نافرمانیوں کی بدولت طرح طرح کی بیماریاں طاعون وغیرہ وبائی امراض آپس کی نااتفاقیاں وغیرہ ظہور میں آتی ہیں اور ان بیماریوں سے ظاہری اسباب گو کچھ امور طبعیہ ہوں مگر ذنوب ان کے اسباب حقیقیہ اور اصلیہ ہیں اور دونوں میں تعارض نہیں کیونکہ ممکن ہے کہ سزا تو ہو گناہ کی وجہ سے مگر ظہور اس سزا کا اسباب طبعیہ کے ذریعہ سے ہوا ہو۔ اور چونکہ ذنوب کو ان امراض کا سبب نہیں قرار دیتے اس لئے صرف طبی علاج کرتے ہیں اصل علاج استغفار ہے وہ نہیں کرتے وہ بھی کرنا چاہئے ؎

چند خوانی حکمت یونانیاں حکمت ایمانیاں را ہم بخواں
صحت ایں حس بجوئید از طبیب صحت آں حس بجوئید از حبیب
صحت ایں حس ز معموری تن صحت آں حس ز تخریب بدن

(یونانی حکمت کی کتابیں کب تک پڑھتے رہو گے کچھ دن حکمت ایمانی یعنی معرفت کی بھی تو پڑھو حس جسمانی کو درست کرنا چاہتے ہو تو طبیب سے رجوع کرو اور

اگر حس روحانی کی ترقی منظور ہو تو مرشد کامل سے رجوع کرو حس جسمانی سے تو بدن کی درستی ہے اور حس روحانی سے بدن کی تخریب ہوتی ہے)

اور ذنوب سے مصائب کا آنا نصوص سے ثابت ہے مَا اَصَابَکُمْ مِّنْ مُّصِیْبَۃٍ فَبِمَا کَسَبَتْ اَیْدِیْکُمْ (اور تم کو جو کچھ مصیبت پہنچتی ہے وہ تمہارے ہی ہاتھوں کئے کئے ہوئے کاموں سے) ایک بزرگ گھوڑے پر سوار تھے وہ شوخی کرنے لگا فرمانے لگے ہم سے آج کوئی گناہ ہوگیا ہے اس کی وجہ سے یہ ہماری نافرمانی کرتا ہے ؎

تو ہم گردن از حکم داور مپیچ  که گردن نہ پیچد ز حکم تو ہیچ

(تو بھی حق تعالیٰ کے حکم سے گردن نہ پھیر کہ تیرے حکم سے کوئی گردن نہ پھیرے)

ہر کہ ترسید از حق و تقوےٰ گزید  ترسد از وے جن و انس و ہر کہ دید

(جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے اور تقوےٰ اختیار کرتا ہے اس سے جن و انسان اور جو شخص دیکھتا ہے ڈرتا ہے)

اس کے مناسب جناب پیر و مرشد حاجی صاحب علیہ الرحمۃ کی حکایت ہے کہ ایک دفعہ پیران کلیر سے واپس ہوتے ہوئے سہارنپور تشریف لائے لوگوں نے آپ کو ایک ایسے مکان میں اتروایا کہ وہاں ایک جن نے سخت آزار پہنچا رکھا تھا حتیٰ کہ وہ مکان بالکل معطل چھوڑ دیا گیا تھا جب حضرت رات کو اٹھے دیکھتے کیا ہیں کہ ایک آدمی آیا اور سلام کیا اور مصافحہ کرکے بیٹھ گیا حضرت نے تعجب سے پوچھا تم کون ہو کیونکہ مکان بند تھا اس نے عرض کیا میں ایک جن ہوں اور میری ہی وجہ یہ مکان خالی پڑا ہے۔ حضرت حاجی صاحب نے فرمایا تم کو خدا کا خوف نہیں کہ لوگوں کو تکلیف دیتے ہو۔ اس نے عہد کیا کہ میں اب تکلیف نہ دوں گا۔ اس کے بعد وہ جن اس مکان سے چلا گیا اور وہ مکان آباد ہوگیا تو یہ اثر جن پر حضرت کی طاعت ہی کا تھا۔

ایک سیرؔ کی روایت ہے کہ حضرت عمرو ابن العاص نے جب مصر فتح کیا تو ایک بار دریائے نیل خشک ہوگیا لوگوں نے عرض کیا آپ نے فرمایا کہ

کبھی پہلے بھی ایسا ہوا ہے اور لوگ ایسے وقت کیا کرتے ہیں عرض کیا کہ یہاں یہ رسم ہے کہ جب دریائے نیل خشک ہو جاتا ہے تو لوگ ایک کنواری لڑکی کو بناؤ سنگار کر کے اس میں ڈال دیتے ہیں دریائے نیل پھر جوش مار کر جاری ہو جاتا ہے آپ نے فرمایا ایسا کبھی نہ ہوگا اور یہ سب مضمون حضرت عمرؓ کو لکھ کر بھیجا حضرت عمرؓ نے اپنا ایک رقعہ دریائے نیل کے نام لکھ کر بھیجا جس کا یہ مضمون تھا کہ اگر تو اپنی خوشی سے چلتا ہے تو ہم کو تیری حاجت نہیں اللہ تعالے کفیل رزق ہے اور اگر خدا کے حکم سے چلتا ہے تو شیطان کے تصرف سے کیوں بند ہوتا ہے۔ اُس کے ڈالتے ہی دریا کو جوش ہوا اور ہمیشہ کے لئے جاری ہوگیا اور وہ بدرسم موقوف ہوگئی یہ برکت صرف اطاعت کی ہے حقیقت میں جو شخص اللہ تعالے کی رضا طلب کرتا ہے اس کے لئے سب باتیں آسان ہو جاتی ہیں۔ غرض طاعت کا سبب راحت اور معصیت کا سبب کلفت ہونا ثابت ہوگیا آج کل اول تو گناہ کو معصیت کا سبب ہی نہیں سمجھتے اور اگر کوئی سمجھا بھی ہے تو اپنے گناہ کو سبب نہیں سمجھتا دوسرے کے گناہ کو سمجھتا ہے چنانچہ ایسے مواقع پر اپنے گناہ کو نہیں دیکھتے پہلے بزرگوں کی حالت اس کے برعکس تھی حضرت ذوالنون مصری سے لوگوں نے درخواست کی کہ حضرت بارش نہیں ہوتی فرمایا کہ میں سب سے زیادہ گناہ گار ہوں شاید بارش میری وجہ سے نہیں ہوتی میں یہاں سے چلا جاتا ہوں۔ اس کے بعد چلے گئے اور بارش بھی ہوئی۔ پس ہم لوگوں کو اپنے گناہوں پر نظر کرنا چاہیے مگر آجکل بجائے گناہ کے اپنی خوبیوں پر نظر ہوتی ہے حالانکہ وہ خوبیاں ہی کیا ہیں اور اس کی خبر نہیں کہ ہمارے ناقص اعمال درگاہِ خداوندی کے قابل ہرگز نہیں ہو سکتے ہیں تو بس یہ سب محض دعوے اور پندار ہے ؎

خواجہ پندارد کہ دارد حاصلے ۔۔۔ حاصل خواجہ بجز پندار نیست

(خواجہ کا گمان ہے کہ اس کو کچھ حاصل ہو خواجہ کو بجز غرور کے کچھ حاصل نہیں)

ؔ از دست و زبان کہ بر آید کز عہدہ شکرش بدر آید
(ہاتھ اور زبان سے کس کو ممکن ہے کہ حق تعالیٰ شانہ کے شکر سے عہدہ برآ ہو سکے)

ؔ منت منہ کہ خدمت سلطاں ہمی کنی منت شناس ازو کہ بخدمت بداشتت
(یہ احسان مت جتاؤ کہ بادشاہ کی خدمت کرتا ہوں اس کا احسان مانو تم جیسے کو خدمت میں رکھ لیا ہے)

یہ لوگ اپنے جن اعمال خیر پر نازاں ہوتے ہیں وہ خیر صرف ان کے گمان ہی کے موافق ہے ورنہ حقیقت میں بوجہ خلاف طریق اور بے ضابطہ ہونے کے وہ قابل قبول بھی نہیں مثال کے طور پر یاد آیا کہ ایک شخص بیطور مجھ کو پنکھا جھلنے لگے مجھ کو ناگوار ہوا وہ صاحب تو سمجھتے ہوں گے کہ ہم خدمت کر رہے ہیں اور آرام دے رہے ہیں مگر یہاں اس کے خلاف کلفت اور کدورت ہو رہی ہے اور بعض لوگ اپنے ہی گناہوں کو سبب مصائب کا سمجھ کر طاعت و استغفار میں مشغول ہوتے ہیں مگر اس استغفار اور عبادت میں ابتدا سے یہ نیت ہوتی ہے کہ جب یہ مراد حاصل ہو جائے گی تو اس کو چھوڑ دیں گے مثلاً طاعون کے زمانے میں نماز پڑھتے ہیں مگر اس کے ختم کے ساتھ ہی اس کو بھی چھوڑ دیتے ہیں یہ تو بالکل دھوکہ کی صورت ہو گئی ؎

زنہار ازاں قوم نباشی کہ فریبند حق را بسجودے و نبی را بدرودے
(تم ان لوگوں میں سے ہرگز نہ ہو جو اللہ تعالیٰ کو ایک سجدہ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک درود سے دھوکہ دیتے ہیں)

اسی باب میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جب انسان کو تکلیف پہنچتی ہے تو دَعَانَا لِجَنْبِہٖ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَائِمًا (تو ہم کو پکارنے لگتا ہے لیٹے بھی بیٹھے بھی کھڑے بھی) اور جب اس کی تکلیف جاتی رہتی ہے اور سزا تو اس طرز عمل کی سخت ہونا چاہئے تھی مگر اس کی یہ حالت ہو جاتی ہے کہ کَاَنْ لَّمْ یَدْعُنَا اِلٰی ضُرٍّ مَّسَّہٗ (گویا جو تکلیف اس کو پہنچی تھی اس کے ہٹانے کے لئے کبھی ہم کو پکارا ہی نہیں) اس کی رحمت و عنایت ہے کہ باوجود اتنی خطاؤں اور شوخیوں اور گستاخیوں کے روزی و عافیت ویسی ہی برقرار رکھتے ہیں۔

خدائے راست مسلم بزرگواری و حلم — کہ جرم بیند و ناں برقرارے دارد
(اللہ تعالیٰ ہی کی بزرگواری اور بردباری مسلم ہے کہ گناہ دیکھتے ہیں اور رزق بند نہیں کرتے)

لیکن فی نفسہ گناہ کا مقتضا کلفت ہی ہے فی الحال بھی فی المال بھی تو ایسی چیز میں لذت ہی کیا ہوئی تو وہ اشکال رفع ہوگیا اور کوئی عذر گناہ کرنے کا معقول نہ رہا اور ثابت ہوگیا کہ گناہ ہلکا سمجھنے کی چیز نہیں نہ اعتقاداً کہ کفر ہے اور نہ عملاً و حالاً کہ خلاف دین اور خلاف عقل ہے۔ حدیث میں ہے کہ مومن گناہ کو ایسا سمجھتا ہے جیسے کسی پہاڑ کے نیچے بیٹھا ہو کہ وہ گرا چاہتا ہے اس لئے اس سے بچتا ہے اور ڈرتا ہے اور منافق گناہ کو ایسا سمجھتا ہے جیسے ایک مکھی آکر بیٹھی اور اُس کو ہاتھ سے اڑا دیا اس لئے بے دھڑک گناہ کرتا ہے اور ڈرتا نہیں۔ گناہ کا خوفناک ہونا تو بیان ہوچکا اب اس کے تدارک کے لئے ایک طریقہ بیان کیا جاتا ہے جس سے توبہ کرنے کا طریقہ معلوم ہوا اور گناہ سے خوف ہو وہ طریقہ یہ ہے کہ روزانہ ایک وقت مقرر کرکے اُس میں اُن مضامین کا مراقبہ کرے اور پھر نفس سے محاسبہ کرے چنانچہ اول گناہ کے مفاسد اور مضار کو سوچے اور پھر اُس کے اوپر جو عذاب ہونے والا ہے اس کا خیال کرے پھر یہ دیکھے کہ میں کس کی نافرمانی کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو سوچے اور پھر اپنے معاملہ کو سوچے جو اللہ تعالیٰ سے کر رہا ہے پھر نفس سے خطاب کرکے اس کو تنبیہ اور تہدید کرے اس کے بعد موت اور ما بعد الموت کے تمام امور کو سوچے اس سے یہ بھی فائدہ ہوگا کہ دنیا کی محبت کم ہوگی جو سبب اکثری ہے گناہوں کا۔ حدیث شریف میں ہے اَكْثِرُوْا ذِكْرَ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ (لذتوں کی توڑنے والی یعنی موت اکثر یاد رکھو) مراقبہ کے لئے یہ اشعار نہایت مناسب ہیں۔

کل ہوس اس طرح سے ترغیب دیتی تھی مجھے — خوب ملک روس ہے اور سرزمین طوس ہے
گر میسر ہو تو کیا عشرت سے کیجے زندگی — اس طرف آواز طبل اور ادھر صدائے کوس ہے

صبح سے تا شام چلتا ہے مئے گلگوں کا دور
شب ہوئی تو ماہ رویوں سے کنار و بوس ہے
سنتے ہی عبرت یہ بولی اک تماشا میں تجھے
چل دکھاؤں۔ تو تو قید آز کا محبوس ہے
لی گئی یکبارگی گورِ غریباں کی طرف
جس جگہ جان تمنا سو طرح مایوس ہے
مرقدیں دو تین دکھلا کر لگی کہنے مجھے
یہ سکندر ہے یہ دارا ہے یہ کیکاؤس ہے
پوچھ تو ان سے کہ جاہ و حشمت دنیا سے آج
کچھ بھی ان کے ساتھ غیر از حسرت و افسوس ہے

اس مراقبہ کے بعد دنیا کی بھی محبت کم ہو گی اور توبہ بھی ہو گی اور مرض گناہ کا بفضلہ تعالےٰ دور ہو جائے گا۔ سبحان اللہ شریعت نے کیا علاج تجویز فرمایا ہے اگر امر تکوین سے مبتلائے مرض ہوا تھا تو امر تشریعی سے صحت یاب ہوا ؎

درد از یار ست و درماں نیز ہم
دل فدائے او شد و جاں نیز ہم

(درد محبوب کی طرف سے ہے اور علاج اس کا اسی کی جانب سے ہے اس پر دل بھی قربان ہو اور جان بھی)

---

# جدید کتابیں

## ثبات الستور لذوات الخدور

اس کتاب میں حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے اصل حدیثوں سے پردہ کی تاکید اور بے پردگی کے بُرے نتائج جمع فرمائے ہیں تاکہ مسلمان بے پردگی سے باز آجاویں انشاء اللہ اس کتاب کے پڑھنے کے بعد تمام مسلمان اپنی عورتوں اور لڑکیوں کو پردہ کرائیں گے۔ یہ کتاب پڑھ کر شاید ہی کوئی بدنصیب مسلمان ہوگا جو پردہ کے خلاف ہو۔ ہر مسلمان کو اس کتاب کا مطالعہ بے حد ضروری ہے۔

قیمت صرف علاوہ ڈاک خرچہ

## دلیل الخیرات فی ترک المنکرات خیر الصلات مع فی حکم الدعا للاموات

جس نے دین میں کوئی نئی بات نکالی وہ اسی پر مردود ہے جو قوم بدعت جاری کرتی ہے سنت پر عمل کی توفیق اٹھ جاتی ہے کسی بدعتی کی تعظیم کرنا اسلام کو ڈھانا ہے۔ اس میں میت کے دفن میں خواہ نماز جمعہ کی وجہ سے کہ کثرت نمازیوں کی ہوگی دیر کرنے کی شرعی ممانعت، دفن کے بعد قبر پر اتنی دیر بیٹھ کر دعاء استغفار میت کیلئے کریں کہ اونٹ ذبح کرکے اسکا گوشت تقسیم ہو جائے۔

**ملفوظات کمالات اشرفیہ** ۔حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے چودہ سو پینتیس ۱۴۳۵ ملفوظات وارشادات کا قابل قدر مجموعہ مجلد ڈسٹ کور

**مجموعہ کلیات امدادیہ** از شیخ العرب والعجم حضرت مولانا حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی نور اللہ مرقدہ۔ یہ وہ بزرگ ہستی ہیں جن کے بڑے بڑے جلیل القدر خلیفہ مثلاً حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رح حضرت حکیم الامۃ مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رح اور حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی رح وغیرہ وغیرہ جیسے ہیں، حضرت حاجی امداد اللہ صاحب عرب پاکستان، ہندوستان کے بہت بڑے شیخ ہیں، یہ ان کا مکمل مجموعہ دس کتابوں پر مشتمل ہے اس مجموعہ میں سلوک و تصوف اور تمام سلسلوں سے تعلق رکھنے والے پیروں اور مریدوں کے لئے بہترین رہنما اور شریعت و طریقت کے بہترین راستے دکھانے والی یہ واحد کتاب ہے اس مجموعہ میں مندرجہ ذیل دس کتابیں ہیں۔ ضیاء القلوب، فیصلہ ہفت مسئلہ، ارشاد مرشد، مثنوی تحفۃ العشاق، رسالہ وحدۃ الوجود، غذائے روح، گلزار معرفت، رسالہ درد غمناک، جہاد اکبر، نالہ امداد غریب۔ اس کتاب سے کوئی گھر خالی نہیں ہونا چاہئے۔

صفحات ۴۲۴، کاغذ لکھائی اور چھپائی نہایت ہی عمدہ۔ قیمت صرف علاوہ خرچہ ڈاک۔

**النفائس المرغوبہ فی حکم الدعاء بعد المکتوبہ** از مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب۔ پاکستان میں چونکہ نماز کے بعد دعا کے عجیب عجیب طریقے رائج ہیں جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے خلاف ہیں حضرت مفتی صاحب نے احادیث کی روشنی میں دعا کا مسنون طریقہ بتلایا ہے، اور آج کل جو اعتراض کئے جاتے ہیں ان سب کے جوابات بھی دیئے ہیں۔ ایک اور چیز جس کی وجہ سے کتاب کی وقعت زیادہ ہوگئی ہے یہ ہے کہ اسکی ایک سو سے زیادہ علمائے کرام نے تصدیق کی ہے جن میں علمائے دہلی، رنگون، مولمین، مانڈلے، مولانا شاہ عبدالرحیم صاحب رائپوری، حضرت مولانا تھانوی رح حضرات علمائے دیوبند، سہارنپور، میرٹھ، مراد آباد، علمائے بریلی، کانپور، اجمیر شریف، ریاست بھوپال، لکھنؤ، مولانا شبلی نعمانی رح ڈابھیل، سورت، راندیر، مولوی احمد رضا خاں صاحب بریلوی، علمائے صوبہ بہار، علمائے لاہور و دیگر اضلاع پنجاب، مکہ معظمہ کے قاضی القضاۃ، غرض یہ کہ پورے ہند و پاکستان کے بڑے بڑے حضرات علمائے کرام کی اس کتاب پر تصدیقات ہیں، نماز کے بعد آج کل جو بدعت طریقہ کئی دعا کرنے کا مساجد میں اختیار کر لیا ہے اس کتاب سے مسنون طریقہ معلوم ہوگا اور انشاء اللہ اس بدعت سے نجات مل جاویگی۔ قیمت

**خط امام غزالی** رحمۃ اللہ علیہ اپنے خاص شاگرد کے نام، مع مختصر سوانحعمری امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت امام صاحب نے اس قدر سبق آموز نصیحتیں لکھی ہیں کہ عام مسلمان اب بھی فائدہ نہ اٹھاویں تو بڑی بدنصیبی کی بات ہے۔ قیمت صرف

**شب براءت** ۔شب براءت کے فضائل اور شب براءت میں کیا مسلمان کو کرنا چاہئے حدیث کے حوالہ سے جمع فرمایا ہے قابل قدر رسالہ ہے۔ قیمت صرف علاوہ خرچہ ڈاک

ملنے کا پتہ

**مکتبہ تھانوی۔ بندر روڈ۔ کراچی ۱**

ایم اے جناح روڈ

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَۃً
(رواہ البخاری)

دعوات عبدیت جلد اول کا

وعظ ششم ملقب بہ

# حقوق المعاشرت

منجملہ ارشادات
حکیم الامۃ مجدد الملۃ حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی
رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

ناشر: محمد عبد المنان غفرلہ
مکتبہ تھانوی؛ دفتر الابقاء
متصل مسافر خانہ۔ بندر روڈ۔ کراچی ۱
ایم-اے جناح روڈ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# دعوات عبدیت جلد اوّل کا

## وعظ ششم ملقب بہ

# حقوق المعاشرت

| این | متٰے | کم | کیف | ماذا | من ضبط | المستمعون | اشتات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہاں ہوا | کب ہوا | کتنا ہوا | کھڑے ہوکر یا بیٹھ کر | کیا مضمون تھا | کس نے لکھا | سامعین کی تخمینی تعداد | متفرقات |
| جامع مسجد تھانہ بھون | ۸ ربیع الاول ۱۳۲۹ھ | تخمیناً ڈھائی گھنٹہ | بیٹھ کر | حقوق و طرز معاشرت | مولوی نور حسین صاحب پنجابی | | |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ نحمدہ ونستعینہ ونستغفرہ ونؤمن بہ ونتوکل علیہ ونعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا من یھدہ اللہ فلا مضل لہ ومن یضللہ فلا ھادی لہ ونشھد ان لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ ونشھد ان سیدنا ومولانا محمداً عبدہٗ ورسولہ صلی اللہ علیہ وسلم **اما بعد** فاعوذ باللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم (آیت) یَآ اَھْلَ الْکِتَابِ لَا تَغْلُوْا فِیْ دِیْنِکُمْ غَیْرَ الْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوْٓا اَھْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَاَضَلُّوْا کَثِیْرًا وَّضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ السَّبِیْلِ (آپ فرمایئے کہ اے اہل کتاب تم اپنے دین میں **ناحق** کا غلو مت کرو اور ان لوگوں کے خیالات پر مت چلو جو پہلے خود بھی غلطی میں پڑ چکے ہیں اور ابھی بہتوں کو غلطی میں ڈال چکے ہیں اور وہ لوگ راہ راست سے دور ہو گئے تھے) **پہلے میں نے ایک**

وعظ میں کچھ حقوق کے متعلق بیان کیا تھا کہ ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر کتنے حقوق ہیں اور وہ چند ہیں۔ سلام۔ جابۃ الداعی ہر دو معنی کے اعتبار سے یعنی دعوت قبول کرنا اور بلائے تو جواب دینا۔ چھینکنے کے وقت الحمدللہ کہے تو جواب دینا۔ بیمار ہو تو بیمار پرسی کرنا۔ مرجائے تو جنازے میں شریک ہونا یہ تو حاضر ہونے کی حالت کے ہیں اور بعض ایسے حقوق ہیں جو غائب ہونے کے وقت میں مثلاً اس کی غیبت کو دفع کرنا، اس پر کوئی بہتان باندھے اُس کا دور کرنا وغیرہ میں نے وعدہ کیا تھا کہ ان حقوق کے ضروری آداب کسی موقع پر بیان کروں گا۔ سو ان حقوق کے متعلق بعض ضروری آداب کو آج بیان کرتا ہوں۔

جاننا چاہیے کہ اخلاق اور معاشرت کے بھی کچھ حدود و قوانین ہیں مثل احکام نماز روزے وغیرہ کے جن کی کمی بیشی سے افراط تفریط میں مبتلا ہو کر ادائے حقوق سے آدمی قاصر رہتا ہے۔ پس جس طرح چار رکعت والی نماز پانچ رکعت یا تین رکعت پڑھنے سے ادا نہیں ہوتی اور عصر کی نماز ظہر کے وقت پڑھنے سے نہیں ہوتی یا جیسے رکوع میں قرأت جائز نہیں بلکہ اور گناہ ہے یا جیسے روزہ عصر تک روزہ نہیں ہوتا اور نیز عشا تک روزہ رکھنے سے معصیت لازم آتی ہے اسی طرح حقوق معاشرت و اخلاق کے بھی حدود ہیں کہ ان میں کمی بیشی کرنے سے قبیح کا ارتکاب لازم آتا ہے اس لئے ان کے آداب اور حدود کا جاننا ضروری ہے آجکل باہمی برتاؤ کے طرز سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ احکام معاشرت سے اکثر کو ناواقفی ہے گویا اس کو دین ہی سمجھتے نہیں اس لئے اپنی رائے میں جو آیا کرلیا اس لئے اس کے احکام کی تحقیق بھی نہیں کرتے اور بعض جاننے والے معاشرت اور اخلاق میں کمی اور تفریط کو تو برا جانتے ہیں مگر افراط کو برا نہیں جانتے بلکہ مطلقاً کثرت کو مطلوب اور محبوب سمجھتے ہیں حالانکہ اور بر غلو کے مذموم ہونے سے معلوم ہوچکا ہے کہ جس طرح کمی بری ہے اسی طرح زیادتی بھی بُری ہے مثلاً سلام ہے کہ لوگ اس میں کتنی زیادتی کرتے ہیں کہ ذکر قرآن، خطبہ۔ اذان وغیرہ سب میں آتے جاتے سلام کرتے ہیں مثلاً مشہور ہے

او چھے نے سیکھا سلام نہ صبح دیکھے نہ شام اس قسم کے افراط بھی دین میں پسندیدہ نہیں بلکہ حدود سے تجاوز اور غلو فی الدین ہے جس کو اس آیت لَا تَغْلُوْا فِیْ دِیْنِکُمْ (اپنے دین میں غلو مت کرو) میں منع فرمایا گیا ہے اس کی مثال نسخے کی سی ہے سمجھنا چاہئے مثلاً طبیب نسخے میں ۶ ماشہ کوئی دوا لکھے تو اگر یہ خیال کر کے کہ یہ چیز جب طبیب نے لکھی ہے تو مفید ضرور ہے زیادہ ڈالنے سے اور زیادہ فائدہ ہوگا کوئی شخص وزن بڑھا وے تو وہ دوا ہرگز مفید نہ رہے گی کیونکہ نفع مقدار خاص کے ساتھ مشروط تھا۔ اسی طرح شریعت جب طب روحانی ہے تو اس کے احکام کی مثال نسخے کی سی سمجھنا چاہئے تو اس میں کمی بیشی کرنے سے ضرور نقصان ہوتا ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا (یہ اللہ تعالیٰ کے حدود ہیں ان سے آگے نہ بڑھو) آداب وحقوق کے بیان کرنے کا وعدہ میں نے کیا تھا اس لئے آج اس کا ایفاء کرتا ہوں کیونکہ یہ بھی ضروری ہے اور ایفائے وعدہ بطور دین کے واجب الذمہ ہو جاتا ہے اور لوگ اس میں بھی سستی کرتے ہیں اور اس کی پرواہ نہیں کرتے بلکہ بعض اوقات بعض ایسے حقوق کا جو کہ دراصل کم درجہ کے ہیں یعنی بڑے حقوق سے زیادہ شرع نے اہتمام کیا ہے کیونکہ ضروری حقوق کو تو خود ہی لوگ ضروری سمجھ کر ادا کریں گے مگر جن حقوق کو ہلکا سمجھ رہے ہیں ان میں ضرور کوتاہی کریں گے اس لئے ان پر خاص تنبیہ کی جاتی ہے اور یہی نکتہ ہے قرآن میں وصیت کو دین پر ذکر میں مقدم کرنے کا چنانچہ ارشاد ہے مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَآ اَوْ دَيْنٍ حالانکہ شرعاً تجہیز وتکفین کے بعد سب سے مقدم دین ہے اور اس کے بعد وصیت مگر ذکر میں اللہ تعالےٰ نے وصیت کو اس لئے مقدم فرمایا کہ لوگ وصیت کے باب میں تساہل زیادہ کرتے ہیں اور قرض تو سب ہی کے نزدیک ضروری ہے۔ پھر اس کے مطالبہ میں جبر کرنے والے بھی موجود ہیں اور وصیت فی نفسہ تبرع ہے۔ اس میں جبر کرنے کا کسی کو حق نہ تھا اس لئے وصیت کا ذکر میں مقدم کر کے تنبیہ کر دی کہ دیکھو اس کا بہت بہت خیال رکھنا، خیر یہ ایفائے وعدہ کا ذکر بطور جملہ معترضہ کے ہو گیا

تھا اب آداب۔ اُن حقوق کے بیان کئے جاتے ہیں ایک سلام ہے کہ یہ کفایہ کے طور پر سنّت ہے مگر اُس میں یہ یہ احتیاطیاں کی جاتی ہیں کہ ایک تو یہ نہیں دیکھا جاتا کہ یہ وقت سلام کا ہے یا نہیں بعض اوقات سلام ممنوع (بھی) ہے مثلاً عبادت کے وقت خواہ وہ ذکر ہو یا قرآن یا نماز۔ سلام ممنوع ہے کیونکہ ایسے وقت سلام کرنا خدا تعالےٰ کی طرف سے ہٹا کر اپنی طرف مشغول کرنا ہے اس کی مثال ہے جیسے کوئی شخص حاکم کے پاس بیٹھا ہوا اس سے باتیں کر رہا ہو ایک دوسرا شخص اس کو اپنی طرف مشغول کرنا چاہے کیا یہ خلاف ادب نہ ہوگا۔ ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ جو شخص مشغول خدا کو اپنی طرف مشغول کرنا چاہتا ہے اَدْرَکَہُ الْمَقْتُ فِی الْوَقْتِ (پہنچتا ہے اس کو غضب الٰہی اسی وقت) ہاں اگر ضرورت شدید آپڑے تو اس وقت ذکر کو چھوڑ کر دوسرا کام کرنا یہ اور بات ہے۔ مثلاً نابینا کوئیں میں گرنے لگے تو ایسے وقت میں نماز بھی توڑ کر اس کو بچانا ضروری ہے اور یاد رکھنا چاہیے کہ جیسے ذکر کے وقت سلام ممنوع ہے ایسی ہی کوئی حرکت جس سے دل بٹ جائے ممنوع ہے مثلاً اس کو آگاہ کرنے کے لئے کھنکھارنا کھانسنا یا اس کی عین پشت کے پیچھے بیٹھ جانا کہ اس سے دوسرے آدمی کی طبیعت پریشان ہوتی ہے، اپنے اوپر قیاس کر کے دیکھ لینا چاہیے۔

آنچہ برخود نہ پسندی بردیگراں مپسند

(جو اپنے لئے ناپسند سمجھتے ہو دوسروں کے لئے پسند مت کرو)

بعض لوگ بیٹھ پیچھے بیٹھنے کو ادب سمجھتے ہیں حالانکہ ادب ویسی چیز میں کبھی نہیں ہو سکتا جس میں تکلیف ہو وہ تو بے ادبی ہوئی ؂

بہشت آنجا کہ آزارے نباشد کسے را با کسے کارے نباشد

(وہ جگہ جہاں تکلیف نہ ہو جنت ہے کسی کو کسی سے کوئی غرض نہ ہو)

جو لوگ ایسا کرتے ہیں، اگر کوئی شخص ان کے پیچھے اسی طرح آکر بیٹھ جائے

تب حقیقت معلوم ہو جائے۔ بعض نے ان مضامین کے بیان کرنے پر اعتراض کیا کہ تمہارے مزاج میں تو انگریزی انتظام ہے افسوس ہے۔ درمختار تو کوئی انگریزی کتاب نہیں۔ آج تو اس میں سلام کے یہ آداب مذکورہ لکھے ہیں۔ اسی طرح بعض لوگ ذکر کے وقت دوسرے آدمی کو انتظار میں تکتے رہتے ہیں اس سے بھی طبیعت پریشان ہوتی ہے بلکہ اگر انتظار کرنا ہو ایسی جگہ انتظار کرنا چاہئے کہ ذاکر اس شخص کو نہ دیکھے تاکہ اس کا قلب پریشان نہ ہو اور یہ شخص اس کو دیکھ سکے اسی طرح بعض لوگ اور جگہ موجود ہونے کے عین پیٹھ پیچھے نیت باندھ کر کھڑے ہو جاتے ہیں سو اول تو یہ مشابہ شرک ہے دوسرے کسی آدمی کو مقید و محبوس کر دینا کہ جب تک یہ سلام نہ پھیریں وہ غریب کہیں جا بھی نہیں سکتا کون عقل کی بات ہے بعضے بخیال فیض لینے کے پیچھے بیٹھ جاتے ہیں۔ سو یاد رہے فیض دینے کی حالت میں نہیں ہو سکتا یہ سخت غلطی ہے کہ تکلیف بھی دیں اور فیض کی بھی تمنا رکھیں۔ یہ واقعی بعضا ادب بھی تکلیف دہ ہوتا ہے تو ایسا ادب خود چھوڑ دینا چاہئے۔

دیکھئے حضرات صحابہ کرام خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے نہیں اٹھتے تھے چونکہ ان کو معلوم ہو گیا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے کراہت و ناگواری ہے۔ ادب یہی ہے کہ اپنے بزرگ کی رضا وخوشنودی کی کوشش کرے حتیٰ کہ اگر تصریح یا قرینے سے یہ معلوم ہو جائے کہ راہ میں ان کے ساتھ ہمارے چلنے سے تکلیف ہوتی ہے تو ساتھ بھی نہ جانا چاہیے۔ اسی طرح جوتا اٹھانے سے اگر تکلیف ہو تو جوتا بھی نہ اٹھائے۔

جناب مولانا فتح محمد صاحب مرحوم و مغفور کی حکایت ہے کہ جمعہ کے بعد مسجد سے باہر کو تشریف لے جا رہے تھے کہ ایک شخص نے آکر جوتا لینا چاہا مولوی صاحب نے تواضعاً نہ دیا اس نے اصرار کیا۔ مولوی صاحب نے زور سے پکڑ لیا تو اس شخص نے ایک ہاتھ سے تو مولوی صاحب کا ہاتھ دبایا اور دوسرے ہاتھ سے زور

جھٹکا دے کر چھین لیا دیکھئے کہ اس شخص نے ایک ذرا سے خیالی ادب کے لئے ان بزرگ کو کیسی اذیت اور تکلیف دی اور اس ادب سے بڑھ کر بے ادبی ہو گئی۔ یہ سب ناسمجھی کی باتیں ہیں اور یہ باتیں ہلکی نہیں ہیں اور گو یہ نماز روزہ کی طرح ارکان وشعائر اسلام سے نہیں لیکن اس حیثیت سے کہ اخلاق کا تعلق دوسروں سے ہے اور اس طور پر یہ حقوق العباد سے ہیں اس لئے ان میں خرابی اور افراط تفریط کرنے سے نماز روزہ کی کوتاہی سے بھی زیادہ ان میں مواخذہ کا اندیشہ ہے کیونکہ عبادات تو اللہ تعالےٰ کے حقوق ہیں ان میں اگر کچھ کمی ہو تو اللہ تعالےٰ چونکہ کریم ہیں عفو کی امید بعید نہیں مگر حقوق العباد صاحب حق کے ہیں معاف کرانے سے معاف کرنے سے معاف ہوتے ہیں اس لئے ان کی رعایت بھی زیادہ ضروری ہے چنانچہ حدیث شریف میں حضرت عائشہ صدیقہؓ کا وہ قصہ جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا رات کو قبرستان کی طرف لے جانا اور حضرت کا پشت پیچھے جانا مذکور ہے آداب معاشرت کے مہتم بالشان ہونے کے لئے کافی دلیل ہے وہ قصہ یہ ہے کہ ایک رات کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عائشہ صدیقہ رضہ کے مکان سے قبرستان کو تشریف لے گئے اُنھوں نے سمجھا کہ شاید کسی اور بیوی کے ہاں تشریف لے جارہے ہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ معلوم نہ ہوا کہ جاگتی ہیں کیونکہ علم محیط صرف خدائے تعالےٰ ہی کو ہے۔ اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بخیال اس کے کہ حضرت عائشہ کی آنکھ نہ کھل جائے آہستہ سے اٹھے اور آہستہ سے دروازہ کھولا اور آہستہ سے بند کیا (ان باتوں کا خیال رکھنا چاہئے کہ سونے والوں کو تکلیف نہ ہو) اور قبرستان کی طرف تشریف لے گئے۔ حضرت عائشہ رضہ چونکہ جاگتی تھیں اور ان کا خیال تھا کہ شاید کسی اور بیوی کے ہاں تشریف لے گئے ہیں یہ بات ان کو بوجہ غایت تعلق ومحبت گوارا نہ ہوئی اور دبے پاؤں پیچھے پیچھے ہولیں اور آپ کی شان محبوبیت تو اس درجہ تھی کہ حضرت عائشہ رضہ کو یا آدمیوں کو تعلق عشق ہوتا ہو تو کیا عجیب ہے جبکہ حیوانات تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت سے بیقرار تھے

حج میں جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سو اونٹ ذبح کئے ہیں جن میں تریسٹھ اونٹ اپنے ہاتھ سے ذبح کئے تھے (اس سے قوت جسمانیہ کا بھی اندازہ ہوسکتا ہے) اونٹوں کی یہ حالت تھی کہ بیقرار ہوکر اپنی گردنیں جھکاتے تھے اور آپ کی طرف مشتاقانہ بڑھتے تھے کہ ہم کو ذبح کریں۔ حدیث میں ہے کہ کُلُّهُنَّ يَزْدَلِفْنَ اِلَيْهِ (ان میں سے ہر ایک آپ کی طرف جھپٹتا تھا) خوب کہا ہے ؎

ہمہ آہوان صحرا سر خود نہادہ برکف
بامید آنکہ روزے بشکار خواہی آمد

(اس امید پر کہ آپ شکار کو آئیں گے جنگل کے سب ہرنوں نے اپنا سر ہتھیلی پر رکھ لیا ہے)

جب حیوانات کو یہ بیقراری ہو تو حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ کو تو خاص تعلق تھا ان کی بیقراری کیا عجیب ہے۔ غرضکہ حضرت عائشہ رضؓ پیچھے پیچھے قبرستان میں پہنچیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں اموات کے لئے دعا فرمائی اور اس کے بعد گھر کی طرف لوٹے اور یہ بھی لوٹیں تو اب یہ آگے ہولیں۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے آگے آدمی دیکھ کر تحقیق کے لئے اس طرف تیز چلنا شروع کیا حضرت عائشہ رضؓ دوڑیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی دوڑ کر آگے بڑھنا چاہا وہ اور دوڑیں اور گھر آکر بستر پر چپکے سے لیٹ گئیں۔ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو پوچھا کہ سانس کیوں چڑھا ہوا ہے۔ الی آخر الحدیث بعض لوگوں کو ان آداب کی تعلیم بضرورت ذرا سخت الفاظ سے کی جاتی ہے (کیونکہ تعلیم کے لئے بعض حالات وبعض طبائع کے اعتبار سے ذرا سختی کی ضرورت ہوتی ہے) تو برا مانتے ہیں اور اس کو اخلاق کے خلاف سمجھتے ہیں سو جان لینا چاہئے کہ بے تمیزی کی بات پر تشدد کرنا اور سختی سے تعلیم کرنا اخلاق کے خلاف نہیں ہے۔ کیونکہ حدیث میں ہے کہ ایک شخص نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے لفظہ کی نسبت پوچھا کہ اگر کوئی آوارہ بکری ملے تو کیا کیا جائے آپ نے فرمایا کہ لے لینا چاہئے ورنہ کوئی اور یا کہ بھیڑیا لے لیگا۔ پھر ایک شخص نے اونٹ کی نسبت بھی یہی سوال کیا تو آنحضرت صلی اللہ

علیہ وسلم ناخوش ہوئے اور تیزی سے جواب دیا اس سے معلوم ہوا کہ غصہ کرنا بے تمیزی پر جائز ہے ؎

درشتی و نرمی بہم در بہ است　　چو رگ زن کہ جراح و مرہم نہ است

(سختی اور نرمی ساتھ ساتھ اچھی ہوتی ہے جس طرح فصد کھولنے والا نشتر بھی لگاتا ہے اور مرہم بھی رکھتا ہے)

پس اصل اصول اخلاق کا یہ ہے کہ بلا وجہ کسی کو تکلیف و اذیت نہ پہنچائے بعضے لوگ گھر پر آکر تقاضے پر تقاضا اور آوازیں دینی شروع کرتے ہیں یہ بھی تکلیف دینا ہے۔ اِنَّ الَّذِیْنَ یُنَادُوْنَکَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَکْثَرُھُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ (جو لوگ حجروں کے باہر سے آپ کو پکارتے ہیں ان میں سے اکثروں کو عقل نہیں ہے) پہلے سے سلام کے آداب بیان ہو رہے تھے تو ایک ادب تو مذکور ہوا کہ طاعت و ذکر میں جو شخص مشغول ہو اس کو سلام نہ کرے۔ کیونکہ عاصی کا اکرام جائز نہیں اور ایک ادب یہ ہے کہ حاجت ضروریہ یعنی بول و براز کی حالت میں سلام نہ کرے نیز کھانے پینے کی حالت میں سلام نہ کرنا چاہئے اس وقت اگر جواب دیا تو احتمال ہے کہ گلے میں پھندا پڑ جاوے اس بیان کے ضمن میں بہت آداب اور احکام آگئے پھر سلام کا متمم مصافحہ ہے اس کے بھی چند ضروری آداب بیان ہوتے ہیں سو جاننا چاہیے کہ مصافحہ اول لقاء میں بالاتفاق مسنون ہے اور رخصت کے وقت مختلف فیہ اور ان دو کے سوا تیسرا ثابت نہیں پس اس کے لئے بھی ضوابط و حدود مقرر ہوئے اور اس کی کیا تخصیص ہے ہر چیز کے واسطے خاص ضوابط اور شرائط ہیں کہ بدون ان کے وہ چیز درست نہیں ہوتی مثلاً نماز ہے اگر کوئی چار رکعت کی جگہ پانچ رکعت پڑھنے لگے تو صحیح نہیں ہو گی یا جمعہ حنفیہ کے نزدیک دیہات میں پڑھنے لگے تو نہیں ہو گا یا حج بمبئی جا کر کرے تو نہیں ہوتا اسی طرح ہر امر میں ضابطہ اور قاعدہ ہے چنانچہ مصافحہ معانقہ کے بھی قاعدے مقرر ہیں مثلاً عیدین اور جمعہ میں

جو لوگ محض رسم جان کر مصافحہ یا معانقہ کیا کرتے ہیں کہیں ثابت نہیں اور عیدین اور جمعہ کو ان میں کوئی دخل نہیں اس لئے یہ رسم بدعت ہے اس کو ترک کر دینا چاہیئے اور بتلانیوالے علماء سے ایسے امور میں مزاحمت نہ کرنا چاہیئے کہ صاحب اس کی کیا وجہ ہے یہ کیوں منع ہے کیونکہ دلائل کا سمجھنا آسان ہے اس کے لئے خاص علوم کی بھی ضرورت ہے البتہ احکام بیشک آسان ہیں کہ مسئلہ معلوم کرلو اور عمل کرلو۔ باقی دلائل ہر شخص کے سمجھ میں نہیں آسکتے مگر عوام کے حال پر افسوس ہے کہ باوجود جہل کے علماء سے مقابلہ کرتے ہیں اصل یہ ہے کہ ان کے دل میں علماء کی وقعت نہیں ورنہ وقعت خود مانع ہوتی ہے مزاحمت سے دیکھو اگر کوئی انجینئر کسی سرکاری عالی شان قیمتی عمارت کے گرانے کا حکم دیدے اور اس عیب و نقصان کی تفصیل نہ بیان کرے تو وہ عمارت فی الفور گرا دی جاتی ہے ذرا تامل نہیں کیا جاتا کیونکہ اس کو ماہر و معتبر سمجھ کر اس کی اس تجویز کو باوقعت سمجھا جاتا ہے اور بڑا سے بڑا فاضل دل میں یوں جان لیتا ہے کہ جس بات کو انجینئر کی عقل اور نظر معلوم کر سکتی ہے وہ میری سمجھ میں نہیں آسکتی افسوس علماء کو اتنا بھی نہیں سمجھا جاتا جتنا انگریز ڈاکٹر اور انجینئر کو سمجھتے ہیں۔ احکام کا آسان اور دلائل کا مشکل ہونا ایسا ہے جیسا اقلیدس کا یہ دعویٰ سمجھنا تو چنداں دشوار نہیں کہ مثلث کے تین زاوئے مل کر تین قائموں کے برابر ہوتے ہیں مگر اس کی دلیل ہر شخص کو آسان نہیں بجز اس کے جو اس کے مبادی جانتا ہو۔ بعض اس سے بڑھ کر شریعت میں ترمیم کی رائے دیتے ہیں اگر ایسی رائے دینے والوں کی باتیں مانی جاویں تو شریعت تو تمام مٹ کر رہ جائے اور بجز کفر و دہریت کے اسلام کا نام بھی باقی نہ رہے ان رائے دہندگان کی بالکل ایسی مثال ہے ؎

گربہ میر و سگ وزیر موش را دیواں کنند ایں چنیں ارکان دولت ملک را ویراں کنند

(بلی حاکم کتا وزیر اور چوہا دیوان ہو تو ایسے اراکین سلطنت ملک کو ویران کردیں یعنی نا اہلوں سے ملک برباد ہوجاتا ہے)

مسلمان من حیث مسلمان کا مشرب تو احکام الٰہیہ میں یہ ہے ؎

زباں تازہ کردن باقرار تو      نینگیختن علت از کار تو

(آپ کی ربوبیت کا اقرار کرنا آپ کے کاموں میں علتیں نکالنے کو مانع ہے)

افسوس یہ لوگ اتنا نہیں سمجھتے کہ وکیل سے قانون اور دفعہ پوچھی جاوے تو معقول ہے مگر بنار قانون دریافت کرنا محض غیر معقول ہے اول تو اکثر وکیل جانتے ہی نہ ہوں گے اور جو جانتے ہیں وہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ ہمارا فرض منصبی قانون بتلانا ہے نہ کہ علت قانون اگر بنار قانون کی تحقیق منظور ہے تو واضعان قانون سے جا کر پوچھو اور تبدیل قانون کی رائے دینا اور اس میں بحث و گفتگو کرنا تو صریح انکار حکومت ہے افسوس حکومت دنیویہ کے قانون میں تو یہ مداخلت ناجائز سمجھی جاوے مگر شریعت کے احکام میں مداخلت کو سہل سمجھا جاوے حکیم، ڈاکٹر، سول سرجن جب کوئی نسخہ تجویز کرتا ہے اُس سے کوئی نہیں پوچھتا کہ یہ نسخہ کیوں تجویز کیا ہے اس کی وجہ اور علت کیا ہے مگر علمار سے علتیں پوچھی جاتی ہیں اور حجتیں نکالی جاتی ہیں اصل یہ ہے کہ وہاں تو اصلاح اور شفا مقصود ہے اور یہاں یہ مقصود ہے نہیں ورنہ اطبار روحانی کے نسخہ کو بعد تحقیق ان کے طبیب ہونے کے بے چون و چرا پی جاتے ان کے دلوں میں خود احکام ہی کی وقعت اور عظمت نہیں بلکہ احکام خداوندی کو کھیل بنا رکھا ہے احکام کا حال رسم و رواج کا سا سمجھتے ہیں کہ ان میں حسب مصلحت تغیر و تبدل ہوا کرتا ہے ؎

سحر را با معجزہ کردہ قیاس      ہر دو را بر مکر بنہادہ اساس

(سحر اور معجزہ کو یکساں سمجھا اور دونوں کو مکر اور نظر بندی پر مبنی قرار دیا)

احکام کے دلائل سمجھنا محققین کا کام ہے اور محقق ہونے کے لئے خاص اسباب و آلات کی ضرورت ہے اور جو آدمی درجہ تحقیق پر پہنچنے کی ہمت نہ رکھتا ہو اُس کو محققین کی تقلید اور اتباع کرنا چاہئے اور اگر نہ محقق ہوا نہ مقلد تو عنقریب

وہی حالت ہوگی جیسا ارشاد فرمایا ہے وَقَالُوْا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِیْٓ اَصْحٰبِ السَّعِیْرِ الخ (اور کہیں گے کہ اگر ہم سنتے یا سمجھتے تو ہم اہل دوزخ میں نہ ہوتے، اب مصافحہ کے متعلق عرض کرتا ہوں بعض وقت مصافحہ کرنے سے دوسرے آدمی کو بار ہوتا ہے۔ فرض کیجئے ایک ہاتھ میں جوتا ہے دوسرے ہاتھ میں چھتری ہے اب مصافحہ کیسے کرے بجز اس کے کہ جوتے کو رکھے تو خود اس کی تکلیف دینا یہ امر غیر معتدل ہے اسی طرح جو آدمی کام میں مشغول ہو اس سے مصافحہ نہ کرنا چاہئے اس سے تکلیف بھی ہوتی ہے اور حرج بھی ہوتا ہے اسی طرح جو شخص تیز چلتا ہو اس کو مصافحہ کے لئے محبوس رکھنا مناسب نہیں کیونکہ اس میں دوسرے ضروری کام کا حرج ہوتا ہے اس لئے تنگی ہوتی ہے۔ اسی طرح بعض آدمیوں کی عادت ہے کہ مجلس میں پہنچ کر سب آدمیوں سے مصافحہ کرتے ہیں اور اگر وہ لوگ کسی شغل میں ہوں تو اتنی دیر تک سب بیکار ہو جاتے ہیں اور اس سے تنگی ہوتی ہے اسی طرح اکثر لوگوں کی عادت ہے کہ بعد وعظ واعظ سے ضرور مصافحہ کرتے ہیں سو اول تو یہ بدعت ہے اور پھر تکلیف بھی ہے جس بات میں دوسرے کو تکلیف ہو وہ نہ کرنا چاہئے مثلاً اگر قرائن سے معلوم ہو کہ سفارش کرنے سے دوسرے آدمی پر بوجھ ہوگا تو ایسی سفارش نہ کرے بعض دفعہ سفارش پر عمل کرنا اس آدمی کی مصلحت کے خلاف ہوتا ہے اور سفارش کنندہ کے لحاظ اور دل شکنی کی وجہ سے اپنی مصلحتوں کے خلاف پر اس کو مجبور ہونا پڑتا ہے اور اب سفارش کنندہ تو اس خیال میں مست ہیں کہ ہم نے فلاں کی حاجت روائی کردی۔ مگر اس کی خبر نہیں کہ بلا وجہ اور ناحق دوسرے آدمی پر بوجھ ڈال کر اس کی مصلحتوں کا خون کیا ایک نیکی کے لئے جو کہ واجب بھی نہ تھی مفت میں کتنی برائیاں ذمہ لیں۔ اکثر لوگ ایک مصلحت تو دیکھ لیتے ہیں کہ ایک آدمی کو نفع پہنچ گیا مگر ان مضرتوں اور کلفتوں کو نہیں دیکھتے جو دوسروں کو پہنچیں حَفِظْتَ شَيْئًا وَّغَابَتْ عَنْكَ اَشْيَاءُ (ایک چیز تجھے یاد رہی اور بہت چیزیں تجھ سے غائب ہوگئیں

اگر سفارش کی ضرورت ہو تو اس میں صاف ظاہر کردینا چاہئے کہ تمہاری مصلحت کے خلاف نہ ہو تو یہ کام کردو ورنہ خیر تاکہ دوسرے آدمی پر بوجھ نہ پڑے دیکھئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بریرہ سے مغیث کی سفارش کی ان کو نکاح میں قبول کرلو بریرہؓ چونکہ جانتی تھیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سفارش میں بوجھ نہیں ڈالتے اس لئے انہوں نے پوچھا کہ آپ حکم فرماتے ہیں یا سفارش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں حکم نہیں دیتا سفارش کرتا ہوں اس پر بریرہؓ کو چونکہ معلوم تھا کہ آپ اس سے ناخوش نہ ہوں گے انہوں نے صاف انکار کردیا تو بس سفارش ایسی ہونی چاہئے کہ دوسرے پر بوجھ نہ پڑے بلکہ صاف کہدے کہ اگر خلاف مصلحت نہ ہو تو کردو کچھ زور نہیں ڈالا جاتا ہے کہ صاحب یہ کام آپ کو ضرور کرنا ہوگا۔ افسوس ہم نے سب طریقے اور معاملات اور طرز معاشرت وغیرہ کو بدل دیا ہے کس کس چیز کی اصلاح کی جاوے۔ مثل اونٹ رے اونٹ تیری کونسی کل ہے سیدھی۔ ع

تن ہمہ داغ داغ شد پنبہ کجا کجا نہم

(تمام بدن پر داغ ہی داغ ہیں کہاں کہاں پھایہ رکھا جائے)

یہ ایسا وقت ہے کہ ان سب خرابیوں کو دیکھ کر زبان پر یہ شعر آجاتا ہے

اے بسرا پردۂ یثرب بخواب　　　خیز کہ شد مشرق و مغرب خراب

(اے وہ ذات جو یثرب میں آرام فرما ہے اٹھ کر مشرق و مغرب خراب ہوگئی)

غرض اس بات کا خیال رکھے کہ جو کام کلفت دہ ہو وہ نہ کرے مثلاً دعوت تو کم آدمیوں کی کی اور زیادہ آگئے۔ یہ مرض بھی کچھ ایسا عام ہو رہا ہے کہ لوگ اکثر شادی بیاہ میں اس کی پرواہ نہیں کرتے خواہ اہل خانہ کے ہاں اتنا سامان بھی نہ ہو۔

ایک ظریف آدمی تھے انھوں نے جو دیکھا کہ شادی بیاہ وغیرہ عام دعوتوں میں ایک ایک دو دو کو ضرور ساتھ لے جاتے ہیں انھوں نے کیا دل لگی کی ایک دفعہ جو دعوت میں گئے تو ایک بچھیڑے کو بھی ساتھ لیتے گئے اور جب کھانا رکھا جانے لگا تو انھوں نے بچھیڑے کے حصہ کی بھی رکابی رکھوائی لوگوں نے تعجب سے پوچھا کہ یہ کیا حرکت ہے انھوں نے کہا بھائی اور لوگ اپنی اولاد کو لاتے ہیں میرے کوئی اولاد نہیں میں اس کو عزیز رکھتا ہوں میں اس کو لایا غرض سب شرمندہ ہوئے اور اس رسم کو موقوف کیا گیا۔

حدیث شریف میں ہے کہ ایک دفعہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ دعوت میں ایک آدمی ویسے ہی چلے گئے آپ نے مکان پر پہنچکر صاحب خانہ سے صاف فرما دیا کہ یہ ایک آدمی ہمارے ساتھ ہولیا ہے اگر تمہاری اجازت ہو تو آوے ورنہ چلا جاوے۔ صاحب خانہ نے اس کو اجازت دیدی اور وہ شریک ہوگیا۔ رہا یہ شبہ کہ شاید آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لحاظ سے اُس نے اجازت دیدی ہو، اس کا جواب یہ ہے کہ ایسے امور میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس قدر آزادی دے رکھی تھی کہ جس کا جی چاہتا قبول کرتا تھا اور جس کا جی چاہتا انکار کر دیتا تھا۔ چنانچہ حضرت بریرہؓ کا قصہ آپ نے ابھی سُنا ہے۔

ایک قصہ اس سے بڑھ کر سنئے مسلم میں ہے کہ ایک دفعہ ایک فارسی شخص نے کہ شوربا عمدہ پکاتا تھا۔ شوربا پکا کر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی دعوت کی آپ نے فرمایا بشرطیکہ عائشہؓ کی بھی دعوت کرو تو قبول کرتا ہوں۔ اُس شخص نے عرض کیا کہ نہیں حضرت عائشہؓ کی نہیں اُس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہماری بھی نہیں۔ پھر اُس نے اصرار کیا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے پھر بھی یہی فرمایا اُس نے چند بار

انکار کیا اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لحاظ کا بوجھ اور دباؤ ہوتا تو وہ انکار کیوں کرتا۔ پھر اپنی خوشی سے اس نے حضرت عائشہ رضی کی بھی دعوت کی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قبول فرمائی اور یہ جائز ہے کہ دعوت قبول کرنے میں کوئی شرط لگادے۔ غرض اس قسم کا تکلف اور تکلیف جو آجکل ہم لوگوں میں ہے اُس زمانہ میں نہیں تھا ہم لوگوں نے اپنی حالت خود بگاڑ رکھی ہے اور مذہب اسلام کو غیر قوموں کی نظروں میں ہلکا بنا دیا ہے وہ ہماری حالت کو جو ہم نے خود اپنے افعال سے کر رکھی ہے دیکھ کر غلطی سے مذہب اسلام کو ناقص سمجھنے لگے ہیں اور در اصل ہم ہی نے اسلام کو بدنام کر رکھا ہے اور جس طرح بعض مواقع مذکورہ ہیں مصافحہ کے موجب اذیت میں اسی طرح کھانے وغیرہ کے وقت مصافحہ کرنا بھی سراسر خلاف تہذیب ہے، ہاتھ تو سالن میں سن رہا ہے ان کو مصافحہ کی پڑی ہے بعض ایسی بے تمیزی کرتے ہیں کہ ہاتھ میں قارورہ پیشاب کا ہے بس اس کو رکھا اور مصافحہ کرنے لگے یہ بالکل نظافت کے خلاف ہے اگرچہ ہاتھ میں کچھ نہ لگا ہو اصل اس کی حدیث مَنْ مَسَّ فَرْجَہٗ فَلْيَتَوَضَّأ (جو شخص اپنی شرمگاہ کو مس کرے پس اس کو چاہیے کہ وضو کرے) امام شافعی صاحب رح اس حدیث سے مس فرج کو ناقض وضو قرار دے کر وضو کا حکم فرماتے ہیں مگر ہمارے ائمہ اس کو نظافت پر محمول فرماتے ہیں۔ اور کہتے ہیں مطلب یہ ہے کہ یہ ہاتھ اب قابل نماز کے نہیں استحباباً وضو لغوی یعنے ہاتھ دھونا یا وضو شرعی کر لیا جاوے اور منجملہ حقوق اسلام ایک حقوق اِجَابَۃُ الدَّاعِی پھر دو معنی ہے یعنی ایک معنے یہ کہ مسلمان بھائی کے پکارنے پر جواب دے اس کے بھی آداب ہیں چنانچہ امام یوسف کو امام صاحب نے یہ وصیت فرمائی ہے کہ اگر کوئی تم کو پیچھے سے پکارے تو جواب مت دو کیونکہ اُس نے تمہاری اہانت کی ہے اس نے تم کو حیوان

چارپایوں کی طرح پیچھے سے آواز دی ہے کَمَثَلِ الَّذِیْ یَنْعِقُ بِمَا لَا یَسْمَعُ اِلَّا دُعَاءً وَّنِدَاءً (اس کیفیت کی مثل ہے کہ ایک شخص ہے وہ ایسے جانور کے پیچھے چلا جارہا ہے جو بجز بلانے اور پکارنے کے کوئی بات نہیں سنتا) اور یہ جواب نہ دینا تکبر نہیں ہے بلکہ ایک شخص کی اصلاح ہے اور واقع میں پیچھے سے آواز دینا کتنی بے تمیزی کی بات ہے کہ کام تو ہمارا اور روکیں اُس کو یہ خلاف تہذیب ہے خود آگے بڑھ کر سامنے کی طرف سے آکر بولنا چاہیئے۔ دوسرے معنی اجابتہ الداعی کے دعوت قبول کرنے کے ہیں۔ اس کے بھی آداب ہیں بعض آدمی تکبر کی وجہ سے دعوت غریب کی قبول نہیں کرتے یہ تکبر مذموم اور قبیح ہے۔

ایک حکایت یاد آئی ایک مولوی صاحب کی دعوت ایک بیچارے غریب نے کی۔ مولوی صاحب اس کے ساتھ دعوت کھانے جارہے تھے۔ راستہ میں ایک رئیس صاحب سے ملاقات ہوئی۔ رئیس صاحب نے پوچھا مولوی صاحب کہاں تشریف لے چلے مولوی صاحب نے جواب دیا کہ اس سقہ نے دعوت کی ہے اس کے یہاں جارہا ہوں، رئیس صاحب ملامت کرنے لگے کہ مولوی صاحب آپ نے تو بالکل ہی بات ڈبودی اور ایسی ذلت اختیار کی۔ مولوی صاحب نے ایک لطیفہ کیا اس سقہ سے فرمایا کہ بھائی اگر ان کو بھی دعوت میں لے چلو تو چلتا ہوں ورنہ میں بھی نہیں چلتا۔ اب وہ سقہ امیر صاحب کے گرد ہوا اور منت سماجت کرنے لگا اول اول تو بہت عذر کئے مگر خوشامد عجیب چیز ہے پھر اور لوگ بھی جمع ہوگئے اور مجبور کرنے لگے لامحال جانا پڑا وہاں جاکر دیکھا کہ غریب لوگ جس تعظیم و تکریم اور محبت سے پیش آتے ہیں وہ امیروں و نوابوں کے یہاں خواب میں بھی

نہیں دکھلائی دیئے تو قائل ہو گئے کہ واقعی راحت عزت اور محبت جو غریبوں سے ملنے میں ہے وہ امیروں سے ملنے میں قیامت تک نہیں اور حقیقت میں غریبی میں جو پریشانی کی حد تک نہ ہو جسقدر دینی اور دنیوی راحت ہے وہ ثروت میں نہیں اور فضیلت الگ حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم دعا فرماتے ہیں اَللّٰھُمَّ اَحْیِنِی مِسْکِیْنًا وَّ اَمِتْنِیْ مِسْکِیْنًا وَّاحْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَۃِ الْمَسَاکِیْنَ پس مال کی اتنی ضرورت ہے کہ فاقہ نہ ہو اور پریشانی نہ ہو غرض یہ کہ یہ غریب لوگ اگر دعوت کریں تو صاحب ثروت کو جاہ و تکبر کی راہ سے انکار نہیں چاہیئے باقی یہ کہ ہر جگہ کی دعوت بلا امتیاز اخلاص عدم اخلاص قبول کرے گو زیادہ تحقیق و تفتیش اور کھود کرید کی تاہم ضرورت نہیں مگر تاہم جن لوگوں کے ہاں بظن غالب اکثر آمدنی حرام کی ہے ان کی دعوت قبول کرنا جائز نہیں جیسا آجکل موروثی زمینوں کی کثرت ہے۔ اسی طرح رشوت کی سو ایسے لوگوں کے ہاں دعوت قبول نہ کرے ہاں اگر غالب مال حلال ہو تو جائز ہے لیکن اگر زجر کے لئے نہ کھاوے تو زیادہ بہتر ہے اسی طرح اگر مجمع معصیت میں دعوت ہو قبول نہ کرے اور اگر اس کے جانے کے بعد فعل معصیت شروع ہو مثلاً راگ باجا جو اکثر شادیوں میں ہوتا ہے تو اگر خاص اس جگہ ہے جہاں پر یہ بیٹھا ہوا ہے تو چھوڑ کر چلا آوے اور اگر فاصلہ سے ہے تو اگر یہ شخص مقتدائے دین ہے تب بھی اس کو وہاں سے اٹھ آنا چاہیئے اور اگر مقتدائے دین نہیں تو خیر کھانا کھا کر چلا آوے اسی طرح جو رسوم خلاف شریعت اکثر شادیوں میں ہوا کرتی ہیں ان ہی سے وہ مجمع مجمع معصیت ہو جاتا ہے وہاں نہ بیٹھے اور

رسوم تو الگ ہیں خود آجکل برات ہی مجمع معصیت ہے اگر کوئی اور خرابی نہ ہو تو یہ خرابی تو ضرور ہی براتوں میں ہوتی ہے کہ براتی مقدار دعوت سے زائد جاتے ہیں جس سے بیچارہ میزبان کو سخت دقت کا سامنا ہوتا ہے کہیں قرض لیتا ہے کہیں اور کچھ فکر کرتا ہے غرض بہت خرابی ہوتی ہے پھر ایسے شخص کی نسبت حدیث شریف میں یہ الفاظ ہیں کہ دَخَلَ سَارِقًا وَخَرَجَ مُغِيْرًا ایسی ہی شادی غمی کے موقع پر جو اکثر لوگ تفاخر کے طور پر دعوت کرتے ہیں ان کی دعوت بھی قبول نہ کرنی چاہیئے۔ اسی طرح جو دعوت دین اور اطاعت کا عوض ہو وہ بھی درست اور جائز نہیں جیسے تیجے وغیرہ میں قرآن اور کلمہ درود پڑھ کر اس کے عوض دعوت اور الائچی دانہ اور چنے وغیرہ ملتے ہیں ؎

زیاں میکند مرد تفسیر داں کہ علم و عمل می فروشد بناں

(عالم قرآن نقصان کرتا ہے کہ علم و عمل کو روٹی کے عوض فروخت کرتا ہے)

اسی طرح وعظ کی خاص دعوت یا اجرت بھی ایسی ہی ہے جس کے دل میں کچھ بھی دین کی غیرت اور عزت ہوگی وہ خود ایسی باتوں سے پرہیز کرے گا۔ البتہ واعظ اگر مسافر ہو اور مسافرت کے طور پر کھالیو تو یہ اور بات ہے مگر پھر بھی جہاں پر وعظ ہو اس جگہ سے نہ کھاوے ایسا ہی مرید ہونے کے موقع پر پیر کی دعوت کرنا کیونکہ یہ بالکل صورۃ مبادلہ کی ہے۔ اسی طرح نذر ہدیہ وقت بیعت اور علاوہ اس کے کہ یہ ہدیہ بیعت کے وقت کا مبادلہ کی صورت ہے اس میں کئی اور بھی خرابیاں ہیں مثلاً بعض نادار غربا جو بیعت ہونا چاہتے ہیں وہ بوجہ شرم کے رُک جاویں گے اسی طرح ذلت کی دعوت بھی قبول نہیں کرنا چاہیئے کیونکہ ذلت سے بچنا امر شریعت میں

محمود ہے حدیث شریف میں ہے کہ لَا یَنْبَغِیْ لِلْمُؤْمِنِ اَنْ یَذِلَّ نَفْسَہٗ (مومن کو اپنے نفس کو ذلیل نہ کرنا چاہئے)
ذلت کی دعوت آجکل زیادہ تر ایک ہے یعنی جو کہ مُردوں کے ایصال ثواب کے لئے دعوت کی جاتی ہے اور طالب علموں اور ملّاؤں وغیرہ کو بلایا جاتا ہے بس یہ دعوت ہے کہ اس کے کھانے والے عام لوگوں میں حقیر سمجھے جاتے ہیں چنانچہ کانپور میں ایک دفعہ ایک دعوت میں جاتے ہوئے طالب علموں کی نسبت سُنا کہ خدا خیر کرے کس کے گھر چڑھائی ہوئی ہے۔ بس اس قسم کی دعوت طعام ذلت ہے اس سے بچنا چاہیئے ؎

بِئْسَ الْمَطَاعِمُ حِیْنَ الذُّلِّ تَکْسِبُھَا ۔ فَالْقِدْرُ مُنْتَصِبٌ وَالْقَدْرُ مَخْفُوْضٌ

(وہ کھانے بُرے ہیں ذلت کے وقت تجھ کو حاصل ہوئے ہیں ہانڈی چڑھی ہوئی ہے اور عزت گری ہوئی ہے)

علامہ شامی نے لکھا ہے کہ اہل علم کو اس دعوت سے بچنا چاہیئے جس میں ذلت ہو وجہ یہ کہ اہل علم کی ذلت خود علم کی ذلت ہے قبول کرنے کے لائق صرف وہ دعوت ہے جو محض محبت سے ہو حلال کھانا ہو نہ اس میں رسم کی پابندی ہو نہ تفاخر اور نہ ریا ہو نہ ذلت ہو بلکہ اس کی بنا محض محبت ہی محبت ہو ایسی ہی ہدیہ میں بھی ہونا چاہئے۔ بس اس قسم کی دعوت اور ہدیہ مسنون ہے اس کا قبول کرنا سنت کیونکہ صرف محبت سے ہے تَھَادُوْا تَحَابُّوْا (آپس میں ہدیہ دیتے دلاتے رہو آپس میں محبت بڑھاتے رہو)
حدیث شریف ہے باقی رسم کے طور پر جو کچھ دیا جاتا ہے مثلاً شادی کے جوڑے وغیرہ اس میں محبت کا نام بھی نہیں ہاں اگر محض محبت سے بلا قید و پابندیٔ رسوم ہو تو جائز ہے بلکہ ایسا ہدیہ کھانے سے

دل میں نور پیدا ہوتا ہے اور منجملہ ان حقوق کے جو ایک مسلمان کے دوسرے پر ہیں عیادت یعنی بیمار پرسی ہے اس کے بھی آداب ہیں ان میں بھی افراط تفریط ہو رہی ہے چنانچہ بعض آدمی تو سرے سے بیمار کو پوچھنے ہی نہیں جاتے یہ تفریط ہے اور بعض جو پوچھنے جاتے ہیں تو بجائے اس کے کہ بیمار کو ان سے راحت ہوتی یہ اور اُلٹے موجب تکلیف بنتے ہیں مثلاً وہاں جاکر زیادہ دیر تک بیٹھا رہے یہ تکلیف کی بات ہے بیمار آدمی کو مختلف حوائج اور ضروریات ہوتے ہیں اور وہ بیچارہ ان کا لحاظ کرتا ہے اور تکلیف اٹھاتا ہے حدیث شریف میں ہے کہ مَنْ عَادَ مِنْكُمْ مَرِيضًا فَلْيُخَفِّفْ جُلُوسَهُ (جو شخص مریض کی تم میں سے عیادت کردے اس کو چاہیئے کہ مریض کے پاس کم بیٹھے) البتہ تیمارداری اور چیز ہے اس میں بیمار کے پاس ہر وقت بیٹھنا خدمت کے لئے ہے۔ خدمت ہر کسی پر ضروری نہیں مگر دفع اذیت اور راحت سب پر ضروری ہے بعض آدمیوں کی عادت ہے کہ بیمار آدمی کے پاس بیٹھ کر فضول قصے ہانکا کرتے ہیں یا خود اس بیمار ہی سے بیماری کا سارا قصہ پوچھتے ہیں ایسی باتوں سے بیمار کو تکلیف ہوتی ہے ان سے بچنا چاہیئے۔

؏ بہشت آنجاکہ آزارے نباشد (وہی جگہ جنت ہے جہاں تکلیف نہ ہو)

ایک ان حقوق میں سے تعزیت و شرکت جنازہ ہے اس کے بھی آداب ہیں مثلاً کندھا دینا، قبر میں اتارنا کچھ پڑھ کر ثواب بخشنا مگر شریعت کے موافق جس سے اس کو نفع پہنچے ورنہ بیکار ہے۔ مثلاً بعض لوگ ایصال ثواب کے لئے میت کے تمام پارچہ جات پوشیدنی دے دیتے ہیں اور تمام ورثہ سے اجازت نہیں لیتے

یا ورثہ نابالغ ہوتے ہیں جن کی اجازت قبل از بلوغ معتبر نہیں سو یہ تصرف میت کے ترکہ میں جو کہ سب ورثہ میں مشترک ہے ناجائز ہے ہاں بعد تقسیم ترکہ جس کا جی چاہے اپنے حصہ میں سے دے سکتا ہے اور ایسے کپڑے وغیرہ اشیائے استعمالی اکثر مساجد اور مدارس میں آتے ہیں لہذا مدرسہ اور مسجد والوں کے ذمہ ضروری ہے کہ امور مذکورہ کی تحقیق کرلیا کریں۔ وعظ ختم ہوا اور تمام وعظ کا خلاصہ یہ ہوا کہ معاشرت باہمی میں اس کا خیال رہے کہ مردہ اور زندہ سب کو راحت اور نفع پہنچے اور کسی کو مضرت اور تکلیف نہ ہو اور ان امور میں سلیقہ صحبت اہل اللہ سے حاصل ہوتا ہے مگر بعضے لوگ خود بزرگوں کے ہاں جانے میں ایسی بے احتیاطی کرتے ہیں کہ اُن کو تکلیف ہوتی ہے مثلاً جانے کے وقت اپنی فرصت کا تو لحاظ رکھتے ہیں مگر یہ نہیں سوچتے کہ آیا یہ وقت ان کی فرصت کا بھی ہے یا نہیں چاہے وہ وقت اُنکے آرام کا ہو مگر ان کو اُسی وقت جاکر تکلیف دی جاتی ہے اور صرف یہی نہیں بلکہ اتنی دیر بیٹھتے ہیں کہ ان کے آرام کا سارا وقت ختم ہوجاتا ہے۔ ان جانے والے بزرگ کا تو کوئی نقصان نہ ہوا مگر اگلے آدمی کو جو اذیت پہنچی وہ کس مد میں ہے۔ سو یہ نہایت بے تمیزی اور حماقت ہے اگر اتفاق سے ایسے وقت جانا ہو تو نہایت اختصار کرنا چاہیئے، تھوڑا بیٹھئے۔ ایک شخص حضرت حاجی صاحبؒ کے پاس عین دوپہر کے وقت آتے تھے اور حضرت کی نیند ضائع ہوتی مگر حضرت اپنی خوش اخلاقی سے کچھ نہ فرماتے ایک روز حضرت حافظ ضامن صاحب شہید علیہ الرحمتہ کو تاب نہ رہی اور اس شخص کو سختی سے ڈانٹا اور کہا کہ بیچارے درویش رات کو جاگتے ہیں دوپہر کا وقت تھوڑا سا سونے کا ہوتا ہے وہ تم خراب کرتے ہو یہ کس قدر بے انصافی ہے

آخر کچھ لحاظ چاہیئے اور حضرت حافظ صاحب کی یہ تیزی بضرورت تھی بعض اوقات اصلاح اخلاص بجز سیاست اور سختی کے نہیں ہوتی اور کسی کے پاس جانے میں ایک اس کا خیال رکھے کہ اطلاع کر کے جاوے اور عام بیٹھک میں اگرچہ بلا اطلاع جانا جائز ہے اور لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتًا الخ (گھروں میں داخل نہ ہو) سے مستثنٰی ہے مگر خاص خلوت کے وقتوں میں وہاں بھی نہ جانا چاہیئے شاید تکلیف ہو یا گرانی ہو حاصل یہ کہ ہر وقت ہر حالت میں اس کا خیال بہت رکھے کہ کسی کو اپنے سے تکلیف اور گرانی نہ ہو۔ فقط

---

## جس کا بہت عرصہ سے انتظار تھا الحمدللہ ثم الحمدللہ اللہ تعالےٰ نے چھپوا دیئے

یعنی

**ملفوظات کمالاتِ اشرفیہ** حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے چودہ سو پینتیس ۱۴۳۵ ملفوظات و ارشادات کا قابلِ قدر مجموعہ، ان ملفوظات میں ایسے ایسے مسائل حل ہوئے ہیں کہ بڑی بڑی کتابوں اور بڑے بڑے عالم سے بھی حل ہونا مشکل ہے اس کے پڑھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جیسا حضرت تھانویؒ کی مجلس خاص میں بیٹھے سن رہے ہیں چنانچہ مشاہدہ ہے اور ہزاروں کا تجربہ ہے کہ حضرت حکیم الامۃ قدس سرہٗ العزیز کے ملفوظات و مواعظ پڑھنے والوں کی زندگی میں عظیم الشان تغیر پیدا ہو جاتا ہے اور باطن کے وہ عقدے جو لاینحل (حل نہ ہونے والے) نظر آتے ہیں دفعۃً کھل جاتے ہیں اور ایمان میں تازگی اور اعمال صالحہ کی رغبت پیدا ہو جاتی ہے اپنے گناہوں اور غفلت کے تدارک کے لئے بہت ہی آسان صورت نظر آنے لگتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اور مغفرت کی امیدیں قوی تر ہو جاتی ہیں، یہ بات انشاء اللہ تعالیٰ اس کتاب کے مطالعہ کے بعد ہر طالب خود محسوس کریگا، کتابت طباعت، کاغذ بہت عمدہ ہے، تعداد صفحات ۴۱۶ سائز ۲۰×۲۶ مجلد ڈسٹ کور۔

ملنے کا پتہ :۔ **مکتبہ تھانوی بندر روڈ کراچی ۲**
ایم۔ اے جناح روڈ

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَۃً
(رواہ البخاری)

دعواتِ عبدیت جلدِ اوّل کا
وعظ ہفتم ملقب بہ

# الاخلاص

## حصہ اوّل

منجملہ ارشادات

حکیم الامّت مجدد الملّت حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی
رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

ناشر: محمد عبد المنان غفرلہ

مکتبہ تھانوی، دفتر الابقاء
متصل مسافرخانہ - بندر روڈ کراچی ۱
ایم۔اے جناح روڈ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# دعوات عبدیت جلد اول کا

## وعظ ہفتم ملقب بہ

# الاخلاص

## حصہ اول

| این | متیٰ | کم | کیف | ماذا | من ضبط | المستمعون | اشتات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہاں ہوا | کب ہوا | کتنا ہوا | کھڑے ہوکر یا بیٹھ کر | کیا مضمون تھا | کس نے لکھا | سامعین کی تخمینی تعداد | متفرقات |
| تھانہ بھون جامع مسجد | وسط جمادی الاخری ۱۳۲۵ھ | | بیٹھ کر | اخلاص | مولوی عبداللہ صاحب گنگوہی | | |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ نحمدہ ونستعینہ ونستغفرہ ونؤمن بہ ونتوکل علیہ ونعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا من یھدہ اللہ فلا مضل لہ ومن یضللہ فلا ھادی لہ ونشھد ان لا الٰہ الا اللہ وحدہٗ لاشریک لہ ونشھد ان محمدًا عبدہٗ ورسولہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

**امابعد**: فقد قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اِنَّ اللہَ لَا یَنْظُرُ اِلٰی صُوَرِکُمْ وَ اَمْوَالِکُمْ وَلٰکِنْ یَنْظُرُ اِلٰی نِیَاتِکُمْ وَ اَعْمَالِکُمْ (ترجمہ) حدیث شریف کا یہ ہے کہ حق تعالیٰ تمہاری صورتوں اور مالوں کی طرف نظر نہیں فرماتے لیکن تمہاری نیتوں اور اعمال پر نظر فرماتے ہیں اس حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے

اس شے کی تعیین فرمائی ہے جس پر حق تعالے کی نظر ہے گو مخلوق کی نظر نہیں اور اس شے کی بھی تعیین فرمادی جس پر حق تعالے کی نظر نہیں گو مخلوق کی نظر ہے اور صور و اموال کی تخصیص وجہ حالانکہ غیر منظور اور اشیار دنیویہ بھی ہیں یہ ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان ہی امور کو بیان فرماتے ہیں کہ جن کی ضرورت ہے اور جن میں ابتلا ہے اور جو غیر ضروری امور ہیں یا جس میں ابتلا کبھی نہیں ہوتا ان کو بیان نہیں فرماتے ہیں کیونکہ ایسے امور کے بیان کی ضرورت ہی نہیں چنانچہ یہ کہیں نہیں فرمایا کہ گوبر مت کھایا کرو پیشاب مت پیا کرو اس لئے کہ اَکلاً و شرباً ان چیزوں کا استعمال متعاد نہیں ہے۔ البتہ ان میں ابتلار کی صورۃ یہ ہو سکتی تھی کہ ثوب یا بدن نجاست میں آلودہ ہو جائے سو اس کو تصریحاً بیان فرما دیا اور وجہ اس کی یہ ہے کہ ہمارے حضور صلے اللہ علیہ وسلم طبیب ہیں آپ کے تمام خطابات بعینہ ایسے ہی ہیں جیسے کہ ایک طبیب کی مخاطبۃ مریض کے ساتھ طبیب امراض جسمانی کا علاج کرتا ہے حضور صلے اللہ علیہ وسلم امراض روحانی کے ازالہ کے لئے تشریف لائے ہیں۔ پس طبیب مریض کو ان ہی اشیار سے منع کرتا ہے کہ جس میں ابتلار ہو مثلاً انبہ کی فصل میں انبہ سے منع کرے کہ انبہ مت کھانا اور اگر فصل نہ ہوگی منع کرنے کی ضرورت ہی نہیں اس وقت منع کرنا عبث ہے بلکہ ایسے طبیب کی مثال اس بقال کی سی ہو جاوے گی کہ بقال کی تھالی گم ہو گئی تھی تمام جگہ تلاش کی یہاں تک کہ گھڑے میں بھی تلاش کی کسی نے پوچھا کہ گھڑے میں تھالی کیسے آسکتی ہے بقال نے کہا کہ یہ تو میں بھی جانتا ہوں مگر احتیاطاً دیکھ لینا اچھا ہے۔ شاید اس تقریر سے ایک نہایت کارآمد اور قابل قدر مضمون معلوم ہوا وہ یہ کہ قرآن و حدیث کا اصلی مذاق یہ ہے

کہ اُس میں انہیں اشیاء سے بحث ہے کہ جس میں ابتلاء واقع ہے جیسا طبیب کا معاملہ مریض کے ساتھ اور یہ مذاق نہیں کہ تمام شکوک محتملہ بعیدہ کو دفع کیا کرے جیسا مدرس کا خطاب طلبہ سے ہوتا ہے کہ عبارت میں جس قدر شکوک ہوتے ہیں سب کو دفع کرتا ہے حتیٰ کہ ایسے شکوک کو بھی دفع کرتا ہے کہ ان کی طرف ذہن بھی بمشکل منتقل ہوتا ہے غرض یہ کہ قرآن وحدیث بمنزلہ کتب طب کے ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم بمنزلہ طبیب کے نہ کہ قرآن وحدیث بمنزلہ کتب درسیہ کے ہوں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم بمنزلہ مدرس کے اسی لئے جو لوگ منطق و فلسفہ پہلے پڑھتے ہیں اوران کا مذاق فلسفی ہوجاتا ہے وہ قرآن وحدیث کو بھی اسی نظر سے دیکھتے ہیں پھر اس میں اشکال پیدا کرتے ہیں اور سمجھنے میں ان کو دقّت واقع ہوتی ہے کیونکہ مذاق ان کا بدل جاتا ہے۔ جیسے کہ ایک مولوی صاحب معقول پڑھ کر ایک محدث کی خدمت میں پڑھنے گئے ترمذی میں حدیث آئی لَا يَقْبَلُ اللهُ صَلٰوةً بِغَيْرِ طُهُوْرٍ (حق تعالےٰ بغیر پاکی کے نماز قبول نہیں فرماتے) توان مولوی صاحب نے شبہ کیا کہ یہ حدیث تو اس کو بھی عام ہے کہ اگر نماز پڑھ کر کوئی وضو کرے تو چاہیے کہ وہ قبول ہو تو وجہ اس لغو شبہ کی یہی ہے کہ اُن کا مذاق فلسفہ و منطق سے بدل گیا تھا احتمالات عقلیہ کو گو وہ شرعاً محتمل نہ ہوں حدیث و قرآن میں بھی جاری کرتے تھے۔
حالانکہ شارع کے احکام میں عادات و واقعات پر زیادہ نظر ہے اسی لئے شریعت کو وہ زیادہ سمجھے گا جو عادات ناس سے واقفیت رکھتا ہوگا اس لئے کہ شارع نے ہمارے ان ہی امراض کا جس میں ابتلاء ہے علاج بیان فرمایا ہے۔ چنانچہ اس حدیث شریف میں بھی ایسے ہی ایک مرض کا جس میں ابتلاء تھا علاج فرمایا ہے اور وہ مرض یہ ہے کہ مخلوق نے مطمع نظر ایک ایسی شئے کو بنا رکھا ہے جس پر خالق کی بالکل نظر نہیں

اور مطروح النظر ایسی شئے کو بنا رکھا ہے جس پر خالق کی نظر ہے اس لئے ضروری ہوا کہ اس غلطی پر متنبہ کیا جاوے تاکہ علاج کیا جاوے اور اس وقت اس حدیث کے ہمارے اختیار کرنے کی وجہ بھی یہی ہے کہ ہم دیکھتے ہیں کہ اس مرض میں عام طور سے ابتلا ہے اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے جو اپنے زمانہ خیریت نشانہ میں یہ مضمون فرمایا حالانکہ اس وقت غالب خیر تھی تو آیندہ کے لحاظ سے فرمایا کیونکہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم تو قیامت تک کے لئے سب کے طبیب ہیں اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے احکام تمام واقعات شدنی کے متعلق ہیں چنانچہ قیامت تک کوئی مرض کوئی عمل کوئی قول کوئی فعل ایسا نہیں ہوگا جس کے متعلق شریعت میں حکم موجود نہ ہو۔ کیونکہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی شان تو یہ ہے کہ فرماتے ہیں اُوْتِیْتُ عِلْمَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ (مجھ کو اولین اور آخرین کا علم دیا گیا ہے) اور فرماتے ہیں اَدَّبَنِیْ رَبِّیْ فَاَحْسَنَ تَادِیْبِیْ وَعَلَّمَنِیْ رَبِّیْ فَاَحْسَنَ تَعْلِیْمِیْ (مجھ کو میرے رب نے ادب دیا پس میرا ادب دینا اچھا ہوا مجھ کو میرے رب نے تعلیم دی پس اچھی ہوئی تعلیم میری) اور یہاں سے شریعت کی وسعت معلوم ہوگئی ہوگی کہ شریعت اسلامی کے سوا کوئی قانون ایسا نہیں کہ جس میں تمام واقعات جو قیامت تک ہونے والے ہیں سب کا حکم موجود ہو اگر کوئی کہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی بعض مسائل کے متعلق لَا اَدْرِیْ (مجھ کو معلوم نہیں) فرمایا ہے تو جواب یہ ہے کہ لَا اَدْرِیْ اُس وقت تک تھا کہ جب تک شریعت کی تکمیل نہیں ہوئی تھی اور جب آیۃ اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ (میں نے آج کے دن تمہارے لئے دین کو کامل کر دیا) نازل ہوئی اور شریعت من کل الوجوہ مکمل ہوگئی پھر کوئی حکم غیر مبین نہیں رہا سب مبین ہوگئے اور

مبین ہونے کے یہ معنی نہیں کہ بالتخصیص ہر ہر واقعہ کا حکم بیان فرمایا ہو بلکہ مطلب یہ ہے کہ قواعد کلیہ ایسے فرمائے جن سے تمام واقعات کے احکام مستنبط ہوتے ہیں چنانچہ حضرت ابن مسعودؓ نے بدن گودنے والے پر جولعنت فرمائی تو ایک عورت نے دریافت کیا کہ قرآن میں تو یہ حکم ہی نہیں حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا کہ اگر تو قرآن پڑھتی تو اس میں یہ حکم پاتی کیا تو نے قرآن میں پڑھا نہیں مَا اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا یعنی جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تم کو دیں (یعنی کسی شے کا امر فرمادیں) اُس کو لو اور جس شے سے منع فرماویں اُس سے باز رہو۔ اور جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بدن گودنے والے پر لعنت فرمائی ہے پس یہ حکم بھی من اللہ ہوا اسی طرح سے آجکل جو اخباروں میں لکھا جاتا ہے کہ ڈاڑھی رکھنے کا حکم قرآن میں ہی نہیں یہ مولویوں کی گھڑت ہے یہاں سے اس کا جواب بھی معلوم ہو گیا کہ اگرچہ قرآن میں تصریحاً نہیں ہے لیکن جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تو امر فرمایا ہے اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم کا فرمایا ہوا اللہ تعالے ہی کا فرمایا ہوا ہے ؎

گفتۂ او گفتۂ اللہ بود　　گرچہ از حلقوم عبداللہ بود

(ان کا فرمان اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے اگرچہ اللہ کے بندہ (یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کے منہ سے نکلا ہے)

آپ کی شان یہ ہے ؎

درپس آئینہ طوطی صفتم داشتہ اند　　انچہ استاد ازل گفت بگو آں گویم

(آئینہ کے پیچھے مجھے طوطی کی طرح رکھا ہے جو کچھ استاد ازل نے کہا تھا وہی میں کہہ رہا ہوں)

پس اس قاعدے سے ڈاڑھی رکھنے کا حکم بھی قرآن میں مذکور ہو گیا اور یہاں

سے ایک اور ضروری بات ثابت ہوئی وہ یہ کہ جب معلوم ہو گیا کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کا فرمایا ہوا گویا اللہ تعالے کا فرمایا ہوا ہے تو اب ہم کو اپنی حالت میں غور کرنا چاہئے کہ ہمارا معاملہ حق تعالے کے اوامر کے ساتھ کیسا ہے سو تجربہ سے ایک قاعدہ دیکھا جاتا ہے کہ ہمارے آپس میں اوامر کے ساتھ دو قسم کا برتاؤ ہے ایک یہ کہ بعض امر کا امر سنکر تو ہم اُس میں حجت اور حیلہ نکال سکتے ہیں اور بعض مرتبہ صاف انکار بھی کر دیتے ہیں اور بعض آمر کا امر سُن کر ہم سر نگوں اور دم بخود رہ جاتے ہیں اور بجز تسلیم وانقیاد کے کچھ چارہ نہیں ہوتا اور ہماری حالت یہ ہوتی ہے جیسا کہ شیخ نظامی نے کہا ہے ؎

زباں تازہ کردن باقرارتو　　　نینگیختن علت از کارتو

(آپ کی ربوبیت کا اقرار کرنا آپ کے کاموں میں علتیں نکالنے کو مانع ہے)

پس غور کرنا چاہئے کہ اس فرق کی وجہ کیا ہے کہ کسی آمر کے ساتھ یہ برتاؤ اور کسی کے ساتھ دوسرا تو مابہ الفرق تامل کے بعد عظمت اور عدم عظمت معلوم ہوتا ہے جس آمر کی ہمارے قلب میں عظمت ہوتی ہے اُس کے آمر کے سامنے ہم سر تسلیم خم کر دیتے ہیں اور اس میں کوئی شبہ نہیں پیدا ہوتا اور جس کے قلب میں عظمت نہیں ہوتی اس کی کچھ پروا نہیں کرتے عظمت وہ شے ہے کہ زبان پر مہر لگا دیتی ہے بلکہ زبان تو کیا قلب میں بھی اُس امر کے متعلق شبہ تک نہیں آتا بلکہ اگر دوسرا کچھ وسوسہ پیش کرتا ہے تو اس کو یوں دفع کیا جاتا ہے کہ میاں یہ ایک جلیل القدر کا امر ہے ضرور ضرور اس میں کچھ مصلحت ہوگی ورنہ ایسا شخص اس کا امر ہی کیوں کرتا گو وہ مصلحت ہماری سمجھ میں نہ آوے مثلاً ابشام

قیمتی عہ ر کا خرید کر اگر ہم ڈاک خانہ میں چھوڑ دیں اور اس پر ڈاک کا ٹکٹ نہ لگاویں تو وہ بیرنگ ہو جاوے گا اور لہ ر کا لفافہ بیرنگ نہیں ہوتا حالانکہ اس کی قیمت اور اس کی قیمت میں ۱۵. کا فرق ہے سوظاہراً یہ بالکل خلاف قیاس ہے مگر اس کے متعلق کبھی سوال تک نہیں کیا جاتا ہے کہ اس کی کیا وجہ ہے بلکہ بلا وسوسہ وشبہہ تسلیم کر لیتے ہیں اور شب و روز اس پر عمل درآمد ہے کبھی کسی کی زبان پر تو کیا دل میں بھی شبہ نہیں ہوتا علیٰ ہذا دیگر احکام حکام میں بھی کبھی کوئی شک واعتراض نہیں کرتا اور اگر بالفرض کوئی اسٹام کے متعلق شبہ بھی کسی کے سامنے پیش کرے تو اول تو اس شخص کو پاگل اور احمق سمجھیں گے کہ کیا سوال کرتا ہے اور پھر جواب بھی دیں گے کہ قانون اسی طرح ہے اور اس مجیب کو اس جواب غیر مفصل وغیر مدلل کی وجہ سے یوں نہ کہیں گے کہ جواب سے عاجز ہے بلکہ ہر شخص سمجھے گا کہ جواب کافی ہو گیا تو اس تسلیم وانقیاد کی وجہ بجز عظمت کے کیا ہے چونکہ حکام کی عظمت قلوب میں راسخ و متمکن ہوتی ہے اس نے زبان بلکہ قلب پر مہر لگا دی اور سوائے آرے بلیٰ نعم کے لا اور نہ زبان پر نہیں آسکتا جب یہ قاعدہ ثابت ہو گیا تو اب میں سخت حیرت اور تعجب میں ہوں کہ اللہ اکبر ایک ادنیٰ حاکم مجازی فانی عاجز اپنے ہم جنس کے حکم کے سامنے ایسے مجبور اور جماد محض بن جاتے ہیں اور احکم الحاکمین حاکم حقیقی قادر مطلق (کہ اگر چاہے تو ایک دم میں سب کو برباد و ہلاک کر دے) اس کے امر میں لم اور علت اور حکمت پوچھی جاتی ہے افسوس صد افسوس

لہ جب یہ وعظ ہوا ہے اس وقت لفافہ ر کا تھا۔

کوئی پوچھتا ہے کہ صاحب عن الفرار فی الطاعون (طاعون میں فرار کرنا) کی کیا وجہ ہے کوئی صاحب تشبہ کے مسئلہ میں گفتگو کرتے ہیں حتیٰ کہ روزہ نماز حج وزکوٰۃ مواریث سب احکام میں اپنی رائے کو دخل دیتے ہیں نعوذ باللہ ع ببیں تفاوت رہ از کجاست تا بکجا۔ (دیکھو راستہ میں تفاوت کہاں سے کہاں تک ہے) احکام شرعیہ میں جو بیجا سوالات کئے جاتے ہیں اس سے یہ ثابت، نہیں ہوتا کہ ان احکام کی دل میں عظمت ہے اور اس سائل سے زیادہ مجیبین زمانہ پر حیرت ہوتی ہے کہ آجکل مجیبین نے یہ شیوہ اختیار کرلیا ہے کہ وہ سائلین کے مذاق کے تابع ہو گئے ہیں جو شخص جس حکم کی حکمت اور علّت کو پوچھتا ہے اس کو کچھ نہ کچھ علت اور حکمت بتلانا ضروری سمجھتے ہیں اور اگر معلوم نہیں ہوتی تو گھڑ کر کچھ بتاتے ہیں یہ جواب کیوں نہیں دیا جاتا کہ یہ قانونِ الٰہی ہے جیسا کہ حکام مجازی کے حکم کی تعمیل کے متعلق کہا جاتا ہے افسوس معلوم ہوتا ہے کہ احکم الحاکمین کی عظمت کو حاکم مجازی سے بھی کم سمجھ لیا ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ سائل کے دل میں تو ظاہر ہے عظمت نہیں مجیب صاحب کے قلب میں بھی نہیں ہے کیونکہ عظمت اگر ہوتی تو وہی جواب دیتے جو اسٹام کی مثال میں گذرا کہ بس چپ رہو قانون اسی طرح ہے ہم اس کے سوا کچھ نہیں جانتے اور جب حاکم مجازی کے بہت سے احکام کے اسرار اور حکمتیں اور مصلحتیں ہم کو معلوم نہیں اور نہ ہوس ہوتی ہے تو پھر حاکم حقیقی کے اسرار معلوم کرنے کے درپے کیوں ہوتے ہیں اور جب ایک ادنیٰ آدمی اپنے نوکروں کو اپنی خانگی معاملات کے اسرار نہیں بتاتا تو حق تعالےٰ جل وعلا شانہ باانیہمہ عظمت اپنے مخلوق و مملوک کو کیوں اسرار بتادیں اس لئے عارف شیرازی فرماتے ہیں ؎

(حدیث) از مطرب و مے گو راز دہر کمتر جو کہ کس نکشود و نکشاید بحکمت این معمارا

(مطرب دمے یعنی عشق و محبت کی باتیں کرو زمانہ کے بھید اور اسرار کی ٹوہ میں مت لگو کیونکہ یہ عقیدہ حکمت سے نہ کسی نے حل کیا نہ کوئی حل کر سکے گا)

اس زمانہ میں بہت لوگ علل اور حکم کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں بہت غور و خوض کے بعد اگر کوئی بات کسی حکم کے متعلق سمجھ میں آ گئی تو اس پر بے انتہا اتراتے ہیں فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ (جو علم ان کو حاصل ہے اس پر وہ خوش ہیں) حالانکہ وہ حقیقی اسرار کے مقابلہ میں کوئی چیز نہیں ؎

بحر لیست بحر عشق کہ ہیچش کنارہ نیست آنجا جز اینکہ جاں لسپارند چارہ نیست

(بحر عشق ایسا بحر ہے جس کا کوئی کنارہ نہیں اس میں بجز جان دے چارہ نہیں ہے)

خود اہل سائنس میں جو وسیع النظر ہیں معترف ہیں کہ دریائے سائنس میں سے ابھی ایک قطرہ پر بھی ہم کو دسترس نہیں جب اسرار مخلوق پر ان لوگوں کو ابھی تک عبور نہیں ہوا تو خالق کے اسرار اور علل کیسے سمجھ سکتے ہیں اور اگر غور و خوض کے بعد کوئی علۃ کسی کی سمجھ میں بھی آ گئی تو ظاہر ہے کہ منصوص تو نہیں ہے کیونکہ ان کی ہی طبع زاد ہے پس وہ خود ظنی اور تخمینی ہو گی پس اگر احتمالاً کوئی شخص منکر ان کی علۃ مخترعہ کو باطل کر دے تو چونکہ اس مجیب نے اُس کی علۃ اور مدار حکم ہونے کا اعتراف کر لیا ہے پس اس کے انہدام سے وہ حکم شرعی بھی منعدم ہو گیا پس ان بزرگوں نے علل مخترعہ نکال کر اور ان کو مدار حکم ٹھہرا کر تمام شریعت ہی کو اصل سے منہدم کر دیا۔ سچ ہے ؏

دوستی بیخرد چوں دشمنی است ٭ (نادان کی دوستی مانند دشمنی کے ہے)

ایسے ہی محققین من الحقہ کی بدولت اسلام پر انواع انواع کے اعتراض ہو رہے ہیں تو حضرت اسلام آپ کی ایسی ہمدردی سے مستغنی ہے اسلام خود ایسا روشن اور ثابت ہے کہ اس کو ایسے تخمینات سے

ثابت کرنے کی ضرورت نہیں ہے ع فِیْ طلعۃِ الشمس مَا یُغِیْنُکَ عَنْ زُحَلٍ آفتاب جس کے سامنے ہو وہ زحل کو لے کر کیا کرے گا۔
ع آفتاب آمد دلیل آفتاب ٭ (آفتاب کا نکلنا ہی آفتاب کی دلیل ہے)
پس جب کوئی تم سے پوچھے کہ فلاں حکم کی کیا علت ہے بے تکلف کہدو کہ ہم نہیں جانتے کیا علت اور حکمت ہے پس حکم خدائے تعالیٰ کا ہے جیسا کہ فرشتوں نے عرض کیا تھا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ یعنی تو پاک ذات ہے ہم کو کچھ علم نہیں مگر وہ جو آپ نے ہم کو سکھا دیا بیشک آپ ہی باخبر اور حکمت والے ہیں یہی طریق ہم کو اختیار کرنا چاہیئے کیونکہ ظاہر ہے کہ ہمارا علم ناقص فرشتوں کے علم سے تو زیادہ نہیں جب انھوں نے تفویض محض سے کام لیا اور اپنی رائے کو دخل نہیں دیا تو ہم کون ہیں دخل درمعقولات دیں بس یہ جواب کافی ہے حضرات صحابہ باانہمہ فضل وکمال مناظرۂ کفار میں جو بات معلوم نہ ہوتی صاف فرما دیتے کہ ہم نہیں جانتے ہم اپنے پیغمبر (صلے اللہ علیہ وسلم) سے پوچھ کر بتا دیں گے اور بھی خوبی کی بات ہے بلکہ اس میں احکام کی زیادہ عظمت ظاہر ہوتی ہے۔ ایک حکایت یاد آئی ایک آریہ نے دعوےٰ کیا کہ ہم اپنے مذہب کے ہر جز کی بنا عقل سے بتلا سکتے ہیں اور مسلمان ایسا نہیں کر سکتے میرے ایک عزیز نے جواب دیا کہ بس اسی سے معلوم ہوا کہ تمہارا مذہب کسی مخلوق کا بنایا ہوا ہے کہ دوسرا مخلوق اس کے اسرار تک پہنچ سکتا ہے اگر خالق کا فرمایا ہوا ہوتا مخلوق کہیں تو ادراک اسرار سے عاجز ہوتا آجکل ایسے لوگ زیادہ ہیں کہ علم تو خاک نہیں مگر مناظرہ اور مباحثہ میں قدم رکھتے ہیں اور بعض آریوں سے بعض شیعوں سے بعض عیسائیوں سے مناظرہ شروع کر دیتے

ہیں اور جب ان کے ایسے سوالات کے جواب میں خود احکام کی وجہ سمجھ میں نہیں آتی تو علماء سے پوچھتے پھرتے ہیں مگر یہ نہیں کہا جاتا کہ ہم نہیں جانتے علماء سے پوچھ لو سو دین کو ایسا ارزاں بنا رکھا ہے کہ اُس کے جاننے کا ہر شخص مدعی ہے اور فنون میں تو یہ کہتے ہوئے شرم اور عار نہیں آتی کہ ہم اس بات کو نہیں جانتے مگر دین ایسا ہوگیا کہ ہر شخص مدعی ہے کہ میں بھی مجتہد ہوں اور بےخبری کے اقرار سے عار ہے حاصل یہ کہ اسرار کی تفتیش دلیل اس کی ہے کہ حق تعالےٰ کی عظمت پیش نظر نہیں ہے اگر عظمت پیش نظر ہوتی تو احکام میں کاوش اور ان کی علل سے سوال کرنا تو کیا اس کا دسوسہ تک بھی نہ گذرتا چنانچہ جن کے دل میں عظمت ہوتی ہے ان کے دل میں ہرگز وسوسہ نہیں آتا یعنی ایسا وسوسہ جو عقیدہ کے مرتبہ میں ہو اور جو محض خطرہ کے مرتبہ میں ہو وہ منافی عظمت کے نہیں بلکہ وہ تو علامت کمال ایمان کی ہے چنانچہ صحابہ رضی اللہ عنہم کو ایسے وساوس آجاتے تھے اور جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے جب آکر عرض کیا کہ یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہم کو ایسے خطرات گذرتے ہیں کہ ہم جل کر خاک سیاہ ہوجاویں تو اس کی تکلم سے اس کو بہت جانتے ہیں حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَوَجَدْتُمُوْہُ فَذَالِکَ صَرِیْحُ الْاِیْمَانِ یعنی کیا تم ایسے خطرات کو اپنے قلوب میں پاتے ہو یہ تو صریح ایمان ہے اور یہ فرمایا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ رَدَّ کَیْدَہٗ اِلَی الْوَسْوَسَۃِ یعنی اللہ کا شکر ہے کہ شیطان کے مکر کو وسوسہ کی طرف پھیر دیا اعمال اور عقائد تک اُس کو دسترس نہیں ہوئی اہل سلوک کو بھی بعض مرتبہ ایسے وساوس آتے ہیں کہ خودکشی کرنی آسان معلوم ہوتی ہے چنانچہ جو ان میں جاہل ہیں وہ خودکشی کر بھی لیتے

ہیں اور جو واقف ہیں وہ صبر کرتے ہیں اور راز اور علت وسوسہ کی یہ ہے کہ جب سالک اللہ کی راہ میں قدم رکھتا ہے تو شیطان کو بڑا رنج ہوتا ہے اور چاہتا ہے کہ اس کو ضرر پہنچاؤں اول نماز روزہ فرائض واجبات کے ترک کی کوشش میں لگتا ہے کہ دینی ضرر ہے جب جانتا ہے کہ اس میں مجھ کو کامیابی نہ ہوگی اس وقت جسمانی ضرر اور پریشانیوں کو غنیمت سمجھ کر اس کے گوشِ قلب میں بُرے بُرے وسوسہ پھونکتا ہے سالک اس سے پریشان ہوتا ہے اور رنج کرتا ہے کہ اللہ اکبر میرے تو ایمان ہی میں نقص ہے کہ مجھ کو ایسے خطرات گذرتے ہیں حالانکہ ان وسوسوں کا آنا اس کو مطلق مضر نہیں ہاں موجب پریشانی کا ہے اور پریشانی کا موجب بھی اس سبب سے کہ اس میں ایک غلطی ہوتی ہے وہ یہ کہ سالک سمجھتا ہے کہ یہ وسوسہ میرے قلب سے پیدا ہوتے ہیں منشار ان کا میرا قلب ہے حالانکہ یہ غلط ہے منشا اُس کا شیطان ہے کیونکہ وہی قلب میں پھونکتا ہے قلب محض محل اور گذرگاہ وسوسہ ہے اس راز کے سمجھنے اور ذہن نشین ہونے کے بعد انشاءاللہ مطلق پریشانی نہ ہوگی بلکہ وسوسہ ہی کی جڑ کٹ جاوے گی کیونکہ شیطان وسوسہ اس کے پریشان کرنے کے لئے ڈالتا ہے جب وہ پریشان ہی نہ ہوگا وہ وسوسہ ڈالنا چھوڑ دے گا تو یہ علمی علاج ہے کہ جب وسوسہ آوے اَعُوْذُ بِاللہِ پڑھے کیونکہ یہ ثابت ہوچکا ہے کہ یہ فعل شیطان ہے اور تعوذ سے بلکہ مطلق ذکر سے شیطان دفع ہوتا ہے و نیز جب ذکر کی طرف خوب متوجہ ہوگیا اور کامل توجہ دو طرف ہوتی ہیں تو وسوسہ کی طرف التفات نہ رہے گا اور بالفرض اگر اس پر بھی وسوسے آویں اور دفع نہ ہوں اور بالاضطرار پریشانی

ہو تو یہ بھی ایک مجاہدہ ہے تب بھی نفع ہی ہوا اس لئے رنج نہ کرے اور جو شخص اسی فکر میں لگا رہے کہ وسوسے دفع ہوں اور عبادت و ذکر اللہ میں مزا آوے جیسا کہ آجکل اکثر اہلِ سلوک کا حال ہے تو سمجھنا چاہئے کہ یہ شخص اپنے مزے کے لئے ذکر کرتا ہے رضائے حق کے لئے نہیں کرتا ؎

بس زبون وسوسہ باشی ولا گر طرب را باز دانی از بلا

(تم بالکل مغلوب وساوس سمجھے جاؤ گے اگر محبوب کے طرب وبلا میں فرق سمجھو گے)

گر مرادت را مذاق شکر است بے مرادی نے مرادِ دلبر است

(مراد کا مزہ شیریں ہے تو کیا بے مرادی دلبر کی مراد نہیں ہے)

دوسرا علاج وسوسہ کا مطلق ذکر اللہ ہے جیسا اوپر بھی اشارہ ہوا سو جب وسوسہ آوے ذکر اللہ شروع کر دے حدیث میں ہے اِذَا ذَکَرَاللّٰہُ خَنَسَ یعنی جب مومن ذکر اللہ کرتا ہے تو شیطان ہٹ جاتا ہے وَاِذَا غَفَلَ وَسْوَسَ (جب غافل ہوتا ہے تو وسوسہ ڈالتا ہے) اوپر اس کے عقلی لم بھی مذکور ہوئی ہے اور وسوسہ آنے کی ایک حکمت یہ بھی ہے کہ اس میں حق تعالےٰ کی طرف سے سالک کا امتحان ہے کہ اس کی عبادت حظ نفس کے لئے تھی یا یہ کہ اس کشاکشی اور بے لطفی میں بھی عبادت کرتا ہے اور یہ کہ اس وسوسہ کے وقت کس طرف متوجہ ہوتا ہے بعض تو جب شیطان وسوسہ ڈالتا ہے اُس سے مناظرہ میں مشغول ہو جاتے ہیں سو ایسا شخص عارف نہیں ہے اگر عارف ہوتا تو اس طرف ہرگز متوجہ نہ ہوتا جیسا کہ شیخ علیہ الرحمہ نے حکایت نقل فرمائی ؎

چہ خوش گفت بہلول فرخندہ خو چو بگذشت برعارف جنگجو

گراین مدعی دوست بشناختے  بہ بیکار دشمن نہ پرداختے

(بہلول مبارک خصلت نے کیا اچھی بات کہی جبکہ وہ ایک عارف جنگ جو پر گذرے اگر اس مدعی کو اللہ تعالیٰ کی معرفت ہوتی تو دشمن کے ساتھ لڑائی میں مشغول نہ ہوتا)

لہٰذا ان وسوسوں سے ہرگز پریشان نہ ہو اور کام میں لگا رہے آج کل یہ بھی اہل سلوک کو خبط ہو گیا ہے کہ مزہ کے طالب ہیں یہ چاہتے ہیں کہ ذکر میں کوئی وسوسہ نہ آوے اور مزہ آوے طالب صادق کی ہرگز یہ شان نہیں صادق وہی ہے مزہ آوے یا نہ آوے کلفت ہو یا راحت ہو ہر حالت میں طالب رضا کا ہو مولانا فرماتے ہیں ؎

روز ہا گر رفت گو رو پاک نیست  تو بماں اے آنکہ چوں تو پاک نیست

(یعنی ایام تلف ہونے پر حسرت نہ کرنا چاہئے اگر گئے بلا سے گئے عشق جو اصلی دولت ہے اور سب خرابیوں سے پاک ہے اس کا رہنا کافی ہے)

واردات اور کیفیات کو اصطلاح صوفیہ میں روز بھی کہتے ہیں فرماتے ہیں کہ اگر واردات اور کیفیات جاتی رہیں کہدو جاؤ کچھ حرج نہیں اے پاک ذات تو رہ کہ تیرے مثل کوئی پاک نہیں ہے یعنی تیری رضا مطلوب ہے وہ فوت نہ ہونی چاہیئے لہٰذا اصل مقصود کیفیت اور مزہ کو نہ بنانا چاہیئے رضا کو مقصود بناوے سرمد کیا خوب فرماتے ہیں ؎

سرمد گلہ اختصار می باید کرد  یک کار ازیں دو کار می باید کرد
یا تن برضائے دوست می باید کرد  یا قطع نظر زیار می باید کرد

(اے سرمد شکوہ شکایت مختصر کر اور دو کاموں میں سے ایک کام کر یا تو تن کو دوست کی خوشنودی حاصل کرنے کے وقف کر یا دوست سے قطع نظر کرلے)

اور محب کی تو یہ شان ہونی چاہیئے ؎

زندہ کنی عطائے تو ور بکشی فدائے تو
دل شدہ مبتلائے تو ہرچہ کنی رضائے تو

(زندہ کریں آپ کی عطا ہے اور قتل کریں آپ پر فدا ہوں
دل آپ پر فدا ہے جو کچھ کریں اس پر میں راضی ہوں)

پس جس حالت کو وہ سالک کے لئے پسند فرما دیں اس پر راضی رہے کیونکہ حق تعالےٰ عالم الغیب والشہادۃ ہے اور اپنے بندوں کے حال سے خوب واقف ہیں بعضوں کی تربیت کا یہی طریقہ ہے کہ ان کو ہمیشہ پریشانی انقباض رنج میں مبتلا رکھیں سب کو تو ہر امر میں محبوب کی رضا جوئی کرنا چاہیئے مثلاً اگر کوئی محبوب محب سے یہ کہے کہ اگر تم کو ہماری رضا مطلوب ہے تو باہر دروازہ پر بیٹھے رہا کرو اور ہم کو مت دیکھا کرو جناب اگر سچا محب ہے تو دل و جان سے امتثال کرے گا اور اگر ہوسناک ہے تو صبر نہ آوے گا اور مبتلائے ناراضی محبوب ہوگا غرض یہ ہے کہ سالک کو مختلف حالتیں پیش آتی ہیں کبھی جمعیت ہے کبھی پریشانی کبھی غیبت ہے نہ بمعنے نسیان بلکہ بمعنے عدم دلچسپی اور کبھی حضور ہے اور یہ جملہ حالات محمود ہیں اس لئے کہ گو یہ بظاہر غیبت ہے مگر فی الواقع یہ بھی حضور کی ایک ہیئت ہے پس رضائے محبوب اس میں بھی ہے اور یہی مطلوب ہے اور اگر حضور اصطلاحی ہو اور رضا نہ ہو تو وہ بظاہر حضور ہے لیکن حقیقۃً غیبت ہے الحاصل کبھی حضور برنگ غیبت ہوتا ہے کبھی غیبت برنگ حضور ہوتا ہے کبھی قرب بصورۃ بُعد ہوتا ہے کبھی بُعد بصورت قرب ہوتا ہے اس کی مثال ہمارے معاملات دنیوی میں ایسی ہے کہ ایک شخص تو وہ ہے جو پادشاہ وقت سے دور ہے مگر بادشاہ نے اس کو کسی عہدہ

جلیل القدر اور خطبات اعزازسے نوازا ہے اور شب و روز شاہی الطاف و عنایات اس پر متوجہ ہیں تو گو یہ شخص صورۃً بادشاہ سے بعید ہے مگر فی الحقیقۃ قریب ہے اور ایک وہ شخص ہے جو جرائم شاہی کا مرتکب ہے جس کی وجہ سے بادشاہ اُس سے سخت ناراض ہے اور حکم ہے کہ جہاں اُس کو پاؤ گرفتار کرلو چنانچہ حسب الحکم شاہی وہ بادشاہ کے رو برو حاضر کیا گیا پس یہ شخص گو ظاہراً قریب ہے مگر واقع میں یہ بعید اور مردود ہے حاصل یہ کہ ایسے وسوسوں سے پریشان نہ ہو کہ یہ قرب کے خلاف نہیں ہے بلکہ یہ شخص مقرب ہے اور واقع میں یہ وساوس بھی باطن قلب کے اندر نہیں ہوتے گو متوہم ایسا ہی ہوتا ہے مگر حقیقت میں بیرون قلب ہوتے ہیں جیسے کہ آئینہ کے باہر مکھی بیٹھ جاوے تو دیکھنے والے کو تو یہ معلوم ہوگا کہ یہ مکھی آئینہ کے اندر بیٹھی ہے حالانکہ وہ باہر ہے اسی طرح وسوسہ قلب کے باہر ہے قلب کے اندر جہاں ذکر اللہ ہو ان کی گنجائش نہیں ہے ایسے مومن کا قلب بالفعل محفوظ ہے ؎

عَذْلُ الْعَوَاذِلِ حَوْلَ قَلْبِيَ التَّائِہٖ وَهَوَى الْاَحِبَّۃِ مِنْہُ فِيْ سَوْدَائِہٖ

(ملامت گروں کی ملامت قلب کے اردگرد ہے اور احباب کی محبت سوداء قلب میں ہے)

اسی طرح قلب ذاکر میں وساوس کا گذر نہیں اور وہ جو اس کو معلوم ہوتا ہے وہ عکس وساوس کا ہے ایک بزرگ اس کے علاج میں فرماتے ہیں کہ جب وسوسے آویں خوب خوش ہونا چاہئے کیونکہ یہ علامت ہے ایمان کی لقولہ علیہ السلام ذَاكَ صَرِيْحُ الْاِيْمَانِ (یہ صریح ایمان ہے) چور گھر میں جب ہی آتا ہے جبکہ گھر میں مال ہو اسی

وجہ سے وساوس صالحین ہی کو آتے ہیں اور جو فسق و فجور میں مبتلا ہیں ان کو کبھی وسوسہ نہیں آتا اور مصلحت اس خوش ہونے میں یہ ہے کہ اس سے وسوسہ قطع ہو جاوے گا کیونکہ شیطان کا مقصود تو وسوسہ ڈالنے سے یہ ہے کہ یہ غم و حزن میں مبتلا ہو اور جب یہ برعکس خوش ہوتا ہے تو وسوسہ ڈالنا چھوڑ دے گا سبحان اللہ کیا علاج ہے یہاں سے حضرات صوفیہ و فقہاء کا کمال علمی معلوم ہوتا ہے کہ فلاسفہ سے یہ حضرات بدرجہا زیادہ ہیں اس لئے کہ فلاسفر اکثر اعیان اور محسوسات کے حقائق سے بحث کرتے اور یہ کوئی مشکل نہیں جو شئے ہمارے سامنے موجود ہے اس کو ہم کسر اد قطعاً و تحلیلاً و ترکیباً ہر طرح تحقیق کر سکتے ہیں اور جہاں معانی سے بحث کی ہے وہاں ٹھوکریں کھائی ہیں اور حضرات فقہا و صوفیہ معانی سے جو کہ غیر محسوس ہیں بحث کرتے ہیں اور ان کے علل و اسرار بیان کرتے ہیں اور آثار و نتائج سے صحیح ثابت ہوتے ہیں یہ نہایت مشکل ہے حاصل یہ ہے کہ ایسے وسوسوں کا آنا عظمت الٰہی کے خلاف نہیں ہے. گفتگو ان وسوسوں میں ہے جن پر مدار کا رکھے اور وہ مرتبہ عقیدہ میں ہو جاویں ایسے وسوسے اُسی کے دِل میں آویں گے جس کے دل میں عظمت نہ ہو جب مابہ الفرق عظمت ہوا پس عظمت حق تعالےٰ کی اور اس کے احکام کی دل میں پیدا کرنا چاہئے تاکہ یہ شبہات کہ وساوس مذمومہ ہیں قطع ہوں اور مراد احکام الٰہیہ سے خاص قرآن نہیں بلکہ حدیث و فقہ بھی اس میں داخل ہے پس جس طرح عظمت اللہ تعالےٰ کے احکام کی ضروری ہے اُسی طرح جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے احکام کی بھی عظمت ضروری ہے اس لئے کہ آپ کے احکام حقیقت میں خداوند تعالےٰ ہی کے احکام ہیں اور اِسی طرح احکام فقہیہ کی عظمت بھی

لازم ہے اس لئے کہ وہ سب احکام قرآن و حدیث ہی سے مستنبط ہیں اس لئے کہ جزئیات تابع کلیات کے ہوتے ہیں یہ نہ کہیں گے کہ اس جزئی خاص کا حکم بالتصریح مذکور نہیں ہے اس کی ایسی مثال ہے کہ پارلیمنٹ میں ایک قانون پاس ہوا اور وہ قانون ہندوستان میں آیا اب جب کبھی کوئی شخص اس قانون کا خلاف کرے گا اس کو وہی سزا دی جائے گی جو پاس ہو چکی ہے یہ ہرگز نہ کہا جاوے گا کہ خاص اس شخص کا واقعہ تو تعزیرات میں درج نہیں ہے کیونکہ یہ واقعہ بھی تو جزئی اسی کلی کے ہے اسی طرح فقہاء کتاب وسنت سے ایک علت سمجھ کر ایک کلیہ حاصل کرتے ہیں پھر اس کو تمام جزئیات کی طرف متعدی کرتے ہیں پس خواہ وہ حکم کتاب اللہ سے ثابت ہو یا سنت سے یا اجماع و قیاس سے سب حکم الٰہی ہے ؎

بہر رنگے کہ خواہی جامہ می پوش     من انداز قدت را می شناسم

(خواہ کسی ہی رنگ کا لباس پہن لو میں قد کے انداز سے پہچان لوں گا)

اسی واسطے فقہا نے کہا ہے اَلْقِیَاسُ مُظْهِرٌ لَا مُثْبِتٌ (قیاس حکم شرعی کو ظاہر کرنے والا ہے نہ کہ ثابت کرنے والا) پس جب تمام احکام فقہیہ کا احکام الٰہی ہونا معلوم ہو چکا اب اُس میں بھی چون و چرا کرنا اور اس کی علت دریافت کرنا نہایت بے ادبی ہے ہاں طالب علم اگر مستفیدانہ علت سے سوال کرے تو کچھ حرج نہیں مثلاً طبیب نے مریض کو ایک نسخہ لکھ کر دیا اگر مریض دریافت کرنے لگے کہ جناب آپ نے گل بنفشہ کا وزن ۵ ماشہ کیوں لکھا ہے طبیب غصہ ہوگا اور اس کو کان پکڑ کر نکال دے گا اور اگر کوئی طالب علم جو اس فن کو حاصل کرنے آیا ہے سوال کرے اس کے سوال کرنے سے خوش ہوگا اور بیان کرے گا پس عوام الناس کا علل واسرار سے سوال کرنا ایک بیہودہ حرکت ہے اور اگر معاندانہ سوال کرے تو سخت

بے ادبی اور قریب بکفر ہے افسوس ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ و سلم نے تو بیان احکام میں کیسی مشقتیں اٹھائیں انواع انواع کی تکالیف برداشت کیں اور ہماری خیر خواہی میں کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھا ہمارے روشن خیال بھائیوں نے اس کی یہ قدر کی کہ اُن احکام پر بجائے عمل کرنے کے ان میں اپنی رائے کو دخل دینے لگے کہ فلاں حکم عقل کے خلاف ہے فلاں موافق ہے چاہیئے تھا کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے شکر گذار ہوتے اور جب کوئی حکم ملتا سر آنکھوں پر رکھ کر عمل شروع کر دیتے پھر دیکھئے کہ وہ کیا نتیجہ دیتا غرض آپ کے ساتھ ایسا برتاؤ کرنا چاہیئے جیسا مریض ایک مشفق اور صادق طبیب سے کرتا ہے کہ اس کی ہر تجویز کو بلا چون و چرا اپنی مصلحت پر محمول کرتا ہے اور ممنون ہو کر عمل کرتا ہے سو اس حدیث میں بھی ہماری ضرورۃ و حالت موجودہ پر نظر فرما کر ارشاد فرمایا گیا ہے کیونکہ ہم اس بلا میں مبتلا ہو رہے ہیں اور یہی وجہ ہے اس حدیث کے اختیار کرنے کی سو یہ مرض جو حدیث میں بیان کیا گیا ہے ہم لوگوں میں آجکل رچ رہا ہے یعنی جس شئے پر ہم لوگوں کی نظر ہے اس پر حق تعالیٰ کی نظر نہیں اور جس پر حق تعالیٰ کی نظر ہے اس پر ہماری نظر نہیں لوگوں کا مطمح نظر تو صور اور اموال ہیں اور حق تعالےٰ کی اس پر نظر نہیں اور حق تعالےٰ کی نظر نیّات اور اعمال پر ہے اس پر مخلوق کی نظر نہیں اور یہ صریح مقابلہ ہے حق تعالےٰ کے ساتھ نعوذ باللہ من ذلک۔ صورۃ پر نظر تو یہ ہے کہ شب و روز یہ کوشش ہے کہ ہماری صورۃ ہمارا لباس ہماری وضع ہمارا طرز و انداز لوگوں کی نظر میں بھلا معلوم ہو ہر شخص کم و بیش اسی دھن میں ہے اور رات دن سوائے بناؤ سنگار کے کوئی مشغلہ نہیں میں یہ نہیں کہتا کہ تزیین ممنوع ہے تزیین مباح ہے مگر جب تک کہ اس میں

تجاوز عن الحدود اور انہماک نہ ہو اور جب انہماک ہوا تو وہ غفلت کا سبب ہو جاتا ہے اور تجاوز کا حکم تو ظاہر ہے غرض تزین کو منظور الیہ قرار دینا نہ چاہیئے اسی واسطے حدیث میں آیا ہے نَھَی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّرَجُّلِ اِلَّا غِبًّا (ایک دن چھوڑ کر کنگھی کرنے کے علاوہ روزمرہ کنگھی کرنے کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے) اور یہ بھی تجربہ ہے کہ جو لوگ شب و روز تزین میں مشغول رہتے ہیں کمال سے عاری ہوتے ہیں اس لئے کہ اگر ان میں کمال ہوتا تو اس میں مشغول ہونے سے اس طرف توجہ نہ ہوتی غرض ایسا تزین جس میں شب و روز مشغولی ہو منہی عنہ ہے اگرچہ ہیئت مباحہ سے بھی ہوتا اور مباحہ سے آگے بڑھ کر اوضاع منہی عنہا میں مبتلا ہو گئے ہیں۔ غیر اقوام کے لباس اور طرز کو پسند کرتے ہیں داڑھی کے دشمن ہیں اور قطع نظر جواز ناجواز سے اسلامی غیرت بھی تو اس کو مقتضی تھی کہ ہم اپنی وضع کو محفوظ رکھتے جیسے اور قومیں اپنی اپنی وضع کی پابند ہیں اور ہم کو دوسری قوموں سے امتیاز ہوتا مگر اب وہ غیرت اسلامی بھی اڑ گئی مابہ الامتیاز افعال اور ہیئت سو افعال کا امتیاز تو مدت ہوئی جاتا ہی رہا تھا الا ماشاء اللہ صرف امتیاز ہیئت کا باقی تھا سو افسوس ہے کہ اب وہ بھی رخصت ہوا شاید کوئی کہے کہ ہمارا ٹوپی سے امتیاز ہے جواب یہ ہے کہ اول تو یہ ٹوپی پنجاب میں ہندو بھی استعمال کرنے لگے ہیں اس لئے اس سے کچھ بھی امتیاز نہ رہا دوسرے یہ کہ اگر ٹوپی کسی وقت سر پر نہ ہو (جیسا کہ اکثر تعلیم یافتہ لوگوں کا شعار ہے) تو پھر امتیاز کس چیز سے ہوگا اس کو ضروری کہا جاوے گا کہ ہر وقت ٹوپی سر پر ہے جیسے مجھکو ایک حکایت یاد آئی۔ میرے یہاں ایک مہمان آئے ہیں نے اپنے ایک بھولے دوست سے کہا کہ دیکھو ان کو پہچان لو میں مکان سے ان کو کھانا بھیجوں گا کھلا دینا اس کے

بعد مکان سے کھانا آیا تو وہ مہمان میرے پاس بیٹھے تھے وہ دوست آکر کہنے لگے کہ کھانا تو آگیا مگر وہ معلوم نہیں کہاں ہیں میں نے کہا کہ یہ سامنے کیا بیٹھے ہیں تو کہتے ہیں کہ ان کے پاس چادر تو ہے نہیں میں نے مزاحاً ان مہمان سے کہا کہ آج سے یاد رکھئے آپ چادر ہر وقت اوڑھے رہیئے ورنہ کھانا نہ ملا کرے گا تو کیا چادر کی طرح ہر وقت ٹوپی سر پر رکھنا لازم ہوگا۔ غرض ٹوپی کوئی علامت نہیں ہے ذات کے اندر کسی علامت کا ہونا ضروری ہے سو وہ ڈاڑھی ہے اور دوسری علامت خارجی لباس اور بغیر ان دونوں علامتوں کے امتیاز نہیں ہوسکتا نہ تو صرف ڈاڑھی کافی ہے اس لئے کہ لڑکوں کے ڈاڑھی نہیں ہوتی اگر صرف ڈاڑھی کو ما بہ الفرق کہا جاوے تو لڑکوں کا امتیاز کس چیز سے ہوگا اور نیز بہت سی غیر قومیں بھی ڈاڑھی رکھتی ہیں ان سے امتیاز بجز لباس کے کسی چیز سے نہیں ہوسکتا اور نہ صرف لباس کافی ہے وہذا ظاہرٌ۔

غرض حمیت کا مقتضا یہ ہے کہ ہم اپنی وضع اسلامی کو محفوظ رکھیں بعض حضرات کہتے ہیں کہ ڈاڑھی رکھنے کا مسئلہ قرآن میں دکھلاؤ سو پہلے ثابت ہوچکا ہے کہ جو احکام احادیث سے ثابت ہوچکے ہیں وہ سب احکام الٰہی ہیں کیونکہ اتباع حدیث کا حکم خود قرآن میں ہے پس اس طور پر تمام احکام حدیث قرآن میں ہیں مگر آجکل عام طور سے یہ خبط ہے کہ کوئی کہتا ہے کہ قرآن سے دلیل لاؤ کوئی کہتا ہے حدیث سے دلیل لاؤ سخت افسوس ہے کہ اپنے اصول کو چھوڑ دیا خوب سمجھ لو کہ اصول شرعیہ چار ہیں۔ کتاب وسنت اجماع و قیاس ان کا دلائل ہونا دلائل عقلیہ وسمعیہ سے جب طے ہوچکا ہے پھر خاص یہ معنے ہوں گے کہ هٰذَا الْحُكْمُ ثَابِتٌ اِمَّا بِالْقُرْاٰنِ وَالسُّنَّةِ وَالْاِجْمَاعِ اَوِالْقِيَاسِ (یہ حکم قرآن سے یا حدیث یا اجماع امت سے یا قیاس سے ثابت ہے)

پھر ان ادلہ اربعہ میں سے جس دلیل سے ہم ثابت کر دیں گے حکم شرعی ہونا اس حکم کا

کا ثابت ہو جاوے گا۔ سائل کا یہ منصب نہیں کہ یہ کہے کہ صرف قرآن اور حدیث سے ثابت کرو اور ایسا سائل درپے مدعی اس امر کا ہے کہ قرآن و حدیث کے سوا اور کوئی دلیل حجۃ نہیں ہے جیسے کوئی شخص ہزار روپیہ کا دعوے عدالت میں دائر کرے اور گواہ پیش کرے تو مدعا علیہ کو یہ منصب نہیں ہے کہ کہے کہ میں ان گواہوں کی گواہی تسلیم نہیں کرتا جب تک فلاں فلاں گواہی نہ دیں گے میرے نزدیک حکم ثابت نہ ہوگا۔ عدالت سے سوال ہوگا کہ ان گواہوں میں تمہارے نزدیک کوئی جرح ہے مدعا علیہ کہے کہ جرح کچھ نہیں معتبر ہیں مگر میں تو فلاں فلاں کی گواہی تسلیم کروں گا اس کی یہ بکواس ہرگز معتبر نہ ہوگی اور عدالت سے ان ہی گواہوں پر فیصلہ ہوگا تاوقتیکہ کوئی جرح ثابت نہ کیا جاوے۔

پس شریعت میں جب چار گواہ تسلیم کر لئے گئے تو ہم حکم کو جس گواہ سے چاہیں گے ثابت کر دیں گے ہاں اگر گواہ میں یعنی ان دلائل کی صحۃ میں کوئی کلام ہو تو اُس کو طے کر لینا چاہیئے اور اس سے زیادہ مجیبین پر افسوس ہے کہ قرآن و حدیث سے اگر دلیل طلب کی جاتی ہے تو وہ اس کی فکر میں پڑ جاتے ہیں کہ قرآن و حدیث سے اس مسئلہ کو ثابت کریں اور نہیں ملتا تو پریشان ہوتے ہیں حالانکہ اس قید کے ساتھ جواب کا ضروری ہونا خود اصول کے خلاف ہے مگر جہل کا ایسا غلبہ ہو گیا ہے کہ حقیقی اور اصلی جواب پسند نہیں آتا اور جو اصول صحیحہ سے جواب دے وہ احمق گنا جاتا ہے اور جو خلاف اصول جواب دے وہ عاقل اور ہوشیار سمجھا جاتا ہے اس کے علاج کے لئے علم دین کی سخت ضرورت ہے سو بعض ہئیات تزین کا ناجائز ہونا یقیناً شرع سے ثابت ہے مگر وضع اسلامی کے ایسے دشمن ہوتے ہیں کہ اس میں طرح طرح کی چہ میگوئیاں کرتے ہیں بعض حضرات یہ بھی کہتے ہیں کہ مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ (جس نے جس قوم کا تشبہ اختیار کیا وہ اسی میں سے شمار کیا جائے گا) حدیث ضعیف ہے سبحان اللہ اچھے اچھے محققین پیدا ہوئے ہیں۔ حدیث کے ضعف اور قوۃ پہچاننے والے بھی آپ

ہیں خیر اگر تمہارے نزدیک یہ حدیث ضعیف ہی ہے تو دوسری احادیث تو یہ بھی تو موجود ہیں تشبہ کا منہی عنہ ہونا تو شروع میں متواتر المعنی ہو گیا ہے حدیث میں ہے کہ اللہ نے لعنت فرمائی ہے ان مردوں پر جو عورتوں کی شکل بنائیں اور ان عورتوں پر بھی لعنت فرمائی ہے جو مردوں کی شکل بنائیں جبکہ عورتوں کے ساتھ تشبہ غیر جائز ہے حالانکہ ہمارے ہیں اور عورتوں میں اسلامی شرکت ہے تو جہاں اسلامی شرکت بھی نہ ہو جیسے کفار اور ان کی وضع بنانا تو کیسے جائز ہوگا جو صاحب تشبہ کے مسئلہ میں گفتگو کرتے ہیں ان سے ہماری ایک التجا ہے اگر اس کو انھوں نے پورا کر دیا تو ہم آج ہی سے وعدہ کرتے ہیں کہ ہم ہرگز ان سے تشبہ کے مسئلہ میں گفتگو نہ کریں گے آپ تھوڑی دیر کے لئے اپنا لباس اتار دیجئے اور اندر دولت خانہ میں جا کر بیگم صاحبہ مکرمہ معظمہ کا کمخواب کا پاجامہ اور سرخ ریشمی کامدار کرتہ اور بنارسی دوپٹہ اور ہاتھوں میں چوڑیاں اور پائوں میں پازیب اور گلے میں ہار اور تمام زیوروں سے آراستہ پیراستہ ہو کر اور جہاں آپ کے دوست ہمچشم اور آپ کے بڑے چھوٹے بیٹھے ہوں وہاں تشریف لا کر تھوڑی دیر کے لئے ذرا کرسی پر اجلاس فرمالیجئے اگر آپ نے یہ حرکت کر لی تو ہم آپ کے تشبہ کے مسئلہ میں کبھی گفتگو نہ کریں گے مگر مجھے امید نہیں کہ کوئی صاحب اس پر راضی ہو جاویں بلکہ اگر ان کو ہزار روپیہ بھی دیں تب بھی راضی نہ ہوں گے اور عار سمجھیں گے تو بتلایئے یہاں انقباض اور ناگواری کا مبنی بجز تشبہ بالنساء کے کچھ اور بھی ہے افسوس ہے کہ عورتوں کی وضع بنانا تو عار ہے اور اعداء اللہ کی وضع بنانا گوارا ہے بعض لوگ پوچھا کرتے ہیں کہ اگر سب کفار مسلمان ہو جائیں تو کیا اس وقت بھی تشبہ ممنوع ہوگا جواب یہ ہے کہ اس وقت وہ تشبہ ہی نہ ہوگا کیونکہ وہ وضع اب وضع الکفار نہ رہی غرض یہ سب شعبے ہیں صورۃ آرائی کے یہ تو اپنی صورۃ پر نظر ہوئی اور دوسرے کی صورۃ پر نظر یہ ہوتی ہے کہ دوسرے کو دیکھتے ہیں کہ امیر ہے یا غریب کالا ہے یا گورا اچھا لباس پہنے ہوئے ہے یا برا لباس اور پھر معاملہ اس سے مختلف کرتے

ہیں جو عمدہ لباس پہنے ہوئے ہو اس کی تعظیم بھی ہوتی ہے وقعت بھی ہوتی ہے اگرچہ وہ کمال سے بالکل خالی ہو اور جو خستہ حالت میں ہے اگرچہ باکمال ہو اس کی پوچھ تک نہیں ہوتی اِسی طرح امرا کی بہت تعظیم ہوتی ہے غربا کو پاس تک نہیں آنے دیتے اور دین اہل کبیر کی ظاہری تعظیم سے مطلقاً منع نہیں کرتا بلکہ اس میں تفصیل ہے کہ تعظیم اگر دفعِ مضرت کے لئے ہو یا محض تالیف قلب کے لئے ہو تو جائز ہے اگر دنیا کے نفع کے لئے امرا کے سامنے جبہہ سائی کرے تو یہ ممنوع ہے حاصل یہ کہ آج کل اَلنَّاسُ بِاللِّبَاسِ (لوگ لباس سے پہچانے جاتے ہیں) پر عمل ہے اس لئے اہلِ علم کی قدر نہیں کیونکہ یہ بیچارے خستہ حالت میں رہتے ہیں لباس اور وضع کے اعتبار سے بھی مال کے اعتبار سے بھی غرض ہر طرح ظاہراً پستی کی حالت میں ہیں اِسی لئے اہلِ دنیا کی نظر میں پست خیال تاریک خیال سمجھے جاتے ہیں لیکن بخدا اگر ان اہل علم کو دین کا ذرا چسکا لگ جاوے تو یہ بھی دنیا اور اہل دنیا کی طرف تھوکیں بھی نہیں اور ان کی یہ کیفیت ہو جاوے ؎

ہمہ شہر پر زخوباں منم و خیال ماہے چہ کنم کہ چشم بدخو نہ کند بہ کس نگاہے

(تمام شہر حسینوں سے بھرا ہوا ہے میں ایک چاند ہی کے خیال میں محو ہوں کیا کروں کہ چشم بدخو کسی کی طرف نہیں دیکھتی)

اور یہی وجہ ہے جو علماء با عمل اور دیندار ہیں وہ دنیا کی طرف رُخ بھی نہیں کرتے اور نہ ان کو اپنے موجودہ حالت قلت دنیا پر حسرت ہوتی ہے کہ ہم نے یہ علم کیوں پڑھا تھا جس سے یہ پستی نصیب ہوئی مگر شرط یہی ہے کہ چسکا لگ جاوے غرض نہ ان کو حرمان عن الدنیا پر افسوس ہے اور نہ وہ تحصیل دنیا کی تدبیریں لگتے ہیں اور ہم نے بعضے دنیا داروں کو جو کہ دنیا کا علم پڑھتے ہیں دیکھا ہے کہ دین کی طرف آتے ہیں اور علوم دنیویہ چھوڑ چھوڑ کر علم دین پڑھتے ہیں اور جو پڑھ چکے ہیں ان میں بہت لوگ جو کہ بڑے بڑے عہدوں پر ہیں پچھتاتے

ہوئے اور علم دین حاصل نہ کرنے پر افسوس ظاہر کرتے ہوئے دیکھے گئے ہیں ایک لطیفہ یاد آیا ایک طالب علم انگریزی چھوڑ کر علمِ دین پڑھنے کے لئے آئے اُن سے کسی نے پوچھا کہ تم نے انگریزی کیوں چھوڑ دی کہا کہ میں نے چاہا کہ میں بھی جامۂ انسانیت پہن لوں سائل نے پوچھا کہ کیا اب تک تم جامۂ انسانیت پہنے ہوئے نہیں تھے کہا نہیں کیونکہ اَلنَّاسُ بِاللِّبَاسِ (لوگ لباس کو دیکھتے ہیں) مشہور مقولہ ہے اور لباس کی تعیین خدائے تعالےٰ نے فرمائی ہے وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ذٰلِكَ خَيْرٌ (تقویٰ اچھا لباس ہے) پس بدون تقویٰ کے جامۂ انسانیت میسر نہیں ہوتا پس دنیا سے بہتوں کا دین کی طرف آنا اور دین سے دنیا کی طرف ایک کا بھی نہ جانا کیا یہ دلیل نہیں ہے دین کے علو اور دنیا کی پستی کی مگر فاسد المذاق لوگوں نے حالت دینیہ کو پستی اور حالت غیر دینیہ کو علو قرار دیا ہے اور بالکل لباس پر نظر ہے اور غربا بیچارے خواہ باکمال ہوں یا بے کمال ان کو نظر انداز کر رکھا ہے اور اس پر عجب یہ کہ ہمدردی کا دعویٰ ہے افسوس دیکھئے جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم غربار کے ساتھ کس طور پر عنایت رحم دلی سے پیش آتے تھے اس مقام پر ایک حکایت یاد آئی حضرت زاہر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک صحابی ہیں گاؤں میں رہا کرتے تھے کبھی کبھی مدینہ طیبہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتے اور گاؤں کی چیزیں ہدیۃً حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کرتے تھے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کو شہر کی چیزیں مرحمت فرمایا کرتے اور یہ فرمایا کرتے کہ زاہر ہمارا گاؤں ہے اور ہم زاہر کے شہر ہیں۔ ایک مرتبہ حضرت زاہرؓ بازار میں چلے جاتے تھے حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے آکر پیچھے سے اُن کو آغوش میں پکڑ کر دبا لیا آنکھوں پر ہاتھ نہیں رکھا جیسا آجکل کرتے ہیں کیونکہ اس سے تو ایذا اور وحشت ہوتی ہے حضرت زاہرؓ بولے یہ کون ہے چھوڑ دو پھر جب معلوم ہوا کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم ہیں پھر تو انھوں نے غنیمت سمجھا کہ آج کا دن پھر کہاں نصیب اپنی پیٹھ کو حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے جسد اطہر سے خوب ملنا شروع کر دیا اس کے بعد حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے مزاحاً فرمایا کہ

کوئی ہے جو اس غلام کو خریدے حضرت زاہرؓ نے فرمایا کہ یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میرا گاہک کون ہے میں تو کم قیمت ہوں حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اللہ کے نزدیک تو کم قیمت نہیں ہو دیکھئے آپ ان کے ساتھ کس طرح پیش آئے اور ان کے خوش کرنے کو مزاح بھی فرمایا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم اسی مصلحت کے لئے گاہ گاہ مزاح بھی فرمایا کرتے تھے۔ ایک یورپ کے بادشاہ کو میں نے خواب میں دیکھا اس نے یہ اعتراض کیا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت پر مجھے صرف ایک شبہ ہے اور کچھ نہیں وہ یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ سے مزاح فرمایا کرتے تھے اور مزاح وقار کے خلاف ہے اور وقار لوازم نبوۃ سے ہے میں نے جواب دیا کہ مطلق مزاح وقار کے خلاف نہیں بلکہ خلاف وہ ہے جس میں کوئی معتد بہ مصلحت نہ ہو اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے مزاح میں مصلحت و حکمت تھی وہ یہ کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کو حق تعالے نے ہیبت اور رعب ایسا عطا فرمایا تھا کہ بڑے بڑے شان و شوکت اور جرأت والے آپ کے رو برو ابتداءً کلام نہ کر سکتے تھے جیسا کہ حدیثوں میں آیا ہے پس اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ سے ایسی بے تکلفی کا برتاؤ نہ فرماتے تو صحابہ کو جرأت نہ ہوتی کہ آپ سے کچھ دریافت کریں اور ہیبت اور رعب کی وجہ سے الگ الگ رہتے اور اس حالت میں ہدایت کا ایک بڑا باب کہ استفسار ہے بند ہو جاتا اور تعلیم و تعلم کا بڑا حصہ مسدود ہو جاتا اس لئے حضور صلے اللہ علیہ وسلم اُن سے مزاح فرماتے تھے تاکہ بے تکلفی سے جو چاہیں پوچھیں پھر مزاح بھی تین قسم کا ہوتا ہے ایک مزاح وہ جو ہلکے پن اور چھچھور پن پر دلالت کرے اس سے حضور صلے اللہ علیہ وسلم پاک ہیں اور ایک مزاح وہ جس سے کسی کو تکلیف پہنچے اور تیسرے وہ کہ وقار اور متانت سے ہو کذب اور خلاف حق اس میں نہ ہو چنانچہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کا مزاح اسی قسم کا ہوتا تھا جیسا کہ احادیث سے معلوم ہوتا ہے غرض کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کا برتاؤ غربا کے ساتھ یہ تھا آج کل بہت لوگ

قومی ہمدردی کے مدعی ہیں مگر حالت یہ ہے کہ قوم سے ان کو نہ مناسبت ہے نہ موانست ہے بنگلوں میں آبادی سے باہر رہتے ہیں اور دو وقت گوشت بھنا ہوا اور چار اور بیضہ اور بسکٹ قسم قسم کی ان کی غذا ہے اور ان کے غریب بھائی شہر میں بھوکے ننگے پھرتے ہیں اور ان کو خبر تک نہیں اگر کسی کے لئے کچھ خیرخواہی وغیرہ کرتے بھی ہیں تو وہ امرا کے لئے سو اس کو قومی ہمدردی نہیں کہتے اس لئے کہ قوم نام ہے مجموعہ آحاد کا اور مجموعہ میں ہمیشہ غالب کا اعتبار ہوتا ہے اور اکثر افراد قوم میں غربار ہیں امرار تو بالکل اقل قلیل ہیں بس اس اعتبار سے قوم گویا غربار کا نام ہوا پس قومی ہمدردی کے معنے یہ ہوں گے کہ غربار کے ساتھ ہمدردی کی جاوے سو وہ لوگ غربار کی کیا ہمدردی کریں گے جن کے یہاں غریبی وافلاس خود جرائم کی فہرست میں درج ہو البتہ قومی ہمدردی شریعت نے سکھلائی ہے دیکھئے حدیث شریف میں ہے اَلْمُسْلِمُوْنَ كَجَسَدٍ وَّاحِدٍ اِذَا اشْتَكٰى عَضْوٌ تَدَاعٰى لَهٗ سَائِرُ الْجَسَدِ اَوْ كَمَا قَالَ (مسلمان مثل ایک جسم کے ہیں جب کسی عضو کو تکلیف پہنچتی ہے) اسی حدیث کا ترجمہ شیخ علیہ الرحمۃ نے کیا ہے ؂

بنی آدم اعضائے یکدیگر اند — کہ در آفرینش زیک جوہر اند
چو عضوے بدرد آورد روزگار — دگر عضو ہا را نماند قرار

(بنی آدم مثل اعضار کے ہیں کہ پیدائش میں ایک ذات کے ہیں جب کسی عضو کو تکلیف پہنچتی ہے تو دوسرے اعضار کو قرار نہیں رہتا)

اور افلاس کو جرم جب قرار دیا جاوے کہ جب یہ ہمیشہ بے تدبیری کا نتیجہ ہو یہ تو محض منجانب اللہ ہے اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ (اللہ تعالےٰ اپنے بندوں میں سے جس کو روزی چاہیں کشادہ کر دیں جس کی چاہے تنگ کر دیں) اور اس میں حق تعالےٰ کی حکمتیں ہوتی ہیں چنانچہ جو لوگ افلاس و فقر و فاقہ میں مبتلا ہیں ان کے لئے بھی حکمۃ الٰہی ہے اور جو غنی ہیں ان کے لئے اسی میں حکمت ہے کوئی ایک دوسرے کو حقیر نہ جانے اللہ تعالےٰ اپنے بندوں کی

حالت سے خوب واقف ہیں قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر میں ایک حدیث قدسی نقل کی ہے کہ بہت سے مسلمان ایسے ہیں کہ ان کا ایمان افلاس سے ہی باقی ہے اگر اللہ تعالیٰ ان کو غنی کردیں، تو وہ اس قدر طغیان اختیار کریں کہ کفر تک پہنچ جاویں اور بہت سے ایسے ہیں کہ ان کا ایمان ان کی غنا کی وجہ سے محفوظ ہے اگر ان پر افلاس آجاوے تو کفر والحاد میں مبتلا ہوجاویں بہت سے مریض ایسے ہیں کہ ان کا دین مرض کی وجہ سے سالم ہے اگر تندرست ہوجاویں تو دنیا میں لگ کر خدائے تعالیٰ کو بھول جاویں اور بہت سے تندرست ایسے ہیں کہ ان کا دین صحت کی وجہ سے ہے غرض جو جس حالت میں ہے اس کے لئے وہی مصلحت اور پسندیدہ ہے کسی نے خوب لکھا ہے ؎

خاکساران جہاں را بحقارت منگر تو چہ دانی کہ دریں گرد سوارے باشد

(خاکسار لوگوں کو حقارت کی نظر سے مت دیکھو ممکن ہے کہ ان میں کوئی اہل دل صاحب حال ہو)

غرض ہمدردی کا سبق آجکل بہت گایا جارہا ہے لیکن فی الحقیقت سچی ہمدردی وہی کرسکتا ہے جو مطیع ہو جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا کیونکہ آپ کے برابر کسی نے ہمدردی کے اصول نہیں سکھلائے حتیٰ کہ آپ نے جانوروں تک کے ساتھ ہمدردی کے احکام فرمائے ہیں اور سچے مطیعین نے اس پر عمل کیا ہے چنانچہ خود حضرت احمد رفاعی رحمۃ اللہ علیہ کی حکایت ہے کہ انھوں نے دیکھا کہ ایک خارشتی کتا نہایت تکلیف میں ہے اور تمام بدن اس کا خارش سے مجروح ہوگیا اور ہر شخص اس سے نفرت کرتا ہے اور اور اس کے ابنائے جنس بھی اُس کو پاس آنے نہیں دیتے ان کو اس پر رحم آیا اور اس کو گھر لائے اور اپنے ہاتھ سے دوا ملا کرتے تھے حتیٰ کہ وہ تندرست ہوگیا حضرت بایزید کو کسی نے بعد وفات کے خواب میں دیکھا پوچھا کہ حق تعالےٰ نے تمہارے ساتھ کیا معاملہ کیا فرمایا کہ میرے تمام اعمال میں سے یہ عمل پسند آیا کہ ایک روز میں چلا جاتا تھا اور جاڑے کا موسم تھا میں نے دیکھا کہ ایک بلی کا بچہ

سردی میں اکڑ رہا ہے مجھ کو رحم آیا اور اپنے لحاف میں اُس کو لیکر سویا یہ عمل میرا پسند آیا اور حکم ہوا کہ اس عمل کی وجہ سے ہم نے تم کو بخشدیا مجھ کو اس وقت حضرت مولانا شاہ عبدالرحیم صاحبؒ دہلوی یعنی حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ کے والد ماجد قدس سرہٗ کی حکایت یاد آئی کہ ایک بار انھوں نے ایک کتّے کا بچّہ کیچڑ میں پڑا دیکھا سردی سے اُس کا بُرا حال تھا کوئی حمام تھا وہاں لیجا کر اُس کو غسل دلایا اس کے ایک مدت بعد یہ اتفاق ہوا کہ وہ کہیں تشریف لے جارہے تھے ایک چھوٹا راستہ ملا جس کو پگ ڈنڈی اور بٹیہ کہا جاتا ہے اور وہ راستہ اس قدر تنگ تھا کہ تکلف سے ایک آدمی اس پر سے چل سکتا تھا اور دونوں طرف اُس کے کیچڑ اور نجاست تھی اور سامنے سے ایک کتا آگیا دونوں رُک گئے حضرت شاہ صاحب نے فرمایا کہ اے کتّے تو نیچے اتر تاکہ میں نکل جاؤں ان کو مکشوف ہوا کہ کتے نے کہا کہ کیا تعجب ہے آجکل کے درویشوں نے اختیار[عہ۱] کی عادت کرلی ہے اور پہلے بزرگوں کا طریقہ ایثار[عہ۲] ہوتا تھا آپ نے فرمایا کہ یہ بات نہیں بلکہ وجہ اس کی یہ ہے کہ میں مکلف ہوں اگر میں نجاست میں آلودہ ہوگیا تو بے دھوئے نماز کیسے پڑھوں گا اور دھونے سے مشقت میں مبتلا ہوں گا اور تو غیر مکلف ہے تو اگر نجس ہوگیا تو تیرا کچھ حرج نہیں سوکھ کر پھر ویسا ہی ہو جاوے گا اس نے کہا کہ حضرت یہ سچ ہے لیکن یہ سمجھ لو کہ اگر آپ اُتر گئے اور نجاست ظاہری میں آلودہ ہوگئے تو یہ نجاست ایک لوٹے سے دُھل جائے گی اور اگر میں نیچے اتر گیا اور تم پاک صاف چلے گئے تو یاد رکھنا کہ تمہارے قلب میں وہ نجاست یعنی عجب پندار پیدا ہوگا کہ وہ ہفت قلزم سے بھی نہ جائیگا اب آپ مختار ہیں اس سے حضرت شاہ صاحب پر ایک کیفیت طاری ہوئی اور نیچے کود پڑے اور کتا نکل گیا اس کے بعد الہام ہوا کہ اے عبدالرحیم تم کو معلوم ہوا کہ یہ کیا واقعہ ہے بات یہ ہے کہ اس کے ہم جنس پر تم نے ایک مرتبہ احسان کیا تھا ہم نے چاہا کہ اس پر تمہارا احسان رہے۔ اس کے بنی نوع سے اُس کے بدلہ میں اتنا بڑا علم دلایا سبحان اللہ بزرگوں کی کیا شان ہے اور کیسے کیسے معاملات ان کو حق تعالٰے کی جانب سے پیش آتے ہیں صاحبو ہمدردی اس کا نام ہے

عہ۱ اپنے نفس کو دوسروں پر ترجیح دینا ۱۲ منہ عہ۲ دوسروں کو اپنے نفس پر ترجیح دینا ۱۲ منہ

جو ان حضرات میں تھی جن کو بدنام کرتے ہیں کہا جاتا ہے کہ ان میں سختی بہت ہے اور بڑے متعصب و متشدد ہیں بات بات میں بگڑتے ہیں حضرت آپ کو تعصب کے معنے ہی کی آج تک خبر نہیں ہے جو دین کے لئے جوش ہو وہ تعصب نہیں ہے اس کا نام حمیت اور غیرت ہے تعصب کہتے ہیں ناحق کی حمایت کرنے کو سو جو شخص ان کو متعصب کہے وہ اول اس بات کو ثابت کرے کہ جس چیز پر ان کو جوش آیا وہ ناحق تھی میں نے ایک روشن دماغ سے کہا کہ اگر کوئی کسی سے آکر کہے کہ ہم نے سنا ہے کہ آپ کی اماں جان بازار میں بیٹھا کرتی تھیں تو وہ سن کر بگڑے گا یا نہیں اور اس شخص کے بے اختیار دھول رسید کرے گا کیا نہیں کہ نالائق ہماری اہانت کرتا ہے مجھ کو تو یہ امید نہیں کہ وہ نہایت نرمی سے دلائل سے اس کا جواب دیں تو میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ اس کو آپ کیا کہیں گے آیا یہ غیرت وحمیت کہلائے گی یا تعصب اس کو جس طرح ماں کے لئے جوش آیا اسی طرح جو دین کے شیدائی ہیں اور دین کی حرمت پر اپنی عزت و حرمت کو نثار کر چکے ہیں ان کو دین کے لئے جوش ہوتا ہے ان کے سامنے جب کوئی بددین ایسا کلمہ بکتا ہے جس سے دین پر دھبہ آوے خصوصا جبکہ بدتہذیبی و تمسخر و طعن سے کہے تو ان کو غیظ و غضب آجاتا ہے اور اگر نہ آوے تو وہ دیندار نہیں ہے بے غیرت ہے سو یہ تو اور بات ہوئی اس میں رحمت و شفقت کے خلاف کیا بات ہوئی یہ حضرات تو اس درجہ رحیم کریم ہوتے ہیں کہ جس کا کوئی حد و حساب نہیں ہے ایک بزرگ نے اپنے مرید سے کہا کہ اگر تم کو کوئی ستائے تو نہ صبر کیجیو اور نہ بدلہ لیجیو بدلہ تو اس لئے نہ لینا جیسے تم کو تکلیف ہوئی ہے ایسی ہی تمہارے بھائی کو تکلیف ہو گی اور صبر اس لئے نہ کرنا کہ یہ صبر اس پر پڑے گا اور پھر اس پر کوئی بلا آوے گی یہ بھی گوارا نہ ہونا چاہیے اس نے پوچھا کہ پھر کیا کریں فرمایا ذرا بھلا برا کہکر دل کا بخار نکال لیا کرو سبحان اللہ اصلی ہمدردی یہ ہے ایک اور بزرگ کی حکایت ہے کہ انھوں نے بازار سے شکر خریدی اور خوب مضبوط کپڑے میں باندھ لی کئی منزل پر گھر تھا گھر جا کر جو کھولا تو دیکھا کہ اس میں ایک چیونٹی ہے پریشان ہو گئے

پھر اُسی جگہ واپس تشریف لے گئے اور اس چیونٹی کو اس کے ٹھکانے پر چھوڑ آئے البتہ ترحم وہمدردی میں ہی اعتدال واجب ہے پس گاؤکشی یا گوسفندکشی خلاف ترحم وہمدردی نہیں کیونکہ وہ امتثال ہے خالق تعالیٰ شانہ کے حکم کا (جوکہ مالک ہے تمام اشیار کا) حق تعالیٰ نے اُس کو ہمارے لئے حلال فرمایا ہے اس لئے ایسی ہمدردی کے ہم مامور نہیں ہیں ایسی ہمدردی کریں گے تو معتوب ہوں گے کیونکہ گائے بھینس بکری خالق تعالیٰ شانہ کے حکم کے سامنے کوئی چیز نہیں ہے اگر ہم ان کی رعایت کریں اور ان کو ذبح نہ کریں تو خالق تعالیٰ کے حکم کے خلاف کرنا لازم آتا ہے مولانا نے اس مضمون کی ایک حکایت لکھی ہے کہ سلطان محمود نے ایک مرتبہ ایاز کی آزمائش کی ایک موتی تھا بیش بہا تھا اس کی نسبت وزیراعظم سے کہا کہ اس کو توڑ ڈالو وزیر نے عرض کیا کہ حضور ایسا درموتی نایاب کہاں ملے گا پھر اور وزرارامراسے کہا غرض کسی کی ہمت نہ ہوئی ایاز کا نمبر آیا ایاز سے کہا کہ ایاز یہ موتی توڑ ڈالو ایاز نے فوراً توڑ ڈالا پھر محمود نے عتاب کے لہجہ میں پوچھا یہ کیا حرکت کی کہا حضور خطا ہوئی وزرار نے ایاز کو ملامت کی کہ تو نے ایسا موتی توڑ ڈالا ایاز نے کہا بے وقوفو تم نے توشاہی حکم توڑا اور میں نے موتی جس کی حکم شاہی کے مقابلہ میں کوئی وقعت نہیں وہ توڑا مولانا الٰہی بخش فرماتے ہیں ؎

نقض امر از کسر در دشوار تر  لاجرم بستم با مراد کمر

(حکم عدولی موتی توڑنے سے زیادہ دشوار ہے ناچار میں نے اس کے حکم کے موافق عمل کرتے پر کمر باندھی)

تو حضرت ، ہماری تو ہمت نہیں کہ اللہ تعالیٰ تو فرمادے إِذْبَحُوْا بَقَرَةً (گائے کی قربانی کرو) اور ہم کہیں لَا نَذْبَحُ بَقَرَةً (ہم گائے کی قربانی نہیں کرتے) دوسرے اگر ہم رحم کھاکر گائے کو چھوڑ دیں تو یہ معنی ہوں گے کہ ہم خدا سے زیادہ رحیم ہیں حالانکہ صفات واجب تعالیٰ شانہ جملہ کامل اکمل ہیں اور صفات ممکنات سب اس کی ظل ہیں حق تعالیٰ فرماتے ہیں اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِىْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِىْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

یعنی زنا کار عورت اور زنا کار مرد ہر ایک کے سو سو درّے لگاؤ اور تم کو ان پر اللہ کے دین کے بارہ میں (یعنی اس حکم کے اجراء میں رحم نہ آجاوے اگر تم مومن ہو مولانا فرماتے ہیں ؎

چوں طمع خواہد زمن سلطان دیں خاک بر فرق قناعت بعد ازیں

(جب شاہ دین مجھ سے طمع کرنے کا خواہاں ہو تو اس کے بعد قناعت کو ترک کر دوں گا)

پس ہم کو تو حکم کا بندہ بننا چاہیئے جہاں جو حکم ہو وہاں اسی پر عمل کریں اور حقیقت میں ایسے موقع پر بے رحمی بھی نہیں ہے بلکہ انسان پر رحم کرنے کے لئے اس کے منع میں اس کے مصالح فوت ہوتے ہیں ادنیٰ کو انسان پر فدا کر دیا ہے اور خود اس کو جو ظاہراً تکلیف ہوتی ہے وہ موت طبعی کی تکلیف سے بہت کم ہے اس تقریر سے ذبح کا مسئلہ خوب حل ہو گیا یہ تھی تحقیق ہمدردی کے مسئلہ کی جس کی مدعیان ہمدردی کو ہوا بھی نہیں لگی جو صورت آرائی میں مشغول رہ کر غرباء کو ان کی ظاہری حالت شکستگی و بے سرو سامانی پر حقیر سمجھتے ہیں یہاں تک بیان صورۃ کے متعلق تھا۔ اب مال کو لیجئے اس وقت اکثر نے مال کو بھی قبلہ وکعبہ بنالیا ہے حالانکہ مال کو سوچنا چاہیئے کہ مال قارون کے پاس کس قدر تھا اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کچھ بھی نہ تھا اگر مال کا ہونا کوئی شرف ہوتا تو امر بالعکس ہوتا لیکن اب مال ہی کو کمال سمجھتے ہیں اور اس کے لئے دین بھی برباد کرتے ہیں اب تو اس پر نظر ہے کہ جس طرح ہو سکے مال ہاتھ آنا چاہیئے خواہ جائز ہو یا ناجائز کسی پر ظلم ہو یا رحم ہو ایک شخص مدعی علم سود لیتے تھے ان پر کسی نے اعتراض کیا کہ میاں تم سود لیتے ہو حالانکہ وہ حرام ہے تو وہ صاحب فرماتے ہیں کہ میاں چپ رہو کس کا حلال کس کا حرام یہ وقت ہے کہ مسلمانوں کو مال جس طرح ہاتھ لگے چھوڑنا نہ چاہیئے میں ان سے اور جو صاحب ان کے ہم رنگ ہوں کہتا ہوں کہ جب آپ کا یہ دعوٰے ہے کہ مال جس طرح ہاتھ آوے لے لو سو مال ڈکیتی اور چوری سے بھی ہاتھ آتا ہے یہ بھی شروع کر دو احکام شرعیہ کو چھوڑا ہے احکام سلطنت کو بھی چھوڑ دو دیکھو پھر کیا ہوتا ہے تو اُس کو سب مہذبین مستثنیٰ کریں گے تو ان کے اقرار ہی سے یہ ثابت ہوا کہ یہ عام مخصوص البعض ہے اور وہ

بعض مستثنےٰ اور مخصوص ہیں جو کہ احکام کے خلاف ہوں افسوس صد افسوس کہ حاکم مجازی ظاہری کے خلاف تو جیل خانہ کے خوف سے مستثنےٰ کیا جاوے اور حاکم حقیقی کی مخالفت پر دلیری کی جاوے اور اس کے خلاف حکم کو اُس کلیہ سے مستثنےٰ نہ کیا جاوے بعض اہل حیلہ کہتے ہیں کہ ہم تو دنیا کے لئے کماتے ہیں اگر دنیا نہ ہوگی تو دین کی بھی درستی نہ ہوگی مگر یہ کہنا اُن کا اُس وقت صحیح ہوتا جبکہ ہم یہ دیکھتے کہ دنیا کی ترقی کے ساتھ وہ دین کی بھی ترقی کررہے ہیں ہم تو روز روشن کی طرح یہ دیکھ رہے ہیں کہ جس قدر دنیا بڑھتی جاتی ہے اُسی قدر دین میں کمی آتی جاتی ہے حضرات یہ دنیا کچھ کام نہ آوے گی اور آخرت میں کام نہ آنا تو ظاہر ہی ہے ہم تو اس کا کام میں نہ آنا اور اس کی تحصیل پر حسرت ہونا یہاں ہی مشاہدہ کررہے ہیں جب کوئی دنیا پرست مرنے لگے مرتے وقت پوچھنا چاہیئے کہ دنیا طلبی کے بارہ میں اس وقت تمہاری کیا رائے ہے آیا تمہاری اب بھی وہی تحقیق ہے یا بدل گئی میں بقسم کہتا ہوں کہ وہ ضرور پہلی تحقیق سے رجوع کریں گے کیونکہ جس بازار میں وہ اب جارہے ہیں وہاں یہ سکہ نہیں چلتا جو انھوں نے عمر بھر جمع کیا ہے اور جو سکہ وہاں چلتا ہے وہ ان کے پاس ہے نہیں کیونکہ وہ اس کے جمع کرنے کو عمر بھر بیسود بتایا کرتے تھے وہاں تو وہ سکہ چلتا ہے جو ظاہر میں تم کو کالا معلوم ہوتا ہے اور واقع میں وہ خالص چاندی ہے اور جو جمع کیا ہے وہ بظاہر چاندی اور واقع میں وہ لوہا ہے مگر اس وقت آنکھیں بند ہیں لیکن عنقریب کھل جاویگی اور حقیقت نظر آجاوے گی ؎

فَسَوْفَ تَرٰی اِذَا انْکَشَفَ الْغُبَارُ　　اَفَرْسٌ تَحْتَ رِجْلِكَ اَمْ حِمَارٌ

(غبار ہٹ جائے گا عنقریب معلوم ہو جائے گا کہ تم گھوڑے پر سوار تھے یا گدھے یعنی مرنے کے بعد پتہ چل جائے گا کہ ہم نے اچھا کیا ہے یا بُرا)

اس وقت تو خواب کا سا قصہ ہورہا ہے جب آنکھ کھلے گی اس وقت معلوم ہوگا کہ ہم سراسر خسارہ میں تھے۔ ایک شخص کی حکایت ہے کہ وہ ہمیشہ بستر پر پیشاب

کر دیا کرتا تھا اُس کی بیوی نے کہا کہ کمبخت تجھ کو کیا ہو گیا کہ ہر روز بستر پر پیشاب کر دیتا ہے۔ اُس نے کہا کہ میں خواب میں شیطان کو دیکھتا ہوں کہ مجھ کو سیر کے لئے لیجاتا ہے اور جب مجھ کو حاجت ہوتی ہے کسی جگہ پر بٹھا کر کہتا ہے کہ پیشاب کرلے میں پیشاب کر دیتا ہوں بیوی نے کہا کہ شیطان تو جنات میں سے ہے اور جن کو بڑے تصرفات دیئے گئے ہیں اس سے کہنا کہ ہم فقر و فاقہ میں رہتے ہیں ہم کو روپیہ کہیں سے دلادے اس نے کہا بہت اچھا اب اگر خواب میں آیا تو ضرور کہوں گا حسب معمول شیطان پھر خواب میں آیا اس نے کہا کہ کمبخت تو مجھ کو ہمیشہ پریشان کرتا ہے اور ہم پریشانی میں مبتلا ہیں ہم کو کہیں سے روپیہ نہیں دلاتا شیطان نے کہا تو نے مجھ سے پہلے سے نہ کہا روپیہ بہت غرض ایک جگہ لے گیا اور وہاں سے بہت سا روپیہ اس کو اٹھوادیا اور اس زور کا اس قدر بار معلوم ہوا کہ پائخانہ نکل گیا جب آنکھ کھلی تو دیکھا کہ بستر پر پیشاب پائخانہ تو موجود ہے اور روپیہ کا پتہ بھی نہیں یہ حکایت تو ہنسنے کی تھی مگر اس سے ایک نتیجہ پیدا ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ اس عالم کی مثال بالکل خواب کی سی ہے اور جو طالبین دنیا ہیں ان کی مثال اس خواب دیکھنے والے کی ہے اور مال دنیا پائخانہ ہے اس وقت ہم خواب غفلت میں ہیں ہم کو خبر نہیں کہ ہم کیا جمع کر رہے ہیں جب آنکھ کھلے گی یعنی موت آوے گی اس وقت معلوم ہوگا کہ مال تو ندارد مگر پائخانہ یعنی گناہ موجود ہے اس وقت کہیں گے ارے ہم تو بڑے دھوکہ میں تھے جس کو ہم موتی سمجھتے تھے یہ تو سب سنگریزے نکلے ؎

حال دنیا را بپرسیدم من از فرزانۂ — گفت یا خوابے است یا بادیست یا افسانۂ
باز گفتم حال آنکس گو کہ دل در وے ببست — گفت یا غولیست یا دیویست یا دیوانۂ

(ایک عقلمند سے میں نے دنیا کا حال دریافت کیا اس نے کہا یا تو خواب ہے یا ہوا یا افسانہ ہے پھر میں نے کہا اس شخص کا حال بیان کرو جس نے اس میں دل لگا لیا جواب دیا کہ وہ بھتنا ہے یا شیطان یا دیوانہ ہے)

بعض لوگ شبہ کیا کرتے ہیں کہ یہ علما اوروں کو تو ترک دنیا کی ترغیب دیتے ہیں

اور خود مال دنیا میں جمع کرتے ہیں ہم تو جب جانتے کہ خود چھوڑ بیٹھتے اور اگر دنیا آتی تو رد کر دیتے جواب یہ ہے کہ ہم مذمت اس دنیا کی کرتے ہیں جو سبب غفلت ہو جاوے اور اُن دنیا داروں کی مذمت کرتے ہیں جو دنیا میں ایسے منہمک ہیں کہ دین کو بھی برباد کر دیتے ہیں اور جائز ناجائز کا بھی امتیاز نہیں کرتے جو اس کے مصداق ہیں ؎

مبادا دل آں فرومایہ شاد　　　　که از بہر دنیا دہد دیں بباد

(اس کمینہ کے دل کو خوشی نصیب نہ ہو کہ دنیا کے واسطے دین کو برباد کر دیتا ہے)

اور جو دنیا بقدر ضرورت ہو یا ضرورت سے زائد ہو مگر غفلت میں نہ ڈالے وہ مذموم نہیں بلکہ بقدر ضروری کے تحصیل ضروری ہے ملا جامی جب پیر کی تلاش میں خواجہ عبیداللہ احرار کے یہاں پہنچے تو خواجہ صاحب کے یہاں بڑا ٹھاٹ تھا ہر طرح کی نعمتیں دنیا کی موجود تھیں ملا جامی آکر بہت پچھتائے اور جوش میں خواجہ صاحب کے سامنے ہی بے اختیار منہ سے نکلا ؎

نہ مرد است آنکہ دنیا دوست دارد

اور یہ کہکر بہت حسرت افسوس کے ساتھ کسی مسجد میں جاکر لیٹ رہے خواب میں دیکھا کہ میدان حشر قائم ہے اور ملا صاحب کسی قرض خواہ کے تقاضے سے سخت پریشان ہیں کہ ایک جانب سے حضرت خواجہ صاحبؒ با تزک واحتشام تشریف لائے اور فرمایا کہ درویش کو کیوں پریشان کیا ہم نے جو خزانہ یہاں جمع کیا ہے اس میں سے دلوا دو. اس کے بعد آنکھ کھل گئی اس وقت خواجہ صاحب اسی مسجد میں آرہے تھے فوراً حاضر ہو کر پاؤں پر سر رکھ دیا اور عرض کیا کہ میری گستاخی معاف فرما دیجئے انھوں نے فرمایا کہ وہ مصرعہ آپ نے کس طرح پڑھا انہوں نے عرض کیا حضرت وہ تو حماقت تھی۔ خواجہ صاحب نے فرمایا کہ نہیں ہم اُس کو سننا چاہتے ہیں ملا جامیؒ نے فرمایا کہ میرے مُنہ سے یہاں کے سامان کو دیکھ کر یہ نکلا تھا۔

ع نہ مرد است آنکہ دنیا دوست دارد
(وہ مردِ خدا نہیں جو دنیا کو دوست رکھے)

فرمایا کہ یہ صحیح ہے مگر ناتمام ہے اس کے ساتھ یہ مصرعہ اور ملا دو۔

ع اگر دارد برائے دوست دارد
(اگر رکھتا ہے تو محبوب حقیقی کے لئے رکھتا ہے)

خلاصہ یہ ہے کہ اگر مال دنیا بھی دین کے لئے ہو تو سبحان اللہ ایسا مال دنیا نہیں بلکہ وہ سب دین ہے مال کی مثال پانی کی ہے اور قلب کی مثال کشتی کی سی ہے اگر پانی کشتی کے اندر آگیا تو اس کو غرق کر دیتا ہے اور اگر باہر رہے تو اس کے لئے امداد کا سبب بن جاتا ہے اسی طرح مال اگر قلب کے اندر ہو یعنی اس کی محبت قلب میں متمکن ہو جاوے تو وہ باعث ہلاکت ہے اور اگر باہر رہے تو کچھ مضر نہیں ؎

آب در کشتی ہلاک کشتی است آب اندر زیر کشتی پشتی است
مال را گر بہر دیں باشی حمول نعم مالٌ صالحٌ گفت رسول صلی اللہ علیہ وسلم

(پانی اگر کشتی میں بھر جائے تو کشتی کی بربادی ہے اور اگر کشتی کے نیچے (یا باہر) رہے تو اس کی رفتار میں معین ہے مال کو اگر دین کے لئے اپنے پاس رکھو تو اس کے حق میں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے نعم المالُ للرجُلِ الصالِح نیک آدمی کے لئے نیک مال اچھی چیز ہے)

غرض کہ قدر ضرورت مال تو بہت ضروری ہے ورنہ پریشانی ہوتی ہے اور پھر وہی حالت ہوتی ہے۔

شب چو عقد نماز بربندم چہ خورد بامداد فرزندم
(رات کو جب نماز کی نیت کرتا ہوں تو خیال ہوتا ہے کہ صبح کو میرے بال بچے کیا کھائیں گے)

ایک فارسی داں نے اس شعر کے معنے عجیب و غریب بیان کئے اور بعد سننے کے واقعی معلوم ہوتا ہے کہ ذوق لسانی کے موافق یہی معنی ہیں

وہ یہ ہے کہ

شب چو عقد نماز بربندم بجائے تکبیر تحریمہ میگویم چہ خورد الخ

(رات کو جب نماز کی نیت کرتا ہوں تو بجائے تکبیر تحریمہ کے کہتا ہوں کہ صبح کو میرے بال بچے کیا کھائیں گے)

یعنی میری حالت پریشانی کی یہاں تک پہنچی ہے کہ ہر وقت اسی کا خیال رہتا ہے حتیٰ کہ یہ بھی معلوم نہیں ہوتا کہ منہ سے کیا نکل رہا ہے چنانچہ بجائے تکبیر تحریمہ کے یہی کہہ کر نیت باندھ لیتا ہوں چہ خورد بامداد فرزندم یہ معنے اس شعر کے نہایت لطیف ہیں اور اس میں مبالغہ بھی بہت ہے غرضکہ ایسے مال کے طلب سے نہی نہیں ہے گفتگو اس مال میں ہے جو سبب غفلت کا ہو اور دوسرے غریب بھائیوں کی اہانت اور تحقیر کا ذریعہ ہو آگے فرماتے ہیں وَلٰکِنْ یَّنْظُرُ اِلٰی اَعْمَالِکُمْ وَنِیَّاتِکُمْ یعنی اللہ تعالےٰ تمہارے اعمال اور نیات کو دیکھتے ہیں جبکہ ثابت ہو گیا کہ حق تعالےٰ کی نظر اعمال اور نیت پر ہے اور صور اور اموال پر نہیں تو صاحبو! آپ اپنی نیت اور اعمال سنوارنے کی فکر کرو ماشاء اللہ بقدر ضرورت اس حدیث شریف کے پہلے ہر دو جز کی تفصیل ہو گئی ہے اور باقی دو جز کی تفصیل باقی ہے انشاء اللہ وہ پھر کسی وقت ہو جائے گی۔ فقط

---

**مجموعہ کلیات امدادیہ** از شیخ العرب والعجم حضرت مولانا حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی نور اللہ مرقدہ یہ وہ بزرگ ہستی ہیں جن کے بڑے بڑے جلیل القدر خلیفہ مثلاً حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت حکیم الامۃ مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ وغیرہ جیسے ہیں۔ حضرت حاجی امداد اللہ صاحب عرب، پاکستان، ہندوستان کے بہت بڑے شیخ ہیں۔ یہ ان کا مکمل مجموعہ دس کتابوں پر مشتمل ہے اس مجموعہ میں سلوک و تصوف اور تمام سلسلوں سے تعلق رکھنے والے پیروں اور مریدوں کے لئے بہترین رہنما اور شریعت و طریقت کے بہترین راستے دکھانے والی یہ واحد کتاب ہے اس مجموعہ میں مندرجہ ذیل دس کتابیں ہیں: ضیاء القلوب، فیصلۂ ہفت مسئلہ، ارشاد مرشد، مثنوی تحفۃ العشاق، رسالہ وحدۃ الوجود، غذائے روح، گلزار معرفت، رسالہ درد غمناک، جہاد اکبر، نالۂ امداد غریب۔ اس کتاب سے کوئی گھر خالی نہیں ہونا چاہیے۔

صفحات ۳۲۴، کاغذ لکھائی اور چھپائی نہایت ہی عمدہ۔

قیمت صرف روپے علاوہ ڈاک خرچ

ملنے کا پتہ:- مکتبہ تھانوی - بندر روڈ - کراچی ۱
ایم اے جناح روڈ

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ آیَۃً

(رواہ البخاری)

دعوات عبدیت جلد اوّل کا

وعظ ہشتم ملقب بہ

# الاخلاص

حصّۂ دوم (۲)

منجملہ ارشادات

حکیم الامّت مجدّد الملّت حضرت مولانا محمّد اشرف علی صاحب تھانوی

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

ناشر:- محمّد عبد المنّان غفرلہٗ

مکتبہ تھانوی — دفتر الابقاء

متصل مسافر خانہ بندر روڈ۔ کراچی

ایم۔ اے جناح روڈ

# دعوات عبدیت جلد اول کا
## وعظ ہشتم ملقب بہ

# الاخلاص

## حصۂ دوم

| این | متی | کم | کیف | ماذا | من ضبط | المستمعون | اشتات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہاں ہوا | کب ہوا | کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر | کیا مضمون تھا | . | کس نے لکھا | کتنا ہوا | متفرقات |
| جامع مسجد تھانہ بھون | ۲۵ جمادی الاخری سنہ ۱۳۲۹ھ | بیٹھ کر | اخلاص | . | مولوی عبداللہ صاحب گنگوہی | . | . |

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الحمد للہ نحمدہ ونستعینہ ونستغفرہ ونومن بہ ونتوکل علیہ ونعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا من یھدہ اللہ فلا مضل لہ ومن یضللہ فلا ھادی لہ ونشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ ونشھد ان سیدنا ومولانا محمدا عبدہ ورسولہ صلے اللہ علیہ وعلی الہ وبارک وسلم **اما بعد** فقد قال النبی صلے اللہ علیہ وسلم اِنَّ اللّٰہَ لَا یَنۡظُرُ اِلٰی صُوَرِکُمۡ وَ اَمۡوَالِکُمۡ وَلٰکِنۡ یَّنۡظُرُ اِلٰی اَعۡمَالِکُمۡ وَنِیَّاتِکُمۡ (اللہ تعالیٰ تمہاری صورتوں اور مالوں کو نہیں دیکھتے تمہارے اعمال اور نیتوں کو دیکھتے ہیں) اس حدیث کے اول دو جزو کا بیان جمعہ گذشتہ کو بالتفصیل ہو چکا۔ اخیر کے دو جزو باقی ہیں حسب وعدہ آج ان کو بیان کرتا ہوں۔ اس حدیث

کے اختیار کرنے کی وجہ پہلے بیان کر چکا ہوں کہ ہر زمانہ میں ابنائے زمان مختلف امراض میں مبتلا ہوتے ہیں اس زمانہ کے امراض میں سے ایک یہ بھی ہے کہ ہماری نظر ہمہ تن دنیا پر ہے (جس کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بعنوان صورۃ و مال تعبیر فرمایا) اور جو اصل چیز ہے جس پر مدار فلاح کا ہے یعنی دین (جس کو عمل اور نیت سے تعبیر فرمایا ہے) اُس پر بالکل نظر نہیں ہے عوام دنیا دار تو اس مرض میں مبتلا ہیں یہی ہم دیکھتے ہیں کہ جو دیندار ہیں یعنی اپنے کو دیندار کہتے ہیں یہ مرض ان میں بھی موجود ہے دنیا دار کی جس قدر وقعت ان کے نزدیک ہے اُس قدر دیندار کی نہیں مثلاً اُن کے پاس ایک دنیا دار آوے اور ایک دیندار۔ اس دیندار کو نہ جاہ حاصل ہو اور نہ وہ شیخ اور بزرگ ہو نہ اُس کے پاس مال ہو نہ کوئی کمال اس کا مشہور ہو نہ وہ عالم اصطلاحی ہو بلکہ بقدر ضرورت دین کا علم بغیر پڑھے لکھے حاصل کر لیا ہو جیسا کہ اکثر حضرات صحابۂ کرام رضی اللہ تعالےٰ عنہم کو تھا چنانچہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے روحی فداہ وصلی اللہ علیہ وسلم نے اس باب میں فرمایا ہے نَحْنُ اُمَّۃٌ اُمِّیَّۃٌ لَا نَکْتُبُ وَلَا نَحْسِبُ (ہم اَن پڑھ لوگ ہیں نہ لکھنا جانتے ہیں نہ حساب جانتے ہیں) کیونکہ پڑھنا لکھنا مقصود بالذات تو ہے ہی نہیں اور نہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں اس کی ضرورت تھی ہر صحابی کو نور فہم اور علم دین بلے لکھے حاصل تھا بعد زمانہ خیریت نشانہ کے نہ تو وہ قوت حافظہ رہی اور نہ تدین عالم رہا اس وقت تدوین علوم کی اور بطرز خاص وتدریس وتعلیم وتعلم کی حفاظت علوم کے لئے بھی اور غلط دعوٰی اور تلبیس کے قطع کرنے کے لئے بھی ضرورت واقع ہوئی غرض فرض کیا جاوے کہ اُس شخص کا علم غیر درسی ہو کہ جس سے کچھ وقعت ہوتی اور یہ شخص عفیف صالح متقی بھی ہے اور ظاہری حالت اس کی یہ ہے کہ صورت بھی اس کی بدنما ہو کپڑے بھی خستہ ہوں اور حسب ونسب اس کا اچھا نہ ہو بلکہ ایسی قوم میں سے ہو جو ادنےٰ درجہ کی سمجھی جاتی ہو۔ غرض ظاہری امتیاز کچھ نہ ہو اور دوسرا شخص دنیا دار ہو دین کا کوئی پہلو لئے ہوئے نہ ہو نہ زہد ہو نہ تقوٰی نہ علم ہو اور نسب میں بھی بڑھا چڑھا ہو اور یہ دونوں شخص یکے بعد دیگرے ان مدعی دین کے پاس آویں تو بین تقسیم

کہتا ہوں اور کسی کو کیا کہوں خود اپنے کو کہتا ہوں کہ جو قدر اور وقعت اور وجاہت نظر میں اس دنیا دار کی ہوگی اس دیندار کی نہ ہوگی حق یہ ہے کہ نفوس میں عموماً دنیا کی طرف میلان ہے ظاہری جاہ و مال کو دیکھا جاتا ہے اگرچہ وہ جاہ دین کی وجہ سے حاصل ہو بزرگوں میں سے بھی اسی بزرگ کی تعظیم کریں گے جس کی چار آدمی تعظیم کرتے ہوں اس لئے کہ اس کی تعظیم و خدمت کرنے سے عار نہیں ہے یہ سخت کید خفی ہے ظاہراً تو یہ تعظیم و خدمت نہایت صلاح کے اوپر دال ہے لیکن راز اور کید نفس اس میں یہ ہے کہ اُن بزرگ کی خدمت اور تعظیم اس لئے کرتے ہیں کہ اس فعل سے لوگوں کی نظر میں خود اپنے کو بڑائی حاصل ہوتی ہے۔ پس ہماری یہ تعظیم اپنی تعظیم کے لئے ہے اسی واسطے اس خدمت اور تعظیم سے نفس خوش ہوتا ہے کچھ شکستگی اس کو نہیں ہوتی۔

اپنے اساتذہ میں اگر دو شخص ہوں ایک مشہور اور دوسرا غیر مشہور تو ہم اپنے کو مشہور کی طرف نسبت کرتے ہیں غیر مشہور کی طرف نسبت کرتے ہوئے عار آتی ہے۔ اسی واسطے بزرگان دین نے لکھا ہے کہ ریا بہت آخر میں دل سے نکلتی ہے ہاں اگر یہ اکرام دنیا کے لئے نہ ہو دفع شر یا دلجوئی کے لئے ہو اور غریب کی تحقیر بھی نہ ہو تو وہ مذموم نہیں حقیقت یہ ہے کہ ہم لوگوں کی دینداری بس صورۃً اور ظاہراً ہے اور حقیقی دینداری بہت ہی کم ہے خود ہی فرماتے ہیں وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ (میرے بندوں میں سے شکرگذار بندہ کم ہیں) اکثر لوگ رسم پرستی اسم پرستی ظاہر پرستی میں مبتلا ہیں اور یہ سب دنیا ہے اور دنیا کی نسبت ارشاد ہے لَوْ كَانَتِ الدُّنْيَا تَزِنُ عِنْدَ اللّٰهِ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ مَا سَقٰى مِنْهَا كَافِرًا شَرْبَةَ مَاءٍ یعنی اگر دنیا اللہ کے نزدیک ایک مچھر کے پر کی برابر بھی قدر رکھتی تو کافر کو اس سے ایک گھونٹ پانی بھی نہ پلاتے۔

حاصل یہ کہ خواہ حسب نسب کی وجہ سے قدر ہو یا علم کی وجہ سے ہو نہ من حیث العلم بلکہ اس حیثیت سے کہ علم سے بھی جاہ دنیوی حاصل ہوتا ہے یا

مال کی وجہ سے ہو سب دنیا ہے اور اسی کو صورت اور اموال سے تعبیر فرمایا ہے اس کو نظر انداز کرنا چاہئے اور دین جس کو اعمال اور نیات فرمایا اس پر نظر ہونا چاہئے حتٰی کہ اگر دوسروں کی قدر کی جاوے تو دین ہی کی وجہ سے ہونا چاہئے اور اس مقام پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بجائے لفظ دین کے دو چیزیں ارشاد فرمائی ہیں ایک عمل دوسری نیت اس میں اشارہ اس طرف ہے کہ دین کا مدار اعمال پر ہے کسی اور شئے پر مثلاً کسی دینوی و دینی شرف کی طرف انتساب پر نہیں بہت لوگ آج کل مغرور ہیں کہ ہم فلاں بزرگ کے مرید ہیں، ہم فلاں بزرگ کی اولاد ہیں ہماری نجات ہو جاوے گی اعمال کی ہم کو ضرورت نہیں اللہ تعالٰے ہی اُن لوگوں کے رد میں فرماتے ہیں تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَا كَسَبْتُمْ وَلَا تُسْئَلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ جس کا حاصل یہ ہے کہ وہ لوگ گذر گئے ان کے لئے اُن کے اعمال ہیں تمہارے لئے تمہارے اعمال ہیں تم سے اُن کے اعمال کی نسبت سوال نہ ہوگا ہاں بزرگوں کے انتساب سے برکت البتہ حاصل ہوتی ہے بشرطیکہ اعمال وعقائد کا ذخیرہ بھی اپنے پاس موجود ہو اور اگر اعمال نہ ہوں نہ عقائد صحیح ہوں تو نری برکت کیا کام آوے گی برکت مثال چٹنی اور مربے کی سی ہے اور اعمال کی مثال غذا کی سی ہے جو کہ جزء بدن ہوتی ہے۔ مربے اور چٹنی معین ہضم طعام ضرور ہیں لیکن غذا بھی ہونی چاہئے اور اگر غذا نہ ہو صرف مربے اور چٹنی مہمان کے سامنے رکھدیں اور روٹی وغیرہ کچھ نہ ہو تو کیا اس سے کام چل سکتا ہے۔ پس اسی طرح انتساب الی الانبیاء والاولیاء باعث برکت فی الاعمال ہے نہ کہ نجات کے لئے انتساب ہی کافی ہو اسی لئے حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی خاص بیٹی کو خطاب کر کے فرمایا يَا فَاطِمَةُ اِنْقِذِيْ نَفْسَكِ مِنَ النَّارِ فَاِنِّيْ لَا اُغْنِيْ عَنْكِ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا یعنی اے فاطمہ نفس آگ سے بچاؤ میں اللہ کے مقابلہ میں تمہارے کچھ کام نہ آؤں گا یعنی اگر تمہارے پاس اعمال کا ذخیرہ نہ ہوگا تو میں کچھ کام نہ آؤں گا اور اس کی نفی نہیں کہ اعمال کے ہوتے ہوئے بھی میں باعث ترقی درجات ہونا خود منصوص ہے اللہ تعالٰے فرماتے ہیں

وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّیَّتُهُمْ بِاِیْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّیَّتَهُمْ وَمَا اَلَتْنٰهُمْ مِنْ عَمَلِهِمْ مِنْ شَیْءٍ یعنی جو لوگ ایمان لائے اور ان کی اولاد نے اُن کا ایمان کے ساتھ اتباع کیا ہم اس اولاد کو بھی اُن کے ساتھ ملا دیں گے اور اُن کے عمل میں سے کچھ کمی نہ کریں گے۔ خلاصہ یہ ہے کہ اگرچہ اولاد کے اعمال اس درجہ کے نہ ہوں جیسے کہ آباد کے تھے لیکن اگر اس اولاد نے ایمان کے ساتھ ان کا اتباع کیا ہوگا تو ہم اُن کو ان کے آبار کے درجہ میں پہنچا دیں گے تو اس الحاق کا انکار نہیں ہوسکتا مگر اس کی کوئی دلیل نہیں کہ صرف یہ انتساب ہی الحاق کے لئے کافی ہے بلکہ اس آیت میں ایمان کو خود شرط فرمایا ہے اور مَا اَلَتْنٰهُمْ مِنْ عَمَلِهِمْ مِنْ شَیْءٍ (اور ان کے عمل میں سے کچھ کمی نہ کریں گے) میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ضروری عمل بھی شرط ہے کیونکہ دفع دخل میں یہ فرمایا کہ ہم ان اسلاف کے عمل سے کچھ کم نہ کریں گے اس سے صاف معلوم ہوا کہ اصل مدار درجات کا عمل ہے اور ظاہر ہے کہ اصل کا ہونا ضروری اور یوں اضافہ خواہ غیر عمل سے ہوجاوے پس خود آیت میں بھی دلالت ہوگئی کہ آبار کے مرتبہ میں ذریت اُس وقت پہنچے گی جبکہ اعمال اور عقائد دونوں کا ضروری ذخیرہ جمع ہو۔ آج کل کے پیروں نے اپنی دُکان جمانے کے لئے اور دنیا کمانے کے لئے اپنے مریدین کے دلوں میں یہ جما رکھا ہے کہ تم کو اعمال کی کچھ ضرورت نہیں ہم جو کچھ کر رہے ہیں یہی تمہارے لئے کافی ہے۔ افسوس پیری مریدی کی غرض تو اصلاح نفس اور مجاہدۂ نفس تھی کہ خود شاید عمل کی توفیق نہ ہوتی پیر کے اثر یا تاکید سے عمل کی توفیق ہوجاوے گی اور نفس مہذب ہوجاوے گا اب لوگوں نے اس طریق کو تعطل کا آلہ بنا رکھا ہے ایک ایسے پیر کی حکایت ہے کہ وہ ایک گاؤں میں گئے اور لاغر اور کمزور ہو رہے تھے مریدوں نے پوچھا کہ پیر جی دُبلے کیوں ہو رہے ہو کہنے لگے ارے کمبختو تمہارے ہی وجہ سے تو دبلا ہو رہا ہوں اور تم کو خبر بھی نہیں تمام کام تمہاری طرف سے مجھے ہی کرنے پڑتے ہیں تم نماز نہیں پڑھتے تمہاری طرف سے نماز پڑھتا ہوں تم روزے نہیں رکھتے میں روزے رکھتا ہوں پھر سب سے بڑھ کر یہ مصیبت کہ پلصراط پر جو کہ تلوار سے تیز اور

بال سے باریک ہے اس پر بھی چلتا ہوں۔

مرید بہت خوش ہوئے کہ پیر ہی سب کام ہماری طرف سے کر لیتے ہیں اور ایک مرید خوشی میں بولا کہ جا میں نے تجھ کو فلاں کھیت وہاں کا دیا پیر بہت خوش ہوئے مگر یہ بھی سوچے کہ اس نے کھیت تو دے دیا لیکن قبضہ ہمارا اس پر ہوا نہیں مبادا یہ زبانی لین دین ہوا مناسب یہ ہے کہ قبضہ کر لیں اور اس کو دیکھ لیں یہ سوچکر اس مرید سے فرمایا کہ چل کر دکھلا دے وہ ساتھ ہوا اور پیر صاحب تشریف لے چلے چانول کے کھیت میں پانی زیادہ تھا اور مینڈ تنگ تھی ایک جگہ پیر صاحب پھسل پڑے مرید نے ایک لات جڑی اور کہا ارے تو پلصراط پر کیا چلتا ہوگا اتنے چوڑے رستہ میں تو تجھ سے چلا نہ گیا تو جھوٹا ہے جا ہم تجھ کو کھیت نہیں دیتے آجکل کے پیروں نے خوب سمجھا دیا ہے کہ جو چاہو کرو سب بخشے جاؤ گے اِس حدیث شریف میں اس زعم باطل کا رد ہے اِسی واسطے بجائے لفظ دین کے لفظ اعمال فرمایا اور ہر چند کہ عمل میں نیت بھی آگئی تھی لیکن نیت کو علیحدہ اس لئے بیان فرمایا کہ یہ معلوم ہو جاوے کہ خود اعمال ہی جب معتبر ہیں جبکہ نیت درست ہوا اور نیز ان دو لفظوں سے دو گروہوں کی اصلاح فرمائی لفظ اعمال سے تو غالب عوام کی کیونکہ عوام کو دنیا کے دھندوں میں شب و روز غلطاں پیچاں رہنے سے اکثر اعمال کی طرف توجہ کم ہوتی ہے لیکن بدنیتی یعنی ریا وغیرہ سے اس لئے مبرا ہیں کہ ان کو کوئی بزرگ نہیں سمجھتا اس لئے وہ اس کا قصد بھی نہیں کرتے اور لفظ نیات سے غالب خواص کی جو دیندار کہلاتے ہیں تمام شعائر اسلام کے پابند ہیں لیکن اخلاص سے خالی ہیں اس لئے ان کی یہ دینداری محض صورتًا ہے۔ روح دین کی اُن کو حاصل نہیں ایسے لوگوں میں اکثر مرض ریا کا ہوتا ہے ان کو لفظ نیت سے اخلاص کی طرف متوجہ فرمایا تو مطلب یہ ہے کہ یہ جو کچھ نماز روزہ ذکر حج زکوٰۃ تم کرتے ہو اگرچہ نفس اعمال نفع سے خالی نہیں ہیں اور بہ نسبت اس شخص کے جو کچھ نہ کرے اس سے بدرجہا بڑھ کر ہے مگر جو اصل مقصود ہے یعنی رضا وہ جب ہی حاصل ہوگا جبکہ اخلاص بھی ہو اور اس کی ایسی مثال ہے کہ دو شخص

کسی بادشاہ کے ہاں گئے ایک تو ہدیہ لے گیا اگرچہ وہ ہدیہ بادشاہ کے لائق نہ ہو اور دوسرا بغیر ہدیہ کے گیا تو اگرچہ اس ہدیہ نہ لے جانے والے کی یہ شکایت تو نہ ہوگی کہ ہدیہ کیوں نہ لایا جیسا اس دوسرے سے یہی باز پرس ہوگی اور اس اعتبار سے یہ اس سے غنیمت ہے مگر یہ شکایت ضرور ہوگی کہ تمہارا ہدیہ ہمارے لائق نہیں اور چونکہ مقصود ہدیہ سے ارضا رہے اور اگر وہ حاصل نہ ہوگا تو ہدیہ کالعدم ہوگا اسی طرح مقصود عبادت سے رضا رہے پس جس عبادت میں غرض مفاسد کی آمیزش ہو اور نیت درست نہ ہو تو ایسی عبادت کا بھی عدم و وجود برابر ہوگا سو ہم لوگ اعمال کرتے ہیں مگر ہمارے اغراض اکثر فاسد ہوتے ہیں۔ چنانچہ اہل علم اہل زہد اپنی حالت کا موازنہ صحیح کر کے دیکھیں تو زیادہ حصہ اپنے اعمال میں اغراض نفسانیہ کا پائیں گے مثلاً عبادات نافلہ تلاوت قرآن و ذکر و نوافل تہجد اور جو اعمال اخفا کے قابل ہیں اُن کو کر کے ہمارا جی چاہتا ہے کہ ان کا عام طور پر ظہور ہو جاوے اور لوگوں میں ہم عابد زاہد مشہور ہوں مثلاً تہجد میں اگر کوئی شب کو ایسے وقت اُٹھا کہ کسی کو خبر نہ ہوئی اور تہجد پڑھ کر سو رہا تو اس حالت میں اور جس حالت میں کہ دوسرے کو اطلاع ہو بڑا فرق ہوتا ہے اطلاع ہونے پر بڑی خوشی ہوتی ہے اور اگر اطلاع نہ ہو تو جی چاہتا ہے کہ کسی طرح ظہور ہو جاوے اور اس کے متجسس رہتے ہیں کہ کوئی ہمارا ذکر تو نہیں کرتا اگر کسی نے ذکر نہ کیا تو نفس کو ایک طرح کا افسوس ہوتا ہے کہ رات کا اٹھنا بیکار ہی ہوا۔ اِسی طرح تمام اعمال میں ہماری یہ حالت ہے۔

جاننا چاہیئے کہ عمل نیک کے دیکھنے پر جو دل خوش ہوتا ہے اس خوشی کی تین قسمیں ہیں ایک تو طبعاً جی خوش ہوتا ہے کہ الحمد للہ اس شخص نے ہم کو اچھی حالت میں دیکھا یہ خوش ہونا تو ایسا ہے جیسے لذیذ کھانا کھانے سے جی خوش ہوتا ہے طبیعت کا مقتضا ہے کہ اچھی شئے سے خوشی ہوتی ہے غرض یہ فرحت تو آثار طبعیہ میں سے ہے اس کے ازالہ اور رفع پر قدرت نہیں ایسے خوش ہونے میں کچھ ملامت نہیں اہل خلوص کو سخت غلطی ہوتی ہے کہ اس فرحت میں اور ریا میں ان کو امتیاز نہیں ہوتا اس لئے اہل خلوص

کی اصلاح کی بھی ضرورت ہے وہ رات دن اسی غم میں گھلتے ہیں کہ ہماری نماز کو جو فلاں شخص نے دیکھا اور ہم کو خوشی ہوئی یہ بھی ریا ہو گئی حالانکہ یہ فرحت طبعی ہے ریا نہیں مگر یہ نہیں سمجھتے اور اپنی عبادت کو بیکار جانتے ہیں اور شب و روز اسی غم میں رہتے ہیں انجام ایسے اخلاص کا یہ ہوتا ہے کہ شیطان بہکا دیتا ہے کہ جب تمہارا عمل کارآمد نہیں ہے تو ایسے عمل سے فائدہ ہی کیا پس یہ شخص مایوس ہو کر اس عمل ہی کو چھوڑ دیتا ہے اور کبھی عمل تو نہیں چھوڑتا لیکن اخلاص کے اندر سعی ترک کر دیتا ہے اور بعض مرتبہ یہ مضرت ہوتی ہے کہ اپنے شیخ سے بدگمانی ہو جاتی ہے کبھی اُن کے کمال میں بدگمانی ہو جاتی ہے کہ میاں اگر یہ صاحب کمال ہوتے تو ہم کو اخلاص ضرور نصیب ہوتا اور کبھی توجہ میں بدگمانی ہوتی ہے کہ ہماری طرف توجہ نہیں ہے اور یہ کفران نعمت ہے جو شخص تمہارا مربی اور مصلح ہوا اور اس کو ہر وقت تمہارا خیال رہتا ہو یہ خیالات تمہارے اگر اس کو معلوم ہو جاویں تو اس کا دل ضرور دکھے گا اور نتیجہ اس کا یہ ہوگا کہ نعمت تم سے سلب ہو جاوے گی۔ یہ غلو فی الاخلاص ہے کہ ایک دولت حاصلہ کی نفی کر رہے ہو۔ کسی درویش سے ایک ہاتھی سوار نے کہا کہ باوا دعا کرو کہ ترقی ہو درویش نے کہا کہ باوا ہاتھی پر تو سوار ہے کیا بانس پر سوار ہوگا اسی طرح تم کو اللہ تعالیٰ نے اخلاص نصیب فرمایا ہے اس کا شکر ادا کرنا چاہیے نہ کہ اس کا کفران کیا جاوے۔ غرض یہ فرحت طبعی ہے اس کو ریا سمجھنا غلطی ہے خوب سمجھ لینا چاہئے کہ ریا راعمال اختیاریہ میں سے ہے اور وسوسہ ریا رغیر اختیاری پس وسوسہ ریا نہیں ہے جیسے کہ وسوسہ کفر کفر نہیں خود صحابہ رضی اللہ عنہم کو وساوس آجاتے تھے۔

بس وسوسۂ ریا سے ریاکار نہیں ہوتا ہے یہ بھی شیطان کی رہزنی کا ایک طریق ہے کہ ضروری مقصود سے دور کر کے اس دھندے میں لگا دیتا ہے۔ پس یہ ایک قاعدہ کلیہ نکل آیا کہ جو امر غیر اختیاری ہو وہ مذموم نہیں اور اس قاعدے کے ذہن نشین کر لینے سے بہت سے صعوبات جو سالک کو پیش آتے ہیں سب حل ہو جاتے ہیں عارف

شیرازی اسی کو فرماتے ہیں ؎

در طریقت ہرچہ پیش سالک آید خیر اوست　　بر صراط مستقیم اے دل کسے گمراہ نیست

(طریقت میں جو کچھ سالک کو پیش آئے اس کے لئے خیر ہی ہے صراط مستقیم پر کوئی گمراہ نہیں ہے)

پیش آید کا مطلب یہی ہے کہ جو بلا اختیار پیش آوے وہ اس کے لئے خیر ہی خیر ہے اور فعل اختیاری تو پیش آور ہوتا ہے اس پر البتہ مواخذہ ہوگا. حاصل یہ کہ ایک قسم تو خوش ہونے کی یہ ہوئی اور دوسری قسم یہ ہے کہ دوسرے کے دیکھنے سے اس لئے خوشی ہوتی ہے کہ ہمارے اعمال نیک دیکھنے سے اس کو بھی توفیق ہوگی اور اس کا ثواب ہم کو بھی ملے گا۔ یہ خوشی بھی مذموم نہیں ہے۔ مگر یہاں مبتدی کو ایک دھوکا ہوجاتا ہے وہ یہ ہے کہ اس اظہار سے اصل مقصود تو نفس میں یہی ہوتا ہے کہ میری جاہ بڑھے اور لوگ مجھ کو معظم سمجھیں مگر ذہن تراش یہ لیتا ہے کہ میں اس لئے اظہار کرتا ہوں کہ لوگ دیکھ کر میرا اقتدا کریں لہذا مناسب مبتدی کے حال کے یہی ہے کہ اظہار کا قصد ہی نہ کرے البتہ کوئی صاحب کمال ہو اور نفس اس کا فنا ہو چکا ہو اور وہ اظہار عمل کا اس نیت سے کرے تو اس کو جائز ہے اور باعث ثواب ہے اسی واسطے بزرگوں کا قول ہے رِیَاءُ الشَّیْخِ خَیْرٌ مِّنْ اِخْلَاصِ الْمُرِیْدِ یعنی شیخ کا اظہار مرید کے اخلاص سے بہتر ہے یہاں ریا بمعنی لغوی ہے اصطلاحی نہیں مطلب یہ ہے کہ شیخ کا اظہار چونکہ موجب نفع متعدی ہے کہ دوسرے دیکھ کر اقتدا کرتے ہیں اس لئے وہ مرید کے اخلاص سے کہ اس کا نفع اسی کی ذات تک ہے بہتر ہے پس اس مقصد سے اگر خوشی ہو تو یہ خوشی عبادت ہے۔

تیسرے خوشی اظہار عبادت پر اس لئے ہوتی ہے کہ ہماری نیک نامی ہوگی اور لوگ ہمارے معتقد ہوں گے یہ ریا ہے اور مذموم ہے اور اس کے لئے سخت وعیدیں حدیث شریف میں آئی ہیں۔ حدیث میں آیا ہے کہ قیامت کے روز شہید کو بلایا جاویگا اور کہا جاوے گا کہ ہم نے تجھ کو فلاں فلاں نعمت دی تھی تو نے اس کا کیا شکر ادا کیا؟ وہ عرض کرے گا کہ اے رب میں نے آپ کی راہ میں جان تک دیدی ارشاد ہوگا کہ تو نے

ہمارے واسطے نہیں کیا بلکہ محض اس لئے کہ شجاع مشہور ہو سو یہ غرض حاصل ہو گئی اب یہاں کیا لیتا ہے اور حکم ہوگا کہ اس کو منہ کے بل اولٹا گھسیٹ کر دوزخ میں پھینک دو چنانچہ یہ اسی طرح پھینک دیا جاوے گا پھر اسی طرح ایک عالم اور ایک سخی سے گفتگو ہوگی اوران دونوں کے عمل میں بھی یہی حب شہرت کا نقص نکالا جاوے گا اور ان سب کو دوزخ میں ڈالدیا جاوے گا۔ دیکھئے یہ افضل الاعمال ہیں مگر ریا ایسی شئے ہے کہ ان اعمال کو بھی اس نے بیکار کر دیا ایک عجیب بات سنئے کہ بعض اوقات آدمی خدا سے بھی ریا کرتا ہے آپ کو حیرت ہوگی کہ خدا سے ریا کیسے ہو سکتی ہے میں عرض کرتا ہوں کہ اس کی صورت یہ ہے اور بہت واقع ہوتی ہے کہ ایک آدمی کی عادت تھی کہ سب کے سامنے تو لمبی لمبی نمازیں پڑھتا تھا اور خلوت میں جلدی جلدی اس کے بعد اس کو شرم آئی کہ افسوس میں خلوت میں جلدی جلدی نمازیں پڑھتا ہوں اللہ تعالیٰ مجھ کو کیا کہیں گے اس لئے جلوت کی سی نماز پڑھنے لگا لیکن نہ اس وجہ سے کہ اصل مقصود خلوت کی تطویل ہے بلکہ اس وجہ سے کہ اصل مقصود جلوت کی تطویل ان ہی اغراض فاسدہ کے لئے ہے مگر خلوت کی تطویل اس لئے اختیار کی ہے کہ اس سے وہ تطویل جلوت موردالزام نہ ہو پس اصل مقصود تو اس کا یہی ہے کہ مخلوق کے نزدیک میری قدر ہو مگر اللہ میاں کے الزام سے بچنے کے لئے تنہائی میں بھی وہ لمبی لمبی پڑھنے لگا یہ ہے ریا خدا تعالیٰ کے ساتھ اور بعض اوقات نیت اچھی نہیں ہوتی مگر فرضی نیت تصنیف کرتا ہے تاکہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ریا کار نہ ہو مگر یہ نیت ایسی ہی ہے کہ ایک مسافر کا اسباب بندھا رکھا ہے ٹکٹ اسٹیشن سے لانے کو آدمی کو بھیج رکھا ہے اور کوئی صاحب اس سے کہیں کہ تم امام بن کر پوری نماز پڑھا دو اور اس کے لئے قیام کی نیت کرلو غرض مبحث ریا کا طویل اور زوال اس کا قدرے عسیر ہے مگر یہ نہیں کہ اس مرض کا ازالہ نہ ہو سکے یقیناً ازالہ ہو سکتا ہے مگر معالجہ کرنے سے پس جو لوگ اس کے معالجہ میں مصروف ہیں اور پھر بھی ان کو شائبہ ریا کا پیش آجاتا ہے وہ بے فکر رہیں کیونکہ وہ واجب کو ادا

کررہے ہیں ان کے ذمہ اسی قدر ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ یعنی اللہ تعالیٰ سے ڈرو جس قدر تم سے ہو سکے اور دوسرے مقام پر جو فرمایا ہے یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهٖ یعنی اے ایمان والو اللہ سے ڈرو جو اس سے ڈرنے کا حق ہے اور بظاہر اس میں اور آیۃ سابقہ میں تعارض معلوم ہوتا ہے چنانچہ سلف سے بھی منقول ہے کہ یہ ناسخ و منسوخ ہیں یعنی اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهٖ (اللہ سے ڈرو جیسا کہ اس سے ڈرنے کا حق ہے) منسوخ ہے اور اتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ (اللہ تعالیٰ سے ڈرو جس قدر تم سے ہو سکے) ناسخ ہے اور نسخ فرع ہے تعارض کی اس لئے سلف کے اس قول سے بھی تائید تعارض کی ہوئی سو حقیقت میں کچھ تعارض نہیں ہے کیونکہ اِتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهٖ تو منتہائے سلوک ہے یعنی مقصود سلوک کا یہ ہے کہ حق تقویٰ حاصل ہو اور اِتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ میں ابتدا رسلوک کو بیان فرمایا ہے کہ اس میں شَیْئًا فَشَیْئًا کوشش کی جاتی ہے اِن دونوں امروں کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی امر کرے کہ چھت پر چڑھو اور وہ گھبرا جاوے کہ میں کیسے جاؤں تو اس کو کہا جاوے گا کہ زینہ پر بقدر استطاعت ایک ایک درجہ طے کرکے پہنچ جاؤ دوسری مثال یہ ہے کہ کوئی امر کرے کہ علاج کرکے اپنا بخار دور کرو اور گھبرا جاوے کہ کیا کوئی دوا ایسی ہے کہ آج ہی بخار جاتا رہے تو اس کو کہا جاوے گا کہ تھوڑی تھوڑی دوا پیا کرو بخار جاتا رہے گا اسی طرح مطلب حق تعالیٰ کا یہ ہے کہ بقدر استطاعت تقوے کرتے رہو یہاں تک کہ حق تقویٰ حاصل ہو جاوے اور سلف نے جو اس میں نسخ کہا ہے تو وہ نسخ اصطلاحی نہیں ان کے عرف میں نسخ مطلق اختلاف کو کہتے ہیں وَلَوْ بِالْاِجْمَالِ وَالتَّفْصِیْلِ (اگرچہ اجمال اور تفصیل کے ساتھ ہو) جیسا یہاں ہے غرض دونوں آیتوں کے ملانے سے معلوم ہو گیا کہ کام میں لگنے والے اور معالجہ کرنے والے ہرگز نہ گھبرائیں انپر کوئی ملامت نہیں وہ فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ (اللہ تعالیٰ سے ڈرو جس قدر ہو سکے) پر عمل کررہے ہیں انشاء اللہ ایک روز ان کو حق تقوے بھی حاصل ہو جاوے گا ہاں جو معالجہ سے غافل ہیں اور مرض کو بڑھا رہے ہیں ان پر البتہ ملامت ہے بہرحال ہمکو

اپنی نیت کا خالص کرنا ضروری ہے تاکہ دین کی حقیقت ہم کو حاصل ہو اور آجکل اکثر لوگ اس خیال سے خالی ہیں حتیٰ کہ دینداروں تک کی یہ حالت ہے کہ اعمال خیر کے ارتکاب اور اعمال سوء کے اجتناب میں بھی وضع اور رسم و رواج کے پابند ہیں چنانچہ بعض اعمال کے پابند ہیں جیسے نماز اور جس کا ترک ان کی شان کے خلاف سمجھا جاتا ہے اس کے پابند ہیں جیسے نماز اور جس کا ترک خلاف شان نہیں سمجھا جاتا اس کے پابند نہیں جیسے حقوق العباد۔ اسی طرح ہم لوگ غیبت تو کرتے ہیں مگر شراب نہیں پیتے سو شراب نہ پینا اس لئے نہیں کہ حق جل مجدہٗ راضی ہوں ورنہ غیبت کو بھی ترک کرتے بلکہ اس لئے ہے کہ باپ دادا نے شراب نہیں پی یہ خلاف وضع ہے اور غیبت وہ بھی کرتے رہے اس لئے خلاف وضع نہیں رشوت لیتے ہیں۔ جوا نہیں کھیلتے تو وجہ یہی ہے کہ جوا بازاروں میں بیٹھ کر کھیلنا بے حرمتی کا سبب ہے اور رشوت خاندانی رسم ہے وضع کے خلاف نہیں، باپ نے لی دادا نے لی اور اپنے اور اپنے تمام ہمعصر ہم چشم لیتے ہیں اس لئے اس کے لینے میں باک نہیں بہت کم رہن کی آمدنی کھاتے ہیں اور عرفی سود نہیں لیتے وجہ یہ ہے کہ سود لینے والے کو ذلیل و خوار سمجھتے ہیں اور رہن کی آمدنی تو باپ دادا سے کھاتے چلے آئے ہیں وہ شان ریاست ہے بعض اعمال میں یہ ہے کہ جن کی ہمیں عادت ہے اور عرفاً وہ موجب ذلت بھی نہیں اور رسم و رواج کے بھی خلاف نہیں ہیں ان کے پابند ہیں اور جن کی عادت نہیں ہے یا موجب استخفاف سمجھے جاتے ہیں ان کے پابند نہیں ہیں اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ (بعض کتاب پر ایمان لاتے ہو اور بعض کا انکار کرتے ہو) کے مصداق بن رہے ہیں اس پر دعوے ہے تقدس کا اور مدعی ہیں بزرگی کے۔ صاحبو یہ صورت دینداری کی تو ہے مگر حقیقت دینداری کی نہیں ہے۔ صاحبو بادام اور شئے ہے اور بادام کا چھلکا اور شئے ہے پستہ اور شئے ہے اور پوست اور شئے ہے۔ اخروٹ اور شئے ہے اور چھلکا اس کا اور شئے ہے۔ اسی طرح آدمی کی صورت اور شئے ہے اور حقیقت اور ہے۔ شعر

گر بصورت آدمی انساں بدے — احمد و بوجہل ہم یکساں بدے

اینکہ می بینی خلاف آدم اند  نیستند آدم غلاف آدم اند

(اگر آدمی کی صورت کی وجہ سے انسان ہوتا تو احمد اور ابو جہل یکساں ہوتے یہ کہ خلاف آدم کے تجھ کو نظر آتا ہے آدم نہیں ہیں آدم کے غلاف میں ہیں)

ایسی ہی ہمارے اعمال کی حالت ہے کہ اعمال کی صورت ہے حقیقت نہیں ہے ؎

خواجہ پندارد کہ دارد حاصلے  حاصل خواجہ بجز پندار نیست

(خواجہ کو گمان ہے کہ اس کو کچھ حاصل ہے خواجہ کو بجز غرور کے کچھ حاصل نہیں)

ان ہی صور اعمال پر نظر مقتصر کر کے ہر شخص بجائے خود سمجھ رہا ہے کہ مجھ میں کچھ ہے میں متقی ہوں ذاکر ہوں کوئی سمجھتا ہے کہ عالم ہوں حافظ ہوں اور اگر باطن کو دیکھا جاوے تو یہ حالت ہے ؎

از بروں چوں گور کافر پر حلل  و اندروں قہر خدائے عزوجل

از بروں طعنہ زنی بر بایزید  و از درونت ننگ میدارد یزید

(باہر سے (ظاہر میں) کافر کی قبر کی طرح آراستہ اور مزین ہیں اور اندر (باطن میں) خدائے عزوجل کا عذاب ہو رہا ہے ظاہر سے تو بایزید بسطامی جیسے پر تو طعنہ زنی کرتا ہے اور تیری اندرونی حالت سے شیطان بھی شرماتا ہے)

اصل یہ ہے کہ ہم لوگوں کو حس نہیں رہی اگر بصیرت ہو تو معلوم ہو کہ سب اعمال میں نفس کی کیچڑ لگی ہوئی ہوتی ہے واللہ العظیم ہم لوگوں کے اعمال وہ ہیں کہ قیامت کے روز اگر ہمارے جوتیاں نہ لگیں تو غنیمت ہے کس کا تقرب اور کیسے درجے بنتیں تو بزرگوں کی ہوتی تھیں چنانچہ حضرت حاتم اصم رحمۃ اللہ کی حکایت ہے کہ ان کو ایک شخص نے کچھ نذر کی آپ نے کچھ عذر فرمایا اس لئے کہ اس میں کچھ شبہ تھا اگرچہ فتوے کی رو سے وہ شے جائز تھی مگر تقوے کے اعتبار سے اس کا لینا درست نہ تھا اور حکم شرعی یہ ہے کہ اگر تقوی کے اس خاص درجہ پر عمل کرنے سے دوسرے کی دل شکنی ہو تو فتوے پر عمل کرنا چاہیے ایسے موقع پر تقوے کی حفاظت جائز نہیں اور ہماری حالت یہ ہے کہ اگر کسی بڑی مقدار میں ملے مثلاً پانچ سو روپیہ اور مشتبہ تو کیا مشتبہ

اور بڑھ کر ہو تو تاویل کر کرا کر اس کو جائز کر لیں گے اور اگر کوئی ایک روپیہ دے تو سارا تقوے اس میں چلا دیں گے، القصہ حضرت حاتم نے اول انکار کیا جب اس نے اصرار کیا تو لے لیا بخلاف ہم لوگوں کے کہ اگر ہمارے منہ سے ایک مرتبہ نہ نکل جاوے تو ہرگز نہ لیں گے کیونکہ اب لینا اپنی آن کے خلاف ہے۔ لوگوں نے پوچھا کہ حضرت آپ نے اول انکار کیوں کیا اور دوبارہ کیوں لے لیا۔ فرمایا کہ اول اس لئے انکار کیا کہ اس کا لینا تقوے کے خلاف تھا اور جب اس نے اصرار کیا تو خیال کیا کہ نہ لینے میں تو میری عزت اور اس کی ذلت ہے اور لے لینے میں میری ذلت اور اس کی عزت ہے۔ میں نے اس کی عزت کو اپنی عزت پر ترجیح دی یعنی میرے نہ لینے سے میری بات تو بنی رہتی مگر میرے بھائی کی وجاہت اور آبرو میں فرق آتا اور لینے میں میری شان کو دھبہ لگتا ہے لیکن اس کی بات بنتی ہے پس میں نے اپنی عزت اور آبرو کو لات ماری اور اپنے بھائی کی بات کو اونچا رکھا سبحان اللہ نیت یہ ہے اور حقیقت دین یہ ہے اور ہمارے اندر تو صورت ظاہری بھی کامل نہیں ہے اور حقیقت تو کہاں تھی۔ اور یہ حال تو ہمارے آجکل کے دینداروں کا ہے کہ ان کی نیتیں خالص نہیں پھر عوام کا تو کیا ذکر ہے بلکہ میرا خیال تو یہ ہے کہ عوام الناس کی نیتیں اکثر اعمال میں بہ نسبت خواص کے اچھی ہوتی ہیں وجہ اس کی یہ ہے کہ اعمال صالحہ سے مثلاً لمبی لمبی نماز پڑھنے سے اور ذکر و شغل اور وظائف وغیرہ سے جو جاہ بڑھتی ہے وہ خواص کی ہی بڑھتی ہے اس لئے وہی محل ریا بن سکتے ہیں اور عوام بیچاروں کو کون پوچھتا ہے اگر کسی گمنام عامی نے لمبی نماز پڑھی تب اور مختصر پڑھی تب ہر صورت میں کوئی بھی التفات نہیں کرتا ہاں عوام میں ایک کمی ہے وہ یہ کہ عمل کے وقت اکثر خالی الذہن ہوتے ہیں اس عمل کی نہ کوئی غایت مذمومہ ان کے ذہن میں ہوتی ہے اور نہ غایت محمودہ مگر عادت سے اور اجمالاً اس اعتقاد سے کہ خدا کا حکم ہے پڑھ لیتے ہیں مگر یہ خُلُوْعَنِ الْغَایَۃِ الْمَحْمُوْدَۃِ وَالْمَذْمُوْمَۃِ (غرض محمود یا مذموم سے خالی) بھی اخلاص ہی میں داخل ہے اس مقام پر اسی

وقت ایک تحقیق ذہن میں آئی وہ یہ ہے کہ اخلاص نیت کے معنی یہ سمجھے جاتے ہیں کہ کسی نیک عمل کے کرنے کے وقت اس امر کا بھی تصور و قصد ہو کہ یہ عمل حق تعالے کی رضا کے واسطے ہے اب دیکھنا چاہیئے کہ اس معنے کے اعتبار سے اخلاص کا وجود کہیں متحقق ہے کہ نہیں ہم غور کر کے جو دیکھتے ہیں تو اس معنے کے اعتبار سے عوام ہیں تو کیا خواص میں بھی اخلاص نہیں نماز پڑھتے ہیں روزہ رکھتے ہیں تلاوت کرتے ہیں اور کبھی عمل سے پہلے خصوصیت کے ساتھ ابتغاء مرضاۃ حق کا تصور تک بھی نہیں ہوتا ہے چنانچہ ابھی سب نے نماز جمعہ کی پڑھی ہے کسی کے دل میں بھی تصور اللہ تعالےٰ کی رضا مندی کا نہیں ہوا ہوگا۔ غایۃ مافی الباب گاہ گاہ نیک عمل کرتے وقت اس کا تصور ہو جاتا ہے کہ یہ ایک نیک کام ہے پس اگر نیت کے معنے یہی ہیں کہ قصد کرنا رضائے حق کا تو اس معنی کو تو کسی کی نیت بھی خالص نہیں اور دنیا میں کوئی بھی مخلص نہیں کیونکہ اکثر اوقات اس کا بلکہ کسی اور غایت کا بھی مطلق تصور نہیں آتا اور اسی بنا پر یہ جو عقلی مسئلہ مشہور ہے کہ افعال اختیاریہ کا صدور مسبوق بتصور الغایۃ ہوتا ہے مجھ کو اس مسئلہ میں ایک شبہ ہے کیونکہ اکثر مواقع پر کوئی غایۃ بھی ذہن میں نہیں ہوتی۔ تنویر اس کی یہ ہے کہ ہم سے بہت سے افعال میں اگر بمجرد صدور کوئی دریافت کرے کہ یہ فعل کیا فائدہ سمجھ کر کیا ہے تو ہم حیران رہ جاتے ہیں کہ کیا فائدہ بیان کریں ہاں کچھ دیر کے بعد گڑھ مڑھ کر کوئی وجہ بیان کر دیں تو وہ اور بات ہے ہاں اگر غایت پہلے سے سوچ لیتے ہیں تو بمجرد سوال اس کو بیان کر دیتے ہیں مثلاً ہم کسی امر پر زد و کوب کریں اور بعد اس ضرب کے کوئی ہم سے وجہ پوچھے تو فوراً بتلا دیں گے کہ اس وجہ سے مارا تو وجہ یہ ہے کہ پہلے سے اس غایت کا قصد ہو گیا تھا۔ اور اگر دو وقت کے کھانا کھانے کے بعد فوراً اس کا جواب لینا چاہیں کہ تم نے کھانا اس وقت کیا فائدہ سوچ کر کھایا تو کوئی معقول وجہ بے سوچے نہیں بتلا سکتے کیونکہ پہلے سے تصور نہ تھا اس لئے نہیں بتلا سکتے۔ اس لئے یہ قاعدہ اب تک سمجھ میں نہیں آیا

ہاں اگر یوں کہا جاوے کہ اجمال کے درجہ میں غایۃ کا تصور ہوتا ہے تو خیر مگر علم تفصیلی تو ہرگز نہیں ہوتا پس نیت کے اگر یہ معنے لئے جاویں گے تو تمام ہی مسلمانوں کے اعمال بیکار ٹھہریں گے۔ اب نیت کے معنے میں عرض کرتا ہوں۔ نیت کے معنے ہیں ارادہ کے یعنے وہ فعل اختیاراً اور قصداً ہوا ہو مثلاً وضو کے دو طریق ہیں ایک تو یہ کہ ارادہ کر کے وضو کرے اور دوسرے یہ کہ کوئی شخص حوض میں یا نہر میں غوطہ لگا دے اور اس کے ضمن میں وضو بھی ہو جاتا ہے اور شافعیہ فرماتے ہیں کہ وضو نہیں ہوتا اس لئے کہ ان کے نزدیک نیت ضروری ہے اس سے خود معلوم ہوتا ہے کہ نیت کے معنے ارادہ کے ہیں۔ دوسری مثال لیجئے اگر کوئی شخص بلا ارادہ صلوٰۃ اٹھک بیٹھک کرتا رہے اگرچہ تمام ارکان صلوٰتیہ ادا کرے مگر فقہا فرماتے ہیں کہ نماز نہ ہوگی اس لئے کہ بلا نیت یہ صلوٰۃ ہے پس ان تمام جزئیات سے معلوم ہوا کہ نیت کے معنے ارادہ کے ہیں پس نیک عمل میں نیت تین طرح کی ہو سکتی ہے ایک یہ کہ وہ فعل قصداً اور اختیاراً کیا جاوے لیکن اس میں نہ غایۃ محمودہ کا تصور ہو نا غایۃ مذمومہ کا دوسرے یہ کہ غایۃ محمودہ کا قصد ہو مثلاً یہ کہ میں نماز اس لئے پڑھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ خوش ہو۔ تیسرا مرتبہ یہ ہے کہ غایۃ مذمومہ کا ارادہ ہو مثلاً نماز اس لئے پڑھے کہ مخلوق کے نزدیک بڑا بنے۔ پس ان تینوں صورتوں میں سے ریا، مذموم اخیر کی صورت ہے اور صورت اولیٰ و ثانیہ اخلاص میں داخل ہے اس لئے کہ ریا، یہ ہے کہ مخلوق کے نزدیک بڑا بننے کے لئے کوئی فعل کرے سو اس کے ارتفاع کی دونوں صورتیں ہیں ایک یہ کہ کوئی غایۃ مقصود نہ ہو ہاں محرک اس کا امتثال ہو گو اس امتثال کی کوئی غایۃ تصور میں نہ آوے۔ اور ایک یہ کہ مقصود ہو اور محمود ہو مقید کا ارتفاع کبھی اس طرح ہوتا ہے کہ وہ قید نہ ہو دوسری خاص قید سے مقید ہو اور کبھی اس طرح ہوتا ہے کہ وہ دوسری قید بھی نہ ہو۔ البتہ صورۃ اولیٰ اخلاص کا ادنےٰ درجہ ہے اور صورۃ ثانیہ اعلےٰ درجہ۔

غرض کہ یہ جو سمجھتے ہیں کہ اگر کسی خاص غایت کی نیت نہ ہو تو اخلاص نہیں یہ غلط ہے۔ پس نیت کے معنے واضح ہو جانے سے معلوم ہوا کہ الحمدللہ خوش نیت اور مخلصین سے دنیا ابھی خالی نہیں ہوئی شاید میری ابتدائی تقریر اور اخیر تقریر میں کوئی تعارض سمجھے کہ اول میں تو شکایت تھی کہ اخلاص مفقود ہو گیا ہے اور فساد نیت میں عوام و خواص سب مبتلا ہیں اور آخر میں ثابت ہوا کہ ابتلاءً عام نہیں ہے بلکہ مخلصین بھی بہت ہیں تو ظاہر نظر میں یہ شبہ ہوتا ہے ورنہ واقع میں کچھ تعارض ہی نہیں اس لئے کہ میری تقریر کا حاصل دو امر کا اہتمام ہے اول یہ کہ جن لوگوں کے اعمال میں غایۃ مذمومہ پائی جاتی ہے مثلاً جاہ وحب مال وارضاء خلق ان کو متنبہ کرنا مقصود ہے دوسرا امر یہ ہے کہ جن کے اندر امراض موجود ہیں اور انھوں نے معالجہ شروع نہیں کیا اور نہ معالجہ کی فکر ہے ان کو معالجہ کی طرف توجہ دلانا ہے اور جن میں غایات مذمومہ نہیں یا ہیں مگر انھوں نے معالجہ شروع کر دیا ہے اگرچہ ان کے اندر امراض بھی ہیں ان پر ملامت نہیں ہے کیونکہ انھوں نے فَاتَّقُوا اللّٰہَ مَا اسْتَطَعْتُمْ (اللہ تعالیٰ سے ڈرو جس قدر ہو سکے) پر عمل شروع کر دیا ہے۔ اور کثرت سے وہ لوگ پائے جاتے ہیں جن میں غایۃ مذمومہ موجود ہے اور معالجہ کی فکر نہیں کرتے پس مراد ابتدا تقریر سے یہ ہے کہ بکثرت مبتلا ہو کر بھی بے فکر ہیں اور آخر تقریر سے مقصود یہ ہے کہ اخلاص کے ادنیٰ درجہ سے بھی نفی اخلاصیت کی نہ کرنی چاہیئے۔ باقی جنھوں نے اپنے کو کسی معالج کے سپرد کر دیا ہے ان کو پریشان نہ ہونا چاہیئے ان کو یہ کہا جاتا ہے ؎

کوئے نومیدی مرد کامیدہاست　　　سوئے تاریکی مرو خورشیدہاست

(ناامیدی کی راہ نہ جاؤ بہت سی امیدیں ہیں تاریکی کی طرف نہ چلو بہت سے آفتاب ہیں)

وہ جب لگے ہیں تو انشاءاللہ تعالیٰ پہنچ جاویں گے۔ اور ؎

اندریں رہ می تراش و میخراش　　　تا دم آخر دمے فارغ مباش

(اس طریق وصول الی اللہ میں تراش خراش کرتے رہو اور آخر وقت تک بھی

ایک لحظہ فارغ مت رہو)

البتہ معالجہ کے لئے دو شرطیں ہیں اول شرط یہ ہے کہ علم دین ہو تاکہ اعمال یا اغراض کا محمود و مذموم ہونا معلوم ہو سکے اور ہر کام میں یہ سمجھ سکے کہ اس میں میرا کیا قصد ہے آیا مذموم ہے یا محمود ہے پھر عمل سے پہلے مراقبہ و محاسبہ کرتا رہے دوسری شرط یہ ہے کہ اپنے کو کسی طبیب حاذق (مرشد کامل) کے سپرد کر دے اور اپنے حال کی اُس کو وقتاً فوقتاً اطلاع دیتا رہے اور اس کی رائے کا اتباع کرے جو کچھ وہ تجویز کرے خواہ سمجھ میں آوے یا نہ آوے انقیاد کرے۔ بعض دفعہ شیخ یہ تجویز کرتا ہے کہ تم تمام رات سویا کرو اور آدھ گھنٹہ جاگا کرو یا یہ کہ تلاوۃ قرآن اور نوافل چھوڑ دو تو بظاہر تو یہ ارشاد شیخ کا سمجھ میں نہیں آتا لیکن اتباع اس کا ضروری ہے اس لئے کہ ؎

بمے سجادہ رنگیں کن گرت پیر مغاں گوید　　　کہ سالک بیخبر نبود ز راہ و رسم منزلہا

(امر مباح جو بظاہر طریقت کے خلاف ہونے سے منکر معلوم ہوتا ہے اگر مرشد بتلا دے تو اس پر عمل کرے اس کو حقیر نہ سمجھے کیونکہ شیخ کو اس کے نشیب و فراز کا زیادہ تجربہ ہے)

اس شعر کے معنے یہ نہیں ہیں کہ شیخ کے حکم سے شراب اس قدر پیو کہ سجادہ بھی آلودہ ہو جائے اس لئے کہ ہر جگہ ترجمہ حقیقی ہی نہیں مراد ہوا کرتا جیسا کسی کی حکایت ہے کہ ایک مقام پر دو شخصوں کی آپس میں لڑائی ہو رہی تھی اور آپس میں مار پٹائی کی نوبت آگئی اُن میں سے ایک کا کوئی دوست وہاں آنکلا اس نے آکر اپنے دوست کے دونوں ہاتھ زور سے پکڑ لئے اب وہ کچھ نہ کر سکا مقابل نے اس کو خوب فراغت سے مارا کوٹا لوگوں نے پوچھا کہ میاں تم نے یہ کیا حرکت کی تو وہ کہتا ہے کہ میں نے شیخ سعدی علیہ الرحمہ کے قول پر عمل کیا ؎

دوست آں باشد کہ گیرد دست دوست　　　در پریشاں حالی و درماندگی

(دوست وہ ہے جو اپنے دوست کا پریشانی اور عاجزی کی حالت میں اپنے دوست کا ہاتھ پکڑے یعنی مدد کرے)

اس سے زیادہ پریشانی کی حالت کیا ہوگی اس لئے میں نے اس حالت میں اس کے ہاتھ

پکڑلیئے تو اس جاہل نے گیر دوست دوست کے حقیقی معنی لئے حالانکہ سب جانتے ہیں کہ یہاں حقیقی معنے مراد نہیں ہیں بلکہ دست گرفتن (ہاتھ پکڑنا) اعانت کردن (مدد کرنا) مراد ہے اسی طرح آجکل چونکہ اصطلاحات سے واقفیت نہیں ہے اس لئے حافظ صاحبؒ کے اشعار کو اکثر لوگ غلط سمجھتے ہیں اور مے اور رندی وغیرہ سے حقیقی معنی مراد لیتے ہیں حالانکہ اس شعر کے اندر ہی اگر غور کیا جاوے تو خود اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حافظ صاحب خلاف شرع امر کا حکم نہیں فرماتے اس لئے کہ آگے فرماتے ہیں کہ ؂

سالک بیخبر نبود زراہ ورسم منزلہا (کہ سالک راہ ورسم اور منزل سے بے خبر نہیں ہوتا)
جبکہ وہ سالک طریق ہے تو خلاف شریعت کیسے بتائے گا۔

خلاصہ مطلب شعر کا یہ ہے کہ تربیت کے دو طریق ہیں ایک جذب دوسرا سلوک جذب یہ ہے کہ طالب پر ذکر وفکر کے ذریعہ سے غلبہ محبت کا کیا جاوے اور اعمال زاہدہ میں کم لگایا جاوے اور اس طریق محبت کے ذریعہ سے اس کو مقصود تک پہنچایا جاوے دوسرا طریق سلوک ہے وہ یہ ہے کہ تلاوۃ قرآن اور نوافل وغیرہ میں زیادہ مشغول کیا جاوے پس مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی شخص طریق سلوک کو اپنی استعداد کے مناسب سمجھ کر پسند کرے اور شیخ اس کے طریق جذب کو پسند کرے تو اس کو خطاب کر رہے ہیں کہ سجادہ الخ مے سے مراد عشق ومحبت ہے یعنے اے طالب تو اپنی رائے کو دخل مت دے بلکہ شیخ نے جو تیرے لئے طریق محبت کو تجویز کیا ہے اسی کو اختیار کرو دوسری جگہ حافظ صاحب فرماتے ہیں ؂

فکر خود ورائے خود در عالم رندی نیست   کفرست دریں مذہب خودبینی وخودرائی
(اپنی رائے اور فکر کو راہ سلوک میں کچھ دخل نہیں ہے اس طریق میں خودبینی اور خودرائی کفر ہے)

پس اتباع شیخ کے ساتھ اعتماد بھی ہونا ضروری ہے اِس زمانہ میں اعتماد بہت کم رہ گیا ہے شیخ کی بعض سرسری تجویز پر یہ سمجھتے ہیں کہ شیخ کو ہمارے حال پر توجہ نہیں

ہے یا ہماری طفلی تسلی کردیتے ہیں سو خوب سمجھ لو کہ جس مریض کو طبیب پر اور طبیب کے نسخے پر بھروسہ نہ ہو اس کو کبھی شفا نہ ہوگی طبیب پر بھروسہ ہونا چاہیئے اور شفا میں تاخیر ہونے سے گھبراوے نہیں انشاء اللہ تعالیٰ ضرور شفا ہوگی مگر یہ ضروری نہیں کہ جب مریض نے شفا کی نیت کی ہے جب ہی ہو جاوے۔ معالجہ باطن کی حالت بالکل معالجۂ ظاہری کی سی ہے جس طرح طبیب نہایت آہستہ رفتار سے حسب استعداد مریض معالجہ کرتا ہے اور ادویہ مناسبہ وقتاً فوقتاً بدلتا ہے اسی طرح بعینہ مرشد کامل طالبین کی تربیت کرتا ہے اور عروق میں سے مرض کو نکالتا ہے طالب کو چاہیئے کہ پریشان نہ ہو اور نہ شیخ سے بد اعتقاد ہو شیخ گویا زبان حال سے کہتا ہے ؎

من غم تو میخورم تو غم مخور بر تو من مشفق ترم از صد پدر

(میں تیرا غم خوار ہوں تو غم مت کر میں تجھ پر سیکڑوں باپوں سے زیادہ شفیق ہوں)

حاصل یہ ہے کہ شیخ کا اتباع اور انقیاد کرتا رہے اور اپنی رائے اور تدبیر پر نہ چلے کام میں لگا رہے تو انشاء اللہ ایک دن کامیاب ہوگا۔ ایک شخص میرے پاس اپنی حالت لکھا کرتے تھے اور پریشانی اپنی ظاہر کیا کرتے تھے میں برابر ان کی تسلی کرتا تھا کہ آپ پریشان نہ ہوں آپ کی حالت بہت اچھی ہے جب کسی بات سے تسلی نہ ہوئی آخر میں نے لکھا کہ ہم کو تمہاری تسلی کی ضرورت نہیں ہم کو تمہاری حالت سے اطمینان اور تسلی ہے اس لکھنے سے ان کی تسلی ہوگئی۔ حاصل یہ کہ اتنی بیفکری بھی بری ہے کہ علاج ہی نہ کرے اور اس قدر فکر بھی مضر ہے کہ باوجود طبیب کے سپرد کر دینے کے بھی کسی وقت فکر سے خالی نہ ہو جب طبیب کے سپرد کر دیا اب بے فکر ہو جانا چاہیئے۔ بس صرف اس کی اتباع کی فکر رکھے اور منتظر رہے انشاء اللہ ایک وہ دن ہوگا کہ ؎

یوسف گم گشتہ باز آید بکنعاں غم مخور
کلبۂ احزاں شود روزے گلستاں غم مخور

(یوسف گم گشتہ کنعان میں واپس آتا ہے غم مت کرو غم کدہ کسی دن گلستاں بن جائے گا غم مت کرو)

الحمد للہ حدیث شریف کے تمام اجزاء کی بقدر ضرورت تفصیل ہوگئی ہے حق تعالے عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ فقط

**ختم شد**



## مسلمانوں کا عروج و زوال

اگر یہ درست ہے کہ کسی قوم کے گذشتہ بزرگوں بادشاہوں اور بڑے لوگوں کے حالات و واقعات بعد والوں کے لئے درس ہدایت و موعظت ہوتے ہیں اگر یہ درست ہے کہ ایک مردہ قوم کے لئے اس کے آباؤ اجداد کے بہادری کے کارنامے اس کے لئے حیات ثانیہ کے اسباب بن سکتے ہیں تو اے پاکستان کے باشندوں جو ابھی ابھی انگریز کی غلامی سے آزاد ہوئے ہو انگریزیت کی غلامی کا طوق بھی اپنی گردن سے اتارو دو دیکھو کہ تمہارے بڑے کیا تھے اور انہوں نے کس طرح حکومت کی کس طرح دنیا کو مسخر کیا۔ آئیے اور علامہ جلال الدین سیوطی کی کتاب تاریخ الخلفاء کا بامحاورہ سلیس اردو ترجمہ بیان الاعراء کا مطالعہ کیجئے اس کے مطالعہ سے تاریخ اسلام کی پوری واقفیت ہو جاتی ہے اور ساتھ ہی یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ خلافت کس طرح اور کس کس پر منتقل ہوتی رہی کچھ سال کم ایک ہزار سال کی تاریخ کا علم اس کتاب سے ہو جاتا ہے اس میں امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رضی کی خلافت سے لیکر ۹۰۳ھ تک کے شان حکومت جاہ و رفعت کا منظر عدل و انصاف کا سچا فوٹو اس خوبی سے کھینچا گیا ہے کہ جس سے اسلام کی اولوالعزمی کا بخوبی پتہ چلتا ہے اس میں خلافت راشدہ پھر حالات سلاطین بنو امیہ پھر بنو عباس مسلمانوں کا عروج و فتوحات پھر مسلمانوں کا زوال خروج چنگیز خان تاتاری پھر تاتاریوں پر مسلمانوں کی فتح غرضکہ ۹۰۳ھ تک کے حالات ہیں اس میں تقریباً بہتر خلفاء و سلاطین کے حالات ہیں یہی کتاب کا اردو بامحاورہ ترجمہ ہے جو اکثر مدارس میں داخل ہے۔

## مُعلّمُ الحُجّاج

یہ کتاب جس کے پاس ہو تو گویا اس کے ساتھ ایک چلتا پھرتا عالم ہے۔ اب چند سال سے مکہ معظمہ۔ مدینہ منورہ اور جدہ میں بالکل تبدیلیاں ہوگئی ہیں ان سب جگہ پر بالکل موجودہ صورت حال کے تمام کتاب میں ترمیم و تنسیخ کر دی ہے بلکہ یوں کہا جائے تو صحیح ہوگا کہ یہ کتاب پھر سے تصنیف ہوئی ہے۔ یوں سمجھیے کہ جہاز کا سفر اونٹ کا سفر جدہ اور معلمین حجاج۔ یہ تمام عنوانات از سر نو لکھے گئے ہیں، اسی طرح کتاب کے شروع میں چند صفحات کے ایک مقدمہ کا اضافہ کیا گیا ہے جس میں طواف کی وہ دعائیں جن کو بلا تفریق عقائد حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی تمام علماء پڑھاتے ہیں جمع کر دی ہیں۔ اور ایک خاص بات یہ ہے کہ ۸ ذی الحجہ سے لے کر ۱۲ ذی الحجہ تک پانچ دن کا پورا پروگرام شائع کر دیا ہے یوں سمجھیے کہ اگر حاجی حضرات پوری کتاب کا مطالعہ نہ کر سکیں اور صرف یہی مقام اگر دیکھ لیں تو ان کے سفر حج کا پورا پروگرام اس مقدمہ میں مل جائے گا نیز عربی کی اکثر عبارتوں کا اردو ترجمہ بھی ساتھ ساتھ کر دیا ہے جس کی وجہ سے انشاء اللہ عوام کو اور سہولت ہو جائے گی۔ غرضیکہ کتاب کی خوبیاں دیکھنے سے تعلق رکھتی ہیں۔ یہ کتاب انڈیا میں چھپتی ہے۔ جس کے مولانا مفتی قاری سعید احمد صاحب مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور اس کے مصنف ہیں۔

حج کا ارادہ رکھنے والے ضرور یہ کتاب منگالیں

ملنے کا پتہ

مکتبہ تھانوی بندر روڈ کراچی

ایم اے جناح روڈ

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ آیَۃً
(رواہ البخاری)

دعوات عبدیت جلد اول کا

وعظ نہم ملقب بہ

# اِصلاحُ النّساء

منجملہ ارشادات

حکیم الاُمّۃ مجدّد الملّۃ حضرت مولانا محمّد اشرف علی صاحب تھانوی

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

ناشر:۔ محمّد عبد المنّان غُفرلہٗ

مکتبہ تھانوی ۔ دفتر الابقاء

متّصل مسافر خانہ۔ بندر روڈ۔ کراچی
ایم۔ اے جناح روڈ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# دعوات عبدیت جلد اول کا
## وعظ نہم ملقب بہ
# اِصلاح النّساء

| اشتات | المستمعون | من ضبط | ماذا | کیف | کم | متی | این |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| متفرقات | سامعین کی تعداد تخمیناً | کس نے لکھا | کیا مضمون تھا | کیسے ہوا کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر | کتنا ہوا | کب ہوا | [illegible] |
| . | . | مولوی عبدالله صاحب گنگوہی | . | . | . | [illegible] جمادی الاخری [illegible] | [illegible] |

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

الحمد للّٰہ نحمدہ ونستعینہ ونستغفرہ ونومن بہ ونتوکل علیہ ونعوذ باللّٰہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا من یھدہ اللّٰہ فلا مضل لہ ومن یضللہ فلا ھادی لہ ونشھد ان لا الٰہ الا اللّٰہ وحدہٗ لاشریک لہٗ ونشھد ان سیدنا ومولانا محمداً عبدہٗ ورسولہ وصلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ اٰلہ واصحابہ وبارک وسلم اما بعد فقد قال النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم یَا مَعْشَرَ النِّسَآءِ تَصَدَّقْنَ فَاِنِّی اُرِیْتُکُنَّ اَکْثَرَ اَھْلِ النَّارِ فَقُلْنَ وَبِمَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ تُکْثِرْنَ اللَّعْنَ وَتَکْفُرْنَ الْعَشِیْرَ مَا رَاَیْتُ مِنْ نَاقِصَاتِ عَقْلٍ وَدِیْنٍ اَذْھَبَ لِلُبِّ الرَّجُلِ الْحَازِمِ مِنْ اِحْدٰکُنَّ قُلْنَ وَمَا نُقْصَانُ دِیْنِنَا وَعَقْلِنَا یَارَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ اَلَیْسَ شَھَادَۃُ الْمَرْاَۃِ مِثْلَ نِصْفِ شَھَادَۃِ الرَّجُلِ قُلْنَ بَلٰی قَالَ فَذٰلِکَ مِنْ نُقْصَانِ عَقْلِھَا قَالَ اَلَیْسَ اِذَا حَاضَتْ لَمْ تُصَلِّ وَلَمْ تَصُمْ قُلْنَ بَلٰی قَالَ فَذٰلِکَ مِنْ نُقْصَانِ دِیْنِھَا مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ۔ ترجمہ حدیث شریف کا یہ ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (عورتوں کو خطاب کر کے) فرمایا کہ اے عورتوں کے گروہ تم صدقہ دو اس لئے کہ دکھلایا گیا ہوں کہ تم اہل نار

لہ وعظ سابق دو وعظوں کے درمیان غیر جمعہ میں ہوا تھا مگر ان دونوں کے تناسب سے ترتیب میں اس کو متصل و اسکو مؤخر کردیا

میں سے سب سے زیادہ ہو۔ عورتوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی کیا وجہ ہے فرمایا کہ تم لعنت ملامت بہت کرتی ہو اور خاوند کی ناشکری کرتی ہو۔ میں نے تم سے زیادہ کہ تم ناقصات العقل والدین بھی ہوشیار مرد کی عقل کو سلب کرنے والا کوئی نہیں دیکھا عورتوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے دین اور عقل کے نقصان کی کیا وجہ ہے فرمایا کہ کیا عورت کی شہادت مرد کی شہادت سے نصف نہیں ہے عورتوں نے عرض کیا کہ بیشک ہے فرمایا کہ یہ نقصان عقل ہے پھر فرمایا کہ کیا یہ بات نہیں ہے کہ جب کوئی حائضہ ہوتی ہے تو نہ نماز پڑھتی ہے نہ روزہ رکھتی ہے عرض کیا کہ بے شک فرمایا کہ بس یہ نقصان دین ہے میں نے اس وقت اس حدیث کو جس میں عورتیں مخاطب ہیں حالانکہ یہاں مردوں کا بھی مجمع ہے اس لئے اختیار کیا ہے کہ عورتوں کو ایسا موقع بہت کم ملتا ہے اس لئے وہ بالکل بے خبر ہیں اور طرح طرح کی خرابیوں میں مبتلا ہیں اور وہ خرابیاں عورتوں سے تجاوز کر کے مردوں اور بچوں تک پہنچتی ہیں اس لئے ان کی اصلاح سے گھر بھر کی درستی ہے اس کے اعتبار سے یہ مضمون عام اور مشترک النفع بھی ہو گیا اور نیز اس میں بعض مضامین بلا واسطہ بھی مشترک ہیں البتہ مقصود زیادہ عورتوں ہی کو سنانا ہے۔ اِس حدیث میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کے پانچ نقصائص بیان فرمائے دو اضطراری اور تین اختیاری۔ دو اضطراری یہ ہیں نقصان عقل، نقصان دین اور تین اختیاری اکثار لعن کفران عشیر مرد حازم کی عقل کو صلب کرنا نقصان عقل و دین کی ماہیت سے سوال کے جواب میں بجائے بیان حقیقت کے حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کی علامتیں اس لئے بیان فرمائیں کہ مخاطب کم سمجھ ہیں اس لئے حقیقت کے سمجھنے میں تکلف ہوتا اور جہاں مخاطب کم عقل ہو ایسا ہی کرنا مناسب ہے مثلاً کوئی عامی نار کی حقیقت سے سوال کرے تو کہا جاوے گا کہ جس میں دھواں ہوتا ہے وہ نار ہے اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نقصان عقل کو بھی ایک علامت سے بیان فرمایا ہے وہ یہ کہ دو عورتوں کی

گواہی بمنزلہ ایک مرد کے قرار دی گئی ہے اور نقصان دین کو بھی اس علامت سے کہ حیض کے ایام میں روزہ نماز نہیں پڑھتی اس زمانہ میں چونکہ انقیاد للحق غالب تھا یہ علامتیں بیان کر دینا کافی تھیں آجکل طبائع کا رنگ بدل گیا بجائے انقیاد کے عناد غالب ہے اب تو اسی میں سوال پیدا ہوگا کہ اس کی کیا وجہ ہے کہ دو کی گواہی ایک مرد کے برابر ہوئی سو اس کا جواب یہ ہے کہ حدیث و قرآن کوئی فن کی کتاب نہیں ہے کہ اس میں ایسی کاوش کی جاوے بلکہ قرآن و حدیث تو طب کی سی کتابیں ہیں اس لئے اس کو اس نظر سے دیکھنا چاہیئے جس نظر سے شفیق طبیب کے کلام کو دیکھا جاتا ہے کہ کہیں وہ ایک مریض کی حالت کے لحاظ سے کلام کرتا ہے اور کہیں دوسرے مریض کے مناسب حال اسی واسطے قرآن و حدیث کو وہ خوب سمجھے گا جو شان نزول سے واقف ہو کیونکہ اس سے معلوم ہو جاوے گا کہ کس موقع پر یہ ارشاد ہوا ہے وہاں کیا حالت تھی کیا مقتضیات اور خصوصیات تھیں اور اسی وجہ سے ہم فہم قرآن و حدیث میں صحابہ رضی اللہ عنہم کے سخت محتاج ہوں گے بڑا فرق ہے اس شخص میں نسخہ لکھنے کے وقت طبیب کے پاس حاضر ہوا اور جو حاضر نہ ہووے مدت کے بعد اس نے صرف نسخہ دیکھا ہو جو حاضر ہے وہ مریض کے سن اور مزاج اور دوسری خصوصیات کو مشاہدہ کریگا اس لئے نسخہ کے محل کو وزن کو جیسا وہ سمجھے گا دوسرا شخص نہیں سمجھے گا۔ اسی طور پر قرآن و حدیث کی تفسیر میں سلف کا قول مقدم ہوگا۔ حاصل یہ ہے کہ قرآن و حدیث پر اس اعتبار سے نظر نہ کرنا چاہیئے کہ وہ کوئی فن کی کتاب ہے جس میں تعریفات کے جامع مانع نہ ہونے سے یا قیود کے مفید احترازنہ ہونے سے تصنیف کو ناقص سمجھا جاتا ہے۔ اسی واسطے میری یہ رائے ہے کہ قرآن و حدیث ایسے وقت پڑھنا چاہیئے کہ دماغ فلسفہ و منطق سے متاثر نہ ہوا ہو۔ بہرحال اس وقت نقصان دین و عقل کی علامت کو بیان کر دینا کافی ہو گیا اور اگر آج یہ کافی نہیں ہے تو حقیقت کے بتلانے والے بھی بفضلہ تعالےٰ موجود ہیں اور نقائص

اختیاری تو اس لئے بیان فرمائے ہیں کہ اپنے نقائص پر مطلع ہو کر ان کے علاج کی فکر کریں اور نقصائص اضطراری غیر اختیاری جو معالجہ سے نہیں جاسکتے ان کو اس لئے بیان فرمایا کہ اپنے اندر ان نقصائص کو دیکھ کر کبر اور پندار جاتا رہے اس لئے کہ عورتوں میں کبر اور پندار کا بہت مرض ہے ذرا سا کمال ہوتا ہے اس کو بہت کچھ سمجھتی ہیں اور منشا اس عجب و کبر کا ہمیشہ جہل ہوتا ہے بڑا عالم اپنے کو وہی سمجھتا ہے جو کچھ نہ ہو کیونکہ جو واقع میں بڑا ہوگا اس کی نظر کمال کی حد آخر تک ہوگی اور اپنے کو اس سے عاری دیکھے گا اس لئے ممکن نہیں کہ اپنے کو بڑا سمجھے البتہ ایسے شخص کو اپنا بڑا سمجھنا شایان ہے جو تمام مراتب کمال کو جامع ہو اور وہ صرف ایک ذات وحدہٗ لا شریک ہے اس لئے متکبر اس کا کمالی نام ہے اس کے معنے ہیں اپنے کو بڑا سمجھنے والا سوچو کہ واقع میں حق تعالیٰ بڑا ہے اس لئے اگر وہ اپنے کو بڑا جانتا تو یہ جہل ہوتا اور جہل نقص ہے اور حق تعالٰے تمام نقائص سے پاک ہیں بس خدا کا تو یہی کمال ہے کہ وہ اپنے کو بڑا جانے اور بندہ کا یہ کمال ہے کہ اپنے کو چھوٹا سمجھے اگر وہ اپنے کو بڑا سمجھے تو یہ نقص ہوگا حدیث قدسی میں ہے اَلْکِبْرِیَاءُ رِدَائِیْ وَالْعَظْمَۃُ اِزَارِیْ فَمَنْ نَازَعَنِیْ فِیْھِمَا قَصَمْتُہٗ یعنی عظمت وکبریا میرا خاصہ ہے جیسے ازار اور ردا انسان کا جلوس خاص ہوتا ہے بس جو شخص مجھ سے (ان صفات میں) کھینچا تانی کرلے گا میں اس کی گردن توڑ دوں گا اس سے معلوم ہوا کہ عظمت اور بڑائی حق تعالٰے کی صفات خاصہ میں سے ہیں اس لئے بندہ کا کمال اپنے کو عاجز سمجھنا ہے چنانچہ جن حضرات کے قلب میں حق تعالٰے کی عظمت اور کبریا آگئی ہے وہ اپنے کو ہیچ در ہیچ سمجھتے ہیں جس شخص کی رستم کی قوت پر حاتم کی سخاوت پر نظر ہوگی وہ اپنے کو قوی اور سخی نہ سمجھے گا جس کے پیش نظر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا علم ہوگا وہ اپنے کو کیا عالم سمجھے گا آجکل یہ خبط ہو گیا ہے کہ تھوڑا سا کمال ہوجاتا ہے تو اپنے کو بڑا سمجھنے لگتے ہیں اور عورتوں میں یہ مرض زیادہ ہے اگر کوئی عورت ذرا نماز اور تلاوت کی پابند

ہوجاتی ہے تو اپنے کو رابعہ سمجھنے لگتی ہے اور ہر ایک کو حقیر سمجھتی ہے اور وجہ اس کی بھی ہے کہ ان کی کسی نے تربیت نہیں کی کتابیں پڑھ پڑھ کر دیندار ہوجاتی ہیں پس ان کی ایسی مثال ہے جیسے کوئی کتب طب دیکھ کر دوا دیہ کھانے لگے، بنانے لگے۔ اس سے بجائے نفع کے خوف ضرر غالب ہوگا جب تک طبیب کی رائے سے دوا نہ کھائے کچھ نفع نہ ہوگا اسی طرح چونکہ عورتوں کے اخلاق کی تربیت نہیں ہوتی اور کسی مربی سے رجوع نہیں کرتیں اور جو کچھ سمجھ میں آتا ہے کرلیتی ہیں اس لئے اپنے کو باکمال سمجھنے لگی ہیں ایک لڑکی کا کسی شخص سے نکاح ہوا وہ لڑکی نماز روزہ کی پابند تھی اور شوہر اس قدر پابند نہ تھا اور آوارہ سا تھا تو وہ لڑکی کہتی ہے کہ افسوس میں ایسی پرہیزگار اور ایسے شخص کے جال میں پھنس گئی میری قسمت ڈوب گئی حالانکہ بے وقوف یہ نہیں سمجھی کہ اگر ہم نے نماز پڑھی روزہ رکھا تلاوت کی تو اپنا کام کیا دوسرے پر کیا احسان کیا کوئی دوا پی کر بڑا فخر کرتا ہے کہ میں بڑا بزرگ ہوں کہ دوا پیا کرتا ہوں اسی طرح یہ سب طاعات میں اپنا ہی نفع ہے اور اس سے اپنا ہی حق ادا کر رہا ہے اور حقوق اللہ جو اس کا لقب ہے یہ اس اعتبار سے نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس سے منتفع ہے یا اس کا حق اس سے اتر جاتا ہے کیونکہ صاحب حق کو تو دیکھنا چاہیئے کہ اس کی ہم پر کس قدر نعمتیں ہیں اگر نعمتوں کو دیکھا جاوے تو درحقیقت یہ ہماری نماز روزہ کچھ بھی نہیں اور جہاں ہزاروں انبیاء و اولیاء و ملائکہ کی عبادتوں کے ذخیرے کے ذخیرے انبار کے انبار موجود ہوں ان کے مقابلے میں ہمارے روزہ نماز کی مثال بالکل ایسی ہے جیسے کہ جواہرات کے سامنے مٹی کے کھلونے تو حقیقت میں احسان تو حق تعالیٰ کا ہے کہ ہماری ایسی عبادتوں کو قبول فرماتے ہیں اس کی ایسی مثال ہے کہ کوئی شخص کسی اپنے مخدوم کی خدمت بدون اس کی حاجت کے اس کی مرضی کے موافق نہ کرے اور اس مخدوم کو اس خدمت سے بجائے راحت کے تکلیف پہنچی مگر خوش اخلاقی سے خاموش ہوجاوے تو وہ خادم اپنی جہالت سے یہ سمجھے گا کہ میں نے بڑا کام کیا حالانکہ بڑا کام تو مخدوم نے کیا کہ اس ناگوار خدمت کو قبول فرمایا دیکھئے قاعدہ عقلیہ اور شرعیہ ہے

کہ کامل و ناقص کا مجموعہ ہمیشہ ناقص ہوتا ہے اور پاک و ناپاک مل کر ناپاک ہوتا ہے پس جبکہ ہماری نمازیں وساوس و خطرات اور ترک سنن اور خلاف خشوع امور بھی شامل ہیں تو وہ مجموعہ نماز کامل کیسے ہوئی اسی بنا پر حدیث شریف میں وارد ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک نماز پڑھنے والے کو جو کہ تعدیل ارکان نہ کرتا تھا فرمایا صَلِّ فَاِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ یعنی تو نماز پڑھ اس لئے کہ تو نے نماز نہیں پڑھی چونکہ اسی حدیث کے آخر میں یہ بھی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر اس کو طریقہ نماز کا مع تعدیل ارکان اور آداب کے سکھایا اور اس کے بعد یہ فرمایا کہ جس قدر اس میں سے کمی ہوگی اسی قدر نماز میں کمی ہو جاوے گی اس لئے فقہاء امت رحمہم اللہ نے سمجھا کہ نماز تو ہو جاوے گی مگر ناقص ہوگی ورنہ ظاہر الفاظ حدیث سے تو معلوم ہوتا تھا کہ بالکل ہی نماز نہ ہو بہر حال یہ محض رحمت ہے کہ ہماری ناقص عبادت کو بھی عبادت گردانا یہ محض فضل ہے پھر ایسی عبادت پر خوش ہونا اور فخر کرنا جہالت ہے اور منشاء اس فخر و کبر کا وہی جہل ہے اور جس قدر عقل کم ہوتی ہے یہ مرض کبر کا زیادہ ہوتا ہے چنانچہ مردوں کی نسبت عورتوں میں یہ مرض زیادہ ہے حاصل یہ ہے کہ نقائص اضطراری پر نظر و تنبہ و توجہ ہونے سے یہ مرض کم ہوتا ہے اور اول معلوم ہو چکا ہے کہ نقص اضطراری کہ جن کے ازالہ پر قدرت نہیں اس مقام پر دو ہیں نقصان عقل اور نقصان دین نقصان عقل کو تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس علامت سے بیان فرمایا کہ دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کی گواہی کے برابر ہے اس سے معلوم ہوا کہ ان کی عقل میں نقصان ہے آجکل یہ سوال اس مسئلہ میں پیدا ہو سکتا ہے کہ اس کی کیا وجہ ہے کہ دو کی گواہی ایک کے برابر ہے جواب حقیقی اور قاطع شغب تو یہی ہے کہ اس میں کوئی حکمت ہوگی کہ جس کی ہم تعیین نہیں کرتے اور اگر دین ہماری طرف سے تبرع ہے جواب تو اسی قدر کافی ہے باقی ہم تبرعاً کہتے ہیں کہ حکمت یہ ہے کہ عورتوں کی خلقت ہی میں نقصان ہے تمام قویٰ اور اعضاء میں اُن کے بہ نسبت رجال کے نقصان آفتاب نیمروز کی طرح آتا ہے اور جبکہ خلقتاً ناقص ہیں تو حافظہ بھی ناقص ہوگا اور مدار شہادت

کا حفظ بہ سبب اس لیئے دو کی گواہی ایک کے برابر قرار دی گئی اور چونکہ حافظہ بھی معین عقل ہے اس لئے یہ علامت ہوگی ایک درجہ میں نقصان عقل کی پھر اس میں سوال ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو ایسا ضعیف کیوں پیدا فرمایا اس کا جواب یہ ہے کہ اس میں تمدن کی حفاظت ہے تاوقتیکہ ایک کو دوسرے کا تابع اور محتاج نہ بنایا جاوے تمدن محفوظ نہیں رہ سکتا اور تبعیت دو مساوی میں ہوتی نہیں اسی واسطے فرماتے ہیں اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ یعنی مرد عورتوں پر سردار ہیں اور وجہ اس کی آگے ارشاد فرمائی ہے فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ یعنی بسبب اس بات کے کہ اللہ تعالیٰ نے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے۔ اور جن لوگوں نے برعکس اس حکم کے عورتوں کو متبوع بنا لیا وہاں کی خرابیاں پوشیدہ نہیں ہیں آجکل اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ کی تفسیر یہ کی جاتی ہے کہ مرد عورتوں کے مزدور ہیں سبحان اللہ کیا تفسیر دانی ہے ان مفسر صاحب سے کوئی پوچھے کہ فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ (اللہ تعالیٰ نے بعض کو فضیلت دی) کے کیا معنی ہیں اگر جرات کر کے یہ کہیں کہ اس میں بھی بعضہم سے مراد عورتیں ہی ہیں تو تھوڑی دیر کے لئے مسلم لیکن آگے جو فرماتے ہیں وَبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ (اور اس سبب سے کہ مردوں نے اپنے مال خرچ کئے ہیں) اس میں تو ضمیر یقیناً رجال ہی کی طرف ہے کیونکہ متفق وہی ہیں تو کیا پھر فَضَّلَ اللّٰهُ کی وہ تفسیر سرتا سر مہمل اور تحریف قرآن نہ ہوگی اگر یہ معنے ہوتے تو للنسار فرماتے علی جو کہ تسلط کے لئے ہے نہ فرماتے خلاصہ یہ ہے کہ مردوں کو عورتوں پر خلقتاً بھی فضیلت ہے چنانچہ دوسرے مقام پر ارشاد ہے اَوَمَنْ يُّنَشَّؤُا فِى الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِى الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِيْنٍ مشرکین جو ملائکہ کو بنات اللہ کہتے تھے ان کا رد اس طرح فرماتے ہیں کہ کیا تم ایسی مخلوق کی حق تعالیٰ کی طرف نسبت کرتے ہو جو کہ پست خیال ہے کہ ہمیشہ بناؤ سنگار اور زیور میں نشو ونما پاتی ہیں اور دوسرے یہ کہ ان میں مقابلہ کے وقت قوت بیانیہ نہیں ہے واقعی یہ دو صفتیں جو عورتوں کی ارشاد فرمائی ہیں کھلم کھلا نظر آتی ہیں زیور اور آرائش اور بناؤ سنگار میں شب و روز رہتی ہیں اس سے آگے ان کا خیال ترقی ہی نہیں کرتا غایۃ مقصود اپنا اسی کو سمجھتی ہیں اور مقابلہ

اور مناظرہ کے وقت ان کے دلائل میں قوت بالکل نہیں ہوتی ادھر اُدھر کی باتیں بہت کریں گی لیکن کسی امر پر دلیل صحیح ہرگز نہ بیان کر سکیں گی کوئی عورت یہ نہ کہے کہ یہ زیور تو ہم کو ماں باپ نے پہنا دیا اس سے عادت ہو گئی اس سے میلان کہاں ثابت ہوا جواب یہ ہے کہ یہ بالکل غلط ہے اگر ماں باپ بھی نہ پہناویں تب بھی ان کا طبعی میلان نمائش و آرائش کی طرف ہے چنانچہ بہت سے واقعات اس کے مشاہد ہیں اور اسی طرح اگر کوئی صاحب دوسری جزو میں یعنی قوۃ بیانیہ میں کمی کے بارے میں فرما دیں کہ یہ اس وجہ سے ہے کہ ہماری عورتوں کی تعلیم نہیں ہوتی اگر تعلیم و تربیت کامل ہو تو یہ نقصان ہرگز نہ رہے یہ بھی غلط ہے اس لئے کہ جو عورتیں تعلیم یافتہ کہلاتی ہیں وہ بھی معلوم ہوا کہ لکچروں میں ناقص تقریر کرتی ہیں ان کے شوہر اس لکچر کی تکمیل کرتے ہیں یہ حکمت تبرعاً بیان کر دی گئی ورنہ یہ کہنا کافی ہے کہ خدا تعالیٰ کی کوئی حکمت ہو گی ہمارا کوئی فائدہ اس کے تعیین پر موقوف نہیں اسی واسطے جو چیزیں فضول ہیں ان کی تحقیق و تفتیش سے منع کر دیا گیا ہے ہم کو اس تحقیق سے کیا فائدہ ہے کہ فلاں ناقص کیوں ہے فلاں کامل کیوں ہم کو تو اس کے نتائج و احکام پر عمل کرنا چاہئے۔ بہر حال تقریر سے معلوم ہو گیا کہ نقصان عقل اضطراری اور خلقی ہے اور دوسرا نقصان یعنی نقصان صلوٰۃ جس کو نقصان دین فرمایا ہے جس کا سبب حیض کا آنا فرمایا ہے وہ تو ظاہر ہی ہے کہ خلقی ہے اور تین امر اختیاری ان کی طرف منسوب فرمائے کہ ان کا ازالہ ان کے اختیار میں ہے وہ کفران عشیر واذہاب لب رجل حازم واکثار لعن چونکہ یہ اختیاری ہیں اس لئے ان کو نقص نہ کہنا چاہئیے بلکہ ان کو شر کے نام سے موسوم کرنا مناسب ہے حاصل یہ ہوا کہ عورتوں میں دو نقص اور تین شر ہیں جو نقص ہیں ان کا فکر تو بے سود ہے اس لئے کہ وہ معاملے زائل ہونے والے نہیں بلکہ اس کی تو تمنا سے بھی منع کیا گیا ہے چنانچہ وارد ہے کہ حضرت ام سلمہؓ نے مردوں کے فضائل سن کر فرمایا تھا کہ یَا لَیْتَنَا کُنَّا رِجَالاً یعنی اے کاش ہم مرد ہوتے تو مردوں کی سی فضیلت ہم کو بھی ملتی اس پر یہ آیت نازل ہوئی وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰہُ بِہٖ بَعْضَکُمْ

یعنی مت تمنا کرو اس شئے کی کہ اللہ تعالیٰ نے اس شئے سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے یعنی خلقی آگے فرماتے ہیں لِلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوا وَلِلنِّسَاءِ نَصِيبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ یعنی مردوں کے لئے حصہ ہے اس شئے سے جو انھوں نے کمایا (اور عورتوں کیلئے حصہ ہے جو انھوں نے کمایا ہے) مطلب یہ ہے کہ ایسی تمنا چھوڑو عمل میں کوشش کرو اب اس پر یہ شبہ ہوتا ہے کہ اگر ہم عمل بھی کریں تب بھی ناتمام ہی رہیں گے نقصان ہمارا کہاں دور ہوگا تو اس کا جواب فرماتے ہیں وَاسْأَلُوا اللَّهَ مِن فَضْلِهِ یعنی اللہ سے اس کے فضل کا سوال کرو مطلب یہ ہے کہ عمل نیک کرے اگر خدا کا فضل ہو تو تم مردوں سے بڑھ سکتی ہو غرضکہ جو نقص اضطراری ہیں اس کی فکر تو بالکل فضول ہے۔

اور جو اختیاری ہیں جن کو ہم نے شر کہا اس کی اصلاح واجب ہے اور وہ کل تین شر ہیں اکثار لعن، کفران عشیر، اذہاب لب رجل۔ اکثار لعن یعنی لعنت ملامت زیادہ کرنا چنانچہ دیکھا جاتا ہے کہ صبح سے شام تک ان کا یہی مشغلہ ہے کہ جس سے دشمنی ہے اس کی غیبت کرتے ہیں اور جس سے محبت ہے اس کو کوستی ہیں اپنی اولاد کو کوستی ہیں اپنی جان کو کوستی ہیں اور ہر شئی کو خواہ وہ قابل لعنت ہو یا نہ ہو کوستی ہیں یاد رکھو بعض وقت اجابت کا ہوتا ہے اور وہ کوسنا لگ جاتا ہے پھر نادم ہونا پڑتا ہے ہمارے یہاں ایک شخص تشنج زدہ ہے جو کہ چارپائی سے ہل نہیں سکتا اور سخت تکلیف میں ہے اس کی ماں نے اس کو کسی شرارت پر کہا تھا کہ خدا کرے تو چارپائی کو لگ جاوے خدا کی قدرت وہ ایسا ہی ہوگیا اور اس کی مصیبت والدہ صاحبہ ہی کو اٹھانا پڑی۔

کفران عشیر یعنی زوج کی ناشکری جس قدر ان کو دیا جاوے سب تھوڑا ہے مجھ کو مولوی عبدالرب صاحب کا ایک لطیفہ یاد آگیا کہ وہ فرمایا کرتے تھے کہ ان کے پاس کتنا ہی کپڑا ہو جب پوچھو کہ کپڑا ہے تو کہیں گی کہ کیا ہیں چار چیتھڑے اور کتنے جوڑے جوتے کے ہوں مگر پوچھنے پر یہی کہیں گی کہ کیا ہے دو لیتڑے۔ اور برتن کیسے ہی عمدہ اور کثرت سے ہوں مگر یوں ہی کہیں گی کہ کیا ہیں چار ٹھیکرے ایک عورت خود کہتی تھی کہ ہمارا حال تو دوزخ کا سا ہے کہ اس کو کہا جاوے گا هَلِ امْتَلَأْتِ کیا تو بھر گئی وہ جواب میں کہے گی

هَلْ مِنْ مَّزِیْدٍ (کہ کچھ اور بھی ہے) ایک مرض ان میں اور بھی ہے جو کفران ہی کا شعبہ ہے کہ کوئی چیز خواہ وہ درکار آمد ہو یا نکمی ہو پسند آنا چاہیئے بے سوچے سمجھے اس کو خرید لیتی ہیں اور کہتی ہیں گھر میں رہے گی چیز کام آ ہی جاتی ہے اور یہ شعبہ کفران کا اس لئے ہے کہ اضاعۃ مال شوہر کا ہے خود اپنے مال کی اضاعۃ بھی کفران ہے جیسا ارشاد ہے اِنَّ الْمُبَذِّرِیْنَ کَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّیَاطِیْنِ وَکَانَ الشَّیْطَانُ لِرَبِّهٖ کَفُوْرًا (بے شک بے موقع اڑانے والے شیطانوں کے بھائی بند ہیں اور شیطان اپنے پروردگار کا بڑا ناشکر ہے) اور جب مال بھی دوسرے کا ہو تو کفران حق کے ساتھ کفران شوہر بھی ہے مومن کا قلب تو زیادہ بکھیڑے سے گھبرانا چاہیئے گو کہ اسراف بھی نہ ہو اور بے ضرورت کوئی شئے خریدنا تو صریح اسراف میں داخل ہے حدیث میں ہے نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ اِضَاعَۃِ الْمَالِ یعنی منع فرمایا حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے مال کے ضائع کرنے سے آجکل گھروں میں اور خصوصاً بڑے گھروں میں نہایت اسراف ہوتا ہے۔ برتن ایسے خریدے جاتے ہیں جو قیمت میں تو بہت زیادہ مضبوط خاک بھی نہیں ذرا ٹھیس لگ جاوے چار ٹکڑے اور پھر حاجت سے بھی زائد بعض گھروں میں اس کثرت سے شیشہ وچینی وغیرہ کے برتن ہوتے ہیں کہ عمر بھر بھی ان کے استعمال کی نوبت نہیں آتی علیٰ ہذا کپڑوں میں بھی بہت اسراف ہے۔ ع گز کا اور ع روپے گز کا کپڑا بہت باریک جو کہ علاوہ ممنوع ہونے کے کسی کام کا نہیں پہنتی ہیں اگر کہیں سے نکل گیا تو کسی کام کا نہیں اور موٹا کپڑا اگر پرانا ہوجاتا ہے کسی غریب ہی کے کام آجاتا ہے یہ تمام مصیبت اس کی ہے کہ عورتیں اس کی کوشش کرتی ہیں کہ میرا جوڑا ایسا ہو کہ کسی کے پاس نہ ہو اپنی حیثیت کو نہیں دیکھتیں ظروف ولباس مکان ہر شئے میں شان نمود تفاخر ریا کوٹ کوٹ کر بھرے ہیں یہ حال تو روزمرہ کے برتاؤ کا ہے اور اگر کہیں کوئی تقریب پیش آجاوے تو کیا ٹھکانا ہے تمام رسوم پوری کی جاویں گی جن میں سراسر نمود ہی نمود ہے بعض عورتیں فخر کرتی ہیں کہ ہم نے رسوم سب چھوڑ دیں۔ مگر رسمیں دو قسم کی ہیں ایک تو شرک وبدعت کی رسمیں مثلاً چٹائی پر بھو کا بٹھانا اس کی گود میں بچہ دینا کہ اس سے شگون لیتے ہیں

کہ اولاد ہو تو واقعی ایسے ٹونے ٹوٹکے تو اکثر جگہ چھوٹ گئے دوسری تفاخر اور نام آوری کی رسمیں سو یہ دوسری قسم متروک نہیں ہوئی بلکہ بسبب تمول کے بہ نسبت پہلے کے کچھ بڑھ گئی ہیں پہلے زمانہ میں اتنا تفاخر اور ریاء ونمود نہ تھا کیونکہ کچھ سامان کم تھا کچھ طبائع میں سادگی تھی اب تو کھانے میں الگ تفاخر ہوگیا وہ پہلی سی سادگی ہی نہیں رہی۔ پلاؤ بھی ہو کباب بھی ہوں فیرنی متنجن، بریانی سب ہوں اور کپڑے کے تکلفات کو اول بیان ہی کیا گیا ہے۔ ایک دلہن ایک جگہ ڈیڑھ ہزار کا صرف کپڑا ہی کپڑا جہیز میں لائی تھی شاید یہ کپڑا اس کے مرنے تک بھی ختم نہ ہوا ہوا اور اکثر ایسا ہوا ہے کہ دلہن مر گئی ہے اور یہ سب سامان ہزاروں روپیہ کا ضائع ہوا پھر علاوہ دلہن کے کپڑوں کے تمام کنبہ کے جوڑے بنائے جاتے ہیں اور بعض دفعہ ان کو پسند بھی نہیں آتے اور ان میں عیب نکالے جاتے ہیں کس قدر بے لطفی ہوتی ہے اور اس پر دعوے یہ کہ ہم نے رسمیں چھوڑ دی ہیں بعض لوگ کہتے ہیں کہ جہیز کو دکھاتے تک نہیں دیکھو ہم نے رسمیں چھوڑ دی ہیں سو جناب اس میں کیا کمال کیا اپنی بستی میں تو برسوں پہلے سے سامان جمع کر کر کے ایک ایک کو دکھلا چکی ہو جو مہمان آتی ہے اس کو بھی اور جو رشتہ دار آتی ہے اس کو بھی ایک ایک چیز دکھلائی جاتی ہے اور خود سامان آنے میں جو شہرت ہوتی ہے وہ الگ آج دہلی سے کپڑا آرہا ہے اور مراد آباد گئے تھے وہاں سے برتن لائے ہیں اور اس کے بعد وہ دولہا کے گھر جا کر کھلتا ہے اور عام طور پر دکھایا جاتا ہے اور اسی واسطے لڑکی کے ہمراہ بھیجا جاتا ہے تو یہ قصداً اعلان نہیں ہے تو کیا ہے ہاں اگر ہمراہ نہ کیا جاتا تو عقل کے بھی موافق تھا کیوں کہ یہ سب سامان لڑکی ہی کو دیا جاتا ہے اور اس وقت وہ قبضہ نہیں کرتی اور نہ اس کو خبر ہوتی ہے اس کو دینا تو یہ ہے کہ سردست اپنے گھر رکھو جب وہ اپنے گھر آوے اس وقت وہ تمام سامان اس کے سامنے رکھو اور کہو کہ یہ سب چیز تمہاری ہے تمہارا جب جی چاہے لے جانا بلکہ مصلحت یہ ہے کہ وہ اب نہ لے جاوے کیونکہ اس وقت

تو اس کو کوئی ضرورت نہیں ہے کسی وقت جب ضرورت ہو گی مل جائیں گے اور اوفق للعقل ہونے کے ساتھ اس میں ریا بھی نہ ہوئی اس وقت یہ دعویٰ ترک رسم کا صحیح ہوتا مگر چونکہ اس میں کوئی تفاخر اور دکھاوا نہیں ہے اس لئے ایسا کوئی بھی نہیں کرتا تیسرا اذھاب لُبّ رجل حازم یعنی بڑے ہوشیار مرد کی عقل کو سلب کرلینا چنانچہ دیکھا جاتا ہے کہ یہ ایسی اتار چڑھاؤ کی باتیں کرتی ہیں کہ اچھے خاصے عاقل بے عقل ہو جاتے ہیں ان کے لہجہ میں خلقۃً ایسا اثر رکھا گیا ہے کہ خوامخواہ مرد اس سے متاثر ہوتے ہیں اور اس کی وجہ یہ نہیں ہے کہ یہ عقل میں مردوں سے زیادہ ہیں بلکہ وجہ اس کی یہ ہے کہ مکر اور چالاکی ان میں مردوں سے زیادہ ہوتی ہے عقل اور شے ہے اور مکر اور چالاکی دوسری شئے ہے۔ شیطان میں مکر اور چالاکی تھی عقل نہ تھی اسی واسطے دھوکہ کھایا جبکہ حکم ہوا کہ آدم علیہ السلام کو سجدہ کرو تو سجدہ نہ کیا اور خَلَقْتَنِیْ مِنْ نَّارٍ وَّ خَلَقْتَهٗ مِنْ طِیْنٍ (مجھ کو تو نے مٹی سے بنایا ہے اور اس کو تو نے خاک سے پیدا کیا ہے) کہہ گذرا اور یہ نہ سوچا کہ جب حق تعالے نے سجدہ کا حکم فرمایا ہے تو ضرور اس میں کوئی مصلحت ہو گی اور مصلحت و حکمت تو بہت ہی ظاہر تھی چنانچہ فرمایا ہے اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً یعنی میں زمین میں ایک خلیفہ بنانے والا ہوں اور قاعدہ ہے کہ جب کوئی جانشین تخت سلطنت پر بیٹھتا ہے تو اس کو نذریں گذرائی جاتی ہیں جو معاملہ منیب کے ساتھ کیا جاتا تھا وہ اب نائب کے ساتھ کیا جاتا ہے اسی لئے یہاں بھی حکم ہوا کہ ہم کو جس طرح سجدہ کرتے تھے اسی طرح آدم کو کرو اس لئے کہ ہمارا خلیفہ ہے ہاں یہ فرق ضرور ہے کہ آدم علیہ السلام کو جو سجدہ کیا گیا وہ سجدۂ تحیت تھا اور حق تعالے کو سجدہ کرنا سجدۂ عبادت ہے تو اتنی موٹی بات میں اس نے غلطی کی اس سے معلوم ہو گیا کہ اس میں عقل نہ تھی ہاں چالاکی اور مکر میں بیشک بے مثل ہے اس پر ایک میاں جی کی حکایت یاد آئی کہ ان کے پاس کہیں سے بتاشے آئے انھوں نے ایک مٹی کے بدھنے میں آٹا لگا کر بند کر کے رکھدیئے تاکہ کوئی لڑکا نہ کھا جاوے لڑکوں نے آپس میں

مشورہ کیا کہ کوئی تدبیر ایسی ہونا چاہئے کہ بدھنے کا منہ بھی نہ کھلے تاکہ راز ظاہر نہ ہو اور بتاشے بھی وصول ہوجاویں سوچتے سوچتے ایک تدبیر نکالی کہ پانی لاکر ٹونٹی کی راہ سے اس میں بھرا اور شربت گھول کر پی گئے تو یہاں یہ نہ کہا جاوے گا کہ یہ لڑکے بڑے عاقل تھے بلکہ یوں کہا جاوے گا کہ بڑے شریر اور چالاک و مکار تھے کیونکہ عقل کا مقتضا تو اپنے استاد کی خدمت اطاعت ہے نہ کہ ضرر رسانی کیونکہ عقل کے معنے لغت میں بستن کے ہیں عقل وہی ہے جو کہ مضرت سے بند رکھے رکے بندر بہت عجیب عجیب کام کرتے ہیں مگر اس سے بندر کو عاقل نہ کہا جاوے گا بلکہ مکا کہیں گے۔ غرض عقل اور شے ہے اور چالاکی و مکر اور چیز ہے۔ عقل محمود ہے اور اس کا نہ ہونا مذموم اور چالاکی مذموم ہے اور اس کا نہ ہونا محمود چنانچہ شریعت میں یہ بھی محمود نہیں ہے کہ دوسروں کو ضرر پہنچائے کہ مکر ہے اسی طرح یہ بھی کمال نہیں کہ اپنے کو مضرت سے نہ بچائے کہ کم عقلی ہے حدیث میں ہے لَا یُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ وَاحِدٍ مَرَّتَیْنِ یعنی مومن ایک سوراخ سے دو مرتبہ نہیں کاٹا جاتا ہے مطلب یہ ہے کہ اگر مومن کو کسی جگہ سے ضرر پہنچے تو اس کی شان یہ نہیں ہے کہ پھر وہاں جاوے یا کسی آدمی سے تکلیف و نقصان پہنچا تو یہ مناسب نہیں کہ پھر اس سے معاملہ کرلے اس سے معلوم ہوا کہ مومن کے لئے اتنی بیدار مغزی کمال کی بات ہے کہ اپنے کو مضرت سے بچائے اسی واسطے دین کو نفع ہمیشہ عقلا ہی سے ہوا ہے انبیاء اور مقتدائے دین جس قدر ہوئے ہیں سب بڑے عاقل تھے کسی نبی کی ایسی حکایت نہ سنی ہوگی وہ بھولے ہوں ان کو کچھ خبر نہ ہو ہاں چالاک و مکار نہ تھے عاقل ہوشیار حکیم تھے اور یہی تو وہ شئے ہے کہ جس کی بنا پر خلیفۃ اللہ بنایا گیا ہے غرضکہ عورتوں میں چالاکی اور مکر ہے عقل نہیں اس چالاکی اور مکر کی وجہ سے عاقل کی عقل کو سلب کرلیتی ہیں چنانچہ تنہائی میں ایسی باتیں کرتی ہیں کہ جس سے شوہر کا دل اپنی طرف ہوجاوئے اور سب سے چھوٹ جاوے۔ بیاہ کے بعد گھر آتے ہی سب سے اول کوشش ان کی یہ ہوتی ہے کہ شوہر ماں باپ سے چھوٹ جاوے بڑے ظلم کی بات ہے

کہ جس ماں نے مشقتیں اٹھا کر اس کو پالا اپنا خون جگر پلایا خود تکلیف میں رہی اس کو آرام سے رکھا اس کے تمام ناز برداشت کئے اور جس باپ نے دھوپیں کھائیں اور اولاد کے لئے گھر چھوڑا محنت کر کے ان کو پالا آج ان کی خدمات کا یہ صلہ دیا جاتا ہے کہ ان سے چھڑایا جاتا ہے انا للہ وانا الیہ راجعون پھر اگر یہ منتر ان کا چل گیا تو اس پر بھی اکتفا نہیں کہتی ہیں کہ تم تو الگ ہو گئے مگر تمہاری کمائی تو ان کے پاس جا رہی ہے کبھی ماں کو جوتہ لا دیا کبھی نقد کچھ دے دیا غرض کوشش کر کے اس میں بھی کامیاب ہوتی ہیں پھر اس پر بھی صبر نہیں آتا اس کے بھائی بہن سے اور اگر پہلی زوجہ سے اولاد ہو اس سے چھڑاتی ہیں غرض شب و روز اسی فکر میں گذرتا ہے اور یہی دن رات سعی ہوتی ہے کہ سوائے میرے اور میری اولاد کے کوئی نہ ہو اور انہیں کی بدولت بہت سے گھروں میں بلکہ بہت سے خاندانوں میں نااتفاقی ہو جاتی ہے۔ مردوں میں یہ بے احتیاطی ہے کہ ان کی باتیں سنتے ہیں اور اس پر عمل کرتے ہیں اور خود اس کفران اور اذہاب کی وجہ دو ہیں اول تو ان کو زوج کی مساوات کا زعم ہوتا ہے کہ ہم اس سے کیا کچھ کم ہیں چنانچہ یہاں تک کوشش ہوتی ہے کہ مناظرہ میں بھی ہم غالب رہیں جو بات شوہر کہتا ہے اُس کا جواب ان کے پاس تیار رہتا ہے کوئی بات بے جواب نہ چھوڑیں گی خواہ ناگوار ہو یا گوارا ہو خواہ معقول ہو یا نامعقول ہو اور کفران کے آثار اکثر اس دعوئے مساواۃ سے پیدا ہوتے ہیں اب ان میں ان حضرات کی طرف متوجہ ہوتا ہوں جو مساوات حقوق زوجین کی کوشش کرتے ہیں ان سے التماس ہے کہ آپ حضرات جو اس سعی میں ہیں کہ رجال و نساء میں مساواۃ ہو جاوے تو قطع نظر سب جوابوں کے کہتا ہوں اگر آپ ہی کی بیگم صاحبہ آپ سے مساواۃ کا دعوئی کرے اور مقابلہ میں آکر جواب سوال کرے تو سچ کہنا کہ آپ ناخوش نہ ہوں گے ضرور ہوں گے ہر شخص یہی چاہتا ہے کہ میرے اہل و عیال میرے تابع ہو کر رہیں اور خصوصاً جنٹلمین حضرات کہ مساواۃ تو کیا رکھتے معمولی حقوق بھی بیبیوں کے ضائع کرتے ہیں بیبیو تم مردوں کے برابر کیسے ہو سکتی ہو تم ہر طرح اور ہر امر میں پیچھے رکھی

گئی ہو دیکھو تمہاری امامت جائز نہیں میراث شہادت امارت ولایت وغیرہ میں ہر طرح مردوں سے پیچھے ہو تم آگے کیوں بڑھنا چاہتی ہو۔ امام صاحبؒ کا قول ہے کہ اگر صف میں مرد کے برابر عورت کھڑی ہو جاوے تو نماز فاسد ہو جاوے گی جب عبادات میں مساوات نہیں ہے جس میں زیادہ ہمت زیادہ عقل کی بھی ضرورت نہیں تو معاملات میں کہ جن میں بہت سے ان امور کی ضرورت ہے جو خاص مردوں میں پائے جاتے ہیں کیسے برابر ہو سکتی ہو اور تم برابری کا دعوے کرنا چاہتی ہو حالانکہ تمہارا مرتبہ لونڈی سے بھی کم ہے اس لئے کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ اگر میں خدا کے سوا کسی غیر کو سجدہ کرنے کی اجازت دیتا تو عورت کو حکم دیتا کہ اپنے مولیٰ کو سجدہ کرے اور یہ نہیں فرمایا کہ لونڈی کو حکم دیتا کہ اپنے مولے کو سجدہ کرے معلوم ہوا کہ تمہارا مرتبہ لونڈی سے بھی کم ہے اور شوہر کا مرتبہ مالک سے بھی زیادہ ہے مگر تمہاری یہ حالت ہے کہ خاوند سے دبنا نفس کے خلاف ہونے سے عار سمجھا جاتا ہے۔ تم ان احکام کو دین ہی نہیں سمجھتیں بڑا شوق دین کا ہو گا تو وظائف اور سبحان اللہ اور الحمد للہ کی بہت سی تسبیح پڑھ ڈالیں گی میں کہتا ہوں کہ وظائف کا مرتبہ تو ان سب سے پیچھے ہے بڑی فضیلت اسی میں ہے جس کا میں نفس کا خلاف ہو اور ان وظائف کو اجزاء دین میں سے اکثر نے انتخاب کیا ہے اس کے اندر نفس کا ایک خفی کید ہے وہ یہ ہے کہ عام میں اس کی وجہ سے تعظیم و تکریم بہت ہوتی ہے عام بزرگ سمجھنے لگتے ہیں اس لئے اس میں نفس خوش ہوتا ہے اور خاوند کی حرمت اور تعظیم اور اطاعت نفس کے خلاف ہے اس لئے اس سے اعراض ہے غرضکہ ایک وجہ خرابی کی تو زعم مساوات ہے۔ دوسری وجہ حسد ہے یہ مرض بھی عورتوں میں بہت ہے ذرا ذرا سی شئے پر ان کو حسد ہوتا ہے مثلاً اسی پر حسد ہوتا ہے کہ ماں باپ کو یہ شئے کیوں دیتا ہے اگر ماں باپ نہ ہوتے تو یہ شئے ہمارے پاس رہتی لیکن اے عورتوں میں تمہاری اس امر میں تعریف کرتا ہوں

کہ تمہارا ایمان تقدیر پر بہ نسبت مردوں کے زیادہ ہے۔ مردوں کو صدہا وسوسے پیش آتے ہیں علمار سے الجھتے ہیں لیکن تم کو اس میں شک وشبہ بھی نہیں ہوتا مگر معلوم نہیں کہ یہ تمہارا تقدیر ایمان لانا اس موقع پر کہاں گیا خوب سمجھ لو کہ جس قدر تقدیر میں ہے وہ تم کو مل کر رہے گا پھر حسد اور جلن کاہے کے لئے کرتی ہو اور یہی حسد ہے جن کی وجہ سے سَوت سے ہمیشہ ان کی لڑائی رہتی ہے لیکن کوئی عورت اس کا اقرار ہرگز نہ کرے گی کہ مجھ کو حسد ہے بلکہ مختلف پیراوں میں یہ جلن نکالتی ہے کبھی کہتی ہے کہ فلانی میں یہ عیب ہیں فلاں باہر کی ہے یا شرافت میں میرے برابر نہیں ہوسکتی۔ ہمارے قصبات میں بالخصوص دعوئے شرافت کا ایسا مرض ہے کہ باہر کی عورت یا مرد کیسا ہی شریف ہو مگر اپنی شرافت کے گھمنڈ میں کسی کو منہ نہیں لگاتے اور مجھ کو تو اسی میں شبہ ہے کہ ہم لوگ جو شریف کہلاتے ہیں آیا واقع میں ایسے ہی ہیں یا نہیں کیونکہ یہ عجیب بات ہے کہ جس قدر شیوخ ہیں کوئی تو اپنے کو صدیقی کہتا ہے کوئی فاروقی کوئی علوی کوئی عثمانی کوئی انصاری کیا ان چار پانچ صحابہ کے سوا نعوذ باللہ اور صحابہ منقطع النسل تھے کوئی اپنے کو یہ نہیں کہتا کہ حضرت بلال بن رباح رضی اللہ عنہ کی اولاد میں ہوں یا حضرت مقداد بن الاسود رضی اللہ عنہ کی اولاد میں ہوں سب ان چار پانچ حضرات ہی کی طرف نسبت کرتے ہیں شبہ ہوتا ہے کہ یہ سب تراشیدۂ یاراں ہے مشاہیر اور جلیل القدر والشان صحابہ کو لیکر ان کی طرف نسبت کرنے لگے جن کے پاس نسب نامہ محفوظ نہیں ظاہر ہے کہ ان کا بیان تو زبانی ہی قصہ ہے اور جن کے پاس نسب نامہ ہے اس میں بھی اوپر سے اشتباہ ہے کوئی تحقیقی بات نہیں ہے چنانچہ ہم لوگ تھانہ بھون کے فاروقی مشہور ہیں مگر تاریخ سے اس میں شبہ پڑتا ہے اس لئے کہ ابراہیم بن ادہمؒ اس سلسلۂ نسب میں موجود ہیں اور

ان میں اختلاف ہے کوئی ـ ـ فاروقی لکھتا ہے کوئی عجلی کوئی تیمی کوئی سید زیدی لکھتا ہے پھر ہمارا کیا منہ ہے کہ ہم کہیں کہ فلانی کم قوم کی ہے خوب یاد رکھو قیامت کے دن صرف یہ پوچھا جاوے گا مَاذَا اکْتَسَبْتَ یعنی تونے کیا کمایا یہ نہ پوچھا جاوے گا بِمَنِ انْتَسَبْتَ یعنی کس کی طرف منسوب تھا اور جس قدر اقوام ہیں سب کے مرجع اور منتہا یقینی طور پر آدم علیہ السلام ہی ہیں مگر معلوم نہیں ان کی طرف اپنے کو نسبت کیوں نہیں کرتے اگر جواب میں کہا جاوے کہ وہ بعید ہیں اور نسب میں قریب کا اعتبار ہے تو میں کہتا ہوں کہ اگر قریب کا اعتبار ہے تو میں ایک شے نہایت قریب بتاتا ہوں اس کی طرف نسبت کرو وہ کیا ہے ایک آب ناپاک۔ ایک بزرگ کے سامنے سے ایک شخص نہایت فخر اور تکبر سے اکڑتا ہوا نکلا اُن بزرگ نے اس کو نصیحت فرمائی کہ بھائی اتراؤ مت اُس نے کہا کہ تم مجھ کو نہیں جانتے میں کون ہوں فرمایا ہاں جانتا ہوں اَوَّلُكَ نُطْفَةٌ قَذِرَةٌ وَاٰخِرُكَ جِيْفَةٌ مَذِرَةٌ وَاَنْتَ بَيْنَ ذٰلِكَ تَحْمِلُ الْعَذْرَةَ اور اس سے یہ نہ سمجھا جاوے کہ شرف نسب کوئی چیز نہیں ہے آخرت میں تو واقعی نسب کوئی چیز نہیں ہے عمل ہی کام آنے والا ہے لیکن دنیا میں وہ بیکار بھی نہیں ہے شریعت نے خود اس کا اعتبار کیا ہے اگر نسب کوئی شے نہ ہوتی تو غیر کفو میں نکاح کرنے سے منع نہ کیا جاتا اور یہ قانون مقرر نہ ہوتا اَلْاَئِمَّةُ مِنْ قُرَيْشٍ (ائمہ قریش میں سے ہیں) ان احکام سے معلوم ہوتا ہے کہ شرع نے بھی شرفاء میں ضرور تفاوت رکھا ہے اور یہ تفاوت مصالح تمدنیہ کی حفاظت کے لئے ہے اگر سب کے سب اس میں یکساں ہوتے تو تمدن محفوظ نہ رہ سکتا نہ کوئی کام چل سکتا مثلاً اگر کوئی گھر بنانے کے لئے کسی کو کہتا تو وہ کہتا تم ہی ہمارا گھر تعمیر کر دو۔ نائی سے خط بنانے کو کہتے وہ کہتا تم ہی میرا بنا دو۔ دھوبی کپڑے نہ دھوتا غرض سخت مصیبت ہوتی۔ اگر بڑھئی کی ضرورت ہوتی تو وہ نہ ملتا۔ اگر نوکر کی ضرورت ہوتی نوکر نہ ملتا یہ ادنیٰ اعلیٰ کا تفاوت ہی ہے

جس سے لوگوں کے کام چل رہے ہیں چنانچہ اَلْاَئِمَّۃُ مِنْ قُرَیْشٍ میں بھی ایک انتظامی مصلحت ہے قدرتی طور سے اللہ تعالیٰ نے قریش کو فضیلت دی ہے تو جب ائمہ اور امراء ان میں سے ہوں گے تو اوروں کو ان کے اتباع سے عار نہ ہو گا اور ان کو دوسروں کے اتباع سے عار ہوتا اور جنگ و جدل کی صورت قائم ہوتی اور نیز یہ قاعدہ ہے کہ آدمی اپنے خاندانی شے کی بہت حفاظت کیا کرتا ہے تو اگر قریشی امام ہو گا تو دین کی حفاظت دو وجہ سے کرے گا ایک اس وجہ سے کہ دین ان کے گھر کا ہے دوسرے مذہبی تعلق سے پس معلوم ہوا کہ نسب میں مصالح تمدنیہ لودع ہیں اس لئے وہ بیکار نہیں مگر نسب پر تکبر کرنا اور فخر کرنا ہر حالت میں حرام ہے اور آجکل کے شرفا میں تو نسب پر تکبر ہی ہے مگر غیر شرفا میں دوسرے طور تکبر پایا جاتا ہے کہ اپنے کو شرفا کے برابر سمجھتے ہیں اور اپنے میں اور ان میں کچھ فرق نہیں جانتے یہ بھی زیادتی ہے جو فرق اللہ تعالیٰ نے رکھدیا ہے اس کو کون مٹا سکتا ہے غرض یہ کہ تفاخر اور کبر بھی برا ہے جیسا مدعیان شرافت خصوص عورتوں میں ہے اور فرق مراتب نہ رکھنا بھی ناپسندیدہ ہے جیسا دوسری قوموں نے اختیار کیا ہے۔ میں اس کو بیان کر رہا تھا کہ ہماری عورتوں کے اخلاق نہایت خراب ہیں ان کو اپنی اصلاح کرانا نہایت ضروری ہے اور یاد رکھو کہ بغیر اخلاق کے درست ہوئے عبادت اور وظیفہ کچھ کار آمد نہیں حدیث میں ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلانی عورت بہت عبادت کرتی ہے راتوں کو جاگتی ہے لیکن اپنے ہمسایوں کو ستاتی ہے فرمایا هِیَ فِی النَّارِ (وہ دوزخی ہے) اور ایک دوسری عورت کی نسبت عرض کیا گیا کہ وہ عبادت نہیں کرتی مگر ہمسایوں سے حسن سلوک کرتی ہے فرمایا هِیَ فِی الْجَنَّۃِ (وہ جنتی ہے) مگر ہماری عورتوں کا سرمایہ بزرگی آجکل تسبیح اور وظیفہ پڑھنا رہ گیا اخلاق کی طرف اصلا التفات نہیں حالانکہ اگر دین کا ایک بھی جزو کم ہو گا تو دین ناتمام ہو گا مگر آجکل لوگوں نے جیسے اور چیزوں کا ست نکالا ہے اسی طرح دین کا بھی ست

نکال لیا ہے بعض نے تو نماز روزہ ہی کو دین سمجھ لیا ہے معاملات اخلاق وغیرہ کو چھوڑ دیا اور بعضوں نے صرف اخلاق کو لے لیا اور عبادات و عقائد کو چھوڑ دیا اگرچہ ان مدعیان اخلاق کے اخلاق بھی درست نہیں ہیں لیکن اگر ہوتے بھی تو بیکار تھے ایک جماعت وہ ہے کہ ان کے عقائد و اعمال و معاملات اچھے ہیں مگر سمجھتے ہیں کہ ہم خوش عقیدہ ہیں اور اس پر تفاخر کرتے ہیں اور دوسروں کی تحقیر کرتے ہیں تو ان میں اخلاق کی کمی ہے اسی طرح ہماری عورتوں نے عقائد اور وظائف و نماز کو لے لیا مگر اخلاق کو چھوڑ دیا صبح سے شام تک غیبت حسد لعن طعن کبر میں مبتلا ہیں اور اس پر یہ سمجھتی ہیں کہ ہم بڑے بزرگ ہیں تو بزرگی صرف یہ نہیں ہے اسی طرح مردوں کو بھی کہا جاتا ہے کہ اخلاق کی ان میں بھی کمی ہے وہ بھی اصلاح کریں بلکہ اخلاق کے بعض حیثیات سے اعمال سے بھی زیادہ اہتمام ہونا چاہیئے اس لئے کہ اگر اعمال میں کمی ہوگی تو اس کا ضرر اپنی ذات ہی تک محدود رہے گا اور اخلاق اگر خراب ہوئے تو اس کا ضرر دوسروں کو پہنچے گا یہ حق العبد ہے افسوس ترک صلوٰۃ اور دیگر کبائر کو تو گناہ سمجھا جاتا ہے اور غیبت اور حسد و طمع زیور اپنی سوت سے لڑنا وغیرہ وغیرہ خصال کو گناہ نہیں سمجھتیں خلاصہ تمام تر وعظ کا یہ ہوا کہ اس حدیث میں تین شر بیان فرمائے گئے ہیں اور یہ تین شر ایسے ہیں کہ تمام شرور کا تعلق ان ہی تین سے ہے بعض شرور کا تعلق تو ان سے اِنًّا ہے اور بعض کا لمًّا ہے یعنی بعض شرور ان سے پیدا ہوتے ہیں اور بعض شرور سے یہ پیدا ہوتے ہیں مثلاً کُفْرَان عَشِیْر کا منشا حرص و طمع ہے اِکْثَار لعن سے غیبت نامی وغیرہ ہوتی ہے اِذْھَابُ لُبِّ رَجُلٍ حَازِمٍ سے نااتفاقی جنگ و جدال آپس کی خانہ جنگیاں وغیرہ اسی طرح غور کرنے سے سب کا تعلق معلوم ہو سکتا ہے پس یہ تینوں واجب الاصلاح ٹھیرے اب طریقہ اصلاح کو غور سے سننا اور سمجھنا چاہیئے اور اسی پر بیان ختم ہو جاوے گا اور وہ طریقہ اصلاح مرکب ہے علم و عمل سے اور علم یہی نہیں ہے کہ ترجمہ قرآن شریف پڑھ لیا تفسیر سورۂ یوسف پڑھ لی یا نور نامہ وفات نامہ پڑھ لیا

بلکہ کتاب وہ پڑھو جس میں تمہارے امراض کا بیان ہے یہ تو علم ہوا۔
اور عمل ایک تو یہ کہ اول تو زبان کو روک لو تمہاری زبان بہت چلتی ہے تم کو کوئی بُرا کہے یا بھلا تم ہرگز مت بولو اس سے کفران عشیر اذھاب لعب لوجل حازم اکثار لعن وحسد وغیبت وغیرہ جاتے رہیں گے اور جب زبان روک لی جاوے گی تو امراض کے مبانی بھی قلب سے جاتے رہیں گے کیونکہ جب اس قوۃ سے کام ہی نہ لیا جاوے گا تو ان امراض کے مناشی بھی ضعیف اور مضمحل ہو جاویں گے اور دوسرے یہ کہ ایک وقت مقرر کرکے یہ سوچا کرو کہ دنیا کیا چیز ہے اور یہ دنیا چھوٹنے والی ہے اور موت کا اور موت کے بعد جو امور پیش آنے والے ہیں جیسے قبر اور منکر نکیر کا سوال اور اس کے بعد قبر سے اٹھنا اور حساب وکتاب اور پلصراط کا چلنا سب کو بالتفصیل روزانہ سوچا کرو اس سے حُبِ جاہ حُبِ مال تکبر حرص اور اس کے فروغ غیبت حسد وغیرہ سب امراض جاتے رہیں گے غرض حاصل معالجہ کا دو جز ہوئے ایک علمی دوسرا عملی علمی کا حاصل یہ ہے کہ قرآن کے بعد ایسی کتابیں پڑھو جس میں احکام فقہیہ کے ساتھ امراض قلب مثل حسد تکبر وغیرہ کا بھی بیان ہو کم سے کم بہشتی زیور ہی کے دس حصے پڑھ لو اور عملی جز کا حاصل دو چیزیں ہیں کف لسان اور مراقبۂ موت لیکن طوطے کی طرح بہشتی زیور کے الفاظ خود پڑھ لینے سے کچھ فائدہ نہ ہوگا بلکہ یہ ضروری ہے کہ کسی عالم سے سبقاً سبقاً پڑھ لو جبکہ گھر میں عالم ہو ورنہ گھر کے مردوں سے درخواست کرو کہ وہ کسی عالم سے پڑھ کر تم کو پڑھا دیا کریں مگر پڑھ کر بند کرکے مت رکھ دینا ایک وقت مقرر کرکے ہمیشہ اس کو خود بھی پڑھتی رہنا اوروں کو بھی سناتی رہنا۔ میں وعدہ کرتا ہوں کہ اس طریقہ سے انشاء اللہ بہت جلد اصلاح ہو جاویگی اور یہاں اس سے زیادہ بیان کرنے کی اس لئے ضرورت نہیں کہ ماشاء اللہ

یہاں کی عورتیں خود سمجھدار ہیں اور اصل الاصل ان تمامتر خرابیوں کا ایک ہی امر ہے اس کا اگر ازالہ ہو جاوے تو سب امور کی اصلاح ہو جاوے وہ یہ کہ آجکل بے فکری ہو گئی ہے اگر ہر امر میں دین کا خیال رکھا جاوے کہ یہ امر جو ہم کرتے ہیں آیا دین کے موافق ہے یا نہیں تو انشاء اللہ چند روز میں اصلاح ہو جاوے۔ اب دعا کرنا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرمائے۔ آمین آمین آمین فقط


حضرت حکیم الامۃ مولانا تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے مکمل و مجلد مواعظ

# مواعظ اشرفیہ کے نو حصے

مع التہذیب والتذکیر۔ ومواعظ حسن الموعظت۔ ان نو حصوں میں حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے تقریباً ستر مواعظ ہیں۔

قیمت مجلد ڈسٹ کور ————

# دعوات عبدیت کامل کے نو حصے

ان ۹ نو حصوں میں حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے چھیاسی مواعظ ہیں تمام مجلد معہ ڈسٹ کور ہیں۔

قیمت مجلد ڈسٹ کور ————

ملنے کا پتہ: مکتبہ تھانوی مسافر خانہ بندر روڈ ایم-اے جناح روڈ کراچی ۱

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَۃً

(رواہ البخاری)

دعوات عبدیت جلد اوّل کا

وعظ دہم ملقب بہ

# ذم ہویٰ

منجملہ ارشادات

حکیم الامۃ مجدد الملۃ حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب

تھانوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

ناشر:- محمد عبد المنان غفرلہٗ

مکتبہ تھانوی، دفتر الابقاء

متصل مسافر خانہ بندر روڈ۔ کراچی

ایم۔اے جناح روڈ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# دعوات عبدیت جلد اول کا

# وعظ دہم ملقب بہ

# ذم ہویٰ

| این | متٰے | کم | کیف | ماذا | من ضبط | المستمعون | اشتات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہاں ہوا | کب ہوا | کتنا ہوا | بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر | کیا مضمون تھا | کس نے لکھا | سامعین کی تخمینی تعداد | متفرقات |
| جامع مسجد تھانہ بھون | شعبان ۱۳۲۹ھ | | بیٹھ کر | علاج اتباع ہویٰ | مولوی عبداللہ صاحب گنگوہی | | |

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الحمد للہ نحمدہ و نستعینہ و نستغفرہ و نؤمن بہ و نتوکل علیہ و نعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا من یھدہ اللہ فلا مضل لہ ومن یضللہ فلا ھادی لہ و نشھد ان لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ و نشھد ان سیدنا محمدا عبدہ ورسولہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی الہ واصحابہ وبارک وسلم **اما بعد فاعوذ** باللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ یٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلۡنٰکَ خَلِیۡفَۃً فِی الۡاَرۡضِ فَاحۡکُمۡ بَیۡنَ النَّاسِ بِالۡحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الۡھَوٰی فَیُضِلَّکَ عَنۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ اِنَّ الَّذِیۡنَ یَضِلُّوۡنَ عَنۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ لَھُمۡ عَذَابٌ شَدِیۡدٌۢ بِمَا نَسُوۡا یَوۡمَ الۡحِسَابِ ۝

ترجمہ آیت کا یہ ہے کہ اے داؤد (علیہ السلام) بیشک ہم نے آپ کو زمین میں خلیفہ

بنایا ہے پس تم لوگوں کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کرو اور خواہش نفسانی کا اتباع مت کرو یہ تم کو اللہ کے راستہ سے بے راہ کردے گی بیشک جو لوگ اللہ کی راہ سے گم ہوئے ہیں ان کے لئے سخت عذاب ہوگا بسبب اس کے کہ وہ یوم حساب کو بھول گئے۔ اس آیت شریفہ میں ہر چند کہ خطاب داؤد علیہ السلام کو ہے لیکن مضمون عام ہے کچھ داؤد علیہ السّلام کی تخصیص نہیں ہے بلکہ داؤد علیہ السلام کی طرف خطاب کرنے سے معنی اس مضمون کے اور زیادہ تقسیم ہو گئے اس لئے کہ جب بڑوں کو کسی امر کا خطاب کیا جاتا ہے اور ان کو باوصف ان کی عظمت کے اُس امر پر وعید کی جاتی ہے تو چھوٹے بطریق اولیٰ مخاطب ہو جاتے ہیں مثلاً طبیب اگر صحیح قوی کو کہے کہ فلاں شئے نہ کھاؤ تم کو مضر ہو گی تو مریض ضعیف کو تو بطریق اولیٰ اس سے پرہیز کرنے کی ضرورت مفہوم ہو گی اسی طرح سے یہاں داؤد علیہ السّلام کو خطاب ہے گویا مطلب یہ ہے کہ جب داؤد علیہ السلام باوجود نبی ہونے کے اس حکم کے مامور ہیں اور مضمون بھی کوئی خصوصیات نبوت سے نہیں تو اوروں کو تو بطریق اولیٰ اس حکم کی پابندی کرنی چاہیئے اور وہ حکم جو کہ داؤد علیہ السلام کو اس آیۂ شریفہ میں کیا گیا ہے اتباع ہوئے سے نہی ہے اور اتباع ہویٰ کی مذمت ہے یعنی اپنی جی چاہی بات پر عمل کرنا۔ اب ظاہر ہے کہ داؤد علیہ السلام پیغمبر ہیں اور پیغمبر بھی صاحب کتاب کہ زبور شریف ان پر نازل ہوئی ہے اور داؤد علیہ السلام عموماً اور ان میں جو صاحب کتاب ہیں خصوصاً ان کے تمام ملکات محمود اور جذبات طاہر مطہر اور نفوس نہایت مہذب ہوتے ہیں جب باوجود ان کے ان کو منع کیا جاتا ہے کہ تم اپنی نفسانی خواہش کی پیروی مت کرنا حالانکہ ان کا نفس بالکل مہذب ہے اگر اس میں خواہش بھی ہو گی تو ظلمانی نہ ہوگی تو ہم تو جو کہ سر سے پا تک گند در گند ہیں اگر خواہش نفسانی کی پیروی کریں گے تو بالکل ہلاک ہی ہو جائیں گے اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا (اے اللہ ہم کو اس سے محفوظ رکھ) اور

آج اس مضمون کو اختیار کرنے کی وجہ یہ ہے کہ مضمون وہ قابل بیان ہوتا ہے کہ جس کی ضرورت ہو اور یوں تو ہر وقت ہر حکم کو ہم کو ضرورت ہے لیکن ازمنہ اور حالات ناس کے اختلاف سے بعض احکام دوسرے بعض کے اعتبار سے زیادہ مہتم بالشان ہو جاتے ہیں جیسے اگر طبیب مریض کو غیر موسم انبہ میں کہے کہ دیکھو ترش انبہ نہ کھانا تو یہ حکم یعنی انبہ ترش کی ممانعت طبانی نفسہ ضروری ہے لیکن اس وقت اس کا ممانعت کرنا بالکل امر زائد ہے اس وقت تو اس چیز سے منع کرنا چاہیئے جو موجود ہو اور مضر ہو اسی طرح ناصح کا حق یہ ہے کہ جس وقت جو مرض پائے اس کی اصلاح کے متعلق بیان کرے اور اگر چند امراض ہوں تو ان میں اہم کو مقدم کرے اور استیعاب کے ساتھ احکام بیان کرنا اس وقت ہوگا جبکہ کوئی طالب علم مخاطب ہو مثلاً ہدایہ میں پڑھتے پڑھتے کتاب الحج ماہ ربیع الثانی میں آئے تو یہ نہ کہا جاوے گا کہ اس وقت اس کی کیا ضرورت ہے اس کی ضرورت تو ماہ ذی الحجہ میں اور وہ بھی جبکہ کوئی حج کو جانے لگے اس وقت ہوگی کیونکہ اس کا تو صاحب فن بننا مقصود ہے بخلاف وعظ کے کہ اس میں وقتی ضرورت پر نظر ہوتی ہے اس لئے کہ مخاطبین کو جامع الفن اور محقق بننا مقصود نہیں بلکہ محض اصلاح مقصود ہے مجھ کو ہمیشہ اسی قاعدہ کی وجہ سے اُن مضامین کا بیان کرنا مناسب معلوم ہوا کرتا ہے جو اس وقت ضروری ہوں سو مجھ کو یہ خیال ہوا کہ منجملہ امراض کے کہ جن میں عام ابتلا ہے اتباع ہوی بھی ہے جو اصل ہے تمام امراض کی کہ اس مرض میں عوام و خواص یعنی جہلاء اور علماء بلکہ اخص الخواص بھی یعنی علماء میں جو اہل اللہ اور صاحب ارشاد ہیں سب ہی مبتلا ہیں اگر ہم اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھیں تو واللہ سچ عرض کرتا ہوں کہ اپنے اندر اتباع شریعت کا بہت کم حصہ پائیں گے زیادہ تر اتباع ہوی ہی نظر آوے گا کیونکہ جن امر میں ہم شریعت سے استدلال کرتے ہیں ان میں اصل محرک اکثر ہوی ہی ہے اتباع نہیں ہے اتباع شریعت کا محض حیلہ ہے اور یہ مرض عوام میں اور رنگ میں ظاہر ہوتا ہے

اور علماء میں اور رنگ میں عوام میں جو دنیا دار کہلاتے ہیں وہ تو کھلے مہار معاصی میں اتباع ہویٰ کا کرتے ہیں مگر جو اتقیا اور دیندار کہلاتے ہیں وہ دین میں اتباع ہوے کرتے ہیں اس کا یہ رنگ ہے کہ مثلاً مولوی صاحب سے کہتے ہیں کہ مولوی صاحب کوئی مسئلہ ایسا بھی ہے جس میں یہ کام اس طرح ہو جاوے کیوں صاحب تم سے اپنی حالت کو قانون شرعی کے تابع نہیں بنایا جاتا قانون کو چاہتے ہو کہ تمہاری موافقت کرے اس کی کوشش ہوتی ہے کہ مولوی صاحب کوئی روایت ہمارے موافق کہیں سے نکال دیں۔ کچھ دن ہوئے کہ ایک شخص آئے اور کہا کہ رضاعی بھائی بہن کا آپس میں نکاح ہو گیا ہے اور نکاح کے وقت علم نہ تھا بعد نکاح معلوم ہوا۔ اب کیا کیا جاوے میں نے کہا کہ تفریق کرادو۔ یہ حکم سن کر وہ شخص سہم گیا اور کہنے لگا کہ صاحب اس میں تو بڑی بدنامی ہے افسوس صد افسوس لہ اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے ساتھ مسلمان کی یہ حالت ہو اور فرمائش کی جاوے کہ ہمارے موافق مسئلہ ل جاوے۔ میں نے ان سے کہا کہ بھائی اس میں تو نیک نامی ہوگی کہ بڑے اچھے آدمی ہیں ایک غلطی ہوگئی تھی جب حقیقت پر اطلاع ہوئی حق کو اختیار کر لیا اور بدنامی تو اب ہو رہی ہے کہ لوگ کہتے ہیں کہ بھائی بہن دونوں جمع ہو رہے ہیں اور یہ جواب تو علیٰ سبیل التبرع تھا ورنہ جواب حقیقی تو یہ ہے کہ بلا سے بدنامی ہو ہونے دو اگر ایسا ہی بدنامی کا خوف ہمارے بزرگوں کو ہوتا تو آج ہم مسلمان نہ ہوتے مگر ہمارے بزرگوں نے اسلام لانے میں کیسی کیسی مصیبتیں اور بدنامیاں اٹھائیں ہیں کیونکہ جب کوئی مذہب باطل کو چھوڑتا ہے تو اہل باطل اس پر ایسی ہی ملامت کرتے ہیں جیسے حق کو چھوڑتے وقت اہل حق ملامت کرتے ہیں کیونکہ اہل باطل بھی اپنے گمان فاسد میں اپنے طریق کو حق اور محبوب سمجھتے ہیں۔ ایک مرتبہ موضع سونہ گیا۔ وہاں ایک بوڑھے چمار کو دیکھا کہ بہت پاک صاف ستھرا رہتا ہے اور رات کو اٹھ کر رام رام بھی کرتا ہے اور معلوم ہوا کہ اس کے اولاد وغیرہ بھی کچھ نہیں ہے میں نے اس سے کہلایا کہ مسلمان ہو جا۔ اس نے کہا کہ میں اپنے لوگوں سے صلاح کر کے جواب دونگا صلاح کر کے اس نے جواب دیا کہ لوگ یوں کہتے ہیں

کہ بڑھاپے میں کیوں ایمان کھوتا ہے۔ سچ ہے ؎

گر از بسیط زمین عقل منعدم گردد بخود گماں نہ برد ہیچ کس کہ نادانم

(اگر تمام دنیا سے عقل معدوم ہو جائے تو کوئی شخص اپنے آپ کو نادان گمان نہ کریگا)

تو میں نے اس سائل سے کہا کہ اگر جناب سب کے سب آپ کے مذاق پر ہوتے اور حق کے اختیار کرنے میں بدنامی سے ڈرتے تو اس وقت آپ بھی کافر ہوتے مسلمان کی تو یہ شان ہونی چاہیے کہ ؎

نسازد عشق را کنج سلامت خوشا رسوائی کوئے ملامت

(عشق کو گوشہ سلامتی موافق نہیں اس کے مناسب کوچہ ملامت کی رسوائی بہت اچھی ہے)

بلکہ طالب حق کو تو ملامت میں اور زیادہ مزا آتا ہے اور ملامت میں ایک عجیب نکتہ بھی ہے وہ یہ کہ اس سے دین میں پختگی ہو جاتی ہے جب تک ملامت نہ ہو خامی رہتی ہے وجہ یہ کہ جب چاروں طرف سے ملامت کی بوچھار پڑنے لگتی ہے تو اس کو طبعاً چڑ ہو جاتی ہے اور اپنے فعل پر اصرار پیدا ہو جاتا ہے اور اس سے اس کام میں اور پختہ ہو جاتا ہے۔ مثلاً اگر شخص نے شادی میں کوئی رسم نہیں کی اس پر اس کو لوگوں نے ملامت شروع کی تو یہ شخص ترک رسوم میں اور زیادہ پختہ ہو جائے گا۔ یہاں سے معلوم ہوا کہ حق تعالیٰ نے کوئی شئے بے حکمت پیدا نہیں فرمائی خواہ وہ شئے آفاقی ہو یا انفسی مثلاً چڑ کہ بظاہر موذی اور مضر معلوم ہوتی ہے مگر اس میں یہ نفع نکلا کہ اس سے دین کو پختگی ہو سکتی ہے اسی طرح جس قدر خواص طبعی ہیں سب نافع ہیں ہمارے حضرت حاجی صاحبؒ فرماتے تھے کہ بخل اور حسد بھی مطلقاً بُری خصلتیں نہیں بلکہ کبھی اچھی بھی ہیں جب کہ اچھے مصرف میں صرف کریں مثلاً ایک سائل آیا کہ مجھ کو سو روپے دیدیجئے شادی میں ناچ کراؤں گا سو یہاں بخل ہی بہتر ہے اسی طرح غصہ پہلے مسلمانوں کو آیا کرتا تھا بعد اصلاح کے اپنے نفس اور شیطان پر اور اعداء اللہ پر غصہ آنے لگا۔ پس محل بدل گیا اور تزکیہ کے بعد اخلاق بدلتے نہیں۔ بلکہ اخلاق طبعیہ بحالہا باقی رہتے ہیں صرف ان کا محل بدل جاتا ہے۔ اسی طرح انسان کے اندر ایک چیز چڑ بھی ہے کہ وہ بھی نافع ہے

اگر اپنے محل میں ہو جیسا مثال مذکور میں بیان ہوا ہاں اگر اس کا مصرف بھی برا ہو تو یہ چڑ دوزخ میں لے جانے والی ہے کفار عرب کو چڑ ہی تو ہو گئی تھی حالانکہ حق اُن کو واضح ہو گیا تھا۔ چنانچہ ایک شخص نے خود حضور صلے اللہ علیہ وسلم سے کہا تھا کہ میں ایمان تو لے آتا لیکن قریش کی بڑھیاں کہیں گی کہ دوزخ سے ڈر گیا۔ بہادری میں فرق آجائے گا چنانچہ اسی حال میں مرگیا آپ کو بہت رنج ہوا۔ اس پر آیت نازل ہوئی کہ اِنَّكَ لَا تَهْدِىْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِىْ مَنْ يَّشَآءُ یعنی اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ جس کو چاہیں ہدایت نہیں کر سکتے لیکن اللہ جس کو چاہے ہدایت کرتا ہے۔ تو ایسی چڑ بُری ہے ورنہ حق پر ملامت ہونے سے چڑ بڑھ جائے تو خیر ہے۔ بہر حال اللہ کے بندوں نے ملامت سر پر لی اور حق کو اتباع ہوی پر ترجیح دی۔ غرض اتباع ہوی کا سخت مذموم ہونا ثابت ہو گیا اب یہ بات رہی کہ اتباع کے لئے کوئی معیار ہونا چاہیے سو وہ معیار بجز وحی کے اور کچھ نہیں اس لئے کہ طبیعت تو کافی نہیں جیسا ابھی واضح ہوا کہ خواہش نفسانی انبیاء کی بھی ان کے لئے متبوع نہیں رہی عقل سو ظاہر ہے کہ عقول میں خود اختلاف ہے تو آخر کس کی عقل کو ترجیح دی جاوے اگر عام کی عقل کو چھوڑ کر حکماء کی عقل کو لیا جاوے تو خود ان میں بھی اختلاف پھر کس کو لیا جاوے۔

اور دوسرے یہ کہ خود عقل پر اکثر تسلط ہو جاتا ہے طبیعت اور رسوم کا چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ اکثر اوقات رسم و رواج کے غلبہ سے عقلاء بلکہ بڑے بڑے علماء بھی بے وقوفی کے کام کرنے لگتے ہیں مثلاً جب بیاہ لکھا آتا ہے تو نائی کے سامنے شکرانہ بنا کر رکھا جاتا ہے اور کھانے کے بعد جوڑہ کے ساتھ اس کے سامنے سو روپیہ خوان میں ڈالتے ہیں اور وہ اس میں سے ایک دو اُٹھا لیتا ہے باقی پھیر دیتا ہے سب جانتے ہیں کہ واقع میں اس کو اتنی بڑی رقم دینا منظور نہیں مگر پھر بھی اس کے سامنے یہ سو روپے نہ معلوم کس غرض سے رکھے جاتے ہیں اس میں تو ریا بھی نہیں اس لئے کہ ریا تو دوسرے کے دکھاوے کو

کہتے ہیں یہاں وہ بھی نہیں اس لئے کہ یہ سب جانتے ہیں کہ دنیا منظور نہیں ہے یہ تو نرا لڑکوں کا کھیل اور محض لغو بیہودہ حرکت ہے مگر بڑے بڑے عقلا جو دوسروں کو عقل سکھاتے ہیں وہ بھی اس میں بتلا ہیں اس سے معلوم ہوا کہ عقول پر بھی رسوم غالب ہو جاتی ہیں پس ہماری عقل بھی معیار نہیں بن سکتی اور وحی ان سب شوائب سے منزہ ہے۔ پس ثابت ہوگیا کہ لائق اتباع کے صرف وحی ہے لیکن اس شرط سے کہ خود وحی میں اپنی ہوائے نفسانی سے کچھ تصرف یا تغیر نہ کرلیا ہو جیسا آجکل اکثر اہل علم اور غیر اہل علم قصداً تو اتباع کرتے ہیں ہوائے نفسانی کا اور وحی کو صرف آڑ بنا لیتے ہیں سو یہ کتنا بڑا حیلہ و فریب ہے اس سے صرف اتنا تو نفع ہو جاتا ہے کہ خلق کے اعتراض سے بچ جاتے ہیں مگر خالق تعالیٰ شانہ تو ظاہر اور باطن کا جاننے والا ہے اس سے کیسے بچیں گے ؎

خلق را گیرم کہ بفریبی تمام　　در غلط اندازی تا ہر خاص و عام
کارہا با خلق آری جملہ راست　　با خدا تزویر و حیلہ کے رواست
کارہا او راست باید داشتن　　رایت اخلاص و صدق افراشتن

(یہ میں نے فرض کرلیا اگر تو نے ساری مخلوق کو دھوکہ دے ہی دیا مگر خدا کو کہاں دھوکہ دے سکتا ہے مخلوق کے ساتھ سب تیرے کام درست ہیں۔ خدا تعالیٰ کے ساتھ مکر و حیلہ کب جائز ہے حق تعالیٰ کے ساتھ سب کام درست رکھنے چاہئیں۔ اخلاق اور سچائی کا علم بلند کرنا چاہیئے)

خدائے تعالیٰ کے ساتھ فریب کرنا نہ چاہیئے اور نیک نامی اور بدنامی کو بالائے طاق رکھ کر سچا اتباع کرنا چاہیئے۔

عاشق بدنام کو پروائے ننگ و نام کیا　　جو کہ خود ناکام ہو اس کو کسی سے کام کیا

اور عاشق کو جو ناکام اور بے مراد کہدیا ہمارے حضرت اس کی تفسیر فرماتے تھے کہ بے مراد عشق کو کہتے ہیں کیونکہ عاشق کا خاصہ ہے کہ وصل کے جس مرتبہ پر پہنچے اس کو آگے کی ہوس ہوتی ہے اور اشتیاق بڑھتا ہے ہاں جس کے محبوب کا جمال متناہی ہو اس کی مراد اس

ختم ہو سکتی ہیں۔ اور جہاں جمال غیر متناہی ہو وہاں نہ حسن ختم نہ طلب ختم بلکہ جوں جوں آگے بڑھتا ہے اشتیاق اور زیادہ ہوتا جاتا ہے اور وہ حالت ہوتی ہے جس کو شیخ علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں ۔؎

دلارام در بر دلارام جو　　　لب از تشنگی خشک برطرف جو

نہ گویم کہ بر آب قادر نیند　　　کہ بر ساحل نیل مستسقی اند

(محبوب گود میں ہے اور محبوب کو ڈھونڈ رہے ہو، نہر کے کنارے پر کھڑے ہو اور ہونٹ پیاس سے خشک ہیں یہ تو ہم نہیں کہتے کہ پانی پر قادر نہیں بلکہ جلندھر والے کی طرح دریائے نیل کے کنارے پر ہیں)

غرض ناکام کو بدنامی سے کیا ڈر حافظ صاحب فرماتے ہیں ۔؎

گرچہ بدنامی ست نزد عاقلاں　　　مانمی خواہیم ننگ و نام را

(اگرچہ عقلمندوں کے نزدیک بدنامی ہے تو ہم ننگ و نام کے خواہاں نہیں ہیں)

جو بدنامی سے ڈرے وہ عاشق نہیں ہو سکتا۔ ہے آج کل یہ کیفیت ہے کہ دین پر بھی عمل اس وقت کریں گے کہ جب وہ حکم اپنی خواہش کے خلاف نہ ہوا ورنہ اس میں کچھ خرچ ہو اور نہ کسی مصلحت دنیوی کے خلاف ہو اور اس پر پھر دعویٰ دینداری کا ۔؎

وَجَائِزٌ دَعْوَى الْمَحَبَّةِ فِي الْهَوٰى　　　وَلٰكِنْ لَا يَخْفٰى كَلَامُ الْمُنَافِقِ

(عشق میں محبت کا دعویٰ جائز ہے لیکن منافق کا کلام چھپا نہیں رہتا)

چنانچہ ان سائل صاحب نے فرمایا کہ کوئی ایسا مسئلہ نکال دو کہ جس میں یہ عورت حلال ہو جاوے میں نے کہا کہ دیوانہ ہوئے ہو میں کون حلال کہنے والا ہوں اور اگر کہہ بھی دیا تو اس سے حلال، تو نہیں ہو جاوے گی جب تک شرعی دلیل سے حلال نہ ہو۔ مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اور سوال کیا کہ فلاں مرد عورت کی آپس میں یہ قرابت ہے ان میں نکاح ہو سکتا ہے یا نہیں حضرت نے فرمایا نہیں۔ وہ کیا کہتا ہے کہ ہم نے تو کیا تھا ہو گیا تھا تو نہ ہونے کا مطلب یہ سمجھے کہ زبان سے الفاظ نہ نکل سکتے ہوں گے اسی واسطے فرماتے ہیں کہ ہم نے

کیا تھا اور ہوگیا تھا یعنی منہ بند نہیں ہوگیا تھا۔ اسی طرح یہ سائل صاحب بھی اس رضاعی بھائی بہن کو حلال کرانا چاہتے تھے۔ جب ان سائل صاحب نے مجھ سے صاف جواب سنا تو اب تاویل کی فکر ہوئی کہ کوئی تاویل کرنی چاہیے تو فرمانے لگے کہ اس لڑکے نے دودھ پیا تو تھا مگر تھوڑا سا پیا تھا وہ عقلمند یہ سمجھے کہ بہت سا پینے سے حرمت ہوتی ہوگی تھوڑا پینے میں کیا حرج ہے میں نے کہا کہ جناب ایک قطرہ پینے میں بھی حرمت ہو جاوے گی۔ اس پر فرمانے لگے کہ جی جو کچھ پیا تھا وہ بھی قے ہوگیا تھا اندر نہیں رہا وہ یہ سمجھا کہ بس دودھ کے ساتھ حرمت بھی نکل پڑی میں نے کہا کہ بھائی حلق کے نیچے اترتے ہی حرمت ثابت ہوگئی اور ثبوت کے بعد اس کا سقوط نہیں ہوتا اس پر وہ ناامید ہوکر چلے گئے۔ اور دہلی پہونچے۔ اہلِ حدیث سے جاکر رجوع کیا تو اہلِ حدیث اور نیز شافعیؒ کا مذہب ہے کہ پانچ گھونٹ سے کم میں حرمت نہیں ہوتی یہ مسئلہ سن کر ان سائل صاحب نے ایک سوال اسی قید کے ساتھ تیار کیا کہ ایک لڑکے نے پانچ گھونٹ سے کم دودھ پیا ہے آیا حرمت رضاعت ثابت ہوئی یا نہیں۔ ان میں سے کسی نے جواب لکھ دیا کہ اس صورت میں حرمت رضاعت ثابت نہ ہوگی۔ بس آپ راضی رضا آگئے اور بہن بھائی کو اسی حالت پر ہنسی خوشی جمع رکھا۔ دیکھئے اس مسئلہ میں ان سائل صاحب نے کس قدر اپنے نفس کی پیروی کی ہے۔ جیسا اُس کے کلام مفصلہ سے ثابت ہوتا ہے پھر بھی امید نہیں کہ موافق مذہب شافعیؒ کے یہ نکاح جائز ہوا ہو۔ اس لئے کہ بچے کے دودھ پینے کے وقت جب ان امور کی اطلاع بھی نہ تھی تو کس نے گنا تھا کہ اس نے پانچ گھونٹ پیئے ہیں یا کم دوسرے یہ کہ یہ شخص حنفی تھا اور پہلے سے اس کا یہ عقیدہ نہ تھا جس پر عمل کیا اگر پہلے سے شافعی ہوتے تو اس فتوی پر عمل کرنا مضائقہ نہ تھا یا اس ابتلاء و رضاع سے پہلے اپنی تحقیق یا کسی کی تقلید سے اس مسلک کی ترجیح ثابت ہو جاتی تب بھی مضائقہ نہ تھا اب تو کھلا اتباع ہوئی کیا اسی طرح ہم فرائض میں دیکھتے ہیں کہ اگر اپنے آپ کو ملتا ہوا دیکھتے ہیں تو فرائض

نکلواتے ہیں اور بعضے تو اول ہی پوچھ لیتے ہیں کہ ہمارا بھی کچھ حصہ ہے یا نہیں۔ اگر کچھ حصہ ہوا تو مسئلہ نکلواتے ہیں اور اگر نہ ہوا تو چل دیتے ہیں اور بعضے اس امید پر مسئلہ نکلوا لیتے ہیں مگر جب ان کو مسئلہ نکال کر سنایا جاتا ہے اور وہ دیکھتے ہیں کہ ہمارا اس میں کچھ نہیں ہے تو بہت بد دل ہوتے ہیں اور بعض اوقات فرائض بھی مفتی ہی کے پاس چھوڑ کر چل دیتے ہیں یہ بھی خیال نہیں کرتے کہ نکالنے والے کا جی بُرا ہوگا اس کی خاطر ہی سے لے جاویں۔ ایک شخص میرے پاس ایک فرائض لائے اور پوچھا کہ میرا کتنا حصہ ہے۔ میں نے بتلا دیا کہ اس قدر ہے ان کو وہ بہت کم معلوم ہوا کہنے لگے کہ میرا حصہ کیوں گھٹ گیا، میں نے کہا کہ فلاں وارث کی وجہ سے کم ہوگیا اگر وہ نہ ہوتا تو تم کو زیادہ ملتا تو کہنے لگے کہ جناب پھر اس کو نہ لکھئے۔ اور اکثر فرائض وہی پوچھتا ہے جس کے قبضہ میں کچھ نہ ہو اور قبضہ چاہتا ہو اور جو قابض ہوتا ہے وہ کبھی فرائض نہیں نکلواتا کیونکہ جانتا ہے کہ تقسیم کرنی پڑے گی اور قبضہ سے شئے نکل جاوے گی۔ غرض لینے کے لئے فرائض نکلواتے ہیں دینے کے لئے کوئی نہیں نکلواتا الاماشاءاللہ تمام عمر میں ایک شخص ایسے آئے کہ بڑے رئیس تھے اور تمام ریاست پر قابض تھے انھوں نے فرائض لکھوائے تھے تاکہ جائداد موافق شرع شریف تقسیم کردیں۔ گڑگانوہ کے رہنے والے تھے کئی بار آئے اور گئے جو ضروری بات اس میں کوئی رہ جاتی تھی اس کے دریافت کرنے کے لئے مکرر سہ کرر آتے اور جاتے۔ اور ان کے سوا جو آتا ہے ایسا ہی آتا ہے جو لینا چاہتا ہے اور دینا نہیں چاہتا ایک بار ایک ایسے ہی شخص آئے اور انھوں نے مسئلہ پوچھا کہ ہماری بہن بے اولاد مرگئی اور خاوند اس کا شیعی ہے آیا اس کے خاوند کو بھی عورت کے ترکہ میں سے کچھ ملے گا۔ میں نے جواب دیا کہ کیوں نہیں ملے گا نصف ترکہ اس کا ہے تو وہ بھائی یہ چاہتے تھے کہ خاوند کو نہ ملے مال بہت تھا اور انھوں نے کہیں سنا تھا کہ شیعہ پر کفر کا فتوی ہے تو اس لئے چاہتے تھے کہ اس تاویل سے اس کے خاوند کو کچھ نہ ملے سب مال ہمارے قبضہ میں آوے کہنے لگے کہ سنیہ کا تو شیعی سے بوجہ کفر شیعی کے نکاح نہیں ہوتا پھر وہ شوہر کب ہے۔ میں نے کہا کہ تم کو کچھ خدا کا خوف بھی ہے کہ دوسرے کا حق رکھنا چاہتے ہو اور اگر خوف نہیں تو اچھا حمیت اور غیرت کہاں اڑگئی کہ تھوڑی سی دنیا کے لئے یہ ثابت کرنا چاہتے ہو کہ تمہاری بہن تمام عمر

حرامکاری میں مبتلا رہی اور دوسرے یہ تو بتلایئے کہ آپ نے نکاح کے وقت کیوں نہ پوچھا کہ یہ خاوند شیعی ہے اس سے نکاح جائز ہے یا نہیں اور تیسرے یہ کہ سچ سچ کہنا اگر یہ مال خاوند کے قبضہ میں ہوتا اور وہ مرتا اور تمہاری بہن کو ملنے کے بعد پھر تمہاری طرف سے منتقل ہونے کا احتمال ہوتا تو کیا اس وقت بھی تم اس نکاح کے صحیح نہ ہونے کی کوشش کرتے میرے پاس کثرت سے ایسے سوال آتے ہیں کہ کوئی بات نکال دو۔ چنانچہ ابھی ایک مسئلہ آیا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاق دیدیں۔ اس کی درخواست تھی کہ کوئی ایسی صورت نکالدو کہ حلالہ نہ کرنا پڑے یہ تو عوام الناس کی کیفیت ہے جو بیان ہوئی کہ ہر امر میں اتباع ہوی کرتے ہیں حتیٰ کہ مسائل شریعت میں بھی علماء سے فرمائش کرتے ہیں کہ ہماری مرضی کے موافق فتوے دیدیں۔ رہے علماء ان سے تو کسی سے کہنے سننے کی ہی ضرورت نہیں ہدایہ شرح وقایہ درمختار ان کے سامنے ہے جس طرح چاہیں عمل کریں۔ اور میں سب علماء کو نہیں کہتا بلکہ صرف ان کو جو حُبِ جاہ و مال میں مبتلا ہیں سو ایسے عالم کا فتوے بھی معتبر نہیں جو دنیا کا حریص اور محب ہو اور ہمیشہ گمراہی ایسے ہی لوگوں سے پھیلی ہے ؎

بدگہر را علم و فن آموختن دادن تیغ ست دست راہزن

(نااہل کو علم و فن سکھانا ڈاکو کے ہاتھ تلوار دے دینا ہے)

پہلے زمانہ میں جو رسم تھی کہ ہر ایک شخص کو مقتدا و عالم بننے کی اجازت نہیں تھی اس میں بڑی مصلحت تھی مگر اس میں اتنی کمی تھی کہ انتخاب غلط تھا۔ خاص خاص قوموں کا انتخاب کر رکھا تھا کہ ان ہی کو علم دین پڑھنے کی اجازت تھی البتہ انتخاب کا معیار یہ ہونا چاہیئے کہ اساتذہ طلبہ کے زمانۂ تحصیل میں اس کا اندازہ کیا کریں کہ کس شخص میں حرص دنیا کی غالب ہے۔ اور کس شخص میں نہیں ہے جس پر حرص دنیا کی غالب دیکھیں اس کو رخصت کریں اور مدرسہ سے خارج کریں اور جس میں حبّ دنیا نہ ہو اس کو مقتدائے دین بنائیں۔ بغداد میں ایک مدرسہ نظامیہ تھا کہ جس سے بڑے بڑے علماء جیسے امام غزالی اور شیخ سعدیؒ پڑھ کر نکلے۔ اور وجہ اس مدرسہ کی بناء کی یہ ہوئی تھی کہ اس زمانہ میں قضاء اور افتاء اور دیگر بڑے بڑے عہدے علماء ہی کو دیئے جاتے تھے تو جس کا باپ، مثلاً قاضی ہوتا تھا۔ وہ کوشش کرتا تھا اور

دعویٰ استحقاق تقاضا کا کرتا تھا خواہ وہ اہل ہو یا نہ ہو تو سلطان وقت نے مشورہ وزراء وارکان دولت اس لئے یہ مدرسہ تیار کیا کہ جو اس مدرسہ میں پاس حاصل کر لے اس کو یہ عہدے دیئے جاویں گے تاکہ نااہلوں کو اور جہلاء کو حوصلہ ایسے عہدوں کی درخواست کا نہ ہو تو جس روز اس مدرسہ کی بنیاد رکھی گئی اس روز علماء بخارا میں ماتم ہوا تھا کہ آج کی تاریخ سے علم دین دنیا کے لئے پڑھایا جائے گا۔ لیکن تاہم ایسے بڑے علماء اس میں سے پڑھ کر نکلے کہ فخر علماء ہوئے اور جن کا نظیر اس وقت روئے زمین پر نہیں۔ ایک روز بادشاہ اس مدرسہ کے دیکھنے کے لئے تشریف لائے اور مخفی طور سے طلبہ کے خیالات کی آزمائش کی کہ دیکھیں علم پڑھنے سے ان کی کیا غرض ہے۔ چنانچہ ایک طالب علم سے پوچھا کہ آپ کس لئے پڑھتے ہیں۔ اس نے کہا کہ میں اس لئے پڑھتا ہوں کہ میرا باپ قاضی ہے میں اگر عالم بن جاؤنگا تو میں بھی قاضی ہو جاؤں گا۔ اس کے بعد دوسرے سے پوچھا، اس نے کہا کہ میرا باپ مفتی ہے میں مفتی بننے کے لئے پڑھتا ہوں۔ غرض جس سے پوچھا اس نے کوئی غرض دنیا ہی کی بتلائی۔ بادشاہ کو بہت غصہ آیا کہ افسوس ہے کہ علم دین دنیا کے لئے پڑھا جارہا ہے اور ہزاروں روپیہ مفت میں برباد ہو رہا ہے۔ ایک گوشہ میں امام غزالی بھی خستگی کی حالت میں بیٹھے کتاب دیکھ رہے تھے۔ اس وقت تک یہ طالب علم تھے نہ کوئی جانتا تھا نہ شہرت تھی ان سے دریافت کیا کہ تم کیوں پڑھتے ہو انھوں نے جواب دیا کہ میں نے دلائل عقلیہ و نقلیہ سے معلوم کیا ہے کہ ہمارا ایک مالک حقیقی ہے جو سموات وارض کا مالک ہے۔ اور مالک کی اطاعت ضروری ہوتی ہے کہ اس کی مرضیات پر عمل کرے اور نامرضیات سے بچے۔ سو میں اس لئے پڑھتا ہوں کہ اس کی مرضیات و نامرضیات کی اطلاع حاصل ہو۔ بادشاہ سن کر خوش ہوئے اور ظاہر کر دیا کہ میں بادشاہ ہوں اور کہا کہ میں نے ارادہ کر لیا تھا کہ اس مدرسہ کو توڑ دوں مگر تمہاری وجہ سے یہ مدرسہ رہ گیا۔ پس تحصیل علم اس غرض سے ہونی چاہیئے جو امام غزالیؒ نے ظاہر کی اور جس کی غرض تحصیل دنیا اور باعث حب دنیا ہوگا اس کے علم سے کچھ نفع نہ ہوگا اور حب دنیا کا امتحان سلف سے منقول ہے کہ اس زمانہ میں اساتذہ اس کا خیال رکھتے تھے کہ طلباء میں کون

ایسا ہے جو امراء کی طرف راغب ہے اور کوئی نہیں ہے۔ جو امراء کی طرف راغب ہوتا تھا اس کو اپنے حلقہ میں آنے سے روک دیتے تھے کیونکہ امراء کے پاس سوائے دنیا کے کیا ہے جو امراء سے مانوس ہوگا معلوم ہوتا ہے کہ طالب دنیا ہے۔ چنانچہ امراء کے درباریں جو علماء رہتے ہیں وہ ان کی ہاں میں ہاں ملایا کرتے ہیں خواہ حق ہو یا ناحق ہو ہاں جو عالم حق گو ہو اور معذ لوب نہ ہوتا ہو وہ اگر امراء کے یہاں جاوے اور حق بات کہے وہ مجاہدہ ہے۔ ایک شخص ایک بزرگ کی ملاقات کے لئے سفر کر کے گئے وہاں جا کر معلوم ہوا کہ وہ بزرگ بادشاہ کی ملاقات کے واسطے گئے ہیں یہ شخص بہت نادم ہوئے اور پچھتائے کہ بزرگ سن کر آئے تھے یہ تو دنیا دار نکلے اور وہاں سے واپس ہوکر جارہے تھے اس بادشاہ کے لوگوں نے ان کو جاسوس سمجھ کر پکڑ لیا اور بادشاہ کے دربار میں حاضر کر دیا۔ وہ بزرگ اس وقت وہاں تشریف رکھتے تھے۔ انھوں نے بادشاہ سے فرمایا کہ جاسوس نہیں ہے ہمارا مہمان ہے۔ یہ چھوڑ دیئے گئے۔ وہ بزرگ بھی وہاں سے چلے اور اس شخص سے کہا کہ میں اس لئے بادشاہ کے یہاں آیا کرتا ہوں۔ مگر ایسے فیصدی ایک بھی نہیں ہماری اور امراء کی مثال تو چھری اور خربوزہ کی سی ہے۔ خربوزہ کی سلامتی چھری سے الگ ہی رہنے میں ہے خواہ خود ان کے پاس جاؤ یا وہ تمہارے پاس آدیں۔ اور تم ان کے آنے سے متاثر ہو امراء سے ملنا اور ثابت قدم رہنا بڑے قوی آدمی کا کام ہے۔ جس کی شان حضرت ابو الحسن نوری رحمۃ اللہ علیہ کی سی ہو ان کی حکایت ہے کہ ایک بار ایک موقع پر چلے جارہے تھے چلتے چلتے دجلہ کے کنارے پہنچے دیکھا کہ شراب کے مٹکے کشتیوں سے اتر رہے ہیں پوچھا کہ ان میں کیا ہے کشتی والے نے کہا کہ شراب ہے خلیفۂ وقت معتضد باللہ کے لئے آئی ہے اور وہ دس مٹکے تھے شیخ کو غصہ آیا اور کشتی والے کی لکڑی مانگ کر انھوں نے نو مٹکے یکے بعد دیگرے توڑ ڈالے اور ایک مٹکا چھوڑ دیا چونکہ یہ شراب خلیفہ کے لئے لائی گئی تھی اس لئے ان کا براہ راست خلیفہ کے ہاں چالان کر دیا گیا معتضد نہایت ہیبت ناک صورت میں بیٹھ کر اجلاس کیا کرتا تھا لوہے کی ٹوپی اوڑھتا تھا اور لوہے کی زرہ اور لوہے کا گرز ہاتھ میں ہوتا تھا اور لوہے کی کرسی پر بیٹھتا تھا۔

معتضد نے نہایت کڑک کر مولناک آواز سے پوچھا کہ تم نے یہ کیا کیا حضرت شیخ نے فرمایا کہ جو کچھ میں نے کیا ہے آپ کو بھی معلوم ہے دریافت کرنے کی ضرورت نہیں ورنہ یہاں تک نہ لایا جاتا۔ معتضد یہ جواب سن کر برہم ہوا اور پوچھا کہ تم نے یہ حرکت کیوں کی کیا تم محتسب ہو۔ شیخ نے فرمایا کہ ہاں محتسب ہوں خلیفہ نے پوچھا کہ تم کو کس نے محتسب بنایا ہے۔ فرمایا کہ جس نے تجھ کو خلیفہ بنایا ہے۔ خلیفہ نے پوچھا کہ کوئی دلیل ہے فرمایا کہ یٰبُنَیَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰی مَا اَصَابَكَ (قائم کر نماز کو حکم کیا کر نیک باتوں کا اور روک لوگوں کو بُری باتوں سے اور اس سے جو تجھ کو تکلیف پہنچے اس پر صبر کر) معتضد یہ دلیل سن کر متاثر ہوا اور کہا کہ ہم نے تم کو آج سے محتسب بنایا۔ مگر ایک بات بتاؤ کہ ایک مٹکا تم نے کیوں چھوڑ دیا۔ فرمایا کہ جب میں نے نو مٹکے توڑ ڈالے تو نفس میں خیال آیا کہ اے ابوالحسن تو نے بڑی ہمت کا کام کیا کہ خلیفۂ وقت سے بھی نہ ڈرا میں نے اسی وقت ہاتھ روک لیا کیونکہ اس سے پہلے تو اللہ تعالیٰ کی رضامندی کے لئے توڑے تھے اگر اب توڑ دوں گا تو وہ نفس کے لئے ہوگا اس لئے دسواں مٹکا چھوڑ دیا۔ ایسی ہی حکایت حضرت علی رضی اللہ عنہ کی لکھی ہے کہ آپ ایک کافر کے قتل کرنے کے واسطے اس کے سینہ پر چڑھ بیٹھے اس نے آپ کے چہرۂ مبارک پر تھوک دیا آپ فوراً اُتر پڑے اور اس کو چھوڑ دیا اس نے پوچھا کہ آپ باوجود اس کے کہ مجھ پر غالب ہو گئے تھے اور میں پوری طرح آپ کے قبضہ میں آگیا تھا، پھر گستاخی بھی سخت کی باوجود ان مقتضیات کے پھر کیا وجہ پیش آئی کہ الگ ہو گئے اور قتل نہیں کیا۔ فرمایا کہ تیرے تھوکنے سے پہلے تو میری نیت اللہ کے واسطے تجھ کو مارنے کی تھی اور جب تو نے تھوکا تو غصہ آگیا اور نفس نے کہا کہ جلدی اس گستاخ کا کام تمام کر دو۔ تو اب نفس کی آمیزش ہو گئی اگر قتل کرتا تو خالص اللہ تعالیٰ کے لئے نہ ہوتا اس لئے میں نے چھوڑ دیا وہ یہ دیکھ کر مسلمان ہو گیا۔ یہ حکایت خلوص کی مناسبت سے بیان کی گئی اصل قصہ حضرت شیخ ابوالحسن نوری کی حق گوئی کا بیان کیا گیا تھا۔ حاصل یہ کہ اگر علماء امراء کے پاس جا کر امر بالمعروف و نہی عن المنکر کر سکیں تو خیر ان سے ملنے کا ڈر نہیں اور اگر ان کی ہاں میں ہاں ملانا پڑے اور حق گوئی نہ کر سکے تو

اجتناب ہی بہتر ہے۔ حدیث میں ہے العلماء امناء الدین مالم یخالطوا الامراء فاذا خالطوا الامراء فھم لصوص الدین یعنی علماء الدین کے امانت دار ہیں جب تک کہ امراء و حکام سے میل جول نہ کریں اور جب امراء و حکام سے میل جول کرنے لگیں تو وہ دین کے رہزن ہیں چنانچہ تھوڑے دنوں کا قصہ ہے کہ ایک عورت کی ایک مرد سے آشنائی تھی اور چاہتی تھی کہ کسی طرح خاوند سے چھوٹ کر آشنا سے نکاح ہو جاوے۔ ایک ایسے ہی مولوی صاحب نے جو دین کے رہزن تھے اس کو ترکیب سکھائی تو کافر ہو جا نکاح ٹوٹ جاوے گا۔ پھر توبہ کر کے دوسرے سے نکاح کر لینا۔ نعوذ باللہ ایسے ہی ظالموں نے علماء کو بدنام کیا ہے۔ غرض اہل علم میں یہ مرض اس رنگ سے ظاہر ہو رہا ہے اور جو اہل علم میں اخص الخواص ہیں اُن میں بھی یہی مرض موجود ہے اگرچہ وہ نہ مال کے طالب ہیں اور نہ جاہ ان کو مطلوب ہے مگر ان میں بھی ایک وسیہ اتباع ہویٰ کا موجود ہے مثلاً کسی کے ساتھ سختی کی اور اس کو برا بھلا کہا تو نفس یہ تاویل کرتا ہے کہ سختی سے اصلاح ہوتی ہے۔ اس لئے تم پر کچھ مواخذہ نہیں۔ تمہاری نیت اس میں اچھی ہے لیکن یہ تاویل اس وقت صحیح ہو سکتی ہے کہ جس وقت سختی کی تھی۔ اس سے پہلے یہ بات ذہن میں ہوتی اور یہی محرک تشدد کا ہوتی اس وقت تو بجز غیظ کے کچھ بھی دل میں نہ تھا۔ اب فرصت میں تاویلیں گڑھتے ہیں اور دھبہ دھونے کے لئے بعض مرتبہ زبان سے بھی کہتے ہیں کہ کیا کہیں بڑی سختی ہو گئی یہ اس لئے کہ معتقدین و متبعین کے دل میں شبہہ نہ رہے اور یہ سمجھیں کہ حضرت بڑے متواضع ہیں اور بڑے صاف ہیں خود اپنے تصور کا اعتراف کرتے ہیں پھر اس پر معتقدین بناتے ہیں کوئی کہتا ہے کہ آپ جو کچھ کرتے ہیں ہماری ہی اصلاح کے واسطے آپ کی اس میں کیا غرض ہے کوئی کچھ کہتا ہے اور کوئی کچھ کہتا ہے غرض ایسے معتقدین اس کے دماغ اور زیادہ خراب کر دیتے ہیں مولانا فرماتے ہیں ؎

تن قفس شکلست اما خار جاں ۔۔۔ از فریب داخلان و خارجاں
اینش گوید نے منم ہمراز تو ۔۔۔ آتش گوید نے منم انباز تو
او چو بیند خلق را سرمست خویش ۔۔۔ از تکبر می رود از دست خویش

(تن قفس کے مثل ہے اسی وجہ سے وہ جان اور روح کے لئے مثل خار کے ہو رہا ہے ایک اس کو کہہ رہا ہے میں آپ کا ہمراز ہوں دوسرا کہتا ہے نہیں صاحب میں آپ کا شریک حال ہوں وہ شخص بیچارہ جب ایک مخلوق کو اپنا سرمست و عاشق دیکھتا ہے بس تکبر کی وجہ سے ہاتھوں سے نکل جاتا ہے)

ایسے لوگوں کو یہی چاہئے کہ کام کرنے سے پہلے غور کر کے دیکھا کریں کہ ہم جو کچھ کر رہے ہیں اس میں خواہش نفسانی کس قدر ہے اور اتباع شریعت کس قدر. خواہش نفسانی کا حصہ ترک کر دینا چاہئے۔ ایک مثال اور لیجئے مثلاً ایک امیر آیا اور اس کی تعظیم وتکریم کی گئی اب بعض کا نفس کہتا ہے کہ اس میں دنیوی غرض نہیں ہے بلکہ شرعاً بھی اس کے ساتھ ایسا ہی برتاؤ مناسب ہے اگر ایسا نہ کیا جاوے تو اس کی دل شکنی ہوگی اور حدیث میں آیا ہے اِذَا جَاءَکُمْ کَرِیْمُ قَوْمٍ فَاَکْرِمُوْہُ (جب تمہارے پاس کسی قوم کا بڑا آئے اسکا اکرام کرو) درحقیقت یہ سب مقدمات فی نفسہا بالکل صحیح ہیں لیکن گفتگو اس میں ہے کہ آیا ہم نے جو اس کی تعظیم کی ہے کیا اسی مصلحت سے کی ہے یا اور کوئی وجہ ہے تو غور کر کے جو دیکھا جاتا ہے تو یہ وجہ ہرگز محرک نہیں ہوتی یہ تو نکتہ بعد الوقوع کے طور پر تصنیفی وجہ ہے اصل وجہ وہی دنیا کی خوشامد بتوقع نفع ہے. غرض یہ کہ نفس میں اکثر کے شرارتیں ہی ہیں مگر بدمعاشوں میں اور طرح کی ہیں اور نیک بختوں میں نیک بختی کے رنگ میں ہیں اور علماء اور طلباء میں اور رنگ سے ہیں اور درویشوں میں دوسرے رنگ سے ہیں اسی واسطے مولانا فرماتے ہیں ۔؎

صد ہزاراں دام و دانہ است اے خدا ما چو مرغانِ حریصِ بے نوا
دم بہ دم پابستۂ دامِ تو ایم ہر یکے گر باز و سیمرغے شویم
میرہانی ہر دمے مارا و باز سوئے دامے میرویم اے بے نیاز

(اے خدا لاکھوں دام دانے موجود ہیں اور ہماری حالت مرغانِ حریص کی سی ہے وقتاً فوقتاً ایک نئے دام میں پھنس جاتے ہیں گو ہم باز و سیمرغ ہی کیوں نہ ہو جائیں آپ کی یہ عنایت ہے کہ ہر وقت ہم کو ان داموں سے نکالتے رہتے ہیں مگر ہم پھر دوسرے دام میں چلنے لگتے ہیں)

لیکن یہ ضروری امر ہے کہ جو شخص عمل کرتا ہے اور اخلاص کی سعی میں رہتا ہے اس کو غلطی پر تنبیہ ضرور ہوتی ہے لیکن مشکل یہ ہے کہ اکثر تنبیہ پر بھی تدارک نہیں کرتے تدارک کرنے سے عار آتی ہے نفس کہتا ہے کہ آئندہ ایسا نہ کریں گے اور اب تدارک خلاف مصلحت ہے لیکن یاد رکھو کہ اگر اس وقت تدارک کر لیا جاوے اور علی الاعلان غلطی کا اقرار کر لیا جاوے تو آئندہ کو عمل کی توفیق ہوتی ہے اور تدارک نہ کرنے سے پستی ہوتی جاتی ہے۔ اور توفیق کم ہوتی جاتی ہے یہ تجربہ کی بات ہے ایک دھوکا اور ہو جاتا ہے وہ یہ کہ جب کچھ نشیب و فراز ہو جاتا ہے تو نفس کہتا ہے کہ تمہارے اندر اللہ کے نام سے لطافت پیدا ہو گئی ہے تمہارے وجدان میں جو کچھ آتا ہے وہ صحیح ہی ہوتا ہے۔ تم سے غلطی نہیں ہوتی سو یہ امر فی نفسہ تو صحیح ہے کہ واقعی مومن کے اندر عمل اور تقویٰ کی بدولت فراست صحیح پیدا ہو جاتی ہے چنانچہ آیا ہے کہ اِتَّقُوْا فِرَاسَةَ الْمُؤْمِنِ فَاِنَّهٗ یَنْظُرُ بِنُوْرِ اللّٰہِ (مومن کی فراست سے ڈرو اس لئے کہ وہ نور خدا سے دیکھتا ہے) میں نے سنا ہے کہ ہمارے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں ایک شخص آئے انھوں نے مشورہ کیا کہ مجھے مدینہ جانا ہے کس طرف کو جاؤں۔ فرمایا کہ ینبوع کو جاؤ، دوسرا ایک اور آیا اس نے بھی مشورہ لیا اس کو فرمایا کہ سلطانی راستہ کو جاؤ۔ سو جس کو ینبوع کے راستہ سے جانے کے لئے فرمایا تھا وہ بھی کسی مصلحت سے سلطانی ہی راستہ کو گیا اور حضرت کے مشورہ پر عمل نہ کیا اس کو ویسے بھی بہت تکلیف ہوئی اور بدوؤں سے بھی سابقہ پڑ گیا اور اُن سے الگ تکلیف پہنچی اور جس کو سلطانی راستہ کا مشورہ دیا تھا وہ راحت سے چلا گیا حضرت سے اس کی وجہ دریافت کی گئی کہ آپ نے اس کو اس راستہ کا مشورہ دیا۔ اور اس کو دوسرے راستہ کا اس میں کیا حکمت تھی۔ فرمایا جب پہلا آیا میرے دل میں وہی آیا جو اس کو بتایا اور جب دوسرا آیا میرے دل میں اس وقت یہی آیا جو اس کو مشورہ دیا۔ سو ایسے شخص سے واقعی غلطی کم ہوتی ہے۔ اسی کے مناسب ایک اور حکایت ہے کہ ایک بزرگ کی خدمت میں چند آدمی جو سفر کرنے والے تھے ملنے اور رخصت ہونے آئے جب وہ جانے لگے تو انھوں نے عرض کیا کہ حضرت ہم کو کچھ وصیت کیجئے۔ ان بزرگ نے فرمایا کہ ہاتھی کا گوشت مت کھانا انھوں نے عرض کیا کہ حضرت ہم کو تو ہاتھی کے گوشت کھانے کا خطرہ بھی نہیں گذرتا یہ آپ نے کیوں فرمایا۔

فرمایا کہ میرے منہ سے اس وقت ایسا ہی نکلا۔ واللہ اعلم۔ کیا وجہ ہے وہ لوگ رخصت ہوگئے اتفاقاً راستہ بھول گئے اور ایک بیابان میں پہنچ گئے۔ اور بھوک اور پیاس سے بے تاب ہوئے اتفاق سے ایک ہاتھی کا بچہ سامنے سے دکھائی دیا سب نے اتفاق کیا کہ اس کو کاٹ کر کھانا چاہیئے ایک نے اُن میں سے منع کیا کہ تم کو کیا حضرت کی وصیت یاد نہیں ہے انھوں نے کچھ پرواہ نہ کی اور سب نے خوب اس کا گوشت کھایا لیکن اس ایک نے نہیں کھایا۔ اور گوشت کھا کر سو رہے کیونکہ تھکے ماندے ہو رہے تھے مگر جس نے نہیں کھایا تھا اس کو نیند نہیں آئی جاگتا رہا تھوڑی دیر میں ایک جماعت ہاتھیوں کی آئی اور ان میں ایک ہتھنی بھی تھی اس ہتھنی نے اپنے بچہ کو تلاش کرنا شروع کیا تلاش کرتے کرتے وہاں بھی آئی جہاں یہ لوگ سوتے تھے اور ان سونے والوں میں سے ہر ایک کا منہ سونگھا تو اس کو گوشت کی بو آئی اس نے ایک ٹانگ پر پاؤں رکھا اور دوسری سونڈ سے پکڑ کر اس کو چیر ڈالا اسی طرح سب کا کام تمام کر دیا پھر آخر میں اس کے پاس آئی چونکہ اس کے منہ سے بو نہ آئی اس کو سونڈ سے اٹھا کر اپنی کمر پر بٹھا لیا اور ایک جانب کو لے چلی اور ایک میوہ دار درخت کے نیچے لے گئی اور ٹھہر گئی اس نے خوب سیر ہو کر میوے کھائے اس کے بعد اس کو راستہ پر چھوڑ آئی ان حضرات کی یہ شان ہو جاتی ہے ؎

گفتۂ او گفتۂ اللہ بود  گرچہ از حلقوم عبداللہ بود

(اس کا کہا ہوا اللہ تعالیٰ کا کہا ہوا ہے اگرچہ بندے کے منہ سے نکلا ہے)

لیکن گفتگو اس میں ہے کہ تم بھی اُن میں ہو یا محض تمہارے نفس کی تسویل ہی ہے ؎

اے مری کردہ پیادہ با سوار  سر نخواہی برد اکنوں ہوش دار

(اے شخص جو پیادہ ہو کر سوار کا مقابلہ کرتا ہے تو اپنا سر سلامت نہ لے جائے گا ذرا سنبھل)

چو نتو یوسف نیستی یعقوب باش  ہمچو او با گریہ و آشوب باش

ناز را روئے بباید ہمچو ورد  چوں نداری گرد بدخوئی مگرد

زشت باشد روئے نازیبا و ناز  عیب باشد چشم نا بینا و باز

(جب تم یوسف علیہ السلام یعنی مطلوب نہیں ہو تو یعقوبؑ یعنی طالب ہی رہو اور اس کی طرح گریہ در شوب یعنی درد و طلب میں رہو۔ ناز کے لئے گلاب جیسا چہرہ چاہیئے۔ جب ایسا چہرہ

نہیں رکھتے تو بدخوئی کے پاس نہ پھٹکو نابینا آنکھ کا کھلا رہنا عیب ہے بدشکل کا ناز کرنا برا معلوم ہوتا ہے)

پس ناقصین کا اپنے کو کاملین پر قیاس کرنا اور اپنی نفسانی خواہش کو ان حضرات کی فراست و وجدان پر قیاس کرنا سخت غلطی ہے تم کو چاہیئے کہ اپنے نفس پر ہر وقت بدگمانی رکھو اگر کسی وقت اس میں خواہش کو مفقود بھی پاؤ تب بھی اس کو نفس مردہ ہرگز نہ جانو اس کی مثال اژدھے کی سی ہے۔ کوئی شخص پہاڑ پر چلا گیا اور دیکھا کہ اژدھا مردہ پڑا ہے اور وہ جاڑے کی وجہ سے ٹھٹھر رہا تھا۔ مردہ نہیں تھا۔ اس نے اس کو پکڑ لیا اور شہر میں لایا اور سر مجمع اس کو لیکر بیٹھا تھوڑی دیر میں جو آفتاب نکلا اور اس کو گرمی پہنچی اور افسردگی اس کی جاتی رہی تو اس نے حرکت شروع کی اور لوگوں نے بھاگنا شروع کیا اور سینکڑوں اوپر تلے گر گر کر ہلاک ہو گئے یہی حال نفس کا ہے اس کے پاس سامان نہیں ہے اس لئے یہ پژمردہ ہے سامان ہونے پر دیکھنے کے قابل ہو مولانا فرماتے ہیں ؎

نفس اژدرہاست او کے مرداست　　　از غم بے آلتے افسردہ است

(نفس اژدھا ہے۔ وہ نہیں مرا، غم بے آلتی سے افسردہ ہو رہا ہے)

ہم لوگوں کی یہ حالت ہے کہ دو چار روز ذکر و شغل کیا تہجد پڑھنے لگے سمجھنے لگے کہ ہم ولی کامل ہو گئے اور نفس پر اعتماد ہو جاتا ہے حالانکہ نفس خواہ کیسا ہی ہو جائے مگر اس سے بدگمان ہی رہنا چاہیئے جو خیال آوے اور جو عمل کرو پہلے سوچ لو اور غور کر لو کہ اس میں کوئی آمیزش نفس کی تو نہیں ہے بعض اوقات خلوص کے رنگ میں نفس اپنی خواہش پوری کرتا ہے۔ حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک شخص کو ذکر جہر تعلیم فرمایا، اس نے عرض کیا کہ حضرت مجھ کو خفی کی اجازت دیدیجئے کیونکہ جہر میں ریا ہو جاتی ہے۔ حضرت نے فرمایا سبحان اللہ اس میں تو ریا ہو گی اور ذکر خفی میں ریا نہ ہو گی جب آنکھیں بند کر کے بیٹھو گے اور لوگ سمجھیں گے کہ خدا جانے حضرت کہاں کی سیر میں ہیں عرش کی یا کرسی کی اور ذکر جہر میں تو بجز اس کے کوئی بھی کچھ نہ سمجھے گا۔ کہ اللہ اللہ کر رہا ہے۔ سو یہ کوئی عجیب بات نہیں ہے سو ایک وسوسہ نفس تو اس میں یہ ہوا کہ چھوٹی ریا کو چھوڑ کر بڑی ریا تجویز کی اور دوسری شرارت نفس کی ذکر جہر نہ کرنے میں بعض اوقات یہ ہوتی ہے کہ نفس یہ سمجھتا ہے کہ اگر ذکر جہر شروع کیا تو اگر کسی روز آنکھ نہ کھلی تو بھانڈا پھوٹے گا اور فضیحتہ ہو گا، دوسروں کو معلوم ہو جائے گا کہ میاں رات نہیں اُٹھے اور خفی میں کسی کو راز کی خبر ہی نہ ہو گی سب

سمجھیں گے کہ خفی کیا کرتے ہیں آج بھی کیا ہوگا تو اس رسوائی سے بچے رہیں گے ایک بزرگ کا قول ہے کہ نفس بھی مولوی ہے یعنی بڑے دور کے احتمالات نکالتا ہے ہاں اگر مطمئن ہوجاوے اور اس کی خواہش محض خیر ہی خیر ہو تو سبحان اللہ لیکن اعتماد کسی حالت میں نہ کرنا چاہیئے. اکثر اس کی تجویز میں کچھ نہ کچھ مکر ضرور ہوتا ہے. ایک بزرگ ایک حجرہ میں عزلت نشین تھے اور ذکر اللہ کیا کرتے تھے اتفاقاً کفار و مسلمین میں مقابلہ پیش ہوا. ان بزرگ کے نفس میں خیال آیا کہ چلو جہاد کریں اور شہید ہوں گے پھر سوچا کہ یہ کیا بات ہے نفس نے یہ کیوں تجویز کیا ضرور اس میں کوئی کید خفی ہے بہت سوچنے سے معلوم ہوا کہ نفس نے اس میں اپنے لئے نجات سمجھ کر یہ بات تجویز کی تھی اور سوچا تھا کہ یہ شخص رات دن مجھ کو ستاتا ہے اور میرے سر پر ناگوار امور کے ہر وقت آرے چلاتا رہتا ہے اور طاعات میں ہر وقت مجھ کو گھونٹتا ہے. اور کسی وقت چین لینے نہیں دیتا شہید ہونے میں ایک دفعہ پاپ کٹ جاوے گا اور اس مصیبت سے نجات ہو جاوے گی جب یہ مکر معلوم ہوا تو انھوں نے نفس کو جواب دیا کہ میں تجھ کو اس مصیبت سے کبھی نجات نہ دونگا. میں تو تجھ کو یہاں حجرہ میں ہی شہید کروں گا. بعض لوگوں پر حج فرض نہیں ہوتا اور ان کو حج کی ہوس ہوتی ہے اس میں بھی نفس و شیطان کی یہ تسویل ہوتی ہے کہ ایک نفل کی تحصیل میں بہت سے فرائض برباد ہوتے ہیں کیونکہ بہت لوگ حج کے سفر میں نمازیں چھوڑ بیٹھتے ہیں اور رفقا سے جنگ و جدال اور سب و شتم میں مبتلا ہوتے ہیں اور بعضے اس لئے حج کرتے ہیں کہ حاجی صاحب بن جائیں گے لوگ تعظیم سے پیش آئیں گے ایسے ہی لوگوں کے لئے حضرت مسعود فرماتے ہیں ؎

اے قوم بحج رفتہ کجا ئید کجا ئید      معشوق درا ینجاست بیائید بیائید

یعنی اے قوم حج میں گئی ہوئی تم کہاں ہو تم کہاں معشوق تو یہاں ہے یہاں آؤ یہاں آؤ یعنی محبوب حقیقی کی رضا تو حالات خاصہ میں وطن رہنے میں ہے اس لئے کہ حج تم پر فرض نہیں ہے اور حج نفل ادا کرنے میں بہت سے واجبات و فرائض ترک ہوتے ہیں غرض شیطان ہر شخص کو اس کے مذاق کے موافق دھوکا دیتا ہے. تھوڑے روز ہوئے کہ ایک مولوی صاحب میرے پاس آئے ان کے نفس نے یہ تجویز کیا تھا کہ نوکری چھوڑ کر اللہ کے واسطے

پڑھائیں اس لئے کہ تنخواہ لینے سے خلوص نہیں رہتا میں نے ان سے کہا کہ یہ شیطانی وسوسہ ہے کہ شیطان نے دیکھا کہ دین کے کام میں لگے ہوئے ہیں ان سے یہ کام کسی تدبیر سے چھوڑانا چاہیے تو اگر یہ کہتا کہ پڑھانا چھوڑ دو تو اس کی ہرگز نہ چلتی اس لئے اس کی وہ صورت تجویز کی جو دینداری کے رنگ میں ہے کہ اس میں خلوص نہیں ہے۔ نوکری چھوڑ کر پڑھاؤ تو سمجھ لو کہ اب تو پابندی تنخواہ سے بھی کام ہو رہا ہے اور اگر نوکری چھوڑ دو گے تو پابندی تو ہوگی نہیں رفتہ رفتہ پڑھانا ہی چھوٹ جائے گا اور شیطان کامیاب ہوگا۔ اور یہ جو تم کو وسوسہ ہے کہ ہم نے معاوضہ لے لیا ہے خلوص نہیں رہا تو میں تم سے پوچھتا ہوں کہ تم کو اب مثلاً ۲۵ ملتے ہیں سو بتلاؤ کہ اگر تم کو ۳۰ یا ۴۰ پر بلا دیں تو تم اس صورت موجودہ کو چھوڑ کر وہاں چلے جاؤ گے یا نہیں کہنے لگے کہ میں تو ہرگز نہ جاؤں گا میں نے کہا کہ بس معلوم ہو گیا کہ تم روپیہ کے لئے نہیں پڑھاتے بلکہ اللہ کے واسطے پڑھاتے ہو اور روپیہ گذران کے لئے لیتے ہو دنیا تم کو مقصود نہیں پس خلوص نہ ہونے کا وسوسہ غلط ثابت ہوا اس لئے نوکری ہرگز مت چھوڑو بلکہ میری رائے تو یہ ہے اگر عالم امیر ہو اور تنخواہ ملنے لگے تب بھی اس کو چاہیے کہ تنخواہ لے کر پڑھائے اگر ایسا ہی امارت کا جوش اٹھے وہ تنخواہ پھر مدرسہ میں دیدے مگر لے لے ضرور تاکہ پابندی سے کام ہوتا رہے ہمارے فقہاء رحمہم اللہ نے لکھا ہے کہ اگر قاضی امیر کبیر ہو تو اس کو بھی تنخواہ لینا چاہیے اور وجہ اس کی یہ ہے کہ اگر کوئی قاضی تنخواہ نہ لے اور دس برس تک وہ قاضی رہا اور اس کے بعد کوئی غریب قاضی ہو کر آیا تو اب تنخواہ کا اجراء مشکل ہوگا سبحان اللہ فقہاء کا کیا فہم ہے یہ حضرات حقائق شناس تھے اس شان کا علم و فہم یہ اخلاص و تقویٰ کی برکت تھی مولانا فرماتے ہیں۔

بینی اندر خود علم انبیاء بے کتاب و بے معین و اوستا

(انبیاء جیسے علوم بلا کتاب واستاد اور معاون کے اپنے قلوب پر قابض پاؤ گے)

علم چوں بر دل زنی یارے بود علم چوں بر تن زنے بارے بود

(علم جب قلب پر اثر کرے کہ خشیت اور خلوص پیدا ہو جائے تو وہ وصول الی اللہ میں معین ہوگا اور اگر

تن پر اثر ہو یعنی زبان پر تقریر یہی ہو یا اس کو تن پروری کا ذریعہ بنایا تو تیرا بوجھ اور وبال ہے۔

ان حضرات کے خلوص کی یہ کیفیت تھی کہ صاحب ہدایہ کی تصنیف۔ تمام نہیں ہوئی روزہ برابر رکھتے تھے اور طرفہ یہ کہ کسی کو روزہ رکھنے کی خبر نہیں ہوئی خدا جانے کتنے سال میں ھدایہ لکھا ہوگا برابر روزہ رکھنا اور کسی کو خبر نہ ہونا کس قدر اخلاص کی بات ہے مردانہ مکان میں بیٹھ کر لکھتے تھے لونڈی مکان سے کھانا لاتی تھی اور کہہ کر چلی جاتی جب کوئی مسافر ناآشنا سامنے سے گذرتا اس کو وہ کھانا دیدیتے لیکن چونکہ اپنے مخصوصین سے پردہ نہیں ہوتا اس لئے تحدث بالنعمۃ کے طور پر کبھی خاص سے یہ سب قصہ ذکر فرمایا ہوگا اس لئے ہم تک منقول ہوا اس خلوص کی برکت سے جن کو نور فہم عطا ہوا ہے یہ ان کی تحقیق ہے کہ تنخواہ لینے میں مصلحتیں ہیں پس نفس بعض اوقات ان مصلحتوں کے برباد کرنے کے لئے یہ رائے دیتا ہے کہ تنخواہ مت لو غرض شیطان اور نفس ہر شخص کو اسی کے مذاق کے موافق بہکاتا ہے اور فقیہہ اور محقق اس لئے شیطان پر گراں ہے کہ وہ اس کے ان مکائد سے واقف ہوتا ہے اور ان کو مطلع کرتا ہے حدیث میں ہے فَقِيْهٌ وَّاحِدٌ اَشَدُّ عَلَى الشَّيْطَانِ مِنْ اَلْفِ عَابِدٍ یعنی ایک فقیہہ شیطان پر ہزار عابد سے زیادہ بھاری ہے ذاکر شاکر لوگوں کو اس طرح اتباع ہوٰی میں گرفتار کرتا ہے کہ ان کو ذوق شوق وجد و کیفیت و محویت کا طالب بناتا ہے خوب یاد رکھو مقصود ذکر سے قرب ہے اور جس عمل میں مجاہدہ زیادہ ہوگا اس میں زیادہ قرب ہوگا نفس نے اپنی جان بچانے کے لئے یہ حیلہ نکالا ہے کہ ذوق شوق کی تحصیل میں پڑ گیا کیونکہ ذوق شوق ہونے سے پھر طاعت میں مشقت نہیں ہوتی ہاں ذوق شوق کا بھی ایک وقت ہے اس وقت مربی حقیقی خود عطا فرما دیں گے لیکن ابھی وقت نہیں آیا تو اس کی فکر فضول ہے کیونکہ تمہاری تجویز سے مربی حقیقی کی تجویز بہتر ہے مثلاً ایک مریض ہے اس کے لئے حکیم صاحب نے خمیرہ گاؤزبان جواہر والا چاندی سونے کے ورق میں لپیٹ کر تجویز کیا اور ایک دوسرے مریض کے لئے املتاس لکھا اگر یہ دوسرا مریض کہنے لگے کہ حکیم صاحب بھی عجیب شخص ہیں اس کے واسطے مزیدار مفرح دوا تجویز کی اور میرے واسطے ایسی بدمزہ تو یہ احمق ہے یہ نہیں سمجھتا کہ اس کے اندر سے تو مادہ فاسد نکل چکا ہے اور املتاس کے

پیا لے پی چکا ہے اب اس کے لئے یہی مناسب ہے اور میرے اندر ہنوز مادہ فاسدہ موجود ہے وہ بغیر ایسی بدمزہ دواؤں کے نہ نکلے گا اس لئے یہی مناسب ہے اس طرح مبتدی منتہی کی جو کہ اپنی اصلاح کر چکا ہے حرص کرے اور اپنے کو اس پر قیاس کرے تو اس کی حماقت ہے عاشق کی تو یہ شان ہونا چاہئے کہ ہر حال میں راضی رہے جیسا فرمایا گیا ہے ؎

خوشا وقت شوریدگان غمش　　　　اگر ریش بینند وگر مرہمش
گدایانے از بادشاہی نفور　　　　بامیدش اندر گدائی صبور

(اس کے غم کے پریشان لوگوں کا کیا اچھا وقت ہے اگر زخم دیکھتے ہیں اور اگر اس کا مرہم رکھتے ہیں ایسے فقیر کہ بادشاہی سے نفرت کرنے والے اس کی امید پر فقیری میں قناعت کرنے والے ہیں)

دمادم شراب الم درکشند　　　　وگر تلخ بینند دم درکشند

(ہر وقت رنج کی شراب پیتے ہیں اور جب اس میں رنج کی کڑواہٹ دیکھتے ہیں تو خاموش ہو رہتے ہیں)

حضرت سرمد فرماتے ہیں ؎

سرمد گلہ اختصار می باید کرد　　　　یک کار ازیں دو کار می باید کرد
یا تن برضائے دوست می باید داد　　　　یا قطع نظر زیار مے باید کرد

(سرمد شکایت کو مختصر کرو اور دو کاموں میں سے ایک کام کر دیا تو تن کو محبوب کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے وقف کر دو یا محبوب سے قطع نظر کر دو)

عاشقی چیست بگو بندہ جاناں بودن　　　　دل بدست دگرے دادن وحیراں بودن

(عاشقی کیا ہے محبوب کا بندہ بن جانا دل دوسرے یعنی محبوب کے قبضہ میں دے دینا اور حیران رہنا)

سوئے زلفش نظر کردن در دیش دیدن　　　　گاہ کافر شدن وگاہ مسلماں بودن

(محبوب کی زلف یعنی تجلی کی طرف نظر کرنا کبھی فانی ہونا کبھی باقی ہونا)

اس شعر میں اسلام سے مراد بسط ہے اور کفران سے مراد قبض ہے یعنی قبض وبسط دونوں

کو جھیلے حضور صلے اللہ علیہ وسلم سے زیادہ کون محبوب ہوگا حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر تین سال کامل قبض کی کیفیت رہا بارہا ارادہ فرمایا کہ پہاڑ سے نیچے گرادیں کیونکہ ۔۔

ذوقے چناں ندارد بے دوست زندگانی بے دوست زندگانی ذوقے چناں ندارد

(بے دوست کے جینے کا کچھ مزہ نہیں بے دوست کے زندگانی بالکل بے مزہ ہے)

لیکن سنبھال لئے جاتے تھے پس اگر قبض علامت بعد ہوتی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کیوں ہوتا جب علامت بعد نہیں پھر اس پر کاہے کو پریشان ہو امام غزالی رح جب مدرسہ نظامیہ سے فارغ ہوکر نکلے ہیں تو بہت بڑے عالم ہوئے تین سو علماء ان کے ساتھ چلتے تھے ایک مدت تک اسی حالت میں رہے اس کے بعد خدا طلبی کا جوش ہوا اور دل میں آیا کہ سب چھوڑ کر خلوت اختیار کریں ایک مدت امروز فردا میں رہے آخر ایک بار سب ترک کرکے صحراء قدس میں جا کے معتکف ہوگئے اور مدت تک سخت مجاہدہ وریاضت کی اور دس برس تک ان پر قبض واقع رہا اور بجز پوست اور استخواں کے کچھ باقی نہ رہا قریب المرگ ہوگئے بعض آس پاس کے رہنے والے ان کی حالت دیکھ کر کسی نصرانی ڈاکٹر کو لائے اور ان کی نبض دکھائی اس نے نبض دیکھ کر کہا کہ ان کو محبت کا مرض ہے اور محبت بھی مخلوق کی نہیں بلکہ خالق کی ہے جب تک ان کو وصل میسر نہ ہوگا شفا نہ ہوگی ؎

قَدْ لَسَعَتْ حَيَّةُ الْهَوٰى كَبِدِيْ فَلَا طَبِيْبٌ لَّهَا وَلَا رَاقِيْ

إِلَّا الْحَبِيْبُ الَّذِيْ شَغَفْتُ بِهٖ فَعِنْدَهٗ رُقْيَتِيْ وَتِرْيَاقِيْ

(میرے جگر کو عشق کے سانپ نے کاٹ لیا ہے نہ اس کے لئے کوئی طبیب ہے نہ جھاڑ پھونک والا بجز اس محبوب کے جس کی محبت نے میرے دل میں جگہ کرلی ہے اسی کے پاس میری جھاڑ پھونک اور میرے لئے تریاق ہے)

امام غزالی چیخ مار کر بے ہوش ہوگئے غرض مدتوں کے مجاہدہ وریاضت کے بعد کامل ہوئے ادھر بغداد میں آئے تو اور ہی شان سے آئے کہ علماء وطلبہ وصوفیہ سب کے امراض روحانی بیان فرماتے تھے اس پر بعض علماء دشمن ہوگئے اور کفر کا فتویٰ ان پر لگایا گیا احیاء العلوم جلائی گئی الحمدللہ یہ سنت امام غزالی کی ہم کو بھی نصیب ہوئی کہ مجھ پر کفر کا فتویٰ بھی دیا گیا اور میری کتاب

بہشتی زیور جلائی گئی حاصل یہ کہ کسی کے لئے ذوق شوق مصلحت ہے کسی کے لئے گھلنا اور پگھلنا ہی حکمت ہے اس لئے ان خیالات کو چھوڑ کر کام میں لگنا چاہیئے غرض کہ مختلف طبقوں میں مختلف اقسام کی ہوا پائی جاتی ہے اور کلیات ان سب قسموں کی تین ہیں ایک ہوئی متعلق علوم سے دوسرے متعلق اعمال کے تیسرے متعلق امور تکوینیہ کے علوم کے متعلق جو ہوئی ہے اس کا نام بدعت ہے جس کی حقیقت غیر دین کو دین سمجھنا ہے اور بدعات بہت سی ہیں لیکن شب برات جو عنقریب آنے والی ہے اس کے متعلق کچھ بیان کیا جاتا ہے شب برات میں دو قسم کی بدعتیں ہیں ایک علمی دوسری عملی علمی یہ ہے کہ حلوہ پکانے کو ضروری یا مثل ضروری کے جانتے ہیں اور اس کے متعلق مختلف روایتیں گڑھی ہیں بعض کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا دندان مبارک شہید ہوا تھا اس میں حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے حلوا کھایا تھا بعض کہتے ہیں کہ حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب شہید ہوئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حلوے پر ان کی فاتحہ دلائی تھی حالانکہ یہ دونوں واقعے غزوہ احد کے ہیں اور وہ شوال میں ہوا ہے اور شب برات شعبان میں ہوتی ہے تو یہ عقل کے بھی خلاف ہوا اور نقلاً بالکل بے اصل ہی ہے بعضے کہتے ہیں کہ شب برات میں روحیں آتی ہیں لیکن ظاہر ہے کہ روحوں کو آنا یا تو مشاہدہ سے ثابت ہوگا اور یا وحی سے تو مشاہدہ تو ظاہر ہے کہ نہیں رہ گئی وحی سو اُس سے بھی کہیں ثابت نہیں بلکہ وحی تو اس پر دال ہے کہ روحیں یہاں نہیں آتیں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ حاصل یہ کہ روح اور اس عالم کے درمیان قیامت تک کے لئے ایک پردہ ہے جو اس کو اس طرف نہیں آنے دیتا ہاں اگر خرق عادت کے طور پر بعض کو اجازت ہو جاوے تو وہ دوسری بات ہے جیسے شہدا کو تو یہ آنا بطور کرامت کے ہوگا لیکن کرامت دائمی اور اختیاری نہیں ہوتی اور وہ جو اختیاری ہوتا ہے اس کا نام تصرف ہے کیونکہ کرامت تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے کسی ولی کا کسی طور سے بذریعہ کسی خارق کے اعزاز ظاہر فرما دیں اسی لئے بعض مرتبہ صاحب کرامت کو بھی کرامت کی خبر تک نہیں ہوتی ایک بزرگ کی حکایت ہے کہ کسی نے بادشاہ کو ان کے متعلق کچھ کہدیا بادشاہ نے ان کو طلب کر کے اپنے سامنے بلایا اور جو سوال اُن سے

بادشاہ کرتا تھا براہ جرات وہی سوال وہ بزرگ کرتے تھے حتیٰ کہ آخر میں بادشاہ نے کہا کوئی ہے ان بزرگ نے بھی فرمایا کہ کوئی ہے اسی وقت ایک شیر غراتا ہوا ایک گوشہ سے نمودار ہوا بادشاہ اور سب لوگ بھاگے سب کے ساتھ یہ بھی بھاگے۔ جیسے جب موسیٰ علیہ السلام کو حکم ہوا کہ عصا کو ڈالدو اور ڈالنے سے اژدہا ہو گیا تو موسیٰؑ خود ڈر گئے اگر اختیاری فعل ہوتا تو خوف نہ کرتے غرض کہ کرامت اختیاری اور دائمی نہیں ہوا کرتی اور تصرفات اختیاری روح کے لئے کسی دلیل سے ثابت نہیں اور بلا دلیل اعتقاد جائز نہیں کہ خلاف ہے۔ قال اللہ تعالےٰ وَلَا تَقْفُ مَا لَیْسَ لَکَ بِہٖ عِلْمٌ اور جس بات کی تحقیق نہ ہو اس پر عملدرآمد مت کرو بعض کا یہ عقیدہ ہے کہ اگر کوئی اس رات میں ایصال ثواب نہ کرے تو روحیں کوستی ہوئی جاتی ہیں۔ خوب یاد رکھنا چاہیئے کہ مردہ کو ایصال ثواب کرنا یہ نفل ہے اور نفل کے چھوڑنے پر ملامت کرنا یا بددعا کرنا گناہ ہے اس عقیدہ سے تو لازم آتا ہے کہ مردہ بھی گناہ کرتا ہے حالانکہ مرنے کے بعد انسان گناہ نہیں کرسکتا کیونکہ اس وقت تو کشف عطا ہو جاتا ہے غرض یہ سب امور بے اصل ہیں۔ شب برات میں صرف تین امر حدیث سے ثابت ہیں اول یہ کہ اس شب میں قبرستان میں جاکر اموات کیلئے دعا کریں اور ان کو پڑھ کر بخشیں لیکن گروہ بن کر جانا چاہیئے بلکہ کیفما اتفق اپنے اپنے طور پر جاوے اور سنت میں اسی قدر منقول ہے مگر چونکہ اس کی غرض ایصال ثواب تھا مردہ کیلئے اس پر دوسرے طریق کو قیاس کرسکتے ہیں کہ عبادت مالیہ کا بھی کچھ ثواب پہنچا دیں پس اگر کچھ کھانا وغیرہ بلا قید حلوے وغیرہ کے پکا کر ایصال ثواب کریں تو مضائقہ نہیں دوسرے یہ کہ پندرھویں شب کو عبادت کریں تیسرے یہ کہ پندرہ تاریخ کو روزہ رکھیں پس یہ سب امور مستحب ہیں باقی سب خرافات ہیں جس وقت میں یہ رسوم ایجاد ہوئی ہوں گی ممکن ہے کہ اس وقت کوئی مصلحت ہو لیکن اب چونکہ ان کو ضروری سمجھنے لگے ہیں اس لئے اگر کوئی مصلحت بھی ہوتی تب بھی بوجہ مفسدہ کے اس مصلحت کا اعتبار نہ کیا جاتا جیسا فقہی قاعدہ ہے کہ امور غیر مقصود شرعاً میں دفع مفسدہ کے لئے مصلحت کو ترک کر دیتے ہیں اس لئے اب وہ واجب الترک ہیں اور اگر وہ بزرگ جو اس کے موجد ہیں اب زندہ ہوتے تو یقیناً ان

رسوم کو وہ خود بھی منع کرتے صحابہ رضی اللہ عنہم نے بجناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت کے بعض عادات کو جو کسی مصلحت سے تھی اور ضروریات دین سے نہیں تھیں منع فرما دیا تھا جیسا عورتوں کا جماعات ومساجد میں آنا سو اگر ہم بھی پہلے بزرگوں کی ان رسوم کو روک دیں تو کیا حرج ہے علماء کا یہی کام ہے کہ زمانہ کے رنگ اور ہوا کو دیکھتے ہیں زمانہ کے بدلنے سے اس قسم کے احکام نہ کہ تمام احکام ہمیشہ بدلتے رہتے ہیں بقراط مطب کے نسخے اگر کوئی طبیب آجکل برتے تو ہرگز نفع نہ ہوگا بلکہ ضرر ہونے کا احتمال ہے حاذق طبیب نسخہ وہ تجویز کرتا ہے کہ مریض کے مزاج اور اس وقت کی آب وہوا کی موافق ہو البتہ قواعد وہی ہیں جو متقدمین نے مدون کیے ہیں۔ حاصل یہ کہ حلوہ اور آتشبازی وغیرہ سب خرافات ہے اس کے علاوہ ایک اور التزام کر رکھا ہے کہ اس روز مسور کی دال بھی ضرور پکتی ہے معلوم نہیں حلوے اور مسور کی دال کا کیا جوڑ ہے ایک مناسبت تو دونوں میں معلوم ہوتی ہے کہ حلوے اور مسور کی دال کے لئے دو ضرب المثل ہم معنی بولے جاتے ہیں چنانچہ کہا جاتا ہے حلوا خوردن راروئے باید (حلوا کھانے کے لئے منہ چاہئے) اور یہ بھی ہماری زبان میں بولتے ہیں یہ منہ اور مسور؎ کی دال اس کے سوا اور کوئی مناسبت تو سمجھ میں آتی نہیں۔ ایک اعتقاد بعض لوگوں کا شب برات کے متعلق یہ ہے کہ جو مردہ اس سال میں مرتا ہے وہ مردوں میں شامل نہیں ہوتا جب تک اس کو شب برات سے ایک روز پہلے حلوا دے کر مردوں میں شامل نہ کیا جاوے اس کا نام عرفہ رکھا ہے ان تمام تر اعتقادات کے موجد یہ مسجد کے ملا ہیں انھوں نے ایسی ایسی ایجادیں کی ہیں جس میں آمدنی ہو ان ملانوں کی حرص اس قدر ہوتی ہے کہ ان کو جائز ناجائز کی بھی کچھ تمیز نہیں ہوتی ان کی بدنیتی اور حرص پر حکایت یاد آئی ایک بھانڈ نے دوسرے سے پوچھا سب سے بہتر فرقہ کون ہے اور سب سے بدتر کون ہے تو اس نے جواب دیا کہ سب سے بہتر فرقہ تو ہمارا ہے کہ ہمیشہ خوشی ہی مناتے ہیں کہ خدا کرے کسی کے یہاں شادی ہو اور ہماری پوچھ ہو اور سب سے بدتر فرقہ مسجد کے ملانوں کا ہے کہ ہمیشہ غمی مناتے ہیں کہ کوئی مرے تو ہم کو ملے، واقعی اس فرقہ کی یہی حالت

؎ لطیفہ میرے ایک دوست نے اس مثل کی ایک عجیب اصل بیان کی کہ اصل میں اسی طرح ہے یہ منہ اور منصور کی دال یعنی انا الحق ہر ایک کا منہ نہیں واللہ اعلم ۱۲ منہ

ہے اگر کوئی موٹا سا آدمی بیمار ہوتا ہے اور ان ملانوں سے کہا جاوے کہ دعا کرو کہ اللہ تعالیٰ اس کو صحت دے تو ہرگز دل سے دعا نہ کریں گے بلکہ دل سے یہ چاہیں گے کہ یہ مرے تو اچھا ہے تاکہ ہماری مونچھیں تر ہوں۔ یہ شب برات کا حلوہ اور محرم کا کھچڑا سب ان ہی اکالین کی ایجاد معلوم ہوتا ہے اسی لئے ایصال ثواب میں ایسی قیدیں لگائی ہیں کہ بغیر ان کے کوئی کچھ کسی کو دے ہی نہ سکے مثلاً کھانا پانی سامنے رکھ کر پنج آیت وغیرہ پڑھنا کہ عوام تو خود پڑھنا نہیں جانتے لامحالہ ان ہی کو بلاویں گے اور جب بلاویں گے تو حصہ بھی ضرور ملے گا اسی واسطے میں کہا کرتا ہوں کہ جہاں بدعات سے منع کرنے میں لوگوں میں لوگوں کو وحشت ہو تو یوں کہنا چاہئے کہ تم سب کچھ کرو مگر ان ملانوں کو کچھ مت دو اللہ کے واسطے فاتحہ دلوایا کرو پھر دیکھ لینا یہی لوگ بدعات کو منع کرنے لگیں گے کیونکہ ملنا ملانا تو کچھ رہے گا نہیں اور فاتحہ کے لئے جگہ جگہ سے گھسیٹے جاویں گے بدعات خود چھوٹ جاویں گی دوسری قسم ہوا کے متعلق اعمال کی ہے یعنی کوئی عمل کسی غرض فاسد مثلاً جاہ مال وغیرہ کے لئے کیا جاوے جیسا کہ اوپر مفصل اس کے متعلق بیان ہو چکا ہے تیسری قسم ہویٰ کے متعلق احکام تکوینیہ کی ہے احکام کی دو قسمیں ہیں ایک احکام تکلیفیہ تشریعیہ جیسے روزہ نماز زکوٰۃ وغیرہا دوسری قسم تکوینیہ احکام تکوینیہ احکام وہ ہیں جو قضا و قدر کے متعلق ہیں مثلاً بارش ہونا یا نہ ہونا مفلس ہونا یا غنی ہونا وغیرہ وغیرہ اس کے متعلق جو ہویٰ ہے اس کا نام رائے ہونا مناسب ہے گو لفظ رائے عام ہے مگر بہ نسبت بدعت وغیرہ کے یہ لفظ اس کے زیادہ مناسب ہے غرض یہ کہ ان احکام میں بھی لوگ اپنی خواہش نفسانی کے موافق رائے لگاتے ہیں مثلاً آج کل بارش نہیں ہوئی ادب کی بات تو یہ ہے کہ دعا کریں گناہوں سے استغفار کریں یہ تو ہوتا نہیں بلکہ رائے لگایا کرتے ہیں کہ صاحب اگر ساون اتر گیا تو بس کھیتی گئی ان سے کوئی پوچھے یہ مشورہ کس کو سناتے ہو ہم کو سنانا تو بیکار ہے کوئی نفع نہیں اس لئے کہ ہمارے قبضہ کی تو بات نہیں اور خدا تعالیٰ عالم الغیب والشہادۃ ہیں ان کو ہر امر کی اطلاع ہے ان کو بھی سنانا مقصود نہیں تو بس یہ محض اعتراض ہوا اور خدائے تعالیٰ کو رائے دی کہ بارش ہونا چاہئے اللہ اکبر کیسی سخت بے ادبی اور گستاخی ہے حق تعالیٰ کی حاکمیت اور حکومت کا مقتضا تو یہ تھا کہ اگر ان کا اذن نہ ہوتا ان کے سامنے

درخواست کے طور پر زبان ہلانا بھی روا نہ ہوتا اور دعا نہ کرنے کی بھی اجازت نہ ہوتی چہ جائیکہ اعتراض کرنا اور رائے مشورہ دینا ان کی تو یہ شان ہے ؎

ہست سلطانی مسلم مرد را　　　نیست کس را زہرہ چون وچرا

(بادشاہی اسی کی مسلم ہے کسی شخص کو چون چرا کی طاقت نہیں ہے)

خود فرماتے ہیں قُلْ فَمَنْ یَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ شَیْئًا اِنْ اَرَادَ اَنْ یُّهْلِكَ الْمَسِیْحَ ابْنَ مَرْیَمَ وَاُمَّهٗ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا یعنی آپ فرمادیجئے کہ کون اختیار رکھتا ہے خدائے تعالیٰ کے سامنے کچھ بھی اگر وہ مسیح بن مریم اور ان کی والدہ اور تمام دنیا بھر والوں کو ہلاک کرنا چاہیں اور آسمانوں اور زمین کی اور ان کی درمیانی چیزوں کی سلطنت خدا ہی کے لئے ہے اور بعضے ایسے بیباک ہوتے ہیں کہ اگر کوئی شخص جوان مرجاتا ہے تو کہتے ہیں کہ اس کی عمر تو مرنے کی نہ تھی کچھ دنوں اور زندہ رہتا تو اچھا تھا۔ دوسرے صاحب آتے ہیں وہ کہتے ہیں ارے میاں خدا کے سامنے کس کی مجال ہے کہ کچھ بولے یہ بات فی نفسہ تو سچی ہے مگر مطلب ان جہلا کا تو اس سے یہ ہوتا ہے کہ اس شخص کا مرنا ہے تو بے موقع لیکن نعوذ باللہ اگر خدائے تعالیٰ بے موقع کام ہی کرے تو اس کے سامنے کون دم مار سکتا ہے گویا نعوذ باللہ حق تعالیٰ کے یہاں بڑی بے انتظامی ہے مصلحت پر نظر نہیں ہے اس کے مرنے کے دن نہ تھے اس کو موت دیدی۔ یاد رکھو کہ یہ نہایت ہی بے ادبی اور گستاخی ہے حق تعالیٰ جو کچھ کرتے ہیں وہی مصلحت اور حکمت ہے ؏ ہرچہ آں خسرو کند شیریں بود (جو کچھ بادشاہ حقیقی کرتے ہیں وہی بہتر ہے) ایک بزرگ ایک جنگل میں خلوت گزیں تھے ایک روز بارش ہوئی وہ کہنے لگے کہ سبحان اللہ آج کیا موقع پر بارش ہوئی غیب سے آواز آئی اوبے ادب اور بے موقع کس روز ہوئی تھی دیکھئے بزرگوں کو ایسی مدح پر بھی جس میں ابہام بعید گستاخی اور بے ادبی کا ہو ڈانٹا جاتا ہے مقربان رابیش بود حیرانی (مقربین کو حیرانی بہت ہوتی ہے) مگر ہم لوگ تو شب و روز کھلم کھلا بے ادبیاں ہی کر رہے ہیں غرض حکومت اور حکمت کا مقتضا تو یہ تھا کہ ہم کو دعا کی بھی اجازت نہ ہوتی مگر ہمارے ضعف کو دیکھ کر دعا کی اجازت دی یہ غایت رحمت ہے اور پھر اس اجازت اس کی طور سے تکمیل فرمائی کہ ہم کو مغیبات کی خبر نہیں کی ورنہ اگر خبر ہو جاتی تو ہرگز دعا نہ کر سکتے کہ ایک گونہ صورت مزاحمت کی تھی قدر کے ساتھ مثلاً اگر مکشوف ہو جاتا کہ

بارش فلاں دن تک نہ ہوگی اور بعد میں ہوگی تو دعا کیسے کرتے اور جب دعا نہ کرتے تو حق تعالےٰ کی ایک خاص ہمکلامی کی لذت سے محروم رہتے اس سے معلوم ہوا کہ احکام تکوینیہ کا منکشف نہ ہونا بھی رحمت ہے البتہ احکام تکلیفیہ میں منکشف ہونا اور معلوم ہونا ہی رحمت ہے حاصل یہ کہ بڑی رحمت ہے کہ ہم کو دعا کی اجازت مل گئی حکام مجازی سے بات کرنے میں لوگ سینکڑوں روپیہ خرچ کر ڈالتے ہیں اور محبوبان مجازی سے دو باتیں کرنے کے لئے سب کچھ دے بیٹھتے ہیں اور پھر بھی کامیاب نہیں ہوتے اور احکم الحاکمین اور محبوب حقیقی کے یہاں نہ فیس ہے نہ کسی زبان کی قید ہے نہ وقت کی قید ہے۔ نزدیک دور، اندھیرے اجالے جس وقت چاہو ہمکلام ہوا ور دعا کرو اس سے زیادہ کیا رحمت ہوگی پھر حکام مجازی اور محبوبان مجاز زیادہ بولنے سے ناخوش ہوجاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ میاں کیوں جان کھائی اور حاکم حقیقی درخواست اور دعا نہ کرنے سے ناخوش ہوتے ہیں اور جو زیادہ دعا کرے اس سے زیادہ خوش ہوتے ہیں۔ حدیث میں ہے اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُلِحِّیْنَ فِی الدُّعَاءِ یعنی بیشک اللہ تعالےٰ دعا میں اصرار کرنے والوں کو محبوب رکھتے ہیں۔ پس دعا بڑی نعمت ہے کہ اللہ تعالیٰ سے ہمکلامی میسر ہوتی ہے۔ مولانا فرماتے ہیں ؎

از دعا نبود مراد عاشقاں | جز سخن گفتن باں شیریں زباں

(عاشقوں کی دعا سے مراد محبوب حقیقی کی ہمکلامی کے سوا اور کچھ نہیں ہوتی)

حاصل یہ کہ اتباع ہوی کی تین قسمیں ہوئیں بدعت جو متعلق علوم اور عقائد کے ہے دوسری معصیت جو متعلق اعمال کے ہے تیسری قسم رائے جو احکام تکوینیہ کے متعلق ہے اور ہر ہوا میں یہ خاصیت ہے کہ راہ مستقیم سے ہٹا دیتی ہے لقولہٖ تعالیٰ فَیُضِلَّکَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ (سو اللہ کے راستے سے تجھ کو گمراہ کردیتی ہے) جو ہوا اعلیٰ درجہ ہے یعنی کفر و شرک۔ وہ تو اسلام ہی سے خارج کردیتی ہے اور جو ادنیٰ درجہ کی وہ کمال اتباع سے ڈگمگا دیتی ہے تو یُضِلَّکَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ (اللہ کے راستہ سے تم کو گمراہ کردیتی ہے) دونوں کو شامل ہے کیونکہ ضلال کے مراتب مختلف ہیں مولانا فرماتے ہیں

؎ باہوا و آرزو کم باش دوست | چوں یضلک عن سبیل اللہ اوست

تاہوا تازہ است ایماں تازہ نیست | چوں ہوا جز قفل آں دروازہ نیست

تازہ کن ایماں نہ از گفت زباں | اے ہوا را تازہ کردہ در نہاں

(یعنی آرزو اور ہوائے نفسانی کے پیر ہے چونکہ اس کی یہ حالت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے راستہ سے بہکا دیتی ہے جب تک خواہش نفسانی کے تابع ہے تیرا ایمان تازہ نہیں ہے مانند ہوا کے سوائے قفل کے اس کا دروازہ نہیں ہے ایمان کو صدق دل سے تازہ کرو صرف زبان سے کہنا کافی نہیں تم نے تو باطن میں ہوائے نفسانی کو تازہ کر رکھا ہے)

اب یہ بات رہ گئی کہ اس کا علاج کیا ہے سو علاج اس کا منصوص میں تو اتباع ہوا ہے اور غیر منصوص اتباع ان حضرات کا ہے جنھوں نے اپنے کو فنا کر دیا ہے مولانا اشعار مذکورہ کے بعد فرماتے ہیں

دیں ہوا را شکند اندر جہاں ہیچ چیزے ہمچو سایہ ہمرہاں

(دین ہی ہوائے نفسانی کو شکست کر دیتا ہے اس کے سوا اور کوئی چیز نہیں توڑ سکتی)

یار باید راہ را تنہا مرو بے رفیقے اندریں صحرا مرو

(راہ سلوک میں مددگار ہونا چاہیئے اس میں تنہا قدم مت رکھو بلا مرشد کے اس عشق کی وادی میں مت چلو)

یہاں شبہ ہو سکتا تھا کہ بے اتباع بھی تو بعضے بزرگ واصل ہوئے ہیں مولانا اس کا جواب دیتے ہیں۔

ہر کہ نفسہا تا دریں راہ را برید ہم بعون ہمت مرداں رسید

(اتفاقاً جس شخص نے اس راہ سلوک اکیلے خود طے کیا ہے وہ بھی مردان خدا کی توجہ سے طے کیا ہے)

اس میں اس شبہ کے دو جواب دیئے ایک تو یہ کہ بے اتباع کے پہنچنا نادر ہے اور نادر پر حکم کرنا اور اس کو قاعدہ بنا لینا اور اس کے بھروسہ رہنا صحیح نہیں فرض کرو کوئی شخص مفلس ہو نہ اس کو کھانے کو ملتا ہو نہ پینے کو میسر ہوتا ہو اور اہل و عیال رکھتا ہو نہایت دق ہو کر خودکشی کرنے کا ارادہ کرے اور اس کے لئے کنواں کھودے کہ اس میں ڈوب کر مر رہوں گا یا زندہ درگور دفن ہوں گا وہ کھود ہی رہا تھا کہ وہاں سے ایک ہنڈیا اشرفیوں سے لبالب نکل آئی اب اس طرح ہنڈیا نکلنا ایک اتفاقی بات ہے۔ اس پر کوئی قیاس کر کے چاہے کہ میں بھی کنواں کھود کر ہنڈیا نکال لوں یہ محض اس کا خیال خام ہوگا اسی طرح اگر کوئی اتفاقاً بے اتباع شیوخ واصل ہو گیا تو اس پر اپنے کو قیاس کر لینا اور اس کو قانون بنا لینا بڑی غلطی ہوگی۔ دوسرا جواب یہ دیا کہ اے معترض تجھ کو دھوکا ہوا ہے جن کو تو یہ سمجھتا ہے کہ یہ بغیر اتباع کے پہنچے ہیں وہ

بھی بغیر واسطے مردان خدا کے نہیں پہنچے اس لئے کہ مردان خدا کے فیوض دو قسم کے ہیں ایک بلا اطلاع اور بے طلب طالب کے اور دوسرے طلب سے اور اتباع سے اور جو بلا اطلاع اور بے طلب طالب کے فیوض ہوتا ہے اس کی یہی دو قسم ہیں ایک وہ جو باختیار ان حضرات کے ہو جیسے دعا کرنا اور توجہ و ہمت لوگوں کے حال پر مبذول کرنا دوسرے وہ جو بلا اختیار اور بلا اطلاع ان حضرات کے ہو صرف ان کے وجود باوجود سے وہ فیض بلا ان کے اختیار سے ہر ایک کو پہنچتا ہے اس کی ایسی مثال ہے جیسے آفتاب جب طلوع ہوتا ہے تو جہاں جہاں اس کی شعاعیں پہنچتی ہیں سب کو نفع پہنچتا ہے مگر شمس کو اطلاع بھی نہیں ہوتی پس جن کی نسبت یہ سمجھا جاتا ہے کہ یہ بلا اتباع پہنچے ہیں تو یہ محض غلط خیال ہے وہ بھی مردان خدا کے فیض باطنی اختیاری سے جیسے دعا و ہمت یا جبر اختیاری سے واصل ہوئے اور اس قسم کا فیض بڑوں سے ہوتا ہی ہے بعض اوقات چھوٹوں سے بھی ہوتا ہے امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کا عجیب حال ہے کہ ان میں ہر ایک سے فیض ہوتا ہے اور یہ اس واسطے ہے تاکہ بڑوں کو کبر نہ ہو چھوٹوں کے محتاج نہیں ہے ان کا حال تو وہ ہے کہ کسی عورت کے کئی بیٹے تھے اس سے پوچھا تھا کہ ان میں کون افضل ہے اس نے کہا کہ ہم کالحلقۃ المفرغۃ لا یدری این طرفاھا (مثل حلقہ مفرغہ کے کہ نہیں معلوم ہوتا کہ کہاں اس کی طرف) کسی میں کوئی بات کم ہے تو دوسری بات زیادہ ہے جیسے آئینہ ایک سرخ ہو ایک زرد ہو ایک سبز ہو اور سب ایک دوسرے کے مقابل رکھے ہوں تو ہر ایک کا عکس دوسرے میں پڑتا ہو ایسی ہی حالت اِس اُمّت مرحومہ کی ہے اور جماعت کی نماز میں ایک حکمت یہ بھی ہے کہ ایک کو دوسرے سے نفع پہنچے اور نیز جماعت میں کوئی تو مقبول ہوگا اس کی وجہ سے کیا عجب ہے سب کی نماز مقبول ہو جاوے بعض برکات ایسے شخص سے پہنچتی ہیں جس پر گمان بھی نہیں ہوتا۔ ایک شخص رہزنی کا پیشہ کیا کرتا تھا حق تعالیٰ نے اس کو ہدایت فرمائی وہ ایک بزرگ سے بیعت ہو گئے اور اُن کے حلقۂ خدام میں شامل ہو کر ذکر و شغل میں مشغول ہو گئے۔ سب لوگ ان کو رہزنی کی وجہ سے حقیر سمجھا کرتے تھے۔ ایک دن کسی شخص نے ان بزرگ کی مع سب مریدین کے دعوت کی جب اس شخص کے مکان

پر سب چلے تو سب کے اوپر ایک ابر نے سایہ کر لیا اور آفتاب کی تمازت سے بچ گئے پیر یہ سمجھے کہ یہ میری برکت کا فیض ہے اور بھی بڑے بڑے خلفاء و مرید تھے وہ اپنی کرامت سمجھے اور اس رہزن کو تو خیال تک بھی نہ تھا اس لئے کہ جانتا تھا میں سیہ کار گنہگار ہوں جب وہاں سے دعوت کھا کر واپس ہوئے تو وہ ابر پھر بھی موجود تھا سب سے پہلے اس رہزن کا راستہ پھٹا اور یہ ان سے الگ ہو کر اپنے راستہ پر ہوا اس وقت وہ ابر ان کے ساتھ چلا اور پیر صاحب مع دیگر مریدین سب دھوپ میں رہ گئے تب سب کو معلوم ہوا کہ یہ ان کی برکت تھی حق تعالیٰ کو اس کی تواضع اور عجز پسند آیا اس سے یہ برکت ہوئی۔ حضرت حاجی صاحب قبلہ فرمایا کرتے تھے کہ میاں ہم اس نیت سے بیعت کر لیتے ہیں کہ وہ زور ہوگا تو ہم کو لے جاوے گا اور ہم زور ہوں گے تو اس کو لے جاویں گے ؎

بخت اگر مدد کند دامنش آورم بکف گر بکشد زہے طرب ور بکشم زہے شرف

(قسمت اگر یاوری کرے تو کسی طرح اس کا دامن ہاتھ میں آجائے پھر اگر وہ مجھے کھینچ لے تو نہایت خوشی اور اگر میں اسے کھینچ لوں تو نہایت عزت)

جو مشائخ اہل ادراک ہیں وہ رات دن دیکھتے ہیں کہ مریدین سے ان کو کیا کیا فیض ہوئے ہیں لیکن ان سے کہتے اس لئے نہیں کہ کہیں ان کا دماغ نہ بگڑ جائے اور عجب و کبر کی بلا میں مبتلا نہ ہو جاویں غرض یہ کہ جب چھوٹوں سے فیوض پہنچتے ہیں تو اپنے اکابر سے استغنا کرنے کی گنجائش نہیں اس لئے کسی اہل اللہ کا اتباع کرنا یہ علاج اعظم ہے اتباع ہویٰ کا خلاصہ یہ کہ اتباع شریعت اور اہل اللہ کے پاس رہنا اور ان کا اتباع اختیار کرنا اس سے انشاء اللہ ہوائے نفسانی سے نجات ہو جاوے گی۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

---

**معروضہ** قارئین سے التجا ہے دعا فرماویں کہ ناشر کی کوشش دینیہ اللہ تعالیٰ قبول فرمالیں اور مقبولان حق کے ساتھ محشور فرماویں اور تمام زندگی بعافیت پوری فرماویں آمین بحرمۃ حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

کتب دینیہ ملنے کا پتہ

**مکتبہ تھانوی** مسافر خانہ متصل **بندر روڈ کراچی**

ایم اے جناح روڈ